الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان

جہانگیری

صحیح ابن حبان

6

تصنیف

امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی

ترجمہ

ابوالعلاء محمد محی الدین جہانگیر

ادام اللہ تعالیٰ معالیہ وبارک ایامہ ولیالیہ

شبیر برادرز
زبیدہ سنٹر ۴۰۔ اردو بازار لاہور
فون: 042-37246006
شبیر برادرز اردو بازار ○ لاہور

لا الٰہ الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ

ھو القادر

نام کتاب ———— صحیح ابن حبان

مترجم ———— ابوالعلاء محمد محی الدین جہانگیر

کمپوزنگ ———— ورڈز میکر

باہتمام ———— ملک شبیر حسین

سن اشاعت ———— جون 2014ء

سرورق ———— اے ایف ایس ایڈورٹائزر لاہور 0322-7202212

طباعت ———— اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور

ہدیہ ———— روپے

شبیر برادرز

زبیدہ سنٹر، ۴۰۔ اردو بازار لاہور

فون: 042-37246006

شبیر برادرز اردو بازار لاہور

ضروری التماس

قارئین کرام! ہم نے اپنی بساط کے مطابق اس کتاب کے متن کی تصحیح میں پوری کوشش کی ہے، تاہم پھر بھی آپ اس میں کوئی غلطی پائیں تو ادارہ کو آگاہ ضرور کریں تاکہ وہ درست کردی جائے۔ ادارہ آپ کا بے حد شکرگزار ہوگا۔

عنوانات

عنوان	صفحہ

عنوان	صفحہ

عنوان	صفحہ

کتاب: گواہی کے بارے میں روایات

کتاب: دعویٰ کے بارے میں روایات

عنوان	صفحہ

کتاب: رقبیٰ اور عمریٰ کے بارے میں روایات

کتاب: اجارہ کے بارے میں روایات

عنوان	صفحہ

کتاب: غصب کے بارے میں روایات

عنوان — صفحہ

عنوان	صفحہ

عنوان	صفحہ

عنوان	صفحہ

عنوان	صفحہ

کتاب: مشروبات کے بارے میں روایات

عنوان	صفحہ

عنوان	صفحہ

عنوان	صفحہ

کتاب: حظر واباحت کا بیان

عنوان	صفحہ

عنوان	صفحہ

کتاب: شکار کے بارے میں روایات

کتاب: ذبائح کے بارے میں روایات

کتاب: قربانی کے بارے میں روایات

فوائدِ رضویہ

احادیث کے مراتب اور ان کے احکام

درج ذیل چار اقسام اسی ترتیب کے اعتبار سے زیادہ قابل اعتماد شمار ہونگی۔

(i) صحیح لذاتہ (ii) صحیح لغیرہ (iii) حسن لذاتہ (iv) حسن لغیرہ

ان چاروں اقسام سے تعلق رکھنے والی روایات سے استدلال کرنا مطلقاً درست ہے۔

(v) ضعیف: وہ ضعیف روایت جس میں نسبتاً کم ضعف پایا جاتا ہو' ایسی روایت کو متابعات اور شواہد کے طور پر بیان کیا جاسکتا ہے اور اگر ایسی روایت متعدد طرق سے مروی ہو تو یہ ''حسن لغیرہ'' بلکہ صحیح لغیرہ کے مرتبے تک بھی پہنچ سکتی ہے' اس صورت میں اس روایت سے احکام میں استدلال کرنا درست ہوگا (لیکن بالفرض اگر یہ روایت متعدد طرق سے مروی نہ بھی ہو جب بھی) فضائل کے باب میں ایسی روایات قابل قبول ہوں گی۔

(vi) شدید ضعیف: یہ وہ روایت ہے جس میں شدید کمزوری اور ضعف پایا جاتا ہو یعنی اس کا راوی فاسق (اعلانیہ گنہگار) ہو لیکن وہ جھوٹا نہ ہو۔ ایسی روایت احکام کے بارے میں قابل قبول نہیں ہوگی لیکن کیا فضائل کے بارے میں ایسی روایت کو قبول کیا جاسکتا ہے؟ (اس بارے میں اہل علم کی آراء مختلف ہیں) راجح مذہب کے مطابق ایسی روایات کو قبول کیا جاسکتا ہے۔ لیکن بعض اہل علم اس بات کے قائل ہیں کہ اگر ایسی روایت متعدد طرق سے مروی ہو تو فضائل کے باب میں قبول کی جائے گی ورنہ قابل اعتماد شمار نہ ہوگی۔

(vii) وہ روایت جس کا راوی بہت جھوٹ بولتا ہو یا اپنی طرف سے روایات ایجاد کرتا ہو یا اس پر جھوٹا ہونے کا الزام عائد کیا گیا ہو۔

(viii) موضوع: ایسی روایت فضائل بلکہ کسی بھی حوالے سے قابل اعتماد شمار نہ ہوگی بلکہ ایسی روایت کو حدیث قرار دینا بھی درست نہیں ہے (محدثین اپنی گفتگو میں ایسی روایات کو جب حدیث قرار دیتے ہیں تو اس سے مراد) اس کے مجازی معنی ہوتے ہیں۔ ایسی روایات صرف اور صرف جھوٹ کا پلندہ ہوتی ہیں۔

•••———•••———•••

محدثین کا یہ کہنا

''اس بارے میں کوئی بھی ''صحیح'' حدیث منقول نہیں ہے''۔

حدیث کے حجت ہونے کے منافی نہیں ہے۔

نوٹ: یہ فوائد اصولِ حدیث سے متعلق ہیں' جنہیں اعلیٰ حضرت عظیم البرکت کے خاص مسترشد ملک العلماء حضرت مولانا ظفر الدین فاضل بہاری نے اپنے عظیم تصنیف ''الجامع الرضوی المعروف بہ صحیح البہاری'' کے مقدمے میں تحریر کیا ہے۔ یہاں ان میں سے چار فوائد ذکر کئے گئے ہیں۔

امام محمد بن محمد بن امیر الحاج الحلبی اپنی تصنیف ''الحلیة شرح المنیہ'' میں وضو کے بعد رومال کے ذریعے (اعضاء کو) پونچھنے کے مسئلے کے بارے میں یہ تحریر کرتے ہیں۔

امام ترمذی کا یہ کہنا: اس بارے میں نبی اکرم ﷺ سے کوئی حدیث ''صحیح'' منقول نہیں ہے۔ یہ ''حسن'' یا اس کی مانند (دوسرے مرتبے کی) روایت کے وجود کی نفی نہیں کرتا اور جو مقصد ہے اس کا ثبوت ''صحیح'' حدیث پر موقوف نہیں ہے بلکہ جس طرح یہ ''صحیح'' حدیث سے ثابت ہو سکتا ہے اس طرح ''حسن'' حدیث سے بھی ثابت ہو سکتا ہے۔

اسی کتاب میں باب صفة الصلوٰۃ میں فصل ما یکرہ فعلہ فی الصلوٰۃ سے کچھ پہلے انہوں نے یہ بات تحریر کی ہے۔

''محدثین کی اصطلاح کے مقتضیٰ کے مطابق حدیث کے ''صحیح'' ہونے کی نفی کرنے سے حدیث کے ''حسن'' ہونے کی نفی لازم نہیں آتی۔

امام ابن حجر مکی اپنی تصنیف ''الصواعق المحرقہ'' میں ''عاشورہ کے دن اہل خانہ پر زیادہ خرچ کرنے'' کے باب میں پہلی فصل کے آخر میں جو گیارھویں باب میں ہے اور دوسری فصل سے کچھ پہلے (یہ تحریر کرتے ہیں)

''امام احمد بن حنبل کا یہ کہنا: ''یہ حدیث صحت کے ساتھ ثابت نہیں ہے''۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ حدیث ''صحیح لذاتہ'' نہیں ہے۔ لہٰذا اس سے اس حدیث کے ''حسن لغیرہ'' ہونے کی نفی نہیں ہوتی اور ''حسن لغیرہ'' حدیث کو اسی طرح دلیل کے طور پر پیش کیا جا سکتا ہے۔ جیسا کہ (اصول) حدیث (کی کتابوں) میں اس بات کو بیان کیا گیا ہے''۔

امام ابن حجر عسقلانی اپنی تصنیف ''تخریج احادیث الاذکار للنووی'' میں یہ بات تحریر کرتے ہیں۔

''جو شخص حدیث کے ''صحیح'' ہونے کی نفی کرے۔ اس سے ''حسن'' ہونے کی نفی لازم نہیں آتی''۔

انہوں نے (اپنی تصنیف) ''نزہۃ النظر شرح نخبۃ الفکر'' میں یہ بات تحریر کی ہے۔

''حدیث حسن'' کی یہ قسم دلیل کے طور پر پیش کرنے کے حوالے سے حدیث ''صحیح'' کی ہم پلہ ہے۔ اگرچہ (پایہ ثبوت کے اعتبار سے) یہ اس سے کم مرتبے کی ہے''۔

مولانا علی قاری اپنی تصنیف ''الموضوعات الکبیر'' میں تحریر کرتے ہیں۔

''یہ حدیث ''صحیح'' نہیں ہے (کہنا) اس حدیث کے ''حسن'' ہونے کے منافی نہیں ہے''۔

سیدی نور الدین سمہودی اپنی تصنیف ''جواہر العقدین فی فضل الشرفین'' میں یہ بات تحریر کرتے ہیں۔

''بعض اوقات حدیث ''صحیح'' نہیں ہوتی لیکن اسے دلیل کے طور پر پیش کیا جا سکتا ہے۔ کیونکہ حدیث کا ''حسن'' ہونا ایک ایسا مرتبہ ہے جو ''صحیح'' اور ''ضعیف'' کے درمیان ہے''۔

نبی اکرم ﷺ اس بات سے منع فرماتے تھے: آدمی کھڑا ہو کر جوتا پہنے۔

اس حدیث کو امام ترمذی نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے روایت کیا ہے اور پھر یہ بات بیان کی ہے کہ یہ دونوں روایات محدثین کے نزدیک ''صحیح'' نہیں ہیں۔

امام عبدالباقی زرقانی نے اپنی تصنیف ''شرح مواہب'' میں تیسرے مقصد کی دوسری نوع میں' نبی اکرم ﷺ کے نعلین شریف

کے تذکرے میں یہ فائدہ بیان کیا ہے:

''(حدیث کی) صحت کی نفی کرنا اس بات کے منافی نہیں ہے کہ وہ حدیث ''حسن'' ہو۔ جیسا کہ یہ بات معلوم ہے''۔

''المرقاۃ'' میں محقق علی الاطلاق (امام کمال الدین ابن ہمام کے حوالے سے یہ بات نقل کی گئی ہے۔

''جو شخص کسی حدیث کے بارے میں یہ کہے: ''یہ حدیث ''صحیح'' نہیں ہے''۔

اگر اس کی اس بات کو درست تسلیم کرلیا جائے تو بھی یہ بات قدح کا باعث نہیں ہوسکتی کیونکہ دلیل کے طور پر پیش کیے جانے کے قابل ہونا صرف حدیث ''صحیح'' پر موقوف نہیں ہے بلکہ اس حوالے سے حدیث ''حسن'' بھی کافی ہوتی ہے''۔

شیخ محقق علامہ عبدالحق محدث دہلوی فرماتے ہیں:

''محدثین کی اصطلاح کے اعتبار سے کسی حدیث کو ''صحیح'' قرار نہ دینا کوئی حیران کن بات نہیں ہے کیونکہ حدیث کا ''صحیح'' ہونا کیا ہے۔

مقدمے میں یہ بات بیان کی گئی ہے' یہ حدیث کا بلند ترین درجہ ہے اور ایسی احادیث بہت کم ہیں۔

مذکورہ کتابوں میں ذکر کی گئی تمام احادیث' یہاں تک کہ وہ چھ کتابیں' جنہیں ''صحاح ستہ'' کا نام دیا گیا ہے۔ ان کی بھی تمام تر روایات محدثین کی اصطلاح کے مطابق ''صحیح'' نہیں ہیں لیکن ان کتابوں کو ''صحاح'' کا نام اس لیے دیا گیا ہے کہ ان میں غالب روایات صحیح ہیں''۔

•••———•••———•••

حدیث کے ''صحیح'' نہ ہونے اور اس کے ''موضوع'' ہونے کے درمیان بہت فرق ہے۔

امام بدرالدین زرکشی اپنی کتاب ''النکت علی ابن الصلاح'' میں اور امام جلال الدین سیوطی اپنی کتاب ''اللآلی المصنوعۃ'' میں اور علامہ علی بن محمد الکنانی اپنی کتاب تنزیہ الشریعۃ المرفوعۃ عن الاخبار الشنیعۃ الموضوعۃ میں اور علامہ محمد طاہر پٹنی اپنی کتاب ''مجمع البحار'' کے آخر میں یہ بات بیان کرتے ہیں۔

''ہمارا (محدثین کا) یہ کہنا: یہ حدیث ''صحیح'' نہیں ہے اور یہ کہنا: یہ حدیث ''موضوع'' ہے۔ اس کے درمیان بڑا فرق پایا جاتا ہے کیونکہ حدیث کے ''موضوع'' ہونے کا مطلب' اس روایت کے جھوٹا ہونے کو ثابت کرنا ہے اور ہمارا یہ کہنا: یہ حدیث ''صحیح'' نہیں ہے۔ اس سے اس روایت کا حدیث نہ ہونا ثابت نہیں ہوتا بلکہ یہ پتہ چلتا ہے: ثبوت کا وہ معیار اس میں ثابت نہیں ہے (جو ''صحیح'' حدیث کیلئے شرط ہے) اور ان دونوں صورتوں کے درمیان فرق ہے''۔

انہوں نے اپنی کتاب ''تنزیہ'' میں یہ بات اضافی نقل کی ہے:

''یہ حکم ان تمام روایات میں پایا جائے گا جن کے بارے میں علامہ ابن جوزی نے یہ بات بیان کی ہے کہ یہ ''صحیح'' نہیں ہے یا اس کی مانند الفاظ استعمال کیے ہیں''۔

امام ابن حجر عسقلانی اپنی تصنیف ''القول المسدد فی الذب عن مسند احمد'' میں یہ بات تحریر کرتے ہیں۔

''کسی حدیث کے ''صحیح'' نہ ہونے سے یہ لازم نہیں آتا ہے کہ وہ حدیث ''موضوع'' ہے۔

امام سیوطی اپنی تصنیف ''التعقبات علی الموضوعات'' میں تحریر کرتے ہیں:

امام ذہبی نے اس حدیث پر زیادہ سے زیادہ یہ حکم لگایا ہے: یہ ایک ایسا متن ہے جو ''صحیح'' نہیں ہے اور یہ بات درست ہے کیونکہ یہ حدیث ضعیف ہے (یا شاید اس کا یہ مفہوم ہوگا) کہ یہ بات اس حدیث کے ''ضعف'' کو درست قرار دیتی ہے۔

ملا علی قاری اپنی تصنیف ''الموضوعات'' میں عقل سے متعلق حدیث کے بارے میں یہ بات لکھتے ہیں:

''صحیح'' نہ ہونے سے ''موضوع'' ہونا لازم نہیں آتا جیسا کہ یہ بات مخفی نہیں ہے''۔

وہ اس کتاب میں عاشورہ کے دن سرمہ لگانے کی حدیث کے بعد یہ بات نقل کرتے ہیں:

''امام احمد کا یہ کہنا: ''یہ حدیث ''صحیح'' نہیں ہے''۔ میں یہ کہتا ہوں: اس کے ''صحیح'' نہ ہونے سے اس کے ''موضوع'' ہونے کا ثبوت لازم نہیں آتا۔ زیادہ سے زیادہ یہ ہوگا کہ آپ اس حدیث کو ''ضعیف'' قرار دے سکتے ہیں''۔

علامہ طاہر پٹنی اپنی تصنیف ''مجمع البحار'' میں امام ابن حجر عسقلانی کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں:

''یہ تبصرہ کہ یہ حدیث ''ثابت'' نہیں ہے۔ اس سے حدیث کا ''موضوع'' ہونا لازم نہیں آتا کیونکہ ''ثابت'' کا لفظ ''صحیح'' حدیث کیلئے استعمال ہوتا ہے اور ''ضعیف'' حدیث کا مرتبہ اس سے کم ہوتا ہے''۔

علامہ علی قاری اپنی تصنیف ''الموضوعات الکبیر'' میں آخر میں کھانے سے پہلے والی حدیث میں یہ بات نقل کرتے ہیں:

ابن عساکر کا یہ کہنا: یہ حدیث ''شاذ'' ہے اور ''صحیح'' نہیں ہے۔ اس سے یہ بات ظاہر ہو جاتی ہے کہ یہ حدیث ''موضوع'' نہیں ہے جیسا کہ یہ بات مخفی نہیں ہے۔

•••———•••———•••

حدیث کے ذریعے جو کچھ ثابت ہوتا ہے اس کی تین قسمیں ہیں:

(i) اسلامی عقائد ہیں۔ ان کیلئے حدیث کا ''متواتر'' یا ''مشہور'' ہونا ضروری ہے۔ اس بارے میں خبر واحد معتبر نہیں ہوگی۔ اگرچہ وہ ''قوی'' ہو۔

علامہ تفتازانی اپنی تصنیف ''شرح عقائد نسفیہ'' میں یہ بات تحریر کرتے ہیں۔

''خبر واحد میں بالفرض اگر وہ تمام شرائط ہوں جن کا ذکر اصول فقہ میں کیا گیا ہے تو بھی وہ صرف ''ظن'' کا فائدہ دے سکتی ہے اور عقائد کے باب میں ''ظن'' کا کوئی اعتبار نہیں ہوتا''۔

ملا علی قاری اپنی تصنیف ''منح الروض الازہر'' میں نقل کرتے ہیں۔

''خبر واحد عقائد کے بارے میں یقین کا فائدہ نہیں دیتی''

(ii) دوسری صورت احکام ہیں۔

ان کیلئے یہ بات ضروری ہے کہ حدیث ''صحیح لذاتہٖ'' یا ''لغیرہٖ'' ہو یا ''حسن لذاتہٖ'' ہو اور وہ ''حسن لغیرہٖ'' سے کم مرتبے کی نہ ہو۔ اس بارے میں ''ضعیف'' روایت قابل اعتبار نہیں ہوتی۔

(iii) تیسری صورت فضائل ومناقب ہیں۔ علماء کا اتفاق ہے کہ اس بارے میں ''ضعیف'' روایت بھی کافی ہوتی ہے۔

•••———•••———•••

كِتَابُ الْبُيُوْعِ

کتاب! خرید وفروخت کے بارے میں روایات

ذِكْرُ تَرَحُّمِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا، عَلَى الْمُسَامِحِ فِي الْبَيْعِ، وَالشِّرَاءِ، وَالْقَبْضِ، وَالْإِعْطَاءِ

باب: اللہ تعالیٰ کا اس شخص پر رحم کرنا' جو خرید وفروخت کرتے ہوئے اور لین دین کرتے ہوئے نرمی سے کام لیتا ہے

4903 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، مَوْلٰى ثَقِيْفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَهْلِ بْنِ عَسْكَرٍ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ مُطَرِّفٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): رَحِمَ اللّٰهُ عَبْدًا سَمْحًا اِذَا بَاعَ، سَمْحًا اِذَا اشْتَرٰى، سَمْحًا اِذَا اقْتَضٰى، سَمْحًا اِذَا قَضٰى

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''اللہ تعالیٰ اس بندے پر رحم کرے جو فروخت کرتے ہوئے نرمی سے کام لیتا ہے خریدتے ہوئے نرمی سے کام لیتا ہے تقاضا کرتے ہوئے نرمی سے کام لیتا ہے اور ادائیگی کرتے ہوئے نرمی سے کام لیتا ہے۔''

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلْبَيِّعَيْنِ اَنْ يَّلْزَمَا الصِّدْقَ فِيْ بَيْعِهِمَا وَيُبَيِّنَا عَيْبًا عَلِمَاهُ لِاَنَّ ذٰلِكَ سَبَبُ الْبَرَكَةِ فِيْ بَيْعِهِمَا

خرید وفروخت کرنے والوں کو اس بات کے حکم ہونے کا تذکرہ' وہ اپنے سودے میں سچائی کو لازم پکڑیں اور اس عیب کو بیان کردیں' جس سے وہ واقف ہیں کیونکہ یہ چیز ان کے سودے میں برکت کا سبب ہے

4903-إسناده صحيح على شرط الصحيح، محمد بن سهل بن عسكر من رجال مسلم، وعلى عياش بن عياش من رجال البخارين ومن فوقهما على شرطهما .وأخرجه البخارى "2076" فى البيوع: باب السهولة والسماحة فى الشراء والبيعن ومن طريقه البغوى "2044" عن على بن عياش، بهذا الإسناد .وأخرجه الطبرانى فى "الصغير "672"، والبيهقى 5/357 من طريقين عن على بن عياشن به . وأخرجه ابن ماجه "2203" فى التجارات: باب السماح فى البيع، عن عمرو بن عثمان بن سعيد بن كثير بن دينار الحمصى، عن أبيه، عن محمد بن مطرف، به .وأخرجه أحمد 3/340، والترمذى "1320" فى البيوع: باب ما جاء فى استقراض البعير، والبيهقى 5/357 - 358 من طريقين عن زيد بن عطاء السائبن عن محمد بن المنكدرن عن جابر لفظ: "غفر الله لرجل كان قبلكم، كان سهلاً إذا باع، سهلا إذا قضين سهلا إذا اقتضى" . قال الترمذى: هذا حديث حسن صحيح غريب من هذا الوجه .

4904 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ الْمَقَابِرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِىْ عَرُوْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِى الْخَلِيْلِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ الْهَاشِمِيِّ، عَنْ حَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَلْبَيِّعَانِ بِالْخِيَارِ مَا لَمْ يَتَفَرَّقَا، فَاِنْ صَدَقَا وَبَيَّنَا بُوْرِكَ لَهُمَا فِىْ بَيْعِهِمَا، وَاِنْ كَذَبَا وَكَتَمَا مُحِقَ بَرَكَةُ بَيْعِهِمَا

✿✿ حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"خرید و فروخت کرنے والے دونوں افراد کو (سودا ختم کرنے کا) اس وقت تک اختیار رہتا ہے' جب تک وہ ایک دوسرے سے جدا نہ ہو جائیں اگر وہ دونوں سچ بولیں اور بیان کریں' تو ان کے سودے میں ان کے لئے برکت رکھی جاتی ہے اور اگر وہ دونوں جھوٹ بولیں اور (سودے کی خامی کو) چھپائیں' تو ان کے سودے سے برکت کو مٹا دیا جاتا ہے۔"

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ غَشِّ الْمُسْلِمِيْنَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا فِى الْبَيْعِ، وَالشِّرَاءِ، وَمَا اَشْبَهَهُمَا مِنَ الْاَحْوَالِ

مسلمانوں کے لیے خرید و فروخت میں اور اس جیسی دیگر صورتوں میں ایک دوسرے کو دھوکہ دینے کی ممانعت کا تذکرہ

4905 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنِ الْعَلَاءِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ مَرَّ عَلٰى صُبْرَةِ طَعَامٍ، فَاَدْخَلَ اَصَابِعَهُ فِيْهَا، فَاِذَا فِيْهِ بَلَلٌ، فَقَالَ: مَا هٰذَا يَا

4904– إسناده صحيح على شرط مسلم، يحيى بن أيوب من رجال مسلمن ومن فوقه من رجال الشيخين . أبو الخليل: هو صالح بن أبي مريم الضبعين وسعيد بن أبي عروبة وإن عروبة إن رمي بالاختلاط قد سمع منه إسماعيل ابن علية قبل اختلاطه كما في "شرح علل الترمذي " لا بن رجب 2/568، وهو من أثبت الناس في قتادة .وأخرجه أحمد 3/402 و434، والدارمي 2/250، وهو من أثبت الناس في قتادة .وأخرجه ابن أبي شيبة 7/124، وأحمد 3/403، والطبراني "3118" من طرق عن سعيد بن أبي عروبة، بِهِ .وأخرجه الشافعي 2/154 – 155، وأحمد 3/403، والطيالسي "1316"، والدارمي 2/250، والبخاري "2079" في البيوع: باب إذا بين البيعان ولم يكتما ونصحا، و "2082" باب يمحق الكذاب والكتمان في البيع، و "2108 باب كم يجوز الخيار، و"2110" باب البيعان بالخيار ما لم يتفرقا، و "2114" باب إذا كان البائع بالخيارن هل يجوز البيع؟ ومسلم "1532" في البيوع: باب الصدق في البيع والبيانن وأبوداؤد "3459" في البيوع: باب خيار المتبايعينن والنسائي 7/244 – 245 في البيوع: باب ما يجب على التجار على من التوقية، والطبراني "3115" و"3116" و"3117" و"3119"، والبيهقي 5/269، والبغوي "2051" من طريقين عن قتادة، بِهِ .

صَاحِبَ الطَّعَامِ؟ ، قَالَ: اَصَابَتْهُ سَمَاءٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: فَهَلَّا جَعَلْتَهُ فَوْقَ الطَّعَامِ، حَتّٰى يَرَاهُ النَّاسُ، مَنْ غَشَّنَا فَلَيْسَ مِنَّا

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اناج کے ایک ڈھیر کے پاس سے گزرے آپ نے اپنی انگلیاں اس میں داخل کیں' تو اس میں گیلا پن محسوس ہوا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے اس اناج والے یہ کیا ہے؟ اس نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! اس پہ بارش پڑ گئی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے اس (گیلے حصے کو) اوپر کیوں نہیں رکھا' تاکہ لوگ اسے دیکھ لیتے' جو شخص ہمیں دھوکہ دے وہ ہم میں سے نہیں۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يُّنْفِقَ الْمَرْءُ سِلْعَتَهُ بِالْحَلِفِ الْكَاذِبَةِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی جھوٹی قسم کے ذریعے اپنا سامان فروخت کرے

4906 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِيْ مَعْشَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبِ بْنِ اَبِيْ كَرِيمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ زَيْدٍ، عَنِ الْعَلَاءِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اَلْيَمِيْنُ الْكَاذِبَةُ مَنْفَقَةٌ لِلسِّلْعَةِ، مَمْحَقَةٌ لِلْكَسْبِ

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جھوٹی قسم سامان کو فروخت کروا دیتی ہے' لیکن کمائی میں برکت کو مٹا دیتی ہے۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا لَا يَنْظُرُ فِي الْقِيَامَةِ اِلٰى مَنْ نَفَقَ سِلْعَتَهُ فِي الدُّنْيَا بِالْيَمِيْنِ الْكَاذِبَةِ

4905- إسناده صحيح على شرط مسلم . العلاء : هو ابن عبد الرحمٰن الخرقين وهو أبوه من رجال مسلم، وباقي رجال الشيخين .وأخرجه مسلم "102" في الإيمان: باب قوله النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "مَنْ غَشَّنَا فَلَيْسَ منا " والترمذي "1315" في البيوع، وابن ماجه "2224" في التجارات: باب النهي عن الغش، والحاكم 2/9، والبيهقي 5/320، وابن منده في "الإيمان" "552"، والبغوي "21120"، من طرق عن إسماعيل بن جعفر، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 2/242، وأبو داؤد "3452" في البيوع: باب في النهي عن الغش، وأبو عوانة 1/57، والطحاوي في "شرح مشكل الأثار " 2/134ن وابن منده "550"و"551"، والبيهقي 5/320، والبغوي "2121" من طرق عن العلاء بن عبد الرحمٰن، به .

4906- إسناده قوي، محمد بن وهب بن أبي كريمة روى عنه جمع، وذكره المؤلف في "الثقات"، وقال النسائي: لابأس به صالح، وقال مسلمة بن قاسم: صدوق، ومن فوقه ثقات من رجال الصحيح . أبو عبد الرحيم: هو خالد بن أبي الحراني، وزيد: هو ابن أبي انيسة .وأخرجه أحمد 2/235 و242 و413، والبيهقي 5/265 من طرق عن العلاء بن عبد الرحمٰن بهذا الإسناد .وأخرجه البخاري "2087" في البيوع :باب (يَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبَا وَيُرْبِي الصَّدَقَاتِ) ومسلم "1606" في المساقاة: باب النهي عن الحلف في البيع، 7/246 في البيوع: باب المنفق سلعته بالحلف الكاذب، والبيهقي 5/265، والبغوي "2046" من طرق عن يونس، عن الزهري،

اس بات کے بیان کا تذکرہ اللہ تعالیٰ قیامت والے دن اس شخص کی طرف نظر رحمت نہیں کرے گا' جو دنیا میں جھوٹی قسم کے ذریعے اپنا مال فروخت کرے گا

4907 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُدْرِكٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا زُرْعَةَ، يُحَدِّثُ عَنْ خَرَشَةَ بْنِ الْحُرِّ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): ثَلَاثَةٌ لَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ، وَلَا يَنْظُرُ اِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَلَا يُزَكِّيهِمْ، وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ، قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَنْ هُمْ خَابُوا، وَخَسِرُوا؟، فَاَعَادَهَا، فَقُلْتُ مَنْ هُمْ، فَقَالَ: الْمُسْبِلُ، وَالْمَنَّانُ، وَالْمُنْفِقُ سِلْعَتَهُ بِالْحَلِفِ كَاذِبًا

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُسْبِلُ، اَرَادَ بِهِ الْمُسْبِلَ اِزَارَهُ خُيَلَاءَ، وَقَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَنَّانُ اَرَادَ بِهِ عِنْدَ اِعْطَاءِ صَدَقَةِ الْفَرِيضَةِ

✿✿ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''تین لوگ ایسے ہیں جن کے ساتھ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن کلام نہیں کرے گا اور ان کی طرف نظر رحمت نہیں کرے گا اور ان کا تزکیہ نہیں کرے گا اور ان لوگوں کو دردناک عذاب ہوگا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! وہ کون لوگ ہیں۔ وہ تو ہلاک ہوجائیں گے' اور خسارے کا شکار ہوجائیں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر یہ بات دہرائی' تو میں نے عرض کی: وہ کون لوگ ہیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (تکبر کی وجہ سے اپنے تہبند کو) لٹکانے والا شخص' احسان جتانے والا شخص اور جھوٹی قسم اٹھا کر سامان فروخت کرنے والا شخص۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''لٹکانے والا'' اس سے مراد وہ شخص ہے' جو تکبر کے طور پر اپنے تہبند کو لٹکاتا ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: احسان جتانے والا اس سے مراد یہ ہے: جو شخص فرض زکوٰۃ کی ادائیگی کے وقت احسان جتاتا ہے۔

4907- إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو الوليد: هو هشام بن عبد الملك الطيالسي، وأبو زرعة: هو ابن عمرو بن جرير بن عبد الله البجلي .وأخرجه الدارمي 2/267، وأبو عوانة 1/40، وابن منده في "الإيمان" "616" من طرق عن أبي الوليد بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 5/148 و162 و168ن ومسلم "106" في الإيمان: باب بيان غلظ تحريم إسبال الإزار والمن بالعطية وتنفق السلعة بالحلفن وأبو داوُد "4087" في اللباس: باب ماجاء في إسبال الإزار، والترمذي "1211" في البيوع: باب ما جاء فيمن حلف على سلعة كاذباً، والنسائي 7/245 – 246 في البيوع باب المنفقة سلعته بالحلف الكاذب، وابن أبي شيبة 9/92 – 93، والدارمي 2/267، والطيالسي "467"، والدارمي في "الرد على الجهمية " ص93، وأبو عوانة 1/40، والبيهقي في "السنن" 5/265، وفي الأسماء والصفات" 2/354 من طرق عن وكيع، عن المسعودي، عن علي بن مدرك، بِه .وأخرجه مسلم "106"، وأبو داوُد "4088"، والنسائي 7/246، وأبو عوانة 1/39 و40، وابن منده "617"، والبيهقي 4/191، من طرق عن الأعمش، عن سليمان بن مسهر، عن خرشة بن الحر، بِه .

ذِكْرُ وَصْفِ بَعْضِ الْحَلِفِ الَّذِىْ مِنْ اَجْلِهٖ يُبْغِضُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا الْبَيَّاعَ

اس حلف کی صفت کا تذکرہ جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ فروخت کرنیوالے فرد پر غضب ناک ہوتا ہے

4908 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): ثَلَاثَةٌ لَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ، وَلَا يَنْظُرُ اِلَيْهِمْ، رَجُلٌ حَلَفَ بَعْدَ الْعَصْرِ، عَلٰى مَالِ امْرِءٍ مُسْلِمٍ، فَاقْتَطَعَهُ، وَرَجُلٌ حَلَفَ، لَقَدْ اَعْطٰى بِسِلْعَتِهٖ اَكْثَرَ مِمَّا اَعْطٰى، وَرَجُلٌ مَنَعَ فَضْلَ الْمَاءِ، يَقُوْلُ اللّٰهُ، الْيَوْمَ اَمْنَعُكَ فَضْلِي، كَمَا مَنَعْتَ فَضْلَ مَا لَمْ تَعْمَلْهُ يَدَاكَ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''تین لوگ ایسے ہیں جن کے ساتھ اللہ تعالیٰ کلام نہیں کرے گا اوران کی طرف نظر رحمت نہیں کرے گا۔ ایک وہ شخص جو عصر کے بعد کسی مسلمان کے مال پر قسم اٹھا کر اسے ہتھیا لے۔ ایک وہ شخص جو یہ قسم اٹھائے کہ اس نے اس سامان کے اتنے پیسے دیئے تھے جو اس سے زیادہ ہوں جو اسے دیئے جا رہے ہوں۔ ایک وہ شخص جو اضافی پانی کو لینے سے منع کر دے؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: آج کے دن میں اپنے فضل کو تم سے روک لیتا ہوں' جس طرح تم نے اس اضافی چیز کو روک لیا تھا' جو تمہارے ہاتھوں کی کمائی نہیں تھی۔''

ذِكْرُ وَصْفِ الْبَعْضِ الْاٰخَرِ مِنَ الْحَلِفِ الَّذِىْ مِنْ اَجْلِهٖ يُبْغِضُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا الْبَيَّاعَ

اس دوسری قسم کے حلف کا تذکرہ جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ فروخت کرنے والے

4908- إسناده صحيح، صفوان بن صالح روى له أصحاب السنن، وهو يقة، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين . عمرو بن دينار: هو المكي، وأبو صالح: هو ذكوان السمان .وأخرجه البخاري "2369" في الشرب والمساقاة: باب من رأى أن صاحب الحوض والقربة إلى بمائة، و "7446" في التوحيد: باب وقول الله تعالى: (وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ نَاضِرَةٌ إلى ربها ناظرة)، ومسلم "108" "174" في الإيمان: باب غلظ تحريم إسبال الإزار والمن بالعطية وتنفيق السلعة بالحلف، وابن منده في "الإيمان" "626"، والبيهقي في "السنن" /6 152، و 10/177 – 178، وفي "الأسماء والصفات" 1/352، 353، والبغوى "1669" و "2516" من طرق عن ابن عيينة، بهذا الإسناد .وأخرجه مسلم "108"ن والنسائي 7/246 – 247 في البيوع: باب الحلف الواجب للخديقة في البيعن وأبو عوانة 1/41، وابن منده "623" والبيهقي 10/177 من طرق عن الأعمش، عن أبي صالح، بِهِ .وأخرجه البخاري "2358" في المساقاة: باب إثم من منع ابن السبيل منن و "2672" في الشهادات: باب اليمين بعد العصر، و "7212" في الأحكام: باب من بايع رجلاً لا يبايعه إلا للدنيان ومسلم "108"، وأبو داوُد "3474" في البيوع: باب في منع الماء ؛ وابن ماجه "2207" في التجارات: باب ما جاء في كراهية الأيمان في الشراء والبيع، و "2870" في الجهاد: باب الوفاء بالبيعة، وابن منده "622"و "625"، والبيهقي /5 330و 8/160، وفي: "الأسماء الصفات" 1/253، من طرق عن الأعمش، عن أبي صالح، عن أبي هريرة . وفيه "ورجل بايع إماماً لايبايعه إلا للدنيا" بدل "ورجل حلف لقد أعطى بسلعته أكثر مما اعطى" .

پر غضب ناک ہوتا ہے

4909 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحِ الْبُخَارِيُّ بِبَغْدَادَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ كَاسِبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْهُدَيْرِ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): مَرَّ اَعْرَابِيٌّ بِشَاةٍ، فَقُلْتُ: تَبِيعُنِيهَا بِثَلَاثَةِ دَرَاهِمَ؟، قَالَ: لَا وَاللّٰهِ، ثُمَّ بَاعَنِيهَا، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: بَاعَ اٰخِرَتَهُ بِدُنْيَاهُ

✿✿ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک دیہاتی ایک بکری لے کر گزرا میں نے کہا: کیا تم تین درہموں کے عوض میں یہ مجھے فروخت کردو گے اس نے کہا: جی نہیں۔ اللہ کی قسم (نہیں کروں گا) پھر اس نے مجھے وہ بکری فروخت کر دی۔ میں نے بعد میں اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس نے اپنی دنیا کے عوض میں اپنی آخرت کو فروخت کر دیا۔

ذِكْرُ اِثْبَاتِ الْفُجُورِ لِلتُّجَّارِ الَّذِينَ لَا يَتَّقُوْنَ اللّٰهَ فِي بَيْعِهِمْ وَشِرَائِهِمْ

تاجروں کے لیے فجور کے اثبات کا تذکرہ، وہ تاجر جو اپنی خرید و فروخت میں اللہ تعالیٰ سے ڈرتے نہیں ہیں

4910 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ الْبَزَّارُ، قَالَ: حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْعَطَّارُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ الْاَنْصَارِيِّ، ثُمَّ الزُّرَقِيِّ عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ رِفَاعَةَ

4909– إسناده حسن . ابن أبي فديك: هو محمد بن إسماعيل بن مسلم، وربيعة بن عثمان: هو ابن ربيعة بن عبد الله بن الهدير وربيعة بن عبد الله بن الهدير له رؤية، وذكره المؤلف في ثقات التابعين، وروى له البخاري . وأورده السيوطي في الجامع الكبير 2/457، وزاد نسبته إلى الضياء المقدسي في "المختارة" .

4910– إسماعيل بن عبيد "ويقال: عبيد الله "لَمْ يُوَثِّقْهُ غير المؤلّف، ولم يَروِ عنه غير عبد الله بن عثمان بن خثيم، وروى له هذا الحديث والواحد البخاري في "الأدب المفرد" والترمذي وابن ماجه، وباقي رجاله ثقات .وأخرجه الطبراني "4542" من طرق عن داؤد بن عبد الرحمٰن العطار، بهذا الإسناد .وأخرجه عبد الرزاق "20999"، والدارمي / 2247، والترمذي "1210" في البيوع: باب ما جاء في التجار، وابن ماجه "2146" في التجارات: باب التوقي في التجارة، والطبراني "4539" و"5340" و"5341" "5343"ن والحاكم 2/6، والبيهقي 5/266، من طرق عن عبد اللّٰه بن عثمان بن خثيم، به .وقال الترمذي: حسن صحيح، صححه الحاكم ووافقه الذهبي! .وله شاهد من حديث ابن عباس عند الطبراني "12499": حدثنا عبد الله بن أحمد، حدثنا عمرو بن عثمان الحمصي، حدثنا الحارث بن عبيدة، عن عبد الله بن عثمان بن خثيم، عن سعيد بن جبير، عن ابن عباس، فذكره، وفيه "وأدى الأمانة" بدل "اتقى" .

(متن حدیث): اَنَّهُ خَرَجَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِلَى الْبَقِيعِ وَالنَّاسُ يَتَبَايَعُوْنَ، فَنَادَى: يَا مَعْشَرَ التُّجَّارِ، فَاسْتَجَابُوا لَهُ، وَرَفَعُوْا اِلَيْهِ اَبْصَارَهُمْ، وَقَالَ: اِنَّ التُّجَّارَ يُبْعَثُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فُجَّارًا اِلَّا مَنِ اتَّقَى، وَبَرَّ، وَصَدَقَ

۞۞ حضرت رفاعہ بن رافع انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ بقیع کی طرف گئے لوگ خرید وفروخت کررہے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بلند آواز میں فرمایا: اے تاجروں کے گروہ! لوگوں نے آپ کی طرف توجہ کی اور آپ کی طرف دیکھنے لگے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیشک تاجروں کو قیامت کے دن گنہگار لوگوں کے طور پر زندہ کیا جائے گا۔ ماسوائے اس شخص کے جو پرہیزگاری اختیار کرے۔ نیکی کرے اور سچ بولے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الْبَيْعَ يَقَعُ بَيْنَ الْمُتَبَايِعَيْنِ بِلَفْظَةٍ تُؤَدِّي اِلٰى رِضَاهُمَا، وَاِنْ لَمْ يَقُلِ الْبَائِعُ بِعْتُ وَلَا الْمُشْتَرِي اشْتَرَيْتُ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' سودا دونوں فریقوں کے درمیان ان الفاظ میں واقع ہونا چاہیے' جو دونوں کی رضامندی پر دلالت کرتے ہوں اگرچہ فروخت کرنے والا یہ نہ کہے: میں نے فروخت کیا اور خریدار یہ نہ کہے: میں نے خریدلیا

4911 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): اَقْبَلْنَا مِنْ مَكَّةَ اِلَى الْمَدِيْنَةِ، فَنَزَلْنَا مَنْزِلًا دُوْنَ الْمَدِيْنَةِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بِعْنِيْ جَمَلَكَ هٰذَا، قُلْتُ: لَا، بَلْ هُوَ لَكَ، قَالَ: فَقَالَ: لَا بِعْنِيهِ، قُلْتُ لَا، بَلْ هُوَ لَكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ لَا بِعْنِيهِ، قُلْتُ: كَانَ لِرَجُلٍ عَلَيَّ اُوقِيَّةٌ مِّنْ ذَهَبٍ، فَهُوَ لَكَ بِهَا، قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ اَخَذْتُهُ، فَتَبَلَّغْ عَلَيْهِ، اِلَى الْمَدِيْنَةِ، فَلَمَّا قَدِمْتُ الْمَدِيْنَةَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِبِلَالٍ: اَعْطِهِ اُوقِيَّةً مِنْ ذَهَبٍ، وَزِدْهُ، قَالَ: فَاَعْطَانِيْ اُوقِيَّةً مِنْ ذَهَبٍ، وَزَادَنِيْ قِيرَاطًا، قَالَ: فَقُلْتُ: لَا تُفَارِقُنِيْ زِيَادَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَانَ فِيْ كِيسٍ، فَاَخَذَهُ اَهْلُ الشَّامِ، لَيَالِيَ الْحَرَّةِ

۞۞ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ مکہ سے مدینہ کی طرف آرہے تھے ہم نے مدینہ سے کچھ پہلے ایک جگہ پر

4911– إسناده صحيح على شرط الشيخين . جرير: هو ابن عبد الحميد والأعمش: هو سليمان بن مهران .وأخرجه مسلم "715" "111" ص1222 في المساقاة: باب بيع البعير واستثناء ركوبه، عن عثمان بن أبي شيبة، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 3/314، والنسائي 7/298 في البيوع: باب البيع يكون فيه الشرط فيصح البيع والشرطن من طريق الأعمش، به .وعلقه البخاري "2718" في الشروط: باب إذا اشترط البائع ظهر الدابة إلى مكان مسمى جاز، عن الأعمش به .وسيأتي مطولاً عند المصنف "6483" من طريق سالم بن أبي الجعد، و"6484" و "7099" من طريق وهب بن كيسان، عن جابر .

پڑاؤ کیا' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اپنا یہ اونٹ مجھے فروخت کر دو۔ میں نے عرض کی: جی نہیں یہ ویسے ہی آپ کا ہوا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جی نہیں تم اسے مجھے فروخت کرو۔ میں نے عرض کی: جی نہیں۔ یارسول اللہ (ﷺ)! یہ ویسے ہی آپ کا ہوا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جی نہیں تم اسے مجھے فروخت کرو۔ میں نے کہا: میں نے ایک شخص کا سونے کا ایک اوقیہ دینا ہے' تو یہ اس کے عوض میں آپ کا ہوا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یہ میں نے لے لیا تم اس پر سوار ہو کر مدینے تک چلے جاؤ۔ جب میں مدینہ منورہ آیا' تو نبی اکرم ﷺ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے فرمایا اسے سونے کا ایک اوقیہ دو اور زیادہ ادائیگی کرنا حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے مجھے سونے کا ایک اوقیہ دیا اور ایک قیراط زیادہ دیا۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں' تو میں نے طے کیا کہ نبی اکرم ﷺ کی دی ہوئی اضافی ادائیگی کبھی مجھ سے جدا نہیں ہوگی۔ وہ رقم میرے پاس ایک تھیلی میں محفوظ رہی' پھر واقعہ حرہ کے موقع پر اہل شام نے اسے ہتھیا لیا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُتَبَايِعَيْنِ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا فِيْ بَيْعِهِمَا الْخِيَارُ قَبْلَ اَنْ يَّتَفَرَّقَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' فروخت کرنے والوں میں سے ہر ایک کو اپنے سودے کے بارے میں (اسے ختم کرنے کا) اختیار ہوگا' جب تک وہ ایک دوسرے سے جدا نہ ہوں

4912 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ شِهَابٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَلْبَيِّعَانِ بِالْخِيَارِ، مَا لَمْ يَتَفَرَّقَا

قَالَ نَافِعٌ، وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ، اِذَا اَعْجَبَهُ شَيْءٌ فَارَقَ صَاحِبَهُ لِكَيْ يَجِبَ لَهُ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"خرید و فروخت کرنے والے آدمیوں کو (سودا ختم کرنے کا) اس وقت تک اختیار رہتا ہے' جب تک وہ ایک دوسرے سے جدا نہیں ہو جاتے۔"

نافع بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا یہ معمول تھا کہ جب انہیں کوئی چیز پسند آجاتی' تو وہ اپنے ساتھی سے جدا ہو جاتے تھے تاکہ سودا ان کے حق میں طے ہو جائے۔

4912- إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو الربيع الزهراني: هو سليمان بن داوُد العتكي، وأبو شهاب: هو عبد ربه بن نافع الكناني .وأخرجه البخاري "2170" في البيوع: باب كم يجوز الخيار، والترمذي "1245" في البيوع: باب رقم "26"، والنسائي 7/249 - 250 - و250 في البيوع باب ذكر الاختلاف على نافع في لفظ حديثه، والبيهقي 5م269 من طرق عن يحيى بن سعيد الأنصاري، بهذا الإسناد .وأخرجه الحميدي "654"، وعبد الرزاق "14262" و"14263"، وابن أبي شيبة 7/والشافعي 2/154، وأحمد 2/4و73، والبخاري "2109" باب إذا لم يوقت في الخيار هل يجوز البيع، ومسلم "1531"، وأبو داوُد "3455"، في البيوع: باب خيار المتبايعين، والنسائي 7/248 و249، والطحاوي 4/12، والبغوي "2048" من طرق عن نافع، به .وأخرجه الطبراني في "الكبير" "13101" من طريق يحيى بن سعيد، عن القاسم بن محمد، عن ابن عمر .

ذِكْرُ خَبَرٍ فِيهِ كَالدَّلِيلِ عَلَى اَنَّ الْفِرَاقَ فِي خَبَرِ ابْنِ عُمَرَ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ اِنَّمَا هُوَ فِرَاقُ الْاَبْدَانِ

اس روایت کا تذکرہ جس میں اس بات کی دلیل پائی جاتی ہے' حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے

حوالے سے منقول وہ روایت' جو ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں اس میں علیحدہ ہونے سے مراد جسمانی طور پر علیحدہ ہونا ہے

4913 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي عَوْنٍ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): كُلُّ بَيِّعَيْنِ، لَا بَيْعَ بَيْنَهُمَا، حَتّٰى يَتَفَرَّقَا اِلَّا بَيْعَ الْخِيَارِ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''خرید و فروخت کرنے والے دو آدمیوں کے درمیان سودا اس وقت تک مکمل نہیں ہوتا' جب تک وہ ایک دوسرے سے جدا نہیں ہو جاتے البتہ جس سودے میں (بعد میں ختم کرنے کا) اختیار ہو اس کا حکم مختلف ہے۔''

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلَى اَنَّ الْفِرَاقَ فِي خَبَرِ ابْنِ عُمَرَ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ اِنَّمَا هُوَ فِرَاقُ الْاَبْدَانِ دُوْنَ الْفِرَاقِ الَّذِي يَكُوْنُ بِالْكَلَامِ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے

نقول وہ روایت جسے ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں اس میں علیحدہ ہونے سے مراد جسمانی طور پر ایک دوسرے سے الگ ہونا ہے کلام کے ذریعے ایک دوسرے سے الگ ہونا مراد نہیں ہے

4914 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ بِالرَّقَّةِ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ الْخَلَّالُ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ عُبَيْدٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَيْدٍ حَفْصُ بْنُ غَيْلَانَ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ مُوْسٰى، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

4913- إسناده صحيح على شرط الشيخين .وأخرجه مسلم "1531" "46"، والنسائي 7/250، عن علي بن حجر، والبغوي "2050" من طريق الكشميهني عن علي بن معبد، عن إسماعيل بن جعفر، به .وأخرجه الحميدي "655"، وعبد الرزاق "14265"، وابن أبي شيبة 7/124، وأحمد 2/9، والبخاري "2113" في البيوع: باب إذا كان البائع بالخيار هل يجوز البيع، ومسلم "1531" "46"، والنسائي 7/250 – 251، وابن الجارود "617"، والبيهقي 5/269 من طرق عن عبد الله بن دينار, به . قال البغوي في "شرح السنة" 8/39: اختلف أهل العلم في ثبوت خيار المكان للمتبايعين فذهب أكثرهم إلى أنهما بالخيار بين فسخ البيع وإمضائه ما لم يفترقا بالأبدان، ويروى فيه عن ابن عباس، وأبي هريرة، وعبد الله بن عمرو، حكيم بن حزام، وهو قول عبد الله بن عمر، وأبي برزة الأسلمي، وإليه ذهب شريح، وسعيد بن المسيب والحسن البصري، والشعبي، وطاووس، وعطاء بن أبي رباح، وبه قال الزهري، والأوزاعي، وابن المبارك والشافعي، وأحمد، وإسحاق، وأبو عبيد، وأبو ثور .

(متن حدیث): مَنِ ابْتَاعَ بَيْعًا، فَوَجَبَ لَهُ، فَهُوَ فِيهِ بِالْخِيَارِ عَلَى صَاحِبِهِ مَا لَمْ يُفَارِقْهُ إِنْ شَاءَ أَخَذَ، وَإِنْ شَاءَ تَرَكَ، فَإِنْ فَارَقَهُ، فَلَا خِيَارَ لَهُ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص کوئی چیز خریدتا ہے' تو یہ اس کے حق میں لازم ہو جاتی ہے اور اسے اس بارے میں اپنے ساتھی کے مقابلے میں اس وقت تک اختیار ہوتا ہے' جب تک وہ اس (ساتھی) سے جدا نہیں ہو جاتا۔ اگر وہ چاہے' تو اسے حاصل کر لے اگر چاہے' تو اسے ترک کر دے۔ اگر وہ اپنے ساتھی سے جدا ہو جاتا ہے' تو پھر اس کے پاس اختیار باقی نہیں رہے گا۔''

4915 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَاهُ الْقَطَّانُ، فِي عَقِبِهِ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا أَبُو مُعَيْدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوسَى، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِأَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَإِنْ فَارَقَهُ فَلَا خِيَارَ لَهُ، أَرَادَ بِهِ فِي غَيْرِ بَيْعِ الْخِيَارِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''اگر وہ اس سے جدا ہو جائے' تو پھر اس کے پاس اختیار باقی نہیں رہے گا'' اس کے ذریعے آپ کی مراد یہ ہے: وہ ''بیع خیار'' نہ ہو

4916 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): الْمُتَبَايِعَانِ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا عَلَى صَاحِبِهِ بِالْخِيَارِ مَا لَمْ يَتَفَرَّقَا، إِلَّا بَيْعَ الْخِيَارِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

4914- إسناده حسن. سليمان بن موسى: هو الأشدق، وهو صدوق، فقيه، في حديثه بعض لين وخولط قبل موته بقليل، فمثله يكون حسن الحديث. وانظر ما بعده. وأخرجه الحاكم 2/14 من طريق أحمد بن عيسى الخشاب التنيسي اللخمي، حدثنا عمرو بن أبي سلمة، حدثنا أبو معبد حفص بن غيلان، بهذا الإسناد. وأحمد بن عيسى التنيسي: قال الدارقطني: ليس بالقوي، ولم يخرج له أحد من الكتب الستة، ومع ذلك فقد صحح الحاكم إسناده، ووافقه الذهبي.

4915- إسناده حسن وهو مكرر ما قبله. وأخرجه الدارقطني 3/5، والبيهقي 5/270 من طريق أحمد بن عيسى التنيسي، عن عمرو بن أبي سلمة، عن أبي معيد، بهذا الإسناد.

4916- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في "الموطأ" 2/671 في البيوع باب بيع الخيار. ومن طريق مالك أخرجه الشافعي في "الأم" 3/4، وفي "المسند" 2/154، وفي "الرسالة" فقرة "863"، وأحمد 1/56، والبخاري "2111"، في البيوع: باب البيعان بالخيار ما لم يتفرقا، ومسلم "1531" في البيوع: باب ثبوت خيار المجلس وأبو داؤد "3454" في البيوع: باب خيار المتبايعين، والنسائي 7/248 في البيوع: باب وجوب الخيار للتبايعين، والدارقطني 3/6، والبيهقي 5/268، والبغوي "2047"

"خرید وفروخت کرنے والے دونوں فریقوں کو دوسرے فریق کے حوالے سے اختیار حاصل رہتا ہے' جب تک وہ ایک دوسرے سے جدا نہیں ہو جاتے البتہ بیع خیار کا حکم مختلف ہے۔"

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ' جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

4917 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، اَنَّ نَافِعًا، حَدَّثَهُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

(متن حدیث): اَنَّهُ قَالَ: اِذَا تَبَايَعَ الرَّجُلَانِ فَكُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا بِالْخِيَارِ مَا لَمْ يَتَفَرَّقَا، وَكَانَا جَمِيعًا، اَوْ يُخَيِّرُ اَحَدُهُمَا الْاٰخَرَ، فَاِنْ خَيَّرَ اَحَدُهُمَا الْاٰخَرَ، فَتَبَايَعَا عَلٰى ذٰلِكَ، فَقَدْ وَجَبَ الْبَيْعُ، فَاِنْ تَفَرَّقَا بَعْدَ اَنْ تَبَايَعَا، وَلَمْ يَتْرُكْ وَاحِدٌ مِّنْهُمَا الْبَيْعَ، فَقَدْ وَجَبَ الْبَيْعُ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"جب دو آدمی سودا کرتے ہیں' تو ان میں سے ہر ایک کو (سودا ختم کرنے کا) اختیار ہوتا ہے' جب تک وہ ایک دوسرے سے جدا نہ ہو جائیں اور اکٹھے رہیں' یا پھر ان دونوں میں سے کوئی ایک دوسرے کو (بعد میں سودا ختم کرنے کا) اختیار دیدے۔ اگر ان دونوں میں سے کوئی ایک دوسرے کو اختیار دے دیتا ہے اور وہ اس شرط پر سودا کر لیتے ہیں' تو سودا طے ہو جائے گا اور اگر وہ سودا طے کر لینے کے بعد جدا ہو جائیں اور ان دونوں میں سے ایک نے بیع کو ترک نہ کیا ہو' تو بیع لازم ہو جائے گی۔"

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِمَنِ اشْتَرٰى طَعَامًا، اَنْ يَّكِيلَهُ رَجَاءَ وُجُودِ الْبَرَكَةِ فِيهِ

اناج خریدنے والے کو اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ' وہ اسے پوری طرح ماپ لے یہ امید رکھتے ہوئے اس طرح اس میں برکت ہوگی

4918 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَسَّانَ السَّامِيُّ، بِالْبَصْرَةِ قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِي كَرِبَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

4917- إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو الربيع: هو الزهراني سليمان بن داوٗد العتكي وابن وهب: هو عبد الله . وأخرجه الدارقطني 3/5، وابن الجارود "618" من طريقين عن ابن وهب، بهذا الإسناد وأخرجه البخاري "2112" في البيوع باب إذا خير أحدهما صاحبه بعد البيع فقد وجب البيع، ومسلم "1531" "44"، والبيهقي 5/269، والبغوي "2049" من طريقين عن الليث بن سعد، به .

(متن حدیث): كِيلُوا طَعَامَكُمْ، يُبَارَكْ لَكُمْ فِيهِ

❁❁ حضرت مقدام بن معدیکرب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''اپنے اناج کو ماپ لیا کرو اس میں تمہارے لئے برکت ڈالی جائے گی۔''

ذِكْرُ السَّبَبِ الَّذِيْ مِنْ اَجْلِهِ اَنْزَلَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا (وَيْلٌ لِلْمُطَفِّفِيْنَ) (المطففين: 1)

اس سبب کا تذکرہ جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے یہ حکم نازل کیا ''ماپ تول میں کمی کرنے والوں کے لیے بربادی ہے''

4919 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْكَرِيمِ، قَالَ: حَدَّثَنِي الْحُسَيْنُ بْنُ سَعْدِ ابْنِ بِنْتِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ، حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ، اَخْبَرَنَا اَبِي، عَنْ يَزِيدَ النَّحْوِيِّ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ كَانُوا مِنْ اَخْبَثِ النَّاسِ كَيْلًا، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ (وَيْلٌ لِلْمُطَفِّفِيْنَ) (المطففين: 1) ، فَاَحْسَنُوا الْكَيْلَ بَعْدَ ذٰلِكَ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لائے' تو وہاں کے لوگ ماپنے میں سب سے زیادہ کمی کیا کرتے تھے' تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

''بربادی ہے ان لوگوں کے لئے جو ماپنے میں کمی کرتے ہیں۔''

اس کے بعد ان لوگوں نے اچھے طریقے سے ماپنا شروع کر دیا۔

4918- إسناده صحيح، عمرو بن عثمان: هو ابن سعيد الحمصي: ثقة، روى له أصحاب السُّنن، ومن فوقه من رجال الشيخين . الوليد: هو ابن مسلم، وقد صرح بالتحديث عند البيهقي، وتابعه عليه ابن المبارك ويحيى بن حمزة . وأخرجه البخاري "21128" في البيوع: باب ما يستحب من الكيل، والطبراني في "الكبير" "643"/20، والقضاعي في مسند الشهاب " "698"، والبيهقي 6/32، والبغوي "3000"، من طريقين عن الوليد بن مسلم، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 4/131، والبيهقي 6/31 و32، وأبو نعيم في "الحلية" /5 217 من طريقين عن ثور بن يزيد، به .وأخرجه أحمد 5/414، ابن ماجه "2232" في التجارات: باب مايرجي من كيل الطعام من البركة، والطبراني في "الكبير" "3859"، والقضاعي "697"ن والبيهقي 6/32، وأبو نعيم 5/217 من طريقين عن بحير بن سعد، عن خالد بن معدان عن لمقدام بن معدى كرب، عن أبي أيوب الأنصاري .وفي الباب عن عبد الله بن بسر المازني عند ابن ماجه "2231" .

4919- حديث حسن . الحسين بن سعد وإن لم يعرف قد تابعه عليه غير واحد .فأخرجه النسائي في التفسير من "الكبرى" كما في "التحفة" 5/179، وابن ماجه "2223" في التجارات: باب التوقي في الكيل والوزن، والطبري في "جامع البيان" 30/91، والحاكم 2/33 والواحدي في "أسباب النزول" ص298، والطبراني في "الكبير" "12041"، والبيهقي 6/32ن والبغوي في "معالم التنزيل " 4/275 من طرق عن علي بن الحسين بن واقد، بهذا والإسناد وصححه الحاكم، ووافقه الذهبي . وقال البوصيري في "الزوائد 1/142: هذا إسناد حسن، علي بن الحسين بن واقد: مختلف فيه، وباقي الإسناد ثقات .

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ جَوَازِ أَخْذِ الْمَرْءِ فِيْ ثَمَنِ سِلْعَتِهِ الْمَبِيعَةِ الْعَيْنَ، الَّذِيْ لَمْ يَقَعِ الْعَقْدُ عَلَيْهِ مِنْ غَيْرِ أَنْ يَكُوْنَ بَيْنَهُمَا فِرَاقٌ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' آدمی کے لیے اپنے سامان کی قیمت میں (معاوضے کے طور پر)

کوئی دوسری چیز لے لینا جائز ہے' جبکہ وہ عقد اس چیز پر واقع نہ ہوا ہو اور وہ وصولی ان دونوں فریقوں کے درمیان علیحدگی سے پہلے ہو جائے

4920 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ أَبِيعُ الْإِبِلَ فِي الْبَقِيعِ، فَأَبِيعُ بِالدَّنَانِيرِ، وَآخُذُ الدَّرَاهِمَ، وَأَبِيعُ بِالدَّرَاهِمِ، وَآخُذُ الدَّنَانِيرَ، فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ فِيْ بَيْتِ حَفْصَةَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، إِنِّيْ أَبِيعُ الْإِبِلَ بِالْبَقِيعِ، فَأَبِيعُ بِالدَّنَانِيرِ، وَآخُذُ الدَّرَاهِمَ، وَأَبِيعُ بِالدَّرَاهِمِ وَآخُذُ الدَّنَانِيرَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا بَأْسَ إِذَا أَخَذْتَهُمَا بِسِعْرِ يَوْمِهِمَا فَافْتَرَقْتُمَا وَلَيْسَ بَيْنَكُمَا شَيْءٌ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں بقیع میں اونٹ فروخت کرتا تھا میں دینار کے عوض میں اونٹ فروخت کرتا تھا اور درہم وصول کرلیا کرتا تھا یا درہم کے عوض میں فروخت کرتا تھا اور دینار وصول کرلیا کرتا تھا میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ اس وقت سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں موجود تھے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! میں نے بقیع میں اونٹ فروخت کئے میں نے دینار کے عوض میں فروخت کئے اور دینار کی جگہ درہم وصول کر لئے۔ یا درہم کے عوض میں فروخت کئے اور اس کی جگہ دینار وصول کر لئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے' جب تم نے اس دن کی قیمت کے مطابق وصولی کی ہو اور تم دونوں (فریق) ایسی حالت میں جدا ہوئے ہو کہ تمہارے درمیان کوئی (بعد کی ادائیگی کی شرط) نہ ہو۔

4920- إسناده حسن على شرط مسلم . وجاله ثقات غير سماك بن حرب، وهو صدوق حسن الحديث . أبو الوليد: هو الطيالسي هشام بن عبد الملك . وأخرجه الدارمي 2/259، والطحاوي في "شرح مشكل الآثار" 2/96، وابن الجارود في "المنتقى" "655" من طريق أبي الوليد، بهذا الإسناد . وأخرجه الطيالسي "1868"، وأحمد 2/83 – 84 و139، وأبو داؤد "3354" في البيوع: باب اقتضاء الذهب من الورق، والترمذي "1242" في البيوع: باب ماجاء في الصرف، والنسائي 7/281 – 282 في البيوع: باب بيع الفضة بالذهب وبيع الذهب بالفضة، وابن ماجه "2262" في التجارات: باب اقتضاء الذهب من الورق والورق من اللذهبن والدارقطني 3/23 – 24ن والبيهقي 5/284 و315 من طرق عن حماد بن سلمة، بِهِ . وصحّحه الحاكم على شرطِ مُسلمٍ، ووافقه الذهبي . وأخرجه عبد الرزاق "14550"، وأحمد 2/33 و83، وأبو داؤد "3355"، والنسائي 7/282 باب أخذ الورق من الذهب والذهب من الورق، وابن ماجه "2262"، والطحاوي في "شرح المشكل" 2/95، من طرق عن سماك بن حرب، بِهِ .

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مُشْتَرِىَ النَّخْلَةِ بَعْدَمَا اُبِّرَتْ لَا يَكُوْنُ لَهُ مِنْ ثَمَرِهَا شَىْءٌ اِذَا لَمْ يَتَقَدَّمْهُ الشَّرْطُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' پیوند کاری ہو جانے کے بعد کھجور کا درخت خریدنے والے شخص کو اس کے پھل میں سے کوئی چیز نہیں ملے گی' جبکہ اس نے پہلے (اس پھل کو حاصل کرنے کی) شرط عائد نہ کی ہو

4921 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ ذِئْبٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنِ اشْتَرٰى نَخْلًا بَعْدَمَا اُبِّرَتْ وَلَمْ يَشْتَرِطْ ثَمَرَهَا فَلَا شَىْءَ لَهُ، وَمَنِ اشْتَرٰى عَبْدًا، وَلَمْ يَشْتَرِطْ مَالَهُ، فَلَا شَىْءَ لَهُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص پیوند کاری ہو جانے کے بعد کھجور کا درخت خریدے اور (سودا کرتے ہوئے) اس کے پھل کی شرط عائد نہ کرے' تو اسے کچھ نہیں ملے گا' اور جو شخص غلام خریدتے ہوئے اس کے پاس موجود مال کی شرط عائد نہ کرے' اسے کچھ نہیں ملے گا''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ فَلَا شَىْءَ لَهُ اَرَادَ بِهِ الْبَائِعَ لَا الْمُشْتَرِىَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''اسے کوئی چیز نہیں ملے گی'' اس کے ذریعے آپ کی مراد فروخت کرنے والا شخص ہے خریدار مراد نہیں ہے

4922 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ مَوْهَبٍ، حَدَّثَنِى اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

4921– إسناده صحيح على شرط البخارى . رجاله ثقات رجال الشيخين غير على بن الجعد، فمن رجال البخارى . ابن أبى ذئب: وهو عند ابن الجعد برقم "2875" .وأخرجه عبد الرزاق "14620"، ومسلم "1543"، وأبو عبيد فى "غريب الحديث" 1/350، والطبرانى "13130" من طرق عن الزهرى، به وانظر ما بعده .

4922– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير يزيد بن موهب وهو يزيد بن خالد ين يزيد بن موهب فقد روى له أصحاب السُّنن، وهو ثقة .وأخرجه البخارى "2379" فى المساقاة: باب فى الرجل يكون له معمر أو شرب فى حائط، ومسلم "1543" "80" فى البيوع: باب من باع نخلاً عليها ثمر، والترمذى "1244" فى البيوع: باب ماجاء فى ابتياع النخل بعد والتأبير، والنسائى 7/296 فى البيوع: باب النخيل يباع أصلها ويستثنى المشترى ثمرها، وابن ماجه "2211" فى التجارات: باب ما جاء فيمن باع نخلاً مؤبراً أو عبداً له مال، والبيهقى 5/324، والطحاوى فى "شرح معانى الآثار" 4/26 من طرق عن الليث، بهذا الإسناد .وأخرجه الطيالسى "1805" عن ابن أبى ذئب، وأحمد 2/82 عن معمر، عن الزهرى به . وانظر ما بعده .

(متن حدیث): مَنِ ابْتَاعَ نَخْلًا بَعْدَ اَنْ تُؤَبَّرَ، فَثَمَرَتُهَا لِلَّذِیْ بَاعَهَا اِلَّا اَنْ یَّشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ وَمَنْ بَاعَ عَبْدًا وَلَهٗ مَالٌ فَمَالُهٗ لِلْبَائِعِ اِلَّا اَنْ یَّشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جو شخص پیوند کاری ہو جانے کے بعد کھجور کا باغ خریدتا ہے' تو اس کا پھل اس شخص کو ملے گا' جس نے اسے فروخت کیا ہے۔ البتہ اگر خریدار نے اس کی شرط عائد کی ہو (تو حکم مختلف ہوگا) اور جو شخص کوئی غلام خریدتا ہے' جس کے پاس مال موجود ہو' تو اس کا مال فروخت کرنے والے کی ملکیت ہوگا البتہ اگر خریدار نے شرط عائد کی ہو (تو حکم مختلف ہوگا)''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ النَّخْلَ اِذَا اُبِّرَتْ وَالْعَبْدَ الَّذِىْ لَهٗ مَالٌ، اِذَا بِيعَا يَكُوْنُ الثَّمَرُ وَالْمَالُ لِلْبَائِعِ مَا لَمْ يَتَقَدَّمْ لِلْمُبْتَاعِ فِيْهِ الشَّرْطُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' کھجور کا وہ درخت جس کی پیوند کاری کی جا چکی ہو اور وہ غلام

جس کے پاس مال موجود ہو جب انہیں فروخت کر دیا جائے' تو وہ پھل اور مال' فروخت کرنے والے کی ملکیت ہوگا' جبکہ خریدار نے اس بارے میں پہلے شرط عائد نہ کی ہو

4923 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيْهِ، يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ بَاعَ نَخِيلًا بَعْدَ اَنْ تُؤَبَّرَ، فَثَمَرَتُهَا لِلَّذِیْ بَاعَهَا، اِلَّا اَنْ يَّشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ، وَمَنْ بَاعَ عَبْدًا، وَلَهٗ مَالٌ، فَمَالُهٗ لِلَّذِیْ بَاعَهٗ اِلَّا اَنْ يَّشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ

سالم اپنے والد (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ ان تک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان پہنچا ہے:

''جو شخص پیوند کاری ہو جانے کے بعد کھجور کا درخت فروخت کرتا ہے' تو اس کا پھل فروخت کرنے والے کی ملکیت ہوگا البتہ اگر خریدار نے اس کی شرط عائد کی ہو (تو حکم مختلف ہے) اور جو شخص کوئی غلام فروخت کرے جس کے پاس مال موجود ہو' تو اس کا مال فروخت کرنے والے کی ملکیت ہوگا البتہ اگر خریدار نے شرط عائد کی ہو۔ (تو حکم مختلف ہوگا)''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْعَبْدَ الْمَاْذُوْنَ لَهٗ فِى التِّجَارَةِ اِذَا بِيعَ وَلَهٗ مَالٌ وَّعَلَيْهِ دَيْنٌ يَكُوْنُ مَالُهٗ لِبَائِعِهٖ وَدَيْنُهٗ عَلَيْهِ

4923– إسناده صحيح على شرط البخاري . مسدد بن مسرهد من رجاله، ومن فوقه من رجال الشيخين .وأخرجه الشافعي 2/148، والحميدي "613"، وأحمد 2/9، وابن أبي شيبة 7/112 عن سفيان، ومسلم "1543"، وأبو داوُد "3433"ن والنسائي 7/297 في البيوع: باب العبد يباع ويستثني المشتري ماله وابن ماجه "2211"، وابن الجارود "628" و"629"، والبيهقي 5/324، والبغوي "2085" و"2086" من طرق عن سفيان بهذا الإسناد .

اس بات کے بیان کا تذکرہ وہ غلام جسے تجارت کی اجازت دی گئی ہو جب اسے فروخت

❀❀ حضرت مالک بن اوس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے ایک سو دینار کی بیع صرف کرنا چاہی' وہ کہتے ہیں: حضرت طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ عنہ نے مجھے بلوایا ہم دونوں نے سودا طے کرلیا۔ انہوں نے میرے ساتھ بیع صرف کرلی اور سونا حاصل کرلیا وہ اسے اپنے ہاتھ میں اُلٹ پلٹ رہے تھے۔ انہوں نے کہا: میرا منشی غابہ (جنگل) سے آتا ہے (تو میں تمہیں ادائیگی کرتا ہوں) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے یہ بات سن لی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ کی قسم تم اس سے اس وقت تک جدا نہیں ہو گے' جب تک تم اس سے وصولی نہیں کر لیتے پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بتایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے۔

''چاندی کے عوض میں سونے کا لین دین سود ہے ماسوائے اس کے جو دست بدست ہو گندم کے عوض میں گندم کا لین دین سود ہے۔ ماسوائے اس کے جو دست بدست ہو کھجور کے عوض میں کھجور کا لین دین سود ہے۔ ماسوائے اس کے جو دست بدست ہو جو کے عوض میں جو کا لین دین سود ہے ماسوائے اس کے جو دست بدست ہو۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ بَيْعِ الْفِضَّةِ بِالْفِضَّةِ، وَالذَّهَبِ بِالذَّهَبِ، إِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' چاندی کے عوض میں چاندی اور سونے کے عوض میں سونے کی خرید و فروخت صرف برابر' برابر ہو سکتی ہے

5014 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي إِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِي بَكْرَةَ، قَالَ: قَالَ أَبُو بَكْرَةَ:

(متن حديث): نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُبْتَاعَ الْفِضَّةَ بِالْفِضَّةِ، وَالذَّهَبَ بِالذَّهَبِ، إِلَّا سَوَاءً بِسَوَاءٍ، وَأَمَرَ أَنْ يُبْتَاعَ الْفِضَّةَ، بِالذَّهَبِ كَيْفَ شَاءَ، وَالذَّهَبَ بِالْفِضَّةِ، كَيْفَ شَاءَ

توضیح مصنف: قَالَ أَبُو حَاتِمٍ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ شَاءَ أَرَادَ بِهِ، إِذَا كَانَ يَدًا بِيَدٍ

❀❀ حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا ہے' چاندی کے عوض میں چاندی کو یا سونے کے عوض میں سونے کو فروخت کیا جائے البتہ برابر برابر (لین دین ہو' تو جائز ہے) اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ حکم دیا ہے' سونے کے عوض میں چاندی کو جیسے چاہے فروخت کر دیا جائے یا چاندی کے عوض سونے کو جیسے چاہے فروخت کر دیا جائے۔

5014- إسناده صحيح على شرط البخاري، مسدد من رجال البخاري، ومن فوقه من رجال الشيخين، وإسماعيل :هو ابن علية. وأخرجه أحمد 5/38و39، البخاري "2175"في البيوع :باب بيع الذهب بالذهب، من طريق إسماعيل ابن علية، بهذا الإسناد .وأخرجه البخاري "2182"باب بيع الذهب بالورق يداً بيد، ومسلم "1590"في المساقاة :باب النهي عن بيع الورق بالذهب ديناً، والنسائي 281 - 7/280و 281في البيوع :باب بيع الفضة بالذهب وبيع الذهب بالفضة، والبيهقي 5/282من طريقين عن يحيى بن أبي إسحاق، به.

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''جیسے چاہے'' اس سے مراد یہ ہے: جب وہ لین دین دست بدست ہو۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ بَيْعِ الْاَشْيَاءِ الْمَعْلُومَةِ بِاَجْنَاسِهَا اِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ، متعین چیزوں کو ان کی جنس کے عوض میں صرف برابر، برابر فروخت کیا جاسکتا ہے

5015 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ الصَّيْرَفِيُّ بِالْبَصْرَةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ، عَنْ اَبِىْ قِلَابَةَ، عَنْ اَبِى الْاَشْعَثِ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ اُنَاسٌ يَتَبَايَعُوْنَ آنِيَةَ فِضَّةٍ فِىْ مَغْنَمٍ اِلَى الْعَطَاءِ، فَقَالَ عُبَادَةُ: نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ بَيْعِ الذَّهَبِ بِالذَّهَبِ، وَالْفِضَّةِ بِالْفِضَّةِ، وَالْبُرِّ بِالْبُرِّ، وَالشَّعِيْرِ بِالشَّعِيْرِ، وَالتَّمْرِ بِالتَّمْرِ، وَالْمِلْحِ بِالْمِلْحِ، اِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ، يَدًا بِيَدٍ، فَمَنْ زَادَ اَوِ اسْتَزَادَ فَقَدْ اَرْبٰى

ابواشعث بیان کرتے ہیں: پہلے لوگ مال غنیمت میں سے چاندی کے کسی برتن کی، تنخواہ ملنے تک، خرید وفروخت کر لیتے تھے، تو حضرت عبادہ نے بتایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سونے کے عوض میں سونے اور چاندی کے عوض میں چاندی گندم کے عوض میں گندم جو کے عوض میں جو کھجور کے عوض میں کھجور نمک کے عوض میں نمک کا لین دین کرنے سے منع کیا ہے۔ ماسوائے اس کے جو برابر برابر ہو اور دست بدست ہو جو شخص زیادہ ادائیگی کرے یا زیادہ ادائیگی کا طلب گار ہو وہ سود کا کام کرے گا۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ بَيْعِ هٰذِهِ الْاَشْيَاءِ بِاَجْنَاسِهَا مِثْلًا بِمِثْلٍ وَاَحَدُهُمَا غَائِبٌ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ، ان چیزوں کو ان کی جنس کے عوض میں برابر، برابر فروخت کیا جائے، لیکن ان میں سے کسی ایک (طرف کی چیز) موجود نہ ہو

5016 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيْسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

5015- إسناده صحيح على شرط مسلم .أبو كامل الجحدرى :اسمه فضيل بن حسين بن طلحة، وأبو قلابة :هو عبد الله بن زيد بن عمرو الجرمي، وأبو الأشعث :اسمه شراحيل بن آدة، بالمد وتخفيف الدال.وأخرجه مسلم "1587"في المساقاة :باب الصرف وبيع الذهب بالورق نقداً، والبيهقي 5/277من طريقين عن أبي قلابة بهذا، بهذا الإسناد .وأخرجه أبو داود "3349"في البيوع :باب في الصرف، النسائي 7/276و277 - 276وفي البيوع :باب بيع البر بالبر، والطحاوى4/66، والبيهقي 5/276 - 277و 283من طريقين عن مسلم بن يسار، عن أبي الأشعث بنحوه .وأخرجه الشافعي 2/157و158 - 157، والنسائي 7/274 و275، وابن ماجه "4454"في التجارات :باب الصرف وما لا يجوز متفاضلاً يداً بيد والبيهقي 5/276من طريقين عن عبادة بن الصامت بنحوه .وانظر ."5018"

(متن حدیث):لَا تَبِیعُوا الذَّهَبَ بِالذَّهَبِ، اِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ، وَلَا تُشِفُّوا بَعْضَهَا عَلٰى بَعْضٍ، وَلَا تَبِیعُوا الْوَرِقَ بِالْوَرِقِ، اِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ، وَلَا تُشِفُّوا بَعْضَهَا عَلٰى بَعْضٍ، وَلَا تَبِیعُوْا شَیْئًا مِنْهَا غَائِبًا بِنَاجِزٍ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''سونے کے عوض میں سونے کو صرف برابر برابر فروخت کرو تم اس میں سے کسی ایک پہلو کو دوسرے کے مقابلے میں کم نہ کرو چاندی کے عوض میں چاندی کو صرف برابر فروخت کرو تم اس میں سے کسی ایک طرف سے کم ادائیگی نہ کروا اور تم ان میں سے کسی موجود چیز کو غیر موجود کے عوض میں فروخت نہ کرو۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ نَافِعًا لَمْ يَسْمَعْ هٰذَا الْخَبَرَ مِنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے نافع نے یہ روایت حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے نہیں سنی ہے

5017 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ الْكَلَاعِيُّ بِحِمْصٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِیْ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اَبِیْ حَمْزَةَ، عَنْ نَافِعٍ،

(متن حدیث):اَنَّ رَجُلًا حَدَّثَ ابْنَ عُمَرَ، اَنَّ اَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ، يُحَدِّثُ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ نَافِعٌ فَانْطَلَقَ ابْنُ عُمَرَ وَذٰلِكَ الرَّجُلُ وَاَنَا مَعَهُمْ حَتّٰى دَخَلْنَا عَلٰى اَبِیْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ لِاَبِیْ سَعِيْدٍ اَرَاَيْتَ حَدِيْثًا حَدَّثَنِيْهِ هٰذَا الرَّجُلُ، اَنَّكَ تُحَدِّثُهُ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَسَمِعْتَهُ؟ قَالَ اَبُوْ سَعِيْدٍ وَمَا هُوَ؟، فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: بَيْعُ الذَّهَبِ بِالذَّهَبِ، وَالْوَرِقِ بِالْوَرِقِ، فَاَشَارَ اَبُوْ سَعِيْدٍ بِاُصْبُعِهِ اِلٰى عَيْنَيْهِ وَاِلٰى اُذُنَيْهِ، فَقَالَ: بَصُرَ عَيْنِيْ، وَسَمِعَ اُذُنِيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

5016- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو فى "الوطأ 633 - 2/642 "فى البيوع :باب بيع الذهب بالفضة تبراً وعيناً .ومن طريقه أخرجه الشافعي فى "المسند2/157 "، وفى "الرسالة "فقرة "758"، والبخارى "2177"فى البيوع :باب الفضة بالفضة، ومسلم "1584"فى المساقاة :باب الربا، والنسائى 279 - 7/287فى البيوع :باب بيع الذهب بالذهب، وابن الجارود "649"، والبغوى ."2061" وأخرجه البخارى "2176"من طريق سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عَبْدِ الله، عن أبى سعيد . وأخرجه الطالسى "2181"، ومسلم "77" "1584"من طريقين عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِى صَالِحٍ، عَنْ أَبِيهِ عن أبى سعيد .وانظر ما بعده.

5017- إسناده صحيح .عمرو بن عثمان :هو ابن سعيد بن كثير بن دينار الحمصى، هو وأبوه ثقتان، روى لهما أصحاب السنن إلا الترمذى، ومن فوقهما من رجال الشيخين. وأخرجه عبد الرزاق "14563"و "14564"، وأحمد 3/53و61، ومسلم "76 "1584"فى المساقاة :باب الربا، والترمذى "1241"وصححه فى البيوع :باب ماجاء فى الصرف، والنسائى 7/279فى البيوع :باب بيع الذهب بالذهب، من طرق عن نافع، بهذا الإسناد . وأخرج ابن أبى شيبة 7/101من طريق نافع مختصراً دون القصة.

يَقُوْلُ: لَا تَبِيعُوا الذَّهَبَ بِالذَّهَبِ، إِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ، وَلَا تُشِفُّوا بَعْضَهَا عَلٰى بَعْضٍ، وَلَا تَبِيعُوا الْوَرِقَ بِالْوَرِقِ، إِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ، وَلَا تُشِفُّوا بَعْضَهَا عَلٰى بَعْضٍ، وَلَا تَبِيعُوا مِنْهَا شَيْئًا غَائِبًا بِنَاجِزٍ

نافع بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو بتایا: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے یہ حدیث نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے بیان کی ہے۔ نافع بیان کرتے ہیں: پھر حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اور وہ شخص تشریف لے گئے میں بھی ان کے ساتھ تھا۔ یہاں تک ہم حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے' تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے کہا: کیا آپ اس حدیث سے واقف ہیں جو اس شخص نے مجھے بیان کی ہے کیا آپ نے وہ روایت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے نقل کی ہے۔ کیا آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی یہ بات سنی ہے۔ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا وہ کیا بات ہے' تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا سونے کے عوض میں سونے اور چاندی کے عوض میں چاندی کو فروخت کرنے والی روایت' تو حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے اپنی انگلیوں کے ذریعے اپنی آنکھوں اور کانوں کی طرف اشارہ کیا اور یہ بات بیان کی۔ میری آنکھوں نے یہ بات دیکھی اور میرے کانوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سنا جب آپ نے یہ بات ارشاد فرمائی۔

''سونے کے عوض میں سونے کو صرف برابر برابر فروخت کرو۔ ان میں سے کسی ایک طرف سے کم ادائیگی نہ کرو اور چاندی کے عوض میں چاندی کو صرف برابر برابر فروخت کرو ان میں کسی ایک طرف سے کم ادائیگی نہ کرو اور تم ان میں سے کسی بھی غیر موجود کو موجود چیز کے عوض میں فروخت نہ کرو۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذِهِ الْاَجْنَاسَ اِذَا بِيعَتْ بِغَيْرِ اَجْنَاسِهَا وَبَيْنَهَا التَّفَاضُلُ كَانَ ذٰلِكَ جَائِزًا اِذَا لَمْ يَكُنْ، اِلَّا يَدًا بِيَدٍ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' یہ اجناس جب کسی دوسری جنس کے عوض میں فروخت کی جائیں' اور ان دونوں میں سے کسی ایک طرف اضافی ادائیگی ہو' تو یہ جائز ہے جبکہ یہ لین دین دست بہ دست ہو

5018 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ اَبِي الْاَشْعَثِ الصَّنْعَانِيِّ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَلذَّهَبُ بِالذَّهَبِ، وَالْفِضَّةُ بِالْفِضَّةِ، وَالْبُرُّ بِالْبُرِّ، وَالشَّعِيرُ بِالشَّعِيرِ، مِثْلًا بِمِثْلٍ يَدًا بِيَدٍ،

5018– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وقد تقدم نحوه برقم "5015"، وهو عند ابن أبي شيبة في "المصنف 7/103-104. ومن طريق ابن أبي شيبة أخرجه مسلم "81" "1587" في المساقاة: باب الصرف وبيع الذهب بالورق نقداً، وأبو داود "3350" في البيوع: باب في الصرف، والبيهقي 5/287 بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/320، ومسلم "81" "1587"، والدارقطني 3/24، وابن الجارود "650" والبيهقي 5/278 و 284 من طرق عن وكيع، به. وأخرجه عبد الرزاق "14193"، والترمذي "1240" في البيوع: باب ما جاء أن الحنطة بالحنطة مثلاً بمثل، والبيهقي 5/277 و 282 و 284 وطرق عن سفيان، به.

فَإِذَا اخْتَلَفَتْ هٰذِهِ الْاَصْنَافُ، فَبِيعُوْا كَيْفَ شِئْتُمْ، اِذَا كَانَ يَدًا بِيَدٍ

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''سونے کے عوض میں سونا چاندی کے عوض میں چاندی گندم کے عوض میں گندم جو کے عوض میں جو (کا لین دین) صرف برابر برابر اور دست بہ دست ہوگا جب ان کی اصناف؟ میں اختلاف ہو' تو پھر جیسے تم چاہو اسے فروخت کرو' البتہ جبکہ وہ دست بہ دست لین دین ہو۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذِهِ الْاَجْنَاسَ اِذَا بِيعَ اَحَدُهَا بِغَيْرِ جِنْسِهَا اِلَّا يَدًا بِيَدٍ كَانَ ذٰلِكَ رِبًا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' ان اجناس میں سے کسی ایک کو جب کسی دوسری جنس کے عوض میں فروخت کیا جائے' تو اگر لین دین دست بدست نہ ہو' تو یہ سود شمار ہوگا

5019 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِي كَثِيرٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَمْرٍو الْاَوْزَاعِيُّ، اَنَّ ابْنَ شِهَابٍ، حَدَّثَهُ اَنَّ مَالِكَ بْنَ اَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ حَدَّثَهُ قَالَ:

(متن حدیث): انْطَلَقْتُ بِمِئَةِ دِينَارٍ فَلَقِيتُ طَلْحَةَ بْنَ عُبَيْدِ اللّٰهِ بِظِلِّ جِدَارٍ فَاسْتَامَهَا مِنِّي اِلٰى اَنْ يَاْتِيَهُ خَادِمُهُ مِنَ الْغَابَةِ، فَسَمِعَ ذٰلِكَ عُمَرُ، فَسَاَلَ طَلْحَةَ عَنْهُ، فَقَالَ: دَنَانِيرُ اَرَدْتُهَا اِلٰى اَنْ يَاْتِيَ خَادِمِي مِنَ الْغَابَةِ، فَقَالَ عُمَرُ: لَا تُفَارِقْهُ لَا تُفَارِقْهُ حَتّٰى تُنْقِدَهُ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الذَّهَبُ بِالْوَرِقِ رِبًا اِلَّا هَاءَ وَهَاتِ، وَالْبُرُّ بِالْبُرِّ رِبًا، اِلَّا هَاءَ وَهَاتِ، وَالشَّعِيرُ بِالشَّعِيرِ رِبًا، اِلَّا هَاءَ وَهَاتِ، وَالتَّمْرُ بِالتَّمْرِ رِبًا، اِلَّا هَاءَ وَهَاتِ

حضرت مالک بن اوس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں ایک سو دینار لے کر نکلا میری ملاقات حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ سے ہوئی جو ایک دیوار کے سائے میں موجود تھے انہوں نے میرے ساتھ اس کا بھاؤ طے کیا اور یہ بات بیان کی کہ جب ان کا خادم غابہ سے آئے گا؟' تو وہ ادائیگی کر دیں گے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ بات سنی۔ انہوں نے حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ سے اس بارے میں دریافت کیا' تو انہوں نے بتایا: کچھ دینار ہیں (جو میں خرید رہا ہوں) میں یہ چاہتا ہوں کہ جب میرا خادم غابہ سے؟ آئے گا (تو میں ادائیگی کر دوں گا)' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم اس سے جدا نہ ہونا تم اس سے جدا نہ ہونا' جب تک تم اسے ادائیگی نہیں کر دیتے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: چاندی کے عوض میں سونے کا لین دین سود ہے۔ ماسوائے اس کے جو دست بہ دست ہو گندم کے عوض میں گندم کا لین دین سود ہے ماسوائے اس کے جو دست بہ دست ہو جو کے عوض میں جو کا لین دین سود ہے۔ ماسوائے اس کے جو دست بہ دست ہو کھجور کے عوض میں کھجور کا لین دین سود ہے۔ ماسوائے اس کے جو دست بہ دست ہو۔

5019- إسناده صحيح على شرط الشيخين .وقد تقدم برقم ."5013"

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ بَيْعِ الصَّاعِ مِنَ التَّمْرِ بِالصَّاعَيْنِ وَإِنْ كَانَ اَحَدُهُمَا اَرْدَا مِنَ الْاٰخَرِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ، کھجور کے ایک صاع کو دو صاع کے عوض میں فروخت کیا جائے اگرچہ ان دونوں میں سے کسی ایک طرف کی کھجور دوسری کے مقابلے میں ہلکی قسم کی ہو

5020 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِىُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِىَ بِتَمْرٍ رَيَّانَ وَكَانَ تَمْرُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْلًا فِيْهِ يُبْسٌ، فَقَالَ: اَنّٰى لَكُمْ هٰذَا؟ ، قَالُوْا: ابْتَعْنَاهُ صَاعًا بِصَاعَيْنِ مِنْ تَمْرِنَا، قَالَ: فَلَا تَفْعَلْ اِنَّ هٰذَا لَا يَصْلُحُ وَلٰكِنْ بِعْ تَمْرَكَ، ثُمَّ اشْتَرِ مِنْ هٰذَا حَاجَتَكَ

❀❀ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: تازہ کھجوریں لائی گئیں نبی اکرم ﷺ کی کھجوریں دوسری قسم کی تھیں جن میں کچھ خشک تھیں۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا یہ کہاں سے آئی ہیں لوگوں نے بتایا: ہم نے اپنی کھجوروں کے دو صاع کے عوض میں اس کا ایک صاع خریدا ہے' نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم ایسا نہ کرو یہ درست نہیں ہے بلکہ تم اپنی کھجوروں کو (کسی اور چیز کے عوض میں) فروخت کرو (پھر اس چیز کے عوض میں) اپنی ضرورت کی چیز کو خرید لو۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعْ تَمْرَكَ اَرَادَ بِهِ بِالدَّرَاهِمِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان: ''تم اپنی کھجور کو فروخت کر دو'' اس کے ذریعے آپ ﷺ کی مراد یہ ہے: اسے درہم کے عوض میں فروخت کر دو

5021 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ

5020– إسناده صحيح على شرط الشيخين .ابن أبي عروبة :هوسعيد. وأخرجه النسائي 7/272في البيوع :باب بيع التمر بالتمر متفاضلاً، من طريقين عن خالد بن الحارث، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 3/67عن يزيد، عن سعيد، عن قتادة، به. انظر ما بعده و "5022"و."5024

5021– إسناده صحيح على شرط الشيخين .وهو في "الموطأ 2/623 "في البيوع :باب مايكره من بيع التمر .ومن طريق مالك أخرجه البخاري "2201"و "2202في البيوع :باب إذا أراد بيع تمر بتمر خيرمنه، و "2302" "2303"في الوكالة :باب الوكالة في الصرف والميزان، و "4244"و "4245"في المغازي :باب استعمال النبي صلى الله عليه وسلم على أهل خيبر، ومسلم "95" "1593"في المساقاة :باب بيع الطعام مثلاً بمثل، والنسائي 272 - 7/271في البيوع :باب بيع التمر بالتمر متفاضلاً، والبيهقي 5/291، والبغوي ."2064"وأخرجه البخاري "7350"و "7351"في الاعتصام :باب إذا اجتهد العامل أو الحاكم فأخطأ، من طريق أبي بكر عبد الحميد بن أبي أويس، ومسلم "1593"، والدارمي 2/258، والدارقطني 3/17، والبيهقي 5/285من طريق القعنبي، كلاهما عن عبد الحميد بن سهل، به .وعلقه البخاري "4246"و "4247"عن عبد العزيز بن محمد الداوردي، عن عبد المجيد بن سهيل، ووصله أبو عوانة كما في "تغليق "التعليق 4/137 "، والدارقطني 3/17

عَبْدِ الْمَجِيدِ بْنِ سُهَيْلِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، وَاَبِیْ هُرَيْرَةَ:

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَعْمَلَ رَجُلًا عَلٰى خَيْبَرَ، فَجَاءَهُ بِتَمْرٍ جَنِيبٍ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَكُلَّ تَمْرِكَ هٰكَذَا ، قَالَ: لَا وَاللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا لَنَاْخُذُ الصَّاعَ مِنْ هٰذَا بِالصَّاعَيْنِ، وَالصَّاعَيْنِ بِالثَّلَاثِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَلَا تَفْعَلْ بِعِ الْجَمْعَ بِالدَّرَاهِمِ، ثُمَّ ابْتَعْ بِالدَّرَاهِمِ جَنِيبًا

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو خیبر کا نگران مقرر کیا وہ شخص عمدہ قسم کی کھجوریں لے کر آیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا وہاں کی تمام کھجوریں اسی طرح کی ہوتی ہیں؟ اس نے عرض کی: جی نہیں' یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اللہ کی قسم ہم نے دو صاع کھجوروں کے عوض میں اس کا ایک صاع حاصل کیا ہے اور تین صاع کے عوض میں دو صاع حاصل کیے ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم ایسا نہ کرو تم کھجوروں کو درہم کے عوض میں فروخت کرو اور پھر درہم کے عوض میں اچھی قسم کی کھجوریں خرید لو۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ بَيْعَ الصَّاعِ مِنَ التَّمْرِ بِالصَّاعَيْنِ يَكُوْنُ رِبًا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' کھجور کے ایک صاع کو دو صاع کے عوض میں فروخت کرنا سود شمار ہوگا

5022 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ بِالرَّقَّةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ عُتْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حِمْيَرٍ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِیْ كَثِيْرٍ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَبْدِ الْغَافِرِ، عَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا اَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتَمْرٍ بَرْنِيٍّ، فَقَالَ: مَا هٰذَا؟، قَالَ: اشْتَرَيْتُهُ صَاعًا بِصَاعَيْنِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَوَّهْ عَيْنُ الرِّبَا لَا تَفْعَلْ *

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں برنی کھجور لے کر آیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا یہ کہاں سے آئی ہیں؟ اس نے بتایا میں نے دو صاع کے عوض میں اس کا ایک صاع خریدا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: افوہ' یہ تو عین سود ہے تم ایسا نہ کرو۔

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ عَالِمًا مِنَ النَّاسِ اَنَّ الدِّرْهَمَ بِالدِّرْهَمَيْنِ جَائِزٌ

5022- إسناده صحيح .الوليد بن عتبة :ثقة روى له أبو داود، ومن فوقه من رجال الصحيح. وأخرجه النسائي 7/272 و 273في البيوع :باب بيع التمر بالتمر متفاضلاً، عن هشام بن عمار، عن يحيى بن حمزة، عن الأوزاعي، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 3/62، والبخاري "2312"في الوكالة :باب إذا باع الوكيل شيئاً فاسداً فبيعه مردود، ومسلم "1594"في المساقاة :باب بيع الطعام مثلاً بمثل من طرق عن معاوية بن سلام، عن يحيى بن أبي كثير، به .وانظر ."5024"

نَقْدًا وَإِنَّمَا حَرُمَ ذٰلِكَ نَسِيئَةً

اس روایت کا تذکرہ جس نے ایک عالم کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ ایک درہم کو دو درہم کے عوض میں فروخت کرنا جائز ہے' جبکہ نقد لین دین ہو یہ اس وقت حرام ہوگا جب ادھار لین دین ہو

5023 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُعَافَى الْعَابِدُ بِصَيْدَا، اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامِ بْنِ اَبِي خَيْرَةَ السَّدُوسِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُثْمَانَ الْبَكْرَاوِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ الْاَسْوَدِ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي مُلَيْكَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ ابْنُ عَبَّاسٍ اِلٰى ابْنِ عُمَرَ فَسَلَّمَ عَلَيْهِ، فَقَالَ: هَلْ تَتَّهِمُ اُسَامَةَ؟ قَالَ: فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: لَا، قَالَ: فَاِنَّهُ حَدَّثَنِي اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا رِبَا اِلَّا فِي النَّسِيئَةِ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: مَعْنٰى هٰذَا الْخَبَرِ اَنَّ الْاَشْيَاءَ اِذَا بِيعَتْ بِجِنْسِهَا مِنَ السِّتَّةِ الْمَذْكُوْرَةِ فِي الْخَبَرِ وَبَيْنَهُمَا فَضْلٌ يَكُوْنُ رِبًا، وَاِذَا بِيعَتْ بِغَيْرِ اَجْنَاسِهَا وَبَيْنَهَا فَضْلٌ كَانَ ذٰلِكَ جَائِزًا، اِذَا كَانَ يَدًا بِيَدٍ، وَاِذَا كَانَ ذٰلِكَ نَسِيئَةً كَانَ رِبًا

ابن ابوملیکہ بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس آئے۔ انہوں نے انہیں سلام کیا اور دریافت کیا: کیا آپ حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ پر الزام عائد کرتے ہیں۔ راوی بیان کرتے ہیں' تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا جی نہیں۔ انہوں نے بتایا: انہوں نے مجھے یہ حدیث بیان کی ہے۔

''سود صرف اُدھار میں ہوتا ہے۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت کا مطلب یہ ہے' حدیث میں مذکور چھ چیزیں جب ان کی جنس کے عوض میں فروخت کی جائیں اور ان کے درمیان اضافی ادائیگی ہو' تو یہ سود ہوگا' لیکن جب ان کی جنس کے علاوہ کے عوض میں فروخت کی جائے اور پھر جو چیز اضافی ہو' تو یہ جائز ہوگی جب کہ وہ لین دین دست بہ دست ہو' لیکن اگر وہ ادھار کا لین دین ہو' تو پھر یہ سود ہوگا۔

5023- حديث صحيح، رجاله ثقات غير عبد الرحمن بن عثمان البكراوي، وهو ضعيف، لكنه متابع. فقد أخرجه الطبراني "446"من طريق مالك بن سعير وأبي عاصم، كلاهما عن عثمان بن الأسود. دون ذكر قصة ابن عباس مع ابن عمر. وأخرجه البخاري "2178"و "2179"في البيوع :باب بيع الدينار بالدينار ونسائي، ومسلم "1596"في المساقاة :باب بيع الطعام مثلا بمثل، والنسائي 7/281في البيوع :باب بيع الفضة بالذهب والذهب بالفضة، وابن ماجه "2257"في التجارات :باب من قال :لا ربا إلا في النسيئة، والطحاوي 4/64، والطبراني في "الكبير "442" و"443"، والبيهقي 5/280من طريق عن أبي سعيد الخدري، عن ابن عباس، به. وأخرجه الشافعي في "المسند2/259"، وفي "الرسالة "فقرة "763"، والطيالسي "622"وأحمد 5/200و 204و 208و206و209، والدارمي 2/259، ومسلم "1596"و"102"، والنسائي 7/281، والطحاوي 4/64، والطبراني "428"و "429"و "430"و "431"و "432"و "433"و "434"و "435"و "436"و "439"و "440"و "444" و "445"وو "447"و "448"و"449"، والبيهقي 5/280من طرق عن ابن عباس، به. وأخرجه أحمد 5/202ومن طريقه الطبراني "450"من طريق سعيد بن المسيب، عن أسامة بن زيد، به.

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ بَيْعِ الصَّاعِ مِنَ التَّمْرِ بِالصَّاعَيْنِ مِنْهُ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' کھجور کے ایک صاع کو کھجور کے ہی دو صاع کے عوض میں فروخت کیا جائے

5024 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ يَّحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَبْدِ الْغَافِرِ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: (متن حديث): كُنَّا نَبِيعُ تَمْرَ الْجَمْعِ صَاعَيْنِ بِصَاعٍ مِّنْ تَمْرِ الْجَنِيبِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا صَاعَيْ تَمْرٍ بِصَاعِ تَمْرٍ وَلَا صَاعَيْ حِنْطَةٍ بِصَاعِ حِنْطَةٍ وَلَا دِرْهَمَيْنِ بِدِرْهَمٍ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں ہم عمدہ کھجوروں کے ایک صاع کے عوض میں عام سی کھجوریں دو صاع فروخت کردیا کرتے تھے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کھجور کے دو صاع کھجور کے ایک صاع کے عوض میں (فروخت) نہیں کیے جاسکتے اور گندم کے دو صاع، گندم کے ایک صاع کے عوض میں (فروخت) نہیں کیے جاسکتے اور دو درہم ایک درہم کے عوض میں (فروخت) نہیں کیے جاسکتے۔

ذِكْرُ لَعْنِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَعَانَ فِي الرِّبَا عَلٰى اَيِّ حَالَةٍ كَانَ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اس شخص پر لعنت کرنا جو سود کے بارے میں کسی بھی قسم کی معاونت کرتا ہے خواہ اس کی کوئی بھی صورت ہو

5025 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّهُ قَالَ:

5024- إسناده صحيح، رجاله رجال ثقات رجال الشيخين إلا أن الوليد هو ابن مسلم -مدلس وقد عنعن. وأخرجه الطحاوى 4/68عن ابن ميمون، عن الوليد بن مسلم، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/49و51 - 50، ومسلم "97" "1594"في المساقاة :باب بيع الطعام مثلاً بمثل، والنسائى 7/272في البيوع :باب بيع التمر بالتمر متفاضلاً، والبيهقى 5/291من طرق عن يحيى بن أبى كثير، عن أبى سلمة بن عبد الرحمن، عن أبى سعيد الخدرى بنحوه .وانظر "5021"

5025- إسناده حسن على شرط مسلم .سماك بن حرب الذهلى من رجال مسلم، لكن لا يرتقى حديثه إلى رتبة الصحيح، وباقى رجاله ثقات من رجال الشيخين .والقسم الأول من الحديث موقوف وقد تقدم تخريجه برقم ."1055" وأخرجه مع القسم الثانى :أحمد 1/393عن شعبة، بهذا الإسناد . وأخرج القسم الثانى :ابن ماجه "2277"فى التجارات :باب التغليظ فى الربا، والطيالسى "343"، والبيهقى 5/275من طريق شعبة، به. وأخرجه أحمد 1/394، وأبو داود "3333"فى البيوع :باب آكل الربا وموكله، والترمذى "1206"فى البيوع :باب ما جاء فى آكل الربا، والبيهقى 5/275من طرق عن سماك بن حرب، به . وأخرجه أحمد 1/448و462، والدارمى 2/246، ومسلم "1597"ابن مسعود، وليس فيه" :وشاهديه وكاتبه."

(متن حدیث): لَا تَحِلُّ صَفْقَتَانِ فِي صَفْقَةٍ، وَاَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَعَنَ آكِلَ الرِّبَا، وَمُوكِلَهُ، وَشَاهِدَيْهِ، وَكَاتِبَهُ

❀❀ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک سودے میں دو سودے جائز نہیں ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سود کھانے والے اسے کھلانے والے اس کے گواہوں اور اسے تحریر کرنے والے پر لعنت کی ہے۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ بَيْعِ الْكَيْلَةِ مِنَ التَّمْرِ بِشَيْءٍ مَعْلُومٍ مِّنْهُ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کھجوروں کی غیر متعین مقدار کو کھجور ہی کی متعین مقدار کے عوض میں فروخت کیا جائے

5026 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوسٰى بِعَسْكَرِ مُكْرَمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ السَّرْحِ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي ابْنُ جُرَيْجٍ، اَنَّ اَبَا الزُّبَيْرِ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ، يَقُولُ:

(متن حدیث): نَهٰى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ بَيْعِ الصَّبْرِ مِنَ التَّمْرِ لَا يُعْلَمُ مَكِيلَتُهَا بِالْكَيْلِ الْمُسَمّٰى مِنَ التَّمْرِ

❀❀ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے غیر متعین پیمائش والے کھجور کے ڈھیر کو متعین پیمائش والی کھجور کے عوض میں فروخت کرنے سے منع کیا ہے۔

ذِكْرُ جَوَازِ بَيْعِ الْمَرْءِ الْحَيَوَانَ بَعْضَهَا بِبَعْضٍ وَاِنْ كَانَ الَّذِي يَاْخُذُ اَقَلَّ فِي الْعَدَدِ مِنَ الَّذِي يُعْطِي

آدمی کے لیے ایک جانور کو دوسرے جانور کے عوض میں فروخت کرنے کے جائز ہونے کا تذکرہ اگرچہ اس نے جو جانور لیا ہے وہ تعداد میں اس سے کم ہو جو اس نے دیا ہے

5027 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

5026– إسناده صحيح على شرط مسلم، وقد صرح أبو الزبير وابن جريج بالتحديث، فانتفت شبهة تدليسهما . وأخرجه مسلم "1530" في البيوع :باب تحريم بيع صبرة الطعام عن أحمد بن عبد الرحمن بن السرح، بهذا الإسناد. وأخرجه الحاكم 2/38، والبيهقي 292 - 5/291 من طريق محمد بن عبد الله بن الحاكم، عن ابن وهب، به .وقال الحاكم :صحيح على شرط مسلم ولم يخرجاه ووافقه الذهبي ,وأخرجه مسلم "15030"، والنسائي 270 - 7/269 في البيوع :باب بيع الصبرة من التمر، و 7/270 باب بيع الصبرة من الطعام، ابن الجارود "608"، والبيهقي 5/308 من طرق عن ابن جريج، به.

(متن حدیث): جَاءَ عَبْدٌ فَبَايَعَ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْهِجْرَةِ وَلَمْ يَشْعُرْ اَنَّهُ عَبْدٌ فَجَاءَ سَيِّدُهُ يُرِيْدُهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بِعْنِيهِ ، فَاشْتَرَاهُ بِعَبْدَيْنِ اَسْوَدَيْنِ، ثُمَّ لَمْ يُبَايِعْ اَحَدًا حَتّٰى يَسْاَلَهُ اَعَبْدٌ هُوَ؟

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک غلام آیا۔ اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دست اقدس پر ہجرت کی بیعت کر لی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ پتہ نہیں تھا کہ وہ غلام ہے اس کا آقا اسے تلاش کرتا ہوا آ گیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اسے مجھے فروخت کر دو' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دو سیاہ فام غلاموں کے عوض میں اسے خرید لیا۔ اس کے بعد آپ جب بھی کسی سے بیعت لیتے تھے' تو پہلے اس سے دریافت کر لیتے تھے کہ کیا وہ غلام' تو نہیں ہے۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ بَيْعِ الْحَيَوَانِ بِالْحَيَوَانِ اِلَّا يَدًا بِيَدٍ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' جانور کے عوض میں جانور کا لین دین (ادھار کے طور پر) کیا جائے البتہ اگر وہ نقد لین دین ہو (تو حکم مختلف ہوگا)

5028 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ الْحَفَرِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(متن حدیث): اَنَّهُ نَهٰى عَنْ بَيْعِ الْحَيَوَانِ بِالْحَيَوَانِ نَسِيئَةً

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: آپ نے جانور کے عوض میں جانور کو ادھار فروخت کرنے سے منع کیا ہے۔

5027- إسناده صحيح .يزيد بن موهب :هو يزيد بن خالد بن يزيد بن موهب، وهو ثقة، روى له أصحاب السُّنن، ومن فوقه من رجال الشيخين غير أبي الزبير، فمن رجال مسلم، روايته عن جابر هنا بالعنعنة لا تضر، لأن الليث انتقى حديثه الذي حدث به عن جابر بالسماع، فرواه عنه، وقد تقدم الحديث برقم "4550".

5028- إسناده صحيح على شرط مسلم .أبو داود الحفرى :اسمه عمر بن سعد، روى له مسلم وأصحاب السنن، وباقي رجاله على شرط الشيخين .سفيان :هو الثورى. وأخرجه الطحاوى 4/60 من طريق أبي أحمد الزبيرى، عن سفيان، بهذا الإسناد وأخرجه عبد الرزاق "14133" عن معمر، وابن الجارود "610"، والطبرانى فى "الكبير "11996" من طريق داود بن عبد الرحمن العطار، والبيهقى 5م 289 - 288 من طريق إبراهيم بن طهمان، كلاهما عن معمر، به. وذكره الهيثمى فى "المجمع "4/105 وقال :رواه الطبرانى فى "الكبير "و"الأوسط "ورجاله ثقات.

بَابُ الْاِقَالَةِ

باب! اقالہ کا حکم

ذِكْرُ اِقَالَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا فِي الْقِيَامَةِ عَثْرَةَ مَنْ اَقَالَ نَادِمًا بَيْعَتَهُ

اس بات کا تذکرہ، جو شخص نادم ہو کر اپنے سودے میں اقالہ کر لے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی کوتاہی سے درگزر کرے گا

5029 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ طَالِبٍ اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ هِلَالٍ بِالْمَصِّيصَةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ الْمَدِيْنِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ الْفَرْوِيُّ عَنْ مَالِكٍ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ اَقَالَ نَادِمًا بَيْعَتَهُ، اَقَالَ اللّٰهُ عَثْرَتَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

✿✿ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جو شخص نادم ہو کر اپنے سودے میں اقالہ کرے؟ تو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس کی لغزشوں سے درگزر کرے گا''۔

ذِكْرُ اِقَالَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا فِي الْقِيَامَةِ عَثْرَةَ مَنْ اَقَالَ عَثْرَةَ اَخِيهِ الْمُسْلِمِ فِي الدُّنْيَا

اللہ تعالیٰ کا قیامت کے دن اس شخص کی کوتاہیوں سے درگزر کرنا جو دنیا میں اپنے مسلمان بھائی کی کوتاہی سے درگزر کرتا ہے

5030 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ الصُّوفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ اَقَالَ مُسْلِمًا عَثْرَتَهُ، اَقَالَهُ اللّٰهُ عَثْرَتَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

5029– محمد بن حرب المدينى لم أتبينه، وإسحاق الفروى :هو إسحاق بن محمد بن إسماعيل، من رجال البخارى، ومن وفوقه من رجال الشيخين. مالك :هو ابن أنس الإمام، وسمى :وهو مولى أبى بكر بن عبد الرحمن بن هشام . وأخرجه القضاعى فى "مسند الشهاب "453" "عن ابى عبد الله محمد بن الحسن اليمنى التنوخى، حدثنا أبو الطيب عمرو بن إدريس الغيفى، حدثنا محمد بن حرب المدنى، بهذا الإسناد. وأخرجه القضاعى "453"، والبيهقى 6/27من طريقين عن إسحاق الفروى.

(توضیح مصنف): مَا رَوٰى عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، وَمَالِكُ بْنُ سُعَيْرٍ، وَمَا رَوٰى عَنْ حَفْصٍ اِلَّا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ وَلَا عَنْ مَالِكِ بْنِ سُعَيْرٍ اِلَّا زِيَادُ بْنُ يَحْيَى الْحَسَّانِيُّ قَالَهُ: الشَّيْخُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جو شخص کسی مسلمان کی لغزش سے درگزر کرتا ہے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی لغزش سے درگزر کرے گا۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اعمش کے حوالے سے یہ روایت صرف حفص بن غیاث اور مالک بن سعیر نے نقل کی ہے اور حفص کے حوالے سے یہ روایت صرف یحییٰ بن معین نے نقل کی ہے اور مالک بن سعیر کے حوالے سے یہ روایت زیاد بن یحییٰ حسانی نے نقل کی ہے۔ یہ بات شیخ نے بیان کی ہے۔

5030- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه أحمد 2/252، وأبو داود "3460" في البيوع: باب فضل الإقالة، وعنه الحاكم 2/45 عن ابن معين بهذا الإسناد، وصححه الحاكم على شرط الشيخين ووافقه الذهبي. وأخرجه الحاكم 2/45، والبيهقي 6/27، والخطيب في "تاريخه" من طرق عن يحيى بن معين، به. وأخرجه ابن ماجه "2199" في التجارات: باب الإقالة، عن زياد بن يحيى الحساني، حدثنا مالك بن سعير، عن الأعمش، به.

بَابُ الْجَائِحَةِ

آفت لاحق ہونے کا بیان

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالْوَضْعِ عَمَّنِ اشْتَرَى ثَمَرَةً فَاَصَابَتْهَا جَائِحَةٌ وَهُوَ مُعْدِمٌ

اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ' آدمی نے جس سے پھل خریدا ہوا گر اسے آفت لاحق ہو جائے

اور اس شخص کے پاس ادائیگی کے لیے کچھ نہ ہو' تو اس سے ادائیگی کو (کلی یا جزوی طور پر) معاف کر دیا جائے

5031 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ الصُّوفِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ الْاَعْرَجِ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ عَتِيقٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِوَضْعِ الْجَوَائِحِ

❀❀ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے آفت زدہ (کی ادائیگی مکمل یا جزوی طور پر) معاف کرنے کا حکم دیا ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ وَضْعَ الْجَوَائِحِ مِنَ الْخَيْرِ الَّذِي يَتَقَرَّبُ بِهِ اِلَى الْبَارِءِ جَلَّ وَعَلَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' آفت کی صورت میں ادائیگی کو معاف کر دینا ان بھلائیوں میں شامل ہے جن کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں قرب حاصل کیا جاتا ہے

5032 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ الشَّيْبَانِيُّ، حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ اَبِي جَمِيلٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ

5031– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير سليمان بن عتيق فمن رجال مسلم. وأخرجه أبو داود "3374"في البيوع :باب وضع الجائحة، والدارقطني 3/31من طريق يحيى بن معين، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 3/309، ومسلم "17" "1554"في المساقاة :باب وضع الجوائح وأبو داود "3374"، والنسائي 7/265في البيوع :باب وضع الجوائح، وابن الجارود "640"،والحاكم 41 - 2/40، والبيهقي 5/306، والبغوي "2083"من طرق عن سفيان بن عيينة، به .وقال الحاكم :صحيح على شرط مسلم ولم يخرجاه، ووافقه الذهبي.!

5032– إسناده قوي .عمران بن أبي جميل :هو عمران بن يزيد بن مسلم بن أبي جميل القرشي، وثقه النسائي والمؤلف، وأبو الرجال :هو محمد بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حارثة بن النعمان الأنصاري . وأخرجه أحمد 6/69و 105من طريقين عن عبد الرحمن بن أبي الرجال، بهذا الإسناد . وأخرجه مالك 2/621في البيوع :باب الجائحة في بيع الثمار والزرع، ومن طريقه البيهقي 5/305عن أبي الرجال عن أمه عمرة مرسلاً بنحو الحديث، ووصله البخاري "2705"في الصلح :باب هل يشير الإمام بالصلح، ومسلم "1557"في المساقاة :باب استحباب الوضع من الدين والبيهقي 5/305من طريق عن إسماعيل بن أبي أويس، عن أخيه سليمان، عن يحى بن سعيد، عن أبي الرجال فذكره باختلاف في القصة.

الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِی الرِّجَالِ، عَنْ اَبِیْهِ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): دَخَلَتِ امْرَاَةٌ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: بِاَبِیْ وَاُمِّی، اِنِّیْ ابْتَعْتُ اَنَا وَابْنِیْ مِنْ فُلَانٍ ثَمَرَ مَالِهٖ فَاَحْصَيْنَاهُ لَا وَالَّذِیْ اَكْرَمَكَ بِمَا اَكْرَمَكَ بِهٖ مَا اَحْصَيْنَا مِنْهُ شَيْئًا اِلَّا شَيْئًا نَاْكُلُهٗ فِیْ بُطُوْنِنَا اَوْ نُطْعِمُ مِسْكِيْنًا رَجَاءَ الْبَرَكَةِ، وَجِئْنَا نَسْتَوْضِعُهٗ مَا نَقَصْنَا فَحَلَفَ بِاللّٰهِ لَا يَضَعُ لَنَا شَيْئًا، فَقَالَ نَبِیُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَاَلّٰى لَا يَصْنَعُ خَيْرًا، ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، قَالَتْ: فَبَلَغَ ذٰلِكَ صَاحِبَ الثَّمَرِ، فَقَالَ: بِاَبِیْ وَاُمِّی، اِنْ شِئْتَ وَضَعْتُ مَا نَقَصُوْا، وَاِنْ شِئْتَ مِنْ رَاْسِ الْمَالِ، فَوَضَعَ مَا نَقَصُوْا

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک خاتون نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں۔ اس نے عرض کی: میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں۔ میں نے اور میرے بیٹے نے فلاں شخص سے اس کے مال (باغ یا زمین) کا پھل خریدا ہم نے اسے شمار کیا۔ اس ذات کی قسم! جس نے آپ کو اتنی عظمت شان عطا کی ہے ہم نے وہ اپنے پیٹ میں ڈال کر کھالی یا برکت کی امید رکھتے ہوئے کسی غریب کو کھلا دی پھر ہم آئے اور اپنے ہونے والے نقصان کے حوالے سے اس سے (معاوضے میں) کمی کی درخواست کی' تو اس نے اللہ کے نام کی قسم اٹھائی کہ وہ ہمارے لئے کوئی معافی نہیں رکھے گا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس نے یہ قسم اٹھائی ہے' وہ بھلائی نہیں کرے گا۔ یہ بات آپ نے تین مرتبہ ارشاد فرمائی۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: اس بات کی اطلاع اس پھل کے مالک تک پہنچی' تو اس نے کہا: میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں اگر آپ چاہیں' تو ان کا جو نقصان ہوا ہے میں اسے معاف کر دیتا ہوں اور اگر آپ چاہیں' تو میں تمام ادائیگی معاف کر دیتا ہوں' تو اس شخص نے ان کے نقصان کے حساب سے ادائیگی معاف کر دی۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْبَائِعَ لَيْسَ لَهٗ اَنْ يَّاْخُذَ شَيْئًا مِنْ بَاقِی ثَمَنِ ثَمَرِهِ الَّذِیْ اَصَابَتْهُ الْجَائِحَةُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' فروخت کرنے والے شخص کو اپنے پھل کی قیمت میں سے باقی رہ جانے والی رقم میں سے کوئی چیز لینے کا حق نہیں ہے' جس پھل کو آفت لاحق ہو گئی ہو

5033 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ مَوْهَبٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، اَنَّهٗ قَالَ:

5033- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير يزيد بن وموهب، وهو يزيد ابن خالد بن يزيد بن موهب، فقد روى له أصحاب السنن إلا الترمذي، وهو ثقة .وأخرجه أحمد 3/36و58، ومسلم "18" "1556"، في المساقاة :باب استحباب الوضع عن المدين، وأبو داود "3469"في البيوع :باب وضع الجائحة، والترمذي "655"في الزكاة :باب ماجاء فيمن تحل له الصدقة والنسائي 7/265، في البيوع :باب وضع الجوائح، و 7/312،باب الرجل يبتاع فيفلس، وابن ماجه "2356"في الأحكام :باب تفليس المعدم والبيع عليه لغرمائه، والبيهقي 50 - 6/49، والبغوي "2135"من طرق عن الليث، بهذا الإسناد. أخرجه مسلم "1556"، والنسائي 7312، والبيهقي 5/305من طرق عن عبد الله بن وهب، عن عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ الْاَشَجِّ، به.

(متن حدیث): اُصِیبَ رَجُلٌ، فِیْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِیْ ثِمَارٍ ابْتَاعَهَا، فَكَثُرَ دَيْنُهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَصَدَّقُوْا عَلَيْهِ، فَتُصُدِّقَ عَلَيْهِ، فَلَمْ يَبْلُغْ ذٰلِكَ وَفَاءَ دَيْنِهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خُذُوْا مَا وَجَدْتُمْ، وَلَيْسَ لَكُمْ اِلَّا ذٰلِكَ

❁❁ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں ایک شخص کو پھلوں میں نقصان ہو گیا جو اس نے خریدے تھے اس کا قرض زیادہ ہو گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ اس کو صدقہ دو اس شخص کو صدقہ دیا گیا' لیکن وہ پھر بھی اس کے قرض کی پوری ادائیگی تک نہیں پہنچ سکا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: (یعنی قرض خواہوں سے فرمایا) تمہیں جو مل رہا ہے وہ حاصل کر لو تمہیں صرف یہی ملے گا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ زَجْرَ الْمَرْءِ عَنْ اَخْذِ ثَمَنِ ثَمَرِهٖ بَعْدَ اَنْ اَصَابَتْهُ الْجَائِحَةُ زَجْرُ تَحْرِيمٍ لَا زَجْرُ نَدْبٍ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' آدمی کو اپنے پھل کی قیمت لینے سے منع کیا گیا ہے جب اسے آفت لاحق ہو جائے یہ ممانعت حرام قرار دینے کے طور پر ہے استحباب کے طور پر ممانعت نہیں ہے

5034 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْذِرِ بْنِ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، اَخْبَرَنِيْ اَبُو الزُّبَيْرِ، اَنَّهٗ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنْ بِعْتَ مِنْ اَخِيْكَ ثَمَرًا، فَاَصَابَتْهُ جَائِحَةٌ فَلَا يَحِلُّ لَكَ اَنْ تَاْخُذَ مِنْهُ شَيْئًا، بِمَ تَاْخُذُ مِنْ مَالِ اَخِيْكَ بِغَيْرِ حَقٍّ؟، قُلْتُ لِاَبِي الزُّبَيْرِ: هَلْ سَمّٰى لَكُمُ الْجَوَائِحَ؟، قَالَ: لَا

❁❁ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر تم اپنے کسی بھائی سے پھل خریدتے ہو اور اسے آفت لائق ہو جاتی ہے' تو تمہارے لئے اس میں سے کچھ بھی لینا جائز نہیں ہے تم ناحق طور پر اپنے بھائی کے مال میں سے کس بنیاد پر حاصل کرو گے۔

راوی بیان کرتے ہیں: میں نے اپنے استاد ابوزبیر سے دریافت کیا: کیا تمہارے استاد نے تمہارے سامنے لاحق ہونے والی آفت کا نام لیا تھا۔ انہوں نے جواب دیا: جی نہیں۔

5034- أسناده صحيح .يوسف بن سعد :ثقة حافظ، روى له النسائي، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين غير ابى الزبير، فمن رجلا مسلم، وحجاج :وهو ابن محمد المصيصي الأعوز. وأخرجه الدارقطني 3/31عن أبي بكر النيسابوري، عن يوسف بن سعيد بهذا الإسناد. وأخرجه النسائي 265 - 7/264في البيوع :باب وضع الجوائح، عن إبراهيم بن حسن، عن حجاج المصيصي، به. وأخرجه الدارمي 2/252، ومسلم "1554"، وفي المساقاة :باب وضع الجوائح، وأبو داود "3470"في البيوع: باب بيع الثمار سنين الجائحة، وابن الجارود "639"، والدارقطني 3/30و31، والبيهقي 5/306من طرق عن ابن جريج، به. وانظر ما بعده.

ذِكْرُ الزَّجْرِ، عَنْ اَخْذِ الْمَرْءِ ثَمَنَ ثَمَرَتِهِ الْمَبِيعَةِ، اِذَا اَصَابَتْهَا جَائِحَةٌ بَعْدَ بَيْعِهِ اِيَّاهَا

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی اپنے فروخت شدہ پھل کی قیمت حاصل کرے جبکہ اس کے اس پھل کو فروخت کرنے کے بعد آفت لاحق ہو جائے

5035 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِىْ اَبُو الزُّبَيْرِ، اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنْ بِعْتَ مِنْ اَخِيكَ ثَمَرًا، فَاَصَابَتْهُ جَائِحَةٌ، فَلَا يَحِلُّ لَكَ اَنْ تَاْخُذَ مِنْهُ شَيْئًا، بِمَ تَاْخُذُ مَالَ اَخِيكَ بِغَيْرِ حَقٍّ؟ ، قُلْتُ لِاَبِى الزُّبَيْرِ: سَمَّى لَكُمُ الْجَوَائِحَ؟، قَالَ: لَا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر تم اپنے بھائی سے کوئی پھل خریدتے ہو اور اسے آفت لاحق ہو جاتی ہے' تو تمہارے لئے اس میں سے کچھ بھی لینا جائز نہیں ہے تم حق کے بغیر اپنے بھائی کے مال کو کس بنیاد پر حاصل کرو گے۔

راوی بیان کرتے ہیں: میں نے اپنے استاد ابوزبیر سے دریافت کیا: کیا حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے تمہارے سامنے آفت کا نام ذکر کیا تھا۔ انہوں نے جواب دیا: جی نہیں۔

5035- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله الشيخين غير أبي الزبير، محمد بن معمر :هو ابن ربعي القيسي، وأبو عاصم :هو الضحاك بن مخلد النبيل، وهو مكرر ماقبله. وأخرجه أبو داود "3470"في البيوع :باب وضع الجائحة، ومن طريقه البيهقي 5/306عن محمد بن معمر، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم "1554"في المساقاة :باب وضع الجوائح، عن حسن الحلواني، عن أبي عاصم، به.

بَابُ الْفَلَسِ

مفلس ہو جانے کا بیان

5036 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانِ الطَّائِيُّ بِمَنْبِجَ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ اَبِىْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ اَبِىْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اَيُّمَا رَجُلٍ اَفْلَسَ فَاَدْرَكَ رَجُلٌ مَالَهُ بِعَيْنِهِ فَهُوَ اَحَقُّ بِهٖ مِنْ غَيْرِهٖ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص مفلس ہو جائے اور پھر کوئی شخص اپنا مال اس کے پاس پائے تو وہ اس مال کے بارے میں دوسروں سے زیادہ حق دار ہوگا۔''

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ وَرَدَ فِى الْوَدَائِعِ دُوْنَ الْبِيَاعَاتِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے یہ روایت ودیعت کے بارے میں ہے خرید و فروخت کے بارے میں نہیں ہے

5037 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الذُّهْلِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنِ ابْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ اَبِىْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

5036- إسناده صحيح على شرط الشيخين .يحيى بن سعيد :هو الأنصاري، وهو في "الموطأ 2/678 "في البيوع :باب ماجاء في الإفلاس والغريم .ومن طريق مالك أخرجه الشافعي 2/162، وعبد الرزاق "15160"، وأبوداود "3519"في البيوع : باب في الرجل يفلس فيجد متاعه عند غيره، والبيهقي 6/44، والبغوي "2133"بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 2/228و 258 و474،والطيالسي "2507"، والدارمي 2/262، وابن أبي شيبة 36 - 6/35، والبخاري "2402"في الاستقراض :باب إذا وجد ماله عند مفلس في البيع والقرض، ومسلم "1559"في المساقاة :باب من أدرك ما باعه عند المشتري وقد أفلس، والترمذي "1262"في البيوع :باب ماجاء إذا أفلس الرجل للغريم، والنسائي 7/311في البيوع :باب الرجل يبتاع فيفلس، وابن ماجه "2358"في الأحكام :باب من وجد متاعه بعينه، والدارقطني 3/30، وابن الجارود "630" .، والبيهقي 45 - 6/44و 45من طرق عن يحيى بن سعيد، به.

(متن حدیث): اِذَا ابْتَاعَ الرَّجُلُ سِلْعَةً، ثُمَّ فَلَّسَ وَهِيَ عِنْدَهُ بِعَيْنِهَا فَهُوَ اَحَقُّ بِهَا مِنَ الْغُرَمَاءِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب کوئی شخص کوئی سامان خریدے اور پھر وہ مفلس ہو جائے اور وہ سامان بعینہ اس کے پاس ہو، تو (اسے فروخت کرنے والا) دیگر قرض خواہوں کی بہ نسبت اسے لینے کا زیادہ حق دار ہوگا''۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِاَنَّ خِطَابَ هٰذَا الْخَبَرِ وَرَدَّ لِلْبَائِعِ سِلْعَتَهُ دُوْنَ الْمُوْدِعِ اِيَّاهَا

اس دوسری روایت کا تذکرہ، جو اس بات کی صراحت کرتی ہے، اس روایت میں جو الفاظ

استعمال ہوئے ہیں وہ اس شخص کے لیے ہیں جو اپنے سامان کو فروخت کرتا ہے اس شخص کے لیے نہیں ہیں، جو اپنا سامان ودیعت کے طور پر رکھواتا ہے

5038 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الشَّرْقِيِّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الذُّهْلِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ يَحْيٰى، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِذَا اَفْلَسَ الرَّجُلُ فَوَجَدَ الْبَائِعُ سِلْعَتَهُ بِعَيْنِهَا فَهُوَ اَحَقُّ بِهَا دُوْنَ الْغُرَمَاءِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب کوئی شخص مفلس ہو جائے اور اپنے سامان کو فروخت کرنے والا شخص بعینہ اپنا سامان اس کے پاس پائے، تو باقی قرض خواہوں کی بہ نسبت وہ اس سامان کا زیادہ حق دار ہوگا''۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَالِثٍ يُصَرِّحُ بِاَنَّ الْمُشْتَرِيَ اِذَا اَفْلَسَ تَكُوْنُ عَيْنُ سِلْعَةِ الْبَائِعِ لَهُ دُوْنَ اَنْ يَّكُوْنَ اُسْوَةَ الْغُرَمَاءِ

اس تیسری روایت کا تذکرہ، جو اس بات کی صراحت کرتی ہے، خریدار جب مفلس ہو جائے

5037- إسناده صحيح على شرط البخاري، ومحمد بن يحيى الذهلي من رجال البخاري، ومن فوقه من رجال الشيخين. محمد بن يوسف :هو الفريابي، وسفيان :هو ابن عيينة، ويحيى بن سعيد :هو الأنصاري، وابن عمرو بن حزم :هو أبو بكر بن محمد بن عمرو بن عمرو حزم المذكور في سند الحديث السابق.وأخرجه عبد الرزاق "15161"ن واحمد 2/247، وابن ابي شيبة 6/35 36 -، وعنه مسلم "1559"في المساقاة :باب من أدرك ما باعه عند المشترى وقد أفلسن وابن ماجه "2358"في الأحكام :باب من وجد متاعه بعينهن عن سفيانن بهذا الإسناد.وأخرجه الدارقطني 3/29، والبيهقي 6/45، من طريقين عن سفيان، به.

5038- إسناده صحيح على شرط البخاري، وهو في "منتصف عبد الرزاق "15162" "واخرجه البيهقي 6/46عن ابي الحسن محمد بن الحسين العلوي، عن أحمد بن محمد بن الحسن بهذا الإسناد .واخرجه الدارقطني 3/30و 4/229من طريق الحسن بن يحيين عن عبد الرزاق، به .وأخرجه عبد الرزاق "15163"و "1564"من طريقين عن عمرو بن دينار، به . وأخرجه ابن أبي شيبة 6/37عن هشيم، عن عمرو بن دينارن عمن حدثه عن أبي هريرة فذكره.

اور فروخت کرنے والے کا سامان بعینہ اس کے پاس موجود ہو تو اس کو (اس سامان کو لینے کا) اختیار ہوگا ایسا نہیں ہے وہ اس بارے میں دیگر قرض خواہوں کی مانند شمار ہوگا

5039 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى السَّخْتِيَانِيُّ، حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ شَبِيبٍ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَعْيَنَ، حَدَّثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِذَا اُعْدِمَ الرَّجُلُ فَوَجَدَ الْبَائِعُ مَتَاعَهُ بِعَيْنِهِ فَهُوَ اَحَقُّ بِهِ.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جب کوئی شخص دیوالیہ ہو جائے اور فروخت کرنے والا اپنے سامان کو بعینہ اس کے پاس پائے' تو وہ اس سامان کا زیادہ حق دار ہوگا۔''

5039- سلمة بن شبيب :ثقة من رجال مسلم، ومن فوقه من رجال الشيخين إلا أن فليح بن سليمان كثير الخطأن كما قال الحافظ في "التقريب"، فهو حسن الحديث في الشواهد، وهذا منها، وقد أشار إلى رواية ابن عمر الترمذي بإثر الحديث أبي هريرة "1262".وأورده الحافظ في "التلخيص 3/39 "ولم ينسبه لغير ابن حبان . وأخرجه البزار "1301"عن سلمة بن شبيب، بهذا الإسناد، ولفظه" :إذا أفلس الرجل، فوجد رجل ماله يعني عند المفلس -بعينه، فهو أحق به ."وذكره الهيثمي في "المجمع" 4/144وقال :رواه البزار ورجاله رجال الصحيح .وأخرجه الشافعي 2/163، وأبو داود "3523"، وابن ماجه "2360"، والدارقطني 3/29، والحاكم 51 - 2/50، والبيهقي 6/46، والبغوي "2134"من طرق عن ابن أبي ذئب، عن أبي المعتمر بن عمرو بن رافع، عن عمر بن خلدة الزرقي، عن أبي هريرة مرفوعاً بلفظ" :إيما رجل مات أو أفلس فصاحب المتاع أحق بمتاعه إذا وجده بعينه"

بَابُ الدُّيُوْنِ

باب! قرض کے بارے میں احکام

ذِكْرُ كَتْبَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا لِلْمُقْرِضِ مَرَّتَيْنِ الصَّدَقَةَ بِإِحْدَاهُمَا

اللہ تعالیٰ کا دو مرتبہ قرض دینے والے کے لئے ان دو میں سے ایک مرتبہ (کے قرض کے برابر) صدقہ کرنے (کا اجر) نوٹ کرنے کا تذکرہ

5040 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: قَرَاْتُ عَلَى الْفُضَيْلِ اَبِي مُعَاذٍ عَنْ اَبِي حَرِيزٍ، اَنَّ اِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَهُ،

(متن حدیث): اَنَّ الْاَسْوَدَ بْنَ يَزِيدَ، كَانَ يَسْتَقْرِضُ مِنْ تَاجِرٍ، فَاِذَا خَرَجَ عَطَاؤُهُ قَضَاهُ، فَقَالَ الْاَسْوَدُ: اِنْ شِئْتَ اَخَّرْتُ عَنْكَ، فَاِنَّهُ قَدْ كَانَتْ عَلَيْنَا حُقُوقٌ، فِي هٰذَا الْعَطَاءِ، فَقَالَ لَهُ التَّاجِرُ: لَسْتَ فَاعِلًا، فَنَقَدَهُ الْاَسْوَدُ خَمْسَ مِائَةِ دِرْهَمٍ حَتّٰى اِذَا قَبَضَهَا، قَالَ لَهُ التَّاجِرُ: دُونَكَهَا، فَخُذْ بِهَا، فَقَالَ لَهُ الْاَسْوَدُ: قَدْ سَاَلْتُكَ هٰذَا فَاَبَيْتَ، فَقَالَ لَهُ التَّاجِرُ: اِنِّي سَمِعْتُكَ تُحَدِّثُنَا، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ يَقُولُ: مَنْ اَقْرَضَ اللّٰهَ مَرَّتَيْنِ كَانَ لَهُ مِثْلُ اَجْرِ اَحَدِهِمَا لَوْ تَصَدَّقَ بِهِ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: الْفُضَيْلُ اَبُو مُعَاذٍ هٰذَا هُوَ الْفُضَيْلُ بْنُ مَيْسَرَةَ مِنْ اَهْلِ

5040- حديث حسن. أبو حريز مختلف فيه وثقه ابن معين، وأبو زرعة، والمؤلف، وقال أبوحاتم: حسن الحديث، ليس بمنكر الحديث، يكتب حديثه، وضعفه النسائي وغيره، وباقي رجاله ثقات. إبراهيم: هو ابن يزيد النخعي، والأسود بن يزيد: هو النخعي أيضاً. وأخرجه الطبراني "10200" والبيهقي 5/353 - 354 من طريقين عن يحيى بن معين، بهذا الإسناد. وقال البيهقي: تفرد به عبد الله بن الحسين أبو حريز قاضي سجستان وليس بالقوى. وتعقبه ابن التركماني في "الجوهر النقي" بقوله: قلت: أخرج ابن حبان هذا الحديث في "صحيحه" من طريق أبي حريز هذا، وأخرج الترمذي في أبواب النكاح حديثاً في سنده أبو حريز، ولا عنه حسن صحيح. وأخرجه أبو نعيم في "الحلية 3/237" من طريق يحيى بن عبد الحميد، عن معتمر بن سليمان، به. قال: غريب من حديث إبراهيم، لم يروه عنه إلا حريز، ولا عنه إلا فضيل. وأخرجه ابن ماجه "2430" في الصدقات: باب القرض، والبيهقي 5/353 من طريقين عن سليمان بن يسير، عن قيس بن رومي، عن سليمان بن أذنان، عن علقمة، عن ابن مسعود. وقال البوصيري في "مصباح الزجاجة: 2/154" إسناد ضعيف. قيس بن رومي مجهول، وسليمان بن يسير متفق على تضعفيه. ورواه ابن حبان في "صحيحه" عن أحمد بن على بن المثنى، فذكره بإسناد المصنف. وقال: رواه أبوبكر بن أبي شيبة، حدثنا عفان، حدثنا حماد بن سلمة، عن عطاء بن السائبن عن ابن أذنان، فذكره. قلت: وأخرجه أيضاً أحمد 1/412، وأبو يعلى 253/1 من طريق حماد بن سلمة، بهذا الإسناد. وابن أذنان: اسمه سليم، ولم يؤثقه غير المؤلف. وله طريق آخر عند البيهقي 5/353.

الْبَصْرَةِ، وَاَبُوْ حَرِيزٍ اسْمُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ، قَاضِي سِجِسْتَانَ حَدَّثَ بِالْبَصْرَةِ

ابراہیم نخعی بیان کرتے ہیں: اسود بن یزید ایک تاجر سے قرض لیا کرتے تھے جب ان کی تنخواہ آتی تھی' تو وہ ادائیگی کر دیا کرتے تھے۔ اسود نے کہا: اگر تم چاہو' تو میں تمہیں ایک مرتبہ تاخیر سے ادائیگی کروں گا کیونکہ اس مرتبہ اس تنخواہ میں مجھے کچھ دیگر اخراجات بھی پورے کرنے ہیں' تو تاجر نے ان سے کہا میں ایسا نہیں کروں گا' تو اسود نے پانچ سو درہم اسے نقد ادا کر دیئے' یہاں تک کہ اس تاجر نے وہ اپنے قبضے میں لے لئے' تو تاجر نے ان سے کہا یہ آپ کے حوالے ہیں۔ آپ انہیں لے لیں اسود نے اس سے دریافت کیا پہلے جب میں نے تم سے یہ درخواست کی تھی' تو تم نے میری یہ بات نہیں مانی تھی' تو تاجر نے ان سے کہا میں نے آپ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے آپ نے ہمیں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ حدیث بیان کی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے۔

"جو شخص اللہ کے نام پر کسی کو دو مرتبہ قرض دیتا ہے' تو اسے ان دو میں سے ایک مرتبہ صدقہ کرنے کا اجر ملتا ہے۔"

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) فضیل ابومعاذ نامی راوی فضیل بن میسرہ ہیں یہ اہل بصرہ سے تعلق رکھتے ہیں۔

ابوحریز نامی راوی عبداللہ بن حصین ہیں یہ بجستان کے قاضی تھے اور انہوں نے بصرہ میں حدیثیں بیان کی ہیں۔

ذِكْرُ قَضَاءِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا فِي الدُّنْيَا دَيْنَ مَنْ نَوَى الْاَدَاءَ فِيْهِ

اللہ تعالیٰ کا دنیا میں اس شخص کے قرض کو ادا کروا دینے کا تذکرہ' جو اس کی ادائیگی کی نیت کرتا ہے

5041 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عَمْرِو بْنِ هِنْدٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُذَيْفَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَتْ مَيْمُوْنَةُ تَدَّانُ، فَقَالَ: يَا اَهْلُهَا فِيْ ذٰلِكَ وَوَجَدُوْا عَلَيْهَا، فَقَالَتْ: لَا اَتْرُكُ، وَقَدْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَا مِنْ اَحَدٍ يَدَّانُ دَيْنًا يَعْلَمُ اللّٰهُ اَنَّهُ يُرِيْدُ قَضَاءَهُ اِلَّا اَدَّاهُ اللّٰهُ عَنْهُ فِي الدُّنْيَا

عمران بن حذیفہ نامی راوی بیان کرتے ہیں: سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا اکثر قرض لیا کرتی تھیں ان کے گھر والوں نے ان کے ساتھ اس بارے میں بات چیت کی اور ناراضگی کا اظہار کیا' تو سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا نے کہا: میں اسے ترک نہیں کروں گی کیونکہ میں نے

5041- زياد بن عمرو وشيخه عمران بن حذيفة :لم يوثقها غير المؤلف ولم يرو عن كل واحد منهما إلا، باقي رجاله ثقات. جرير :هو ابن عبد الحميد، ومنصور :هو ابن المعتمر. والحديث في "مسند أبي يعلى 328/2 "ومن طريقه أخرجه المزي في تهذيب الكمال "ورقة 1057 في ترجمة عمران بن حذيفة. وأخرجه النسائي 315 /7في البيوع :باب التسهيل فيهن والبيهقي 5/354من طرق عن جرير بن عبد الحميد، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن ماجه "2408" في الصدقات :باب من أدان ديناً وهو ينوي قضاءه والطبراني في "الكبير24/61 "، ومن طريقه المزي في "التهذيب الكمال "في ترجمة عمران بن حذيفة، كلاهما من طريق أبي بكر بن أبي شيبة، عن عبيدة بن حميد، عن منصور، به .وأخرجه الحاكم 2/23من طريق إسحاق بن إبراهيم، عن جرير، بهذا الإسناد، عن ميمونة موقوفاً.

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جو شخص کوئی قرض لیتا ہے اور اللہ تعالیٰ کو اس بات کا علم ہو کہ وہ اسے ادا کرنے کا ارادہ رکھتا ہے' تو اللہ تعالیٰ دنیا میں اس کا وہ قرض ادا کروا دیتا ہے''۔

ذِكْرُ رَجَاءِ تَجَاوُزِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا فِي الْقِيَامَةِ عَنِ الْمُيَسِّرِ عَلَى الْمُعْسِرِينَ فِي الدُّنْيَا

اللہ تعالیٰ کا قیامت کے دن اس شخص سے درگزر کرنے کی امید کا تذکرہ' جو دنیا میں تنگدست لوگوں کو آسانی فراہم کرتا ہے

5042 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُعَافَى الْعَابِدُ بِصَيْدَا، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ، حَدَّثَنَا الزُّبَيْدِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُولُ (متن حدیث): كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: كَانَ رَجُلٌ تَاجِرٌ يُدَايِنُ النَّاسَ، فَاِذَا رَاَى اِعْسَارَ الْمُعْسِرِ، قَالَ لِفَتَاهُ: تَجَاوَزْ لَعَلَّ اللّٰهَ يَتَجَاوَزُ عَنَّا، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَلَقِيَ اللّٰهَ فَتَجَاوَزَ عَنْهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''پہلے (زمانے میں) ایک تاجر تھا جو لوگوں کو قرض دیا کرتا تھا' وہ جب کسی تنگ دست کی تنگدستی دیکھتا' تو اپنے نمائندے سے کہتا اس سے درگزر کرو تا کہ اللہ تعالیٰ ہم سے بھی درگزر کرے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں: جب وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہوا' تو اللہ تعالیٰ نے اس سے درگزر کیا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذَا الرَّجُلَ لَمْ يَعْمَلْ خَيْرًا قَطُّ اِلَّا التَّجَاوُزَ عَنِ الْمُعْسِرِينَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' اس شخص نے کبھی کوئی بھلائی نہیں کی تھی البتہ وہ تنگدست لوگوں سے درگزر کیا کرتا تھا

5043 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ وَرْدَانَ بِالْفُسْطَاطِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى

5042– حديث صحيح .هشام بن عمار :قد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين .الزبيدي :هو محمد بن الوليد بن عامر .وأخرجه البخاري "2078"في البيوع :باب من انظر معسراً، والنسائي 7/318في البيوع :باب حسن المعاملة والرفق في المطالبة، عن هشام بن عمار، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 2/239، والبخاري "3480"في الأنبياء :باب ماذكر عن بني إسرائيل، ومسلم "1562"في المساقاة :باب فضل إنظار المعسر، والطيالسي "2514"، والبغوي "2139"من طرق عن الزهري، به . وانظر ما بعده ."5046"

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): إِنَّ رَجُلًا لَمْ يَعْمَلْ خَيْرًا قَطُّ وَكَانَ يُدَايِنُ النَّاسَ ، فَيَقُولُ لِرَسُولِهِ: خُذْ مَا تَيَسَّرَ، وَاتْرُكْ مَا تَعَسَّرَ، وَتَجَاوَزْ، لَعَلَّ اللّٰهَ يَتَجَاوَزُ عَنَّا، قَالَ: فَلَمَّا هَلَكَ، قَالَ اللّٰهُ: هَلْ عَمِلْتَ خَيْرًا قَطُّ؟، قَالَ: لَا، إِلَّا أَنَّهُ كَانَ لِيْ غُلَامٌ، وَكُنْتُ أُدَايِنُ النَّاسَ، فَإِذَا بَعَثْتُهُ لِيَتَقَاضَى، قُلْتُ: لَهُ خُذْ مَا تَيَسَّرَ، وَاتْرُكْ مَا تَعَسَّرَ، وَتَجَاوَزْ لَعَلَّ اللّٰهَ يَتَجَاوَزُ عَنَّا، قَالَ اللّٰهُ تَعَالَى: قَدْ، قَالَ: تَجَاوَزْتُ عَنْكَ.

توضیح مصنف: قَالَ أَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَمْ يَعْمَلْ خَيْرًا قَطُّ أَرَادَ بِهِ سِوَى الْإِسْلَامِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''ایک شخص نے کبھی کوئی نیک کام نہیں کیا تھا۔ وہ لوگوں کو قرض دیا کرتا تھا وہ اپنے نمائندوں سے یہ کہتا تھا: جو شخص خوشحال ہو اس سے قرض واپس لے لینا اور جو تنگ دست ہوا سے چھوڑ دینا اور درگزر کرنا تا کہ اللہ تعالیٰ بھی ہم سے درگزر کرے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں جب اس کا انتقال ہوا' تو اللہ تعالیٰ نے دریافت کیا: کیا تم نے کبھی کوئی نیکی کی۔ اس نے جواب دیا: جی نہیں البتہ میرا ایک غلام تھا میں لوگوں کو قرض دیا کرتا تھا۔ جب میں اس غلام کو تقاضا کرنے کے لئے بھیجتا تھا' تو میں اس سے یہ کہتا تھا جو شخص آسانی سے دیدے اس سے وصول کر لینا اور جو شخص تنگ دست ہوا سے چھوڑ دینا اور اس سے درگزر کرنا تا کہ اللہ تعالیٰ بھی ہم سے درگزر کرے' تو اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: تحقیق میں نے بھی تم سے درگزر کیا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''اس نے کبھی کوئی نیکی نہیں کی تھی'' اس سے مراد یہ ہے: اسلام قبول کرنے کے علاوہ اور کوئی نیکی نہیں کی تھی۔

ذِكْرُ إِظْلَالِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا فِي الْقِيَامَةِ فِي ظِلِّهِ مَنْ أَنْظَرَ مُعْسِرًا أَوْ وَضَعَ لَهُ

اللہ تعالیٰ کا قیامت کے دن اس شخص کو اپنا خاص سایہ نصیب کرنے کا تذکرہ' جو تنگدست شخص کو مہلت دیتا ہے یا (اسے کلی یا جزوی طور پر) معاف کر دیتا ہے

5044 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ زُرَارَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ مُجَاهِدٍ أَبُو حَزْرَةَ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الْوَلِيدِ بْنِ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجْتُ أَنَا، وَأَبِي نَطْلُبُ الْعِلْمَ فِي هٰذَا الْحَيِّ مِنَ الْأَنْصَارِ، قَبْلَ أَنْ يَهْلِكُوا، فَكَانَ أَوَّلَ

5043– إسناده حسن، ابن عجلان -واسمه محمد -أخرج له مسلم متابعة والبخاري تعليقاً، وهو صدوق، وباقي السند ثقات على شرطهما غير عيسى بن حماد، فمن رجال مسلم. وأخرجه النسائي 7/318 في البيوع: باب حسن المعاملة والرفق في المطالبة، عن عيسى بن حماد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/361، والحاكم 2/28 وصححه على شرط مسلم، ووافقه الذهبي، من طريقين عن الليث بن سعد، به. وانظر "5046".

مَنْ لَقِينَا اَبُو الْيَسَرِ صَاحِبُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَعَهُ غُلَامٌ لَهُ، وَعَلٰى اَبِى الْيَسَرِ، بُرْدَةٌ وَمَعَافِرِيٌّ، وَعَلٰى غُلَامِهِ بُرْدَةٌ وَمَعَافِرِيٌّ، فَقَالَ لَهُ اَبِى: اِنِّىْ اَرَى فِىْ وَجْهِكَ شَيْئًا مِنْ غَضَبٍ، قَالَ: اَجَلْ كَانَ لِىْ عَلٰى فُلَانِ بْنِ فُلَانِ الْحَرَامِيِّ مَالٌ، فَاَتَيْتُ اَهْلَهُ، فَقُلْتُ: اَثَمَّتُ؟، قَالُوا: لَا، فَخَرَجَ عَلَيَّ ابْنٌ لَهُ، فَقُلْتُ: اَيْنَ اَبُوكَ؟، فَقَالَ: سَمِعَ صَوْتَكَ فَدَخَلَ، فَقُلْتُ: اخْرُجْ اِلَيَّ، فَقَدْ عَلِمْتُ اَيْنَ اَنْتَ، فَخَرَجَ عَلَيَّ، فَقُلْتُ: مَا حَمَلَكَ عَلٰى اَنِ اخْتَبَاْتَ؟، قَالَ: اَنَا وَاللّٰهِ اُحَدِّثُكَ، ثُمَّ لَا اَكْذِبُكَ، خَشِيتُ وَاللّٰهِ اَنْ اُحَدِّثَكَ، فَاَكْذِبَكَ، وَاَعِدَكَ، فَاُخْلِفَكَ، وَكُنْتَ صَاحِبَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكُنْتُ وَاللّٰهِ مُعْسِرًا، قَالَ: قُلْتُ: آللّٰهِ؟، قَالَ: اللّٰهِ، قَالَ: قُلْتُ: آللّٰهِ؟، قَالَ: اللّٰهِ، قَالَ: فَقَالَ: بِصَحِيفَتِهِ، فَمَحَاهَا، وَقَالَ: اِنْ وَجَدْتَ قَضَاءً فَاقْضِ، وَاِلَّا، فَاَنْتَ فِىْ حِلٍّ، فَاَشْهَدُ: بَصُرَ عَيْنَايَ هَاتَانِ، وَوَعَاهُ قَلْبِى، وَاَشَارَ اِلٰى نِيَاطِ قَلْبِهِ، سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنْ اَنْظَرَ مُعْسِرًا، اَوْ وَضَعَ لَهُ، اَظَلَّهُ اللّٰهُ فِىْ ظِلِّهِ

(توضیح مصنف): اَبُو الْيَسَرِ اسْمُهُ كَعْبُ بْنُ عَمْرٍو

عبادہ بن ولید بیان کرتے ہیں: میں اور میرے والد علم کے حصول کے لئے انصار کے پاس آئے۔ اس سے پہلے کہ وہ لوگ انتقال کر جائیں' تو ہماری ملاقات سب سے پہلے حضرت ابو یسر رضی اللہ عنہ سے ہوئی جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی ہیں۔ ان کے ساتھ ان کا غلام بھی تھا۔ حضرت ابو یسر رضی اللہ عنہ نے ایک چادر اور ایک معافری چادر پہنی ہوئی تھی۔ ان کے غلام نے بھی ایک چادر اور ایک معافری چادر پہنی ہوئی تھی۔ میرے والد نے ان سے کہا مجھے آپ کے چہرے پر غصے کے آثار نظر آرہے ہیں۔ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں میں نے فلاں بن فلاں سے کچھ رقم لینی تھی میں اس کے گھر آیا میں نے دریافت کیا: کیا وہ یہاں ہے۔ گھر والوں نے جواب دیا: جی نہیں پھر اس کا بیٹا نکل کر میرے پاس آیا میں نے دریافت کیا تمہارا باپ کہاں ہے۔ اس نے کہا: اس نے آپ کی آواز سن لی تھی وہ اندر چلا گیا ہے۔ میں نے (اس آدمی کو مخاطب کر کے) کہا تم نکل کر میرے پاس آؤ مجھے پتہ ہے' تم کہاں ہو وہ نکل کر میرے پاس آیا میں نے دریافت کیا تم کس وجہ سے چھپنے پر مجبور ہوئے۔ اس نے کہا: اللہ کی قسم میں آپ کو بتاتا ہوں میں آپ کے ساتھ غلط بیانی نہیں کروں گا۔ اللہ کی قسم مجھے اس بات کا اندیشہ تھا کہ اگر (میں آپ کے سامنے آیا) اور میں نے آپ کے ساتھ بات چیت کی' تو مجھے آپ کے ساتھ جھوٹ بولنا پڑے گا۔ میں آپ کے ساتھ کوئی وعدہ کرلوں گا پھر اس کی خلاف ورزی کرنی پڑے

5044- إسناده صحيح على شرط مسلم. أبو اليسر: هو كعب بن عمرو بن عباد بن عمرو بن سواد بن غنم الأنصاري السلمي الخزرجي، شهد العقبة وبدراً وكان الغناء يوم بدر وغيره، وهو الذي أسر العباس ن عبد المطلب يوم بدر، وهو آخر من مات بالمدينة ممن شهد بدراً، مات سنة خمس وخمسين. وأخرجه مسلم "3006"في الزهد: باب حديث جابر الطويل، والطبراني "379"/19والحاكم 2/28، والبيهقي 5/357من طريقين عن حاتم بن إسماعيل، بهذا الإسناد. وأخرجه أبو نعيم في "الحلية" 2/19 - 20بدون القصة، من طريق يحيى بن عبد الحميد، عن حاتم بن إسماعيل، به. وأخرجه القضاعي في "مسند الشهاب" "462"من طريق إسحاق بن راهوية، عن حنظلة بن عمرو الزرقي، عن أبي حرزة، به. وأخرجه الطبراني "380"/19من طريق مجاهد عن عباد بن الوليد، به. وأخرجه دون القصة أيضاً: أحمد 3/427، ابن ماجه "2419"في الصدقات: باب إنظار المعسر، والطبراني "372"/19و "373"و "374"و "375"و"376"، والقضاعي "460"و "461"من طرق عن أبي اليسر بنحوه.

گی۔ آپ نبی اکرم ﷺ کے صحابی ہیں (اب میں آپ کے ساتھ اس طرح کرتا ہوا اچھا تو نہیں لگتا) اللہ کی قسم میں ایک تنگ دست شخص ہوں۔ حضرت ابویسر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے دریافت کیا: کیا اللہ کی قسم ایسا ہی ہے۔ اس نے کہا: اللہ کی قسم ایسا ہی ہے۔ میں نے دریافت کیا: کیا اللہ کی قسم ایسا ہی ہے اس نے کہا: اللہ کی قسم ایسا ہی ہے۔ حضرت ابویسر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: پھر انہوں نے اپنا صحیفہ لیا اور اسے مٹا دیا اور بولے: اگر تمہیں ادائیگی کی گنجائش مل جائے تو ادا کر دینا ورنہ میری طرف سے یہ معاف ہے میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ میری ان دونوں آنکھوں نے اس بات کو سنا اور میرے دل نے اس بات کو محفوظ رکھا۔ انہوں نے اپنے دل کی طرف اشارہ کر کے یہ بات کہی میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جو شخص کسی تنگ دست کو مہلت دیتا ہے یا اسے ادائیگی (مکمل یا جزوی طور پر) معاف کر دیتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے اپنا خاص سایہ عطا کرے گا۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) حضرت ابویسر رضی اللہ عنہ کا نام کعب بن عمرو ہے۔

ذِكْرُ تَيْسِيرِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْأُمُورَ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ عَلَى الْمُيَسِّرِ عَلَى الْمُعْسِرِينَ

اللہ تعالیٰ کا اس شخص کے دنیا اور آخرت میں امور کو آسان کرنے کا تذکرہ جو تنگدست لوگوں کو آسانی فراہم کرتا ہے

5045 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَحْمُودِ بْنِ عَدِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ زَنْجُوَيْهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَاضِرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ يَسَّرَ عَلٰى مُعْسِرٍ يَسَّرَ اللّٰهُ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''جو شخص کسی تنگ دست کو آسانی فراہم کرے، اللہ تعالیٰ اسے دنیا اور آخرت میں آسانی فراہم کرے گا۔''

ذِكْرُ رَجَاءِ تَجَاوُزِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عَمَّنْ تَجَاوَزَ عَنِ الْمُعْسِرِ

اللہ تعالیٰ کا اس شخص سے درگزر کرنے کی امید کا تذکرہ، جو تنگدست شخص سے درگزر کرتا ہے

5045- حديث صحيح، وأسناده حسن. محاضر -وهو ابن المورع الهمداني -وإن كان صدوقاً تقع له أوهام، وقد توبع، وباقي رجاله ثقات. حميد بن زنجويه: هو حميد بن مخلد بن قتيبة بن عبد الله الأزدي أبو أحمد بن زنجويه، وهو لقب أبيه، ثقة ثبت صاحب تصانيف، مات سنة 251، روى له أبو داود والنسائي. وأخرجه أحمد 2/252، وابن أبي شيبة 86 - 9/85، ومسلم "2699" في الذكر والدعاء: باب فضل الاجتماع على تلاوة القرآن وعلى الذكر والدعاء: باب فضل الاجتماع على تلاوة القرآن والذكر، وأبو داود "4946" في الأدب: باب في المعونة للمسلم، والترمذي 1930" في البر والصلة: باب ماجاء في الستر على مسلم، "وابن ماجه "225" في المقدمة: باب فضل العلماء والحث على طلب العمل، و "2417" في الصدقات: باب إنظار المعسر، والقضاعي "458"، والبغوي "127" من طرق عن الأعمش، بهذا الإسناد.

5046 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): كَانَ رَجُلٌ يُدَايِنُ النَّاسَ، فَاِذَا اَعْسَرَ الْمُعْسِرُ، قَالَ لِفَتَاهُ: تَجَاوَزْ عَنْهُ، لَعَلَّ اللّٰهَ يَتَجَاوَزُ عَنَّا، فَلَقِيَ اللّٰهَ فَتَجَاوَزَ عَنْهُ

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''ایک شخص لوگوں کو قرض دیا کرتا تھا' جب وہ کسی تنگ دست شخص کو پاتا' تو اپنے اہلکاروں سے یہ کہتا تم اس سے درگزر کرو تا کہ اللہ تعالیٰ بھی ہم سے درگزر کرے جب وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہوا' تو اللہ تعالیٰ نے اس سے درگزر کیا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذَا الرَّجُلَ لَمْ تُوجَدْ لَهُ حَسَنَةٌ خَلَا تَجَاوُزَهُ عَنِ الْمُعْسِرِينَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' اس شخص کی کوئی نیکی نہیں ملی تھی صرف یہ نیکی تھی کہ وہ تنگدست لوگوں سے درگزر کرتا تھا

5047 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ اَبِيْ مَسْعُوْدٍ الْاَنْصَارِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): حُوسِبَ رَجُلٌ مِمَّنْ كَانَ قَبْلَكُمْ فَلَمْ يُوجَدْ لَهُ مِنَ الْخَيْرِ شَيْءٌ، اِلَّا اَنَّهُ كَانَ رَجُلًا مُوْسِرًا، فَكَانَ يُخَالِطُ النَّاسَ، فَيَقُوْلُ لِغِلَامِهِ تَجَاوَزْ عَنِ الْمُعْسِرِ، فَقَالَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا لِمَلَائِكَتِهِ: نَحْنُ اَحَقُّ بِذٰلِكَ تَجَاوَزُوا عَنْهُ

❁❁ حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''تم سے پہلے لوگوں میں سے ایک شخص سے حساب لیا گیا' تو اس کے حق میں کوئی بھی نیکی نہیں ملی۔ صرف یہ نیکی تھی کہ وہ ایک خوشحال شخص تھا لوگوں سے لین دین کیا کرتا تھا وہ اپنے غلام سے یہ کہتا تھا تم تنگ دست شخص سے درگزر کرنا' تو

5046- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة فمن رجال مسلم، ويونس :هو ابن يزيد الأيلي، وقد تقدم الحديث برقم "5042" و."5043" وأخرجه مسلم "1562" في المساقاة :باب فضل إنظار المعسر، عن حرملة بن يحيى، بهذا الإسناد .وأخرجه البيهقي 5/356 من طريق بحر بن نضر، عن ابن وهب، به.

5047- إسناده صحيح على شرط الشيخين .أبو خيثمة :هو زهير بن حرب، وأبو معاوية :هو محمد بن خازم الضرير والأعمش :هو سليمان بن مهران، وأبو وائل :هو شقيق بن سلمة .وأخرجه أحمد 4/120، ومسلم "1561" في المساقاة :باب فضل إنظار المعسر، والترمذي "1307" في البيوع :باب في إنظار المعسر والرفق به، والطبراني في "الكبير" "537" /17 "، والبيهقي 5/356 من طرق عن أبي معاوية بهذا الإسناد .وأخرجه الحاكم 2/29 من طريقين عن الأعمش، به وصححه على شرط الشيخين، وقال :لم يخرجاه، ووافقه الذهبي.

اللہ تعالیٰ نے اپنے فرشتوں سے فرمایا ہم اس بات کے زیادہ حق دار ہیں تم لوگ اس سے درگزر کرو"۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِمَنْ تَنَازَعَ هُوَ وَاَخُوْهُ الْمُسْلِمُ فِيْ دَيْنٍ اَنْ يَّضَعَ الْمُوْسِرُ بَعْضَ دَيْنِهِ لِلْمُعْسِرِ

اس بات کا تذکرہ' یہ بات مستحب ہے' جس کا اپنے کسی مسلمان بھائی کے ساتھ قرض کی وصولی کا معاملہ ہو' تو خوشحال شخص تنگدست شخص کو' اپنے قرض کے کچھ حصے کو معاف کر دے

5048 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِيْهِ،

(متن حدیث): اَنَّهُ تَقَاضَى ابْنَ اَبِيْ حَدْرَدٍ دَيْنًا كَانَ لَهُ عَلَيْهِ، عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي الْمَسْجِدِ، فَارْتَفَعَتْ اَصْوَاتُهُمَا، حَتّٰى سَمِعَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِيْ بَيْتِهٖ، فَخَرَجَ اِلَيْهِمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حَتّٰى كَشَفَ سِجْفَ حُجْرَتِهٖ، وَنَادٰى كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ: يَا كَعْبُ بْنَ مَالِكٍ ، قَالَ: لَبَّيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَاَشَارَ بِيَدِهٖ اَنْ ضَعِ الشَّطْرَ مِنْ دَيْنِكَ، قَالَ كَعْبٌ: قَدْ فَعَلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: قُمْ فَاقْضِهٖ

❁❁ عبداللہ بن کعب بن مالک اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: انہوں نے ابن ابوحدرد سے قرض کا تقاضا کیا جس کی ادائیگی ان کے ذمے تھی یہ نبی اکرم ﷺ کے زمانہ اقدس کی بات ہے اور یہ مسجد کا واقعہ ہے۔ ان دونوں کی آواز بلند ہوگئی۔ یہاں تک نبی اکرم ﷺ نے اپنے گھر میں موجود رہتے ہوئے ان کی آواز سن لی نبی اکرم ﷺ ان دونوں کے پاس تشریف لائے آپ نے اپنے حجرہ کا پردہ ہٹایا آپ نے حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کو بلند آواز میں پکارا اے کعب بن مالک انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ (ﷺ)! میں حاضر ہوں نبی اکرم ﷺ نے اپنے دست اقدس کے ذریعے اشارہ کیا کہ تم اپنے قرض کا نصف حصہ معاف کر دو۔ حضرت کعب رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ (ﷺ)! میں نے ایسا ہی کیا نبی اکرم ﷺ نے (دوسرے فریق سے فرمایا) تم اٹھو اور (باقی رہ جانے والی رقم) ادا کر دو۔

5048- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير حرملة، فمن رجال مسلم .يونس :هو ابن يزيد الأيلي. وأخرجه مسلم "1558"في المساقاة :باب استحباب الوضع من الدين، عن حرملة بن يحيين بهذا الإسناد.وأخرجه البخاري "471"في المساجد :باب رفع الصوت في المساجد، وأبو داود "3595"في الأقضية :باب في الصلح، والطبراني في "الكبير" "129"/19، والبغوي "2151"من طريق أحمد بن صالح، عن ابن وهب، به.وأخرجه أحمد 6/390، والدارمي 2/261، والبخاري "457"في المساجد :باب التقاضي والملازمة في المسجد، و "2418"في الخصومات :باب كلام الخصوم بعضهم في بعض، و "2710"في الصلح :باب الصلح بالدين والعين، ومسلم "21" "1558"، وابن ماجه "2449"في الأحكام :باب الحبس في الدين والملازمة، والطبراني "91/127"من طريق عثمان بن عمر وأخرجه الطبراني "128"/19من طريق الليث، كلاهما عن يونس الأيلي، به.واخرجه أحمد 454، والطبراني "126"/19من طريقين عن الزهري، به. وأخرجه أحمد "2424"/3

کِتَابُ الْحَجَرِ

کتاب: تصرف سے روکنے کے بارے میں روایات

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ إِذَا عَلِمَ مِنْ إِنْسَانٍ ضِدَّ الرُّشْدِ فِي أَسْبَابِهِ أَنْ يَحْجُرَ عَلَيْهِ

حاکم کے لیے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ' جب اسے کسی شخص کے بارے میں سمجھ بوجھ کم ہونے کا علم ہو' تو وہ اسے تصرف کرنے سے روک دے

5049 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو ثَوْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): أَنَّ رَجُلًا عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ يُبَايِعُ وَفِي عُقْدَتِهِ ضَعْفٌ، فَأَتَى أَهْلُهُ نَبِيَّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوا: يَا نَبِيَّ اللَّهِ احْجُرْ عَلَى فُلَانٍ، فَإِنَّهُ يُبَايِعُ، وَفِي عُقْدَتِهِ ضَعْفٌ، فَدَعَاهُ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَهَاهُ عَنِ الْبَيْعِ، فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللَّهِ لَا أَصْبِرُ عَنِ الْبَيْعِ، فَقَالَ نَبِيُّ اللَّهِ: إِنْ كُنْتَ غَيْرَ تَارِكٍ لِلْبَيْعِ، فَقُلْ هَاءً، وَهَاءً، وَلَا خِلَابَةَ

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں ایک شخص خرید و فروخت کیا کرتا تھا جس کی زبان میں لکنت تھی۔ اس کے اہل خانہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ انہوں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی آپ فلاں کو تصرف کرنے سے روک دیجئے کیونکہ وہ خرید و فروخت کرتا ہے اس کی قوت گویائی ٹھیک نہیں ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے بلایا اور خرید و فروخت کرنے سے منع کر دیا' تو اس نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! میرا خرید و فروخت کیے بغیر گزارا نہیں ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر تم نے خرید و فروخت ترک نہیں کرنی' تو پھر یہ کہہ دیا کرو: یہ ہے اور یہ ہے اور کوئی دھوکہ نہیں چلے گا۔

5049- إسناده صحيح قوي، أبو ثور واسمه إبراهيم بن خالد -ثقة، روى له أبو داود، وابن ماجه، ومن فوقه من رجال الصحيح، وعبد الوهاب بن عطاء سمع من سعيد هو ابن أبي عروبة قبل الاختلاط. وأخرجه أبو داود "3501" في البيوع :باب في الرجل يقول عند البيع :لا خلابة، عن أبي ثور، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 3/217، والدارقطني 3/55، وابن الجارود "568"، والحاكم 4/101، والبيهقي 6/62 من طرق عن عبد الوهاب، به .وصححه الحاكم على شرط الشيخين، ووافقه الذهبي . وأخرجه الترمذي "1250" في البيوع :باب ماجاء فيمن يخدع في البيع، والنسائي 7/252 في البيوع :باب الخديعة في البيع، وابن ماجه "2354" في الأحكام :باب الحجر على من يفسد ماله، من طريقين عن عبد الأعلى بن عبد الأعلى، عن سعيد بن أبي عروبة، به. وهذا سند صحيح .

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْإِمَامِ أَنْ يَحْجُرَ عَلَى مَنْ يَرَى ذٰلِكَ احْتِيَاطًا لَهُ مِنْ رَعِيَّتِهِ

حاکم کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ وہ اپنی رعایا میں سے جس شخص میں یہ صورتحال دیکھے اس کے حق میں احتیاط کے طور پر اسے تصرف سے روک دے

5050 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَرُزِّيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): أَنَّ رَجُلًا كَانَ يَبْتَاعُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ فِي عُقْدَتِهِ ضَعْفٌ، فَجَاءَ أَهْلُهُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ احْجُرْ عَلَى فُلَانٍ، فَإِنَّهُ يَبْتَاعُ، وَفِي عُقْدَتِهِ ضَعْفٌ، فَدَعَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَهَاهُ عَنِ الْبَيْعِ، فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ إِنِّي لَا أَصْبِرُ عَنِ الْبَيْعِ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنْ كُنْتَ غَيْرَ تَارِكٍ الْبَيْعَ، فَقُلْ هَاءً، وَهَاءً، وَلَا خِلَابَةَ

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں ایک شخص خرید و فروخت کیا کرتا تھا۔ اس کی زبان میں لکنت تھی۔ اس کے اہل خانہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ انہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! آپ فلاں کو تصرف کرنے سے روک دیں کیونکہ وہ خرید و فروخت کرتا ہے اس کی زبان میں لکنت ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے بلایا اور اسے خرید و فروخت کرنے سے منع کر دیا تو اس نے عرض کی: یا نبی اللہ میرا خرید و فروخت کیے بغیر گزارا نہیں ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر تم خرید و فروخت کو ترک نہیں کرتے، تو پھر یہ کہہ دیا کرو۔ یہ ہے اور یہ ہے اور کوئی دھوکہ نہیں چلے گا۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِمَعْنَى مَا أَوْمَأْنَا إِلَيْهِ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو اس معنی کے صراحت کرتی ہے جس کی طرف ہم نے اشارہ کیا ہے

5051 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْمَقَابِرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: وَأَخْبَرَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِينَارٍ، أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ، يَقُولُ:

5050– إسناده قوي على شرط مسلم، وهو مكرر ما قبله .وأخرجه أبو داود "3501"في البيوع :باب في الرجل يقول عند البيع :لاخلابة، عن محمد بن عبد الله الأرزي بهذا الإسناد.

5051– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير يحيى بن أيوب المقابري، فمن رجال مسلم . وأخرجه مسلم "1533"في البيوع :باب من ينخدع في البيع، عن يحيى بن أيوب المقابري، بهذا الإسناد .وعنده فكان إذا بايع يقول :لا خيانة .وأخرجه مسلم "1533"من طرق عن إسماعيل بن جعفر، به .وأخرجه عبد الرزاق "15337"، وأحمد 2/61و 72و80، والبخاري "2407"في الاستقراض :باب مانهي عن إضاعة المال، و "2414"في الخصومات :باب من رد أمر السفيه والضعيف العقل، ومسلم "1533"من طرق عن عبد الله بن دينار، به .وانظر ما بعده .

(متن حدیث): ذُكِرَ رَجُلٌ لِرَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ يُخْدَعُ فِي الْبُيُوعِ، فَقَالَ لَهُ: مَنْ بَايَعْتَ، فَقُلْ: لَا خِلَابَةَ، وَكَانَ إِذَا بَايَعَ، يَقُولُ: لَا خِلَابَةَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ایک شخص کا ذکر کیا گیا کہ اسے خرید وفروخت میں دھوکہ ہو جاتا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا جس کے ساتھ تم کوئی سودا کرو' تو یہ کہہ دو کہ کوئی دھوکہ نہیں چلے گا' تو جب وہ شخص کوئی سودا کرتا تھا' تو یہ کہہ دیتا تھا کوئی دھوکہ نہیں چلے گا۔

ذِكْرُ الْأَمْرِ لِلْمَحْجُورِ عَلَيْهِ عِنْدَ مُبَايَعَتِهِ، غَيْرَهُ الشَّيْءَ التَّافِهَ الَّذِي لَا يَجِدُ مِنْهُ بُدًّا أَنْ يَقُولَ لَا خِلَابَةَ لِئَلَّا يُخْدَعَ فِي بَيْعَتِهِ

جس شخص کو دوسرے کسی شخص کے ساتھ خرید وفروخت کرنے سے منع کیا گیا ہو اسے اس بات کا حکم

ہونے کا تذکرہ' اگر اس کے لیے خرید وفروخت زیادہ ضروری ہو' تو پھر وہ یہ کہہ دیا کرے کہ کوئی دھوکہ نہیں ہوگا تاکہ اس کے سودے میں اس کے ساتھ دھوکہ نہ ہو

5052 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِدْرِيسَ، أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

(متن حدیث): أَنَّ رَجُلًا ذُكِرَ لِرَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ يَنْخَدِعُ فِي الْبُيُوعِ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا بِعْتَ فَقُلْ: لَا خِلَابَةَ قَالَ: فَكَانَ الرَّجُلُ إِذَا ابْتَاعَ، يَقُولُ: لَا خِلَابَةَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ایک شخص کا ذکر کیا گیا جسے کاروبار میں دھوکہ ہو جاتا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم کوئی چیز فروخت کرو' تو یہ کہہ دو: کوئی دھوکہ نہیں چلے گا۔ راوی کہتے ہیں: تو جب وہ شخص کوئی چیز فروخت کرتا تھا' تو یہ کہہ دیتا تھا: کوئی دھوکہ نہیں چلے گا۔

5052– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو مكرر ما قبله، وهو في "الموطأ" 2/685 "في البيوع :باب جامع البيوع. من طريق مالك أخرجه البخاري "2117"في البيوع :باب ما يكره من الخداع في البيع، و "4964"في الحيل :باب ماينهى من الخداع في البيوع، أبو داود "3500"في البيوع :باب في الرجل يقول عند البيع لاخلابة، والنسائي 7/252 في البيوع :باب الخديعة في البيع، والبغوي ."2052"

بَابُ الْحَوَالَةِ

باب! حوالہ کا بیان

ذِكْرُ الْأَمْرِ بِالِاتِّبَاعِ لِمَنْ أُحِيلَ عَلَى مَلِيءٍ مَالَهُ

جس شخص کو وصولی کے لیے کسی دوسرے کے حوالے کیا جائے اسے دوسرے شخص کے پیچھے جانے کے حکم کا تذکرہ

5053 - (سندِ حدیث): أَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متنِ حدیث): مَطْلُ الْغَنِيِّ ظُلْمٌ، وَإِذَا أُتْبِعَ أَحَدُكُمْ عَلَى مَلِيءٍ فَلْيَتْبَعْ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''خوشحال شخص کا (ادائیگی میں) ٹال مٹول کرنا ظلم ہے اور جب کسی کو وصولی کے لئے کسی دوسرے کے سپرد کیا جائے، تو اسے اس (دوسرے شخص) کے پیچھے جانا چاہیے''۔

5053- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في "الموطأ 2/174 "في البيوع :باب جامع الدين والحوالة. ومن طريق مالك أخرجه الشافعي "245"برواية المزني، وأحمد 380 - 2/379و465، والبخاري "2287"في الحوالة :باب هل يرجع في الحوالة، ومسلم "1564"في المساقاة، باب تحريم مطل الغني، وأبو داود "3345"في البيوع :باب في المطل، والنسائي 7/317في البيوع :باب الحوالة، والطحاوي في "شرح مشكل الآثار4/8 "، والبيهقي 6/70، والبغوي "2152"وسيأتي عند المصنف برقم "5090"بهذا الإسناد والمتن وأخرجه عبد الرزاق "15356"، ووأحمد 2/463، والترمذي "1308"في البيوع: باب في مطل الغني أنه ظلم، الغني ابن ماجه "2403"في الصدقات :باب الحوالة، والطحاوي في "المشكل1/414 "، وابن الجارود "560"، والبيهقي 6/70من طرق عن أبي الزناد، به . وأخرجه عبد الرزاق "1556"، وأحمد 2/463، والترمذي "1308" في البيوع :باب في مطل الغني أنه ظلم، وابن ماجه "2403"في الصدقات :باب الحوالة، والطحاوي في "المشكل1/414 "، وابن الجارود "560"، والبيهقي 6/70من طرق عن أبي الزناد، به.

كِتَابُ الْكَفَالَةِ

کتاب! کفالت کے بارے میں روایات

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ ضَمَانِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَيْنَ مَنْ مَاتَ مِنْ اُمَّتِهٖ وَلَمْ يَتْرُكْ لَهٗ وَفَاءً اِذَا لَمْ يَكُنْ بِالْمُتَعَدِّىْ فِيْهِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' نبی اکرم ﷺ نے اس شخص کے قرض کی ادائیگی کی ضمانت دی

کہ آپ ﷺ کی امت کا جو شخص ایسی حالت میں فوت ہو کہ اس نے قرض کی ادائیگی کے لیے کوئی چیز نہ چھوڑی ہو جبکہ وہ اس بارے میں زیادتی کرنے والا نہ ہو

5054 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِیُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا اَبُوْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ تَرَكَ مَالًا، فَلِاَهْلِهٖ، وَمَنْ تَرَكَ دَيْنًا، فَاِلَیَّ وَعَلَیَّ

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص مال چھوڑ کر جائے گا وہ اس کے اہل خانہ کو ملے گا اور جو شخص قرض چھوڑ کر جائے وہ میری طرف آئے گا اور اس کی ادائیگی میرے ذمہ ہوگی۔''

5054– إسناده حسن، رجاله رجال الشيخين غير محمد بن عمرو، وهو ابن علقمة بن وقاص الليثي، فقد روى له البخاري مقروناً، ومسلم في المتابعات وهو صدوق .إسحاق بن إبراهيم :ابن راهويه .وقد تقدم الحديث بإسناد صحيح عند المصنف برقم "3063"و ."3834"

کِتَابُ الْقَضَاءِ

کتاب! (عدالتی) فیصلوں کے بارے میں روایات

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ مُنَاقَشَةِ اللّٰهِ فِي الْقِيَامَةِ الْحَاكِمَ الْعَادِلَ إِذَا كَانَ فِي الدُّنْيَا

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' جو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے اس عادل حکمران کے ساتھ مناقشہ کی صفت کے بارے میں ہے' جو شخص دنیا میں (قاضی کے فرائض سرانجام دیتا تھا)

5055 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الْعَلَاءِ الْيَشْكُرِيُّ، عَنْ صَالِحِ بْنِ سَرْجٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حِطَّانَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:

(متن حدیث): يُدْعَى بِالْقَاضِي الْعَادِلِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَيَلْقَى مِنْ شِدَّةِ الْحِسَابِ مَا يَتَمَنَّى، أَنَّهُ لَمْ يَقْضِ بَيْنَ اثْنَيْنِ فِي عُمْرِهِ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

"قیامت کے دن عادل قاضی کو بلایا جائے گا اور اس سے اتنی سختی سے حساب لیا جائے گا وہ یہ آرزو کرے گا کہ کاش اس نے اپنی پوری زندگی میں کبھی بھی دو آدمیوں کے درمیان کوئی فیصلہ نہ دیا ہوتا۔"

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ دُخُولِ الْمَرْءِ فِي قَضَاءِ الْمُسْلِمِينَ إِذَا عَلِمَ تَعَذُّرَ سُلُوكِ الْحَقِّ فِيهِ عَلَيْهِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی مسلمانوں کے معاملات کا فیصلہ کرنے میں داخل ہو' جبکہ اسے یہ علم ہو کہ اس بارے میں حق کے راستے پر چلنا اس کے لیے مشکل ہو گا

5056 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الْمَلِكِ بْنَ أَبِي جَمِيلَةَ، يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ وَهْبٍ،

5055– إسناده ضعيف. صالح بن سرج: لم يوثقه غير المؤلف 6/460، وباقي السند رجاله رجال الصحيح غير عمرو بن العلاء فقد روى عنه جمع وذكره المؤلف في "الثقات" 8/478. "أبو الوليد": هو هشام بن عبد الملك. وأخرجه أحمد 6/96 من طرق عن عمرو بن العلاء، بهذا الإسناد. وأورده الهيثمي في "المجمع 4/192"، ونسبه إلى أحمد، وقال: إسناده حسن.

(متن حدیث): اَنَّ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ، قَالَ لِابْنِ عُمَرَ: اذْهَبْ فَكُنْ قَاضِيًا، قَالَ اَوَ تُعْفِينِي يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ؟، قَالَ: اذْهَبْ، فَاقْضِ بَيْنَ النَّاسِ، قَالَ تُعْفِينِي يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ؟، قَالَ: عَزَمْتُ عَلَيْكَ اِلَّا ذَهَبْتَ فَقَضَيْتَ، قَالَ: لَا تَعْجَلْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ عَاذَ بِاللّٰهِ فَقَدْ عَاذَ مَعَاذًا، قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَاِنِّي اَعُوذُ بِاللّٰهِ، اَنْ اَكُونَ قَاضِيًا، قَالَ: وَمَا يَمْنَعُكَ، وَقَدْ كَانَ اَبُوكَ يَقْضِي؟، قَالَ: لِاَنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ كَانَ قَاضِيًا، فَقَضَى بِالْجَهْلِ، كَانَ مِنْ اَهْلِ النَّارِ، وَمَنْ كَانَ قَاضِيًا، فَقَضَى بِالْجَوْرِ كَانَ مِنْ اَهْلِ النَّارِ، وَمَنْ كَانَ قَاضِيًا عَالِمًا يَقْضِي بِحَقٍّ اَوْ بِعَدْلٍ، سَاَلَ التَّفَلُّتَ كَفَافًا، فَمَا اَرْجُو مِنْهُ بَعْدَ ذَا

قَالَ اَبُو حَاتِمٍ: ابْنُ وَهْبٍ هٰذَا هُوَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبِ بْنِ الْاَسْوَدِ الْقُرَشِيُّ مِنَ الْمَدِينَةِ رَوٰى عَنْهُ الزُّهْرِيُّ

✿✿ عبداللہ بن وہب بیان کرتے ہیں: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے فرمایا: تم جاؤ تم قاضی ہو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے عرض کی: اے امیر المومنین کیا آپ مجھے اس سے معاف نہیں رکھیں گے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا: تم جاؤ اور لوگوں کے درمیان فیصلہ کرو انہوں نے گزارش کی: اے امیر المومنین آپ مجھے اس سے معافی نہیں دیتے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا: میں تمہیں تاکید کر رہا ہوں کہ تم جاؤ اور فیصلہ کرو۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے عرض کی: آپ جلدی نہ کیجئے۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جو شخص اللہ کی پناہ لیتا ہے وہ ایک ایسی ذات کی پناہ لیتا ہے جس کی پناہ لی جاتی ہے''۔

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا: ٹھیک ہے۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا: تو میں اس بات سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں کہ میں قاضی بن جاؤں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا تم ایسا کیوں نہیں کرتے جبکہ تمہارے والد فیصلے دیا کرتے تھے۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے بتایا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جو شخص قاضی ہو اور علم نہ ہونے کے باوجود فیصلہ دے وہ اہل جہنم میں سے ہوگا اور جو شخص قاضی ہو کر ظلم کے مطابق فیصلہ دے وہ اہل جہنم میں سے ہوگا اور جو شخص قاضی ہو اور عالم بھی ہو اور حق کے ساتھ (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) انصاف کے ساتھ فیصلہ دے وہ بھی (قیامت کے دن) یہ آرزو کرے گا کہ اسے برابری کی بنیاد پر چھوڑ دیا جائے''۔

5056- إسناده ضعيف .عبد الملك بن أبي جميلة :لَمْ يُوَثِّقْهُ غير المؤلف 7/103، ولم يَروِ عنه غير معتمر بن سليمان، وقال حاتم :مجهول، وباقي رجاله ثقات .وعبد الله بن وهب :كذا وقع في الأصل "التقاسيم" 2/238 "وهب "بالواو، وقال في آخره :ابْنُ وَهْبٍ هَذَا :هُوَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وهب بن زمعة بْنِ الْاَسْوَدِ الْقُرَشِيُّ مِنَ الْمَدِينَةِ، رَوَى عَنْهُ الزهري قلت :هو ثقة، روى له الترمذي وابن ماجه وأخرجه الطبراني في "الكبير "13319" "عن إبراهيم بن هاشم البغوي، عن أمية بن بسطام، بهذا الإسناد. وقال في آخره :عبد الله بن وهب هذا :هو عندي عبد الله بن وهب بن زمعة، والله اعلم . وأخرجه أبو يعلى في "مسنده "ورقة 268/1عن شيبان، عن معتمر بن سليمان به .وأخرجه الترمذي "1322"في أول الأحاكم :باب ماجاء عن رسول الله صلى الله عليه وسلم.

(حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا) تو اب اس کے بعد میں کیا امید رکھ سکتا ہوں۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابن وہب نامی راوی عبداللہ بن وہب بن اسود قریشی ہے جس کا تعلق مدینہ منورہ سے ہے۔ ابن شہاب زہری نے اس کے حوالے سے روایات نقل کی ہیں۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنِ السَّبَبِ الَّذِيْ مِنْ اَجَلِهٖ اَنْزَلَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا (وَاِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ) (المائدة: 42)

اس سبب کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے یہ حکم نازل کیا ''اور اگر تم فیصلہ دو تو ان کے درمیان انصاف کے مطابق فیصلہ دو''

5057 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَتْ قُرَيْظَةُ، وَالنَّضِيرُ، وَكَانَتِ النَّضِيرُ اَشْرَفَ مِنْ قُرَيْظَةَ، قَالَ: وَكَانَ اِذَا قَتَلَ رَجُلٌ مِنْ قُرَيْظَةَ رَجُلًا مِنَ النَّضِيرِ قُتِلَ بِهٖ، وَاِذَا قَتَلَ رَجُلٌ مِنَ النَّضِيرِ رَجُلًا مِنْ قُرَيْظَةَ، وَدٰى مِائَةَ وَسْقٍ مِنْ تَمْرٍ، فَلَمَّا بُعِثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَتَلَ رَجُلٌ مِنَ النَّضِيرِ، رَجُلًا مِنْ قُرَيْظَةَ، فَقَالُوا: ادْفَعُوْهُ اِلَيْنَا نَقْتُلْهُ، فَقَالُوا: بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَتَوْهُ، فَنَزَلَتْ (وَاِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ) (المائدة: 42)، وَالْقِسْطُ النَّفْسُ، بِالنَّفْسِ، ثُمَّ نَزَلَتْ (اَفَحُكْمَ الْجَاهِلِيَّةِ يَبْغُوْنَ) (المائدة: 50)

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک قریظہ قبیلہ تھا اور ایک نضیر قبیلہ تھا۔ نضیر قبیلہ قریظہ قبیلے سے زیادہ معزز سمجھا جاتا تھا۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: بنو قریظہ سے تعلق رکھنے والا جب کوئی شخص بنو نضیر سے تعلق رکھنے والے کسی شخص کو قتل کر دیتا' تو اسے اس کے بدلے میں قتل کر دیا جاتا اور جب بنو نضیر سے تعلق رکھنے والا کوئی شخص بنو قریظہ سے تعلق رکھنے والے کسی شخص کو قتل کرتا' تو وہ کھجور کے ایک سو وسق دیت ادا کر دیتا جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو مبعوث کیا گیا' تو بنو نضیر سے تعلق رکھنے والے ایک شخص نے بنو قریظہ سے تعلق رکھنے والے ایک شخص کو قتل کر دیا۔ لوگوں نے کہا: تم لوگ اسے ہمارے حوالے کرو تا کہ ہم بھی اسے قتل کریں۔ ان لوگوں نے کہا: ہمارے اور تمہارے درمیان نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فیصلہ کریں گے' پھر وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی

5057- حديث قوى، رواية سماك عن عكرمة وإن كان فيها اضطراب -قد تابعهداود بن حصين، وباقى السند ثقات من رجال الشيخين غير على بن صالح، فمن رجال مسلم. وأخرجه أبو داود "4494"فى الديات :باب النفس بالنفس، وقد والنسائى 8/18 - 19فى القسامة :باب تأول وقول الله تعالى :(وَاِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ) ، والطبرى فى "جامع البيان" "11975"، والحاكم 4/366، والبيهقى 8/24، من طرق عن عبيد الله بن موسى، بهذا الإسناد، وصححه الحاكم، ووافقه الذهبى. وأخرجه أحمد 1/363، وأبو داود "3591"فى الأقضية :باب الحكم بين أهل الذمةن والنسائى 8/19، والطبرى "11974"من طرق عن ابن اسحاقن عن داود بن الحصين.

خدمت میں حاضر ہوئے تو اس بارے میں یہ آیت نازل ہوئی:

''اگر تم فیصلہ دیتے ہو تو ان کے درمیان انصاف کے مطابق فیصلہ دو۔''

یہاں انصاف سے مراد یہ ہے: جان کا بدلہ جان ہو پھر یہ آیت نازل ہوئی:

''کیا وہ زمانہ جاہلیت کے رواج کے مطابق فیصلہ چاہتے ہیں۔''

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ مَعُونَةِ الضُّعَفَاءِ وَاَخْذِ مَالِهِمْ مِنَ الْاَقْوِيَاءِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' آدمی پر یہ بات لازم ہے' وہ کمزور لوگوں کی مدد کرے اور طاقتور لوگوں سے ان (کمزوروں) کا مال وصول کرے

5058 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا رَجَعَتْ مُهَاجِرَةُ الْحَبَشَةِ، اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اَلَا تُحَدِّثُوْنِيْ بِاَعْجَبَ مَا رَاَيْتُمْ بِاَرْضِ الْحَبَشَةِ، قَالَ فِتْيَةٌ مِّنْهُمْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، بَيْنَا نَحْنُ جُلُوْسٌ مَرَّتْ عَلَيْنَا عَجُوْزٌ مِّنْ عَجَائِزِهِمْ، تَحْمِلُ عَلٰى رَاْسِهَا قُلَّةً مِنْ مَاءٍ، فَمَرَّتْ بِفَتًى مِنْهُمْ، فَجَعَلَ اِحْدٰى يَدَيْهِ بَيْنَ كَتِفَيْهَا، ثُمَّ دَفَعَهَا عَلٰى رُكْبَتَيْهَا، فَانْكَسَرَتْ قُلَّتُهَا، فَلَمَّا ارْتَفَعَتِ، الْتَفَتَتْ اِلَيْهِ، ثُمَّ قَالَتْ: سَتَعْلَمُ يَا غُدَرُ اِذَا وَضَعَ اللّٰهُ الْكُرْسِيَّ، وَجَمَعَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ، وَتَكَلَّمَتِ الْاَيْدِيْ وَالْاَرْجُلُ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ، فَسَوْفَ تَعْلَمُ اَمْرِيْ وَاَمْرَكَ عِنْدَهُ غَدًا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَدَقَتْ، ثُمَّ صَدَقَتْ، كَيْفَ يُقَدِّسُ اللّٰهُ قَوْمًا لَا يُؤْخَذُ لِضَعِيْفِهِمْ مِنْ شَدِيْدِهِمْ

❁❁ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب حبشہ کے مہاجرین واپس نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے' تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم لوگوں نے حبشہ کی سرزمین پر جو حیران کن بات دیکھی ہے اس بارے میں ہمیں کچھ بتاؤ' تو ان میں سے کچھ نوجوانوں نے عرض کی: یارسول اللہ (ﷺ)! ایک مرتبہ ہم بیٹھے ہوئے تھے۔ اسی دوران ایک بوڑھی عورت ہمارے پاس سے گزری۔ اس نے اپنے سر پر پانی کا مٹکا اٹھایا ہوا تھا وہ حبشیوں سے تعلق رکھنے والے ایک نوجوان کے پاس سے گزری' تو اس

5058- حديث قوي بشواهده .مسلم بن خالد بن وهو الزنجي -وإن كان سيء الحفظ وقد تابعه في المرفوع منه الفضل بن العلاء عند المؤلف في الرواية الآتية، وباقي رجاله ثقات من رجال الصحيح .ابن خثيم :هو عبد الله بن عثمان بن خثيم .وقال الإمام الذهبي في "العلو للعلي الغفار "ص68عن هذا الإسناد بعد أن ساقه :إسناده صالح .وأخرجه ابن ماجه "4010"في الفتن :باب الأمر بالمعروف والنهي عن المنكر، وأبو يعلى "2003"من طريقين عن يحيى بن سليمن عن ابن خثيم، بهذا الإسناد .وله شاهد من حديث بريدة عند البزار "1596"، والبيهقي في "السنن 6/95 "و10/94، وفي "الأسماء والصفات "ص404، وهو حسن في الشواهد، قال الهيثمي 5/208، ونسبة للبزار، وفيه عطاء بن السائب، وهو ثقة، لكنه اختلط، وبقية رجاله ثقات.

نوجوان نے اپنا ایک ہاتھ اس کے دونوں کندھوں کے درمیان رکھا اور پھر اسے گھٹنوں کے بل گرا دیا۔ اس عورت کا مٹکا ٹوٹ گیا' پھر وہ عورت کھڑی ہوئی اور اس نوجوان کی طرف متوجہ ہو کر اس نے کہا: اے نالائق عنقریب تم جان لو گے اللہ تعالیٰ جب کرسی کو رکھے گا اور تمام پہلے اور بعد والوں کو جمع کرے گا اس دن ہاتھ اور پاؤں اس بارے میں کلام کریں گے کہ انہوں نے کیا کچھ کیا اس وقت تم میرے اور اپنے معاملے کے بارے میں جان لو گے۔

تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس عورت نے سچ کہا ہے اس نے سچ کہا ہے اللہ تعالیٰ ایسی قوم کو کیسے پاک کر سکتا ہے' جس میں کمزور کے لئے طاقتور سے مواخذہ نہیں کیا جاتا۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّاْخُذَ لِلضَّعِيفِ مِنَ الْقَوِيِّ اِذَا قَدَرَ عَلٰى ذٰلِكَ

آدمی کو اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ' وہ طاقتور سے کمزور کا حق وصول کرے جبکہ وہ اس کی قدرت رکھتا ہو

5059 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ طَاهِرِ بْنِ اَبِي الدُّمَيْكِ بِبَغْدَادَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْعَلاءِ، حَدَّثَنَا ابْنُ خُثَيْمٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: كَيْفَ تُقَدَّسُ اُمَّةٌ لَا يُؤْخَذُ مِنْ شَدِيدِهِمْ لِضَعِيفِهِمْ؟

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''ایسی اُمت کو کیسے پاک کیا جا سکتا ہے جس میں کمزور کے لئے طاقتور سے مواخذہ نہ کیا جائے۔''

ذِكْرُ اِعْطَاءِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْحَاكِمَ الْمُجْتَهِدَ لِلّٰهِ وَلِرَسُولِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حُكْمِهِ اَجْرَيْنِ اِذَا اَصَابَ فِيهِ

اللہ تعالیٰ کا اس حاکم کو دوگنا اجر عطا کرنے کا تذکرہ' جو فیصلہ دیتے ہوئے اللہ اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کے بارے میں کوشش کرتا ہے' جبکہ اس کا فیصلہ درست بھی ہو

5060 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الشَّرْقِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الذُّهْلِيُّ، وَحَدَّثَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ

5059- رجاله رجال الصحيح غير الفضل بن العلاء، فقد روى له البخاري مقروناً بغيره وقال ابن معين: لابأس به، وقال علي بن المديني: ثقة. وانظر ما قبله. وأخرجه الخطيب البغدادي في "تاريخه 7/396" من طريق الحسن بن عمرو السبيعي، عن علي بن المديني، بهذا الإسناد.

يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ اَبِى بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، عَنْ اَبِى سَلَمَةَ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِذَا حَكَمَ الْحَاكِمُ فَاجْتَهَدَ فَاَصَابَ فَلَهُ اَجْرَانِ وَاِذَا حَكَمَ، فَاجْتَهَدَ، فَاَخْطَاَ فَلَهُ اَجْرٌ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ: مَا رَوٰى مَعْمَرٌ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، مُسْنَدًا، اِلَّا هٰذَا الْحَدِيْثَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جب کوئی قاضی فیصلہ کرتے ہوئے اجتہاد کرتا ہے اور درست فیصلہ کرتا ہے' تو اسے دو اجر ملتے ہیں اور جب وہ فیصلہ کرتے ہوئے اجتہاد کرتا ہے اور اس سے غلطی ہو جائے' تو اسے ایک اجر ملتا ہے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) معمر نے ثوری کے حوالے سے مسند روایت کے طور پر یہی روایت نقل کی ہے۔

ذِكْرُ كَتَبَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا لِلْحَاكِمِ الْمُجْتَهِدِ فِىْ قَضَائِهِ اَجْرًا وَاحِدًا اِذَا اَخْطَاَ فِيْهِ

اللہ تعالیٰ کا اس قاضی کے لیے ایک اجر نوٹ کرنے کا تذکرہ' جو اپنے فیصلے میں اجتہاد سے کام لیتا ہے اور اس میں غلطی کر جاتا ہے

5061 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ بَحْرِ بْنِ مُعَاذٍ الْبَزَّارُ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ:

5060- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير ابن أبي السرى، وهو محمد بن المتوكل، فمن رواة أبي داود، وقد تابعه عليه هنا محمد بن يحيى الذهلي، وهو ثقة من رجال البخاري .وأخرجه ابن الجارود "966"، والدارقطني 4/204من طريق محمد بن يحيى الذهلي بهذا الإسناد .وتابع الذهلي غير واحد عند الدارقطني.وأخرجه الترمذي "1326"في الأحكام :باب ماجاء في القاضي يصيب ويخطء، والنسائي 224 - 6/223في آداب القضاة :باب الإصابة في الحكم، والبيهقي 10/119من طرق عن عبد الرزاق، به.وأخرجه أحمد 4/198و - 204و205، والشافعي 177 - 2/176، والبخاري "7352"في الاعتصام :باب أجر الحاكم إذا اجتهد فأصاب أو أخطأ، ومسلم "1716"في الأقضية :باب بيان أجر الحاكم إذا اجتهد فأصاب أو أخطأ، وأبو داود "3574"في الأقضية :باب في القاضي يخطء، والنسائي في القضاء من "الكبرى "كما في "التحفة8/158 "، وابن ماجه "2314"في الأحكام :باب الحاكم يجتهد فيصيب الحق، والدارقطني 211 - 4/210و211، والبيهقي 10/119، والبغوي "2509"، وابن عبد البر في "جامع بيان العلم 2/71 "من طريق يزيد بن الهاد، عن أبي بكر بن محمد بن خزم، به.

5061- حديث صحيح .هشام بن عمار :حسن الحديث، روى له البخارين وقد توبعن ومن فوقه من رجال الشيخين . محمد بن إبراهيم :هو ابن الحارث بن خالد التيمي، وابن الهاد :هويزيد بن عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أُسَامَةَ بْنِ الْهَادِ الليثين وعبد العزيز بن محمد :هو الدراوردي .وأخرجه ابن ماجه "2314"في الأحكام :باب الحاكم يجتهد فيصيب الحق، عن هشام بن عمار، بهذا الإسناد .وأخرجه الشافعي 2/176، ومسلم "1716"في الأقضية :باب بيان أجر الحاكم إذا اجتهد فأصاب أو أخطأن وأبو داود "3574"في الأقضية :باب في القاضي يخطء، والدارقطني 211 - 4/210و211، والبغوي "2509"من طرق عن عبد العزيز بن محمد الدراوردين به .وأخرجه أحمد 4/198و204، والبخاري "7352"في الاعتصام :باب أجر الحاكم إذا اجتهد فأصاب أو أخطأ، ومسلم "1716"، والدارقطني 4/211، والبيهقي 119 - 10/118، وابن عبد البر في "جامع بيان العلم"وفضله 2/71 "من طرق عن يزيد بن الهاد، به.

حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ الْهَادِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ اَبِي قَيْسٍ، مَوْلَى عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، اَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:

(متن حدیث): اِذَا حَكَمَ الْحَاكِمُ فَاجْتَهَدَ فَاَصَابَ فَلَهُ اَجْرَانِ، وَاِذَا حَكَمَ، فَاجْتَهَدَ، فَاَخْطَاَ فَلَهُ اَجْرٌ

حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جب قاضی فیصلہ کرتے ہوئے اجتہاد کرے اور درست فیصلہ دے' تو اسے دو اجر ملتے ہیں اور جب وہ فیصلہ دیتے ہوئے اجتہاد کرے اور غلطی کرے' تو اسے ایک اجر ملتا ہے۔''

ذِكْرُ مَغْفِرَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا لِلْحَاكِمِ عَلٰى حُكْمِهِ مَا دَامَ يَتَجَنَّبُ الْحَيْفَ وَالْمَيْلَ فِيهِ

اللہ تعالیٰ کا اس قاضی کی مغفرت کرنے کا تذکرہ' جو فیصلہ کرتے ہوئے زیادتی کرنے اور کسی ایک جانب مائل ہونے سے اجتناب کرتا ہے

5062 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنِ ابْنِ اَبِي اَوْفٰى، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الْقَاضِي مَا لَمْ يَجُرْ *

حضرت عبداللہ بن ابواوفی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''بیشک اللہ تعالیٰ قاضی کے ساتھ ہوتا ہے' جب تک وہ ظلم نہ کرے۔''

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يَّحْكُمَ الْحَاكِمُ وَحَالَتُهُ غَيْرُ مُعْتَدِلَةٍ فِي الْاِعْتِدَالِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' کوئی قاضی کسی ایسی حالت میں فیصلہ دے جبکہ اس کی حالت معتدل نہ ہو

5063 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ [illegible] بِي عَوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي بَكْرَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

5062– إسناده حسن .عمران القطان :وهو ابن داورن روى له أصحاب السنن، وهو حسن الحديث، وباقي السند على شرطهما .ابن أبي أوفى :هو عبد الله، والشيباني الرواى عنه :هو سليمان بن أبي سليمن أبو اسحاق الشيباني .واخرجه الترمذي "1330"في الأحكام :باب ما جاء في الإمام العادل، عن أبي بكر العطار عبد القدوس بن محمد، والحاكم 93/4، والبيهقي 10/88 من طريق أبي قلابة عبد الملك بن محمد، كلاهما عن عمرو بن عاصم الكلابي، بهذا الإسناد .وزاد في آخره" :فإذا [illegible] خلى عنه ولزمه الشيطان "وقال الترمذي :هذا حديث حسن غريب لا نعرفه إلا من حديث عمران القطان، وصحح الحاكم إسناده [illegible] افقه الذهبي!

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث):لَا يَقْضِي الْقَاضِي بَيْنَ اثْنَيْنِ وَهُوَ غَضْبَانُ

عبدالرحمٰن بن ابوبکرا اپنے والد کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''کوئی بھی قاضی غصے کے عالم میں دو آدمیوں کے درمیان فیصلہ نہ دے۔''

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يَّحْكُمَ الْحَاكِمُ بَيْنَ الْمُسْلِمِيْنَ عِنْدَ تَغَيُّرِ طَبْعِهِ عَنْ عَادَتِهِ الَّتِيْ اعْتَادَهَا

❀❀ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا:

''جو شخص قسم اٹھائے اور وہ اس میں جھوٹا ہو' تو جب وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہوگا' تو اللہ تعالیٰ اس پر غضب ناک ہوگا۔''

اس پر اشعث نے یہ کہا اللہ کی قسم! یہ آیت میرے بارے میں نازل ہوئی تھی۔ میرے اور یہودیوں سے تعلق رکھنے والے ایک شخص کے درمیان زمین کا جھگڑا چل رہا تھا' تو اس نے مجھے وہ دینے سے انکار کیا۔ میں اسے لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تمہارے پاس کوئی ثبوت ہے۔ میں نے عرض کی: جی نہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہودی سے فرمایا تم قسم اٹھالو اشعث کہتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! یہ تو قسم اٹھالے گا اور میرا مال لے جائے گا' تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

''بے شک وہ لوگ جو اللہ کے نام کے عہد اور اس کی نام کی قسموں کے عوض میں تھوڑی قیمت حاصل کر لیتے ہیں۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مَنْ فَعَلَ هٰذَا الْفِعْلَ لِيُذْهِبَ بِهِ مَالَ اَخِيهِ يَلْقٰى رَبَّهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَهُوَ اَجْذَمُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' جو شخص یہ فعل اس لیے کرتا ہے' تاکہ وہ اپنے بھائی کا مال حاصل کرلے تو جب وہ قیامت کے دن اپنے پروردگار کی بارگاہ میں حاضر ہوگا' تو وہ جذام کا شکار ہوگا

5088 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ كُرْدُوسٍ التَّغْلِبِيِّ، عَنِ الْاَشْعَثِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متنِ حدیث): مَنْ حَلَفَ عَلٰى يَمِيْنِ صَبْرٍ لِيَقْتَطِعَ بِهَا مَالَ امْرِءٍ مُسْلِمٍ وَهُوَ فِيهَا فَاجِرٌ لَقِيَ اللّٰهَ اَجْذَمَ

❀❀ حضرت اشعث بن قیس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا:

''جو شخص جھوٹی قسم اٹھا کر اس کے ذریعے مسلمان کا مال ہڑپ کرنا چاہتا ہے اور وہ شخص اس قسم میں جھوٹا ہو' تو جب وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہوگا' تو وہ جذام کا شکار ہوگا۔''

5088- إسناده حسن كردوس والتغلبي، ويقال :العثلبي، روى عنه جمع، وذكره المؤلف في "ثقات 5/343 "وقال شيخ، وقد اختلف في اسم أبيه وتعيينه. وانظر ترجمته في "التهذيب432 - 8/431 "، وباقي رجاله ثقات. وأخرجه أحمد بن 5/212، والحاكم 4/295وصححه ووافقه الذهبي، عن وكيع، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/212و213 - 212، وأبو داود "3244" في الأيمان والنذور :باب فيمن حلف يميناً ليقتطع بها مالاً لأحد، والدولابي في "الكنى والأسماء 1/87 "، والطبراني "637"، والبيهقي 10/180، وابن الجارود "1005"من طرق عن الحارث بن سليمان، به.

بَابُ عُقُوبَةِ الْمَاطِلِ

(ادائیگی) میں ٹال مٹول کرنے والے کی سزا کا بیان

ذِكْرُ اسْتِحْقَاقِ الْمَاطِلِ إِذَا كَانَ غَنِيًّا لِلْعُقُوبَةِ فِي النَّفْسِ وَالْعَرْضِ لِمَطْلِهِ

ادائیگی میں ٹال مٹول کرنے والا شخص جب خوش حال ہو تو اس کے ٹال مٹول کرنے کی وجہ سے (اس کی) جان اور عزت کے حوالے سے سزا کے مستحق ہونے کا تذکرہ

5089 - (سندِحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا وَكِيْعٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَبْرُ بْنُ اَبِيْ دُلَيْلَةَ الطَّائِفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَيْمُوْنِ بْنِ مُسَيْكَةَ - وَاَثْنٰى عَلَيْهِ خَيْرًا - عَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيْدِ، عَنْ اَبِيْهِ،

(متنِ حدیث): عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِي: الْوَاجِدُ يُحِلُّ عِرْضَهُ وَعُقُوبَتَهُ

عمرو بن شرید اپنے والد کے حوالے سے نقل کرتے ہیں نبی اکرم ﷺ نے مجھ سے فرمایا:

''(قرض کی واپسی کے لئے اپنے پاس گنجائش) پانے والا شخص (ٹال مٹول کر کے) اپنی عزت اور سزا کو حلال کر دیتا ہے''۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ اَجْلِهَا اسْتَحَقَّ مَنْ وَصَفْنَا مَا ذَكَرْتُ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے وہ شخص اس بات کا مستحق ہوتا ہے جس کا ہم نے ذکر کیا ہے

5090 - (سندِحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ

5089– إسناده حسن، محمد بن ميمون :هو محمد بن عبد الله بن ميمون بن مسيكة الطائفي، نسبة المؤلف هنا إلى جده، أثنى عليه وبر بن أبي دليلة خيراً كما في سند المؤلف، وقال أبو حاتم :روى عنه الطائفيون، وذكره المؤلف في "الثقات 7/370"، وباقي رجاله ثقات .وأخرجه النسائي 7/316 - 317 في البيوع :باب مطل الغني، عن إسحاق بن إبراهيم، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 4/222 و388، وابن ماجه "2427" في الصدقات :باب الحبس في الدين والملازمة عن وكيع، به. وأخرجه أحمد 4/389، والطحاوي في "مشكل الآثار 1/413 "، والطبراني "7249"، والحاكم 4/102، والبيهقي 6/51 من طريق أبي عاصم الضحاك بن مخلد، وأبو داود "3628" في الأقضية :باب في الحبس في الدين وغيره، والنسائي 7/316، والبيهقي من طريق عبد الله بن المبارك، والطبراني "7250"، والبيهقي 6/51 من طريق سفيان، ثلاثتهم عن وبر بن أبي دليلة، به ورواية سفيان عند البيهقي: "عن وبر بن أبي دليلة عن فلان بن فلان "وسماه البيهقي محمد بن عبد الله بن ميمون بن مسيكة وصححه الحاكم ووافقه الذهبي.

اَبِی الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متنِ حدیث):مَطْلُ الْغَنِيِّ ظُلْمٌ، وَاِذَا اُتْبِعَ اَحَدُكُمْ عَلٰى مَلِيءٍ فَلْيَتْبَعْ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''خوشحال شخص کا (ادائیگی کرنے میں) ٹال مٹول کرنا ظلم ہے اور جب کسی شخص کو (اپنے مال کی وصولی کے لئے) کسی دوسرے شخص کے سپرد کیا جائے' تو وہ اسے قبول کر لے۔''

5090- إسناده صحيح على شرطهما .وقد تقديم برقم ."5053"

كِتَابُ الصُّلْحِ

کتاب! صلح کے بارے میں روایات

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ جَوَازِ الصُّلْحِ بَيْنَ الْمُسْلِمِينَ مَا لَمْ يُخَالِفِ الْكِتَابَ اَوِ السُّنَّةَ اَوِ الْإِجْمَاعَ

باب! اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' مسلمانوں کے درمیان صلح جائز ہے' جب تک وہ کتاب یا سنت یا اجماع کے خلاف نہ ہو

5091 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَتْحِ السِّمْسَارُ بِسَمَرْقَنْدَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الدَّارِمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الطَّاطَرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، حَدَّثَنِي كَثِيرُ بْنُ زَيْدٍ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ رَبَاحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): الصُّلْحُ جَائِزٌ بَيْنَ الْمُسْلِمِينَ اِلَّا صُلْحًا اَحَلَّ حَرَامًا اَوْ حَرَّمَ حَلَالًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''مسلمانوں کے درمیان (ہر قسم کی) صلح جائز ہے' ماسوائے اس صلح کے' جو حرام کو حلال قرار دیدے یا حلال کو حرام قرار دیدے۔''

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ لُزُومِ اِصْلَاحِ ذَاتِ الْبَيْنِ بَيْنَ الْمُسْلِمِينَ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' آدمی پر یہ بات لازم ہے وہ مسلمانوں کے

5091- إسناده حسن . كثير بن زيد :هو الأسلمي، مختلف فيه، وهو حسن الحديث لابأس به .وباقي رجاله ثقات رجال الصحيح غير الوليد بن رباحن وهو صدوق. والطاطرى :نسبة لمن يبيع الكرابيس والثياب البيض بمصر ودمشق. وأخرجه أبو داود "3594"في الأقضية :باب في الصلح، والبيهقي 6/65 .عن أحمد بن عبد الواحد، عن مروان بن محمد، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 2/366، وأبو داود "3594"، والدارقطني 3/27، والحاكم 2/49، والبيهقي 6/64من طريقين عن سليمان بن بلالن به . وبعضهم يزيد فيه على بعض ولم يذكر فيه الحاكم شيئاً، وقال الذهبي :ولم يصححه، وكثير ضعفه النسائي ومشاة غيره. وأخرجه ابن الجاورد "638"، والبيهقي 6/63و79، من طريقين عن كثير بن زيد به . وأخرجه الدارقطني 3/27، والحاكم 2/50من طريق عبد الله بن الحسين المصيصي، عن عفان، عن حماد بن زيد عن ثابت، عن أبي رافع، عن أبي هريرة .وقال الحاكم :صحيح على شرط الشيخين وهو معروف بعبد الله بن الحسين المصيصي، وهوثقة، وتعقبه الذهبي بقوله :قلت قال :ابن حبان :يسرق الحديث.

درمیان صلح صفائی کروائے

5092 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو مُعَاوِيَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ اُمِّ الدَّرْدَاءِ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اَلَا اُخْبِرُكُمْ، بِاَفْضَلَ مِنْ دَرَجَةِ الصِّيَامِ، وَالْقِيَامِ؟ ، قَالُوا: بَلٰى يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: اِصْلَاحُ ذَاتِ الْبَيْنِ، وَفَسَادُ ذَاتِ الْبَيْنِ هِيَ الْحَالِقَةُ

سیدہ امّ درداء رضی اللہ عنہا' حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''کیا میں تمہیں درجے کے اعتبار سے (نفلی) روزے اور قیام سے زیادہ افضل عمل کے بارے میں نہ بتاؤں؟ لوگوں نے عرض کی: جی ہاں' یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں کے درمیان صلح کروانا' اورلوگوں کے درمیان فساد کروانا سر مونڈنے والا ہے (یعنی خرابی پیدا کرنے والی چیز ہے)

ذِكْرُ السَّبَبِ الَّذِي مِنْ اَجْلِهِ، اَنْزَلَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا (وَاَصْلِحُوْا ذَاتَ بَيْنِكُمْ) (الأنفال: 1)

اس سبب کا تذکرہ جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی: ''اپنے درمیان صلح رکھو''

5093 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، قَالَ: سَمِعْتُ دَاوُدَ بْنَ اَبِي هِنْدٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ اَتٰى مَكَانَ كَذَا، وَكَذَا، اَوْ فَعَلَ كَذَا، وَكَذَا، (فَلَهُ كَذَا، وَكَذَا) ، فَتَسَارَعَ اِلَيْهِ الشُّبَّانُ، وَبَقِيَ الشُّيُوخُ، تَحْتَ الرَّايَاتِ ، فَلَمَّا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ، جَاءُوا يَطْلُبُونَ، مَا قَدْ جَعَلَ لَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُمُ الْاَشْيَاخُ: لَا تَذْهَبُونَ بِهِ دُونَنَا، فَاِنَّا كُنَّا رِدْءًا لَكُمْ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ، هٰذِهِ الْاٰيَةَ (فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَصْلِحُوْا ذَاتَ بَيْنِكُمْ) (الأنفال: 1)

5092– إسناده صحيح على شرطهما .أبو معاوية :هو محمد بن خازم الضرير . وأخرجه أحمد 445 - 6/444، وأبو داود "4919"في الأدب :باب إصلاح ذات البين والترمذي "2509"في صفة الجنة :باب سوء ذات البين هي الحالقة، والبخاري في "الأدب المفرد"391" "، والبغوي "3538"من طرق عن أبي معاوية، بهذا الإسناد .وقال الترمذي :حديث صحيح.

5093– إسناده صحيح على شرط مسلم .معتمر :هو ابن سليمان. وأخرجه الطبراني "15650"عن محمد بن عبد الأعلى، بهذا الإسناد. وأخرجه النسائي في التفسير من "الكبرى "كما في "التحفة5/132 "، والحاكم 327 - 2/326، والبيهقي 6/315 و 316 - 315من طريقين عن المعتمرين بن سليمان، به .وصححه الحاكم ووافقه الذهبي وأخرجه ابن أبي شيبة 14/356ن وأبو داود "2737"و "2738"و "2739"في الجهاد :باب في النفل، والطبري "15651"و"15652"، والبيهقي 6/292، وفي "دلائل النبوة3/135 "، والحاكم 132 - 2/131من طرق عن داود بن أبي هند، به .وصححه الحاكم ووافقه الذهبي.

❁❁ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص فلاں اور فلاں جگہ پر جائے گا اور ایسا اور ایسا کرے گا' تو اسے یہ اور یہ ملے گا' تو نوجوان لوگ تیزی سے وہاں پہنچ گئے جبکہ عمر رسیدہ لوگ باقی رہ گئے۔ وہ جھنڈوں کے نیچے ہی رہے' جب اللہ تعالیٰ نے انہیں فتح عطا کر دی' تو وہ لوگ اس چیز کو حاصل کرنے کے لئے آئے جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے لئے مقرر کی تھی' تو عمر رسیدہ افراد نے ان سے کہا تم ہمیں چھوڑ کر اسے نہیں لے جا سکتے کیونکہ ہم تمہارے پشت پناہ تھے' تو اللہ تعالیٰ نے اس بارے میں یہ آیت نازل کی:

''تم اللہ سے ڈرو اور آپس میں صلح کرو۔''

كِتَابُ الْعَارِيَةِ

کتاب! عاریت (کے طور پر کوئی چیز لینے) کے بارے میں روایات

ذِكْرُ حُكْمِ الْعَارِيَةِ، وَالْمِنْحَةِ

عاریت اور (عارضی استعمال کے لیے) دودھ دینے والا جانور دینے کا تذکرہ

5094 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ الصُّوفِيُّ، حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ خَارِجَةَ، حَدَّثَنَا الْجَرَّاحُ بْنُ مَلِيحٍ الْبَهْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ حُرَيْثٍ الطَّائِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا اُمَامَةَ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متنِ حدیث): اَلْعَارِيَةُ مُؤَدَّاةٌ وَالْمِنْحَةُ مَرْدُودَةٌ، وَمَنْ وَجَدَ لِقْحَةً مُصَرَّاةً، فَلَا يَحِلُّ لَهُ صِرَارُهَا حَتّٰى يُرِيَهَا

✿✿ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

5094- إسناده قوي، حاتم بن حريث الطائين روى له أبو داود، والنسائي، وابن ماجه، وقال أبو حاتم :شيخ، وذكره المؤلف في "الثقات"، وقال ابن عديّ :لابأس به، وقال ابن سعد :كان معروفاً .وقول يحيى بن معين فيه :لاأعرف رده عليه عثمان بن سعيد الدارمي بقوله :شامي ثقة، وبهذا النقول يتبين لك أن قول الحافظ فيه :مقبولن غير مقبولن وباقي رجاله ثقات . وأبو أمامة :هوصدى بن عجلان الباهلي . وأخرجه النسائي في العارية من "الكبرى "كما في "التحفة 4/161 "عن عمرو بن منصور عن الهيثم بن خارجة، بهذا الإسناد، دون قوله" :ومن وجد لقحه مصراة ....". وأخرجه كذلك الطبراني "7637"من طريق هشام بن عمار، عن الجراح بن مليح البهراني، به. وأخرجه أحمد 5/267، وعبد الرزاق "14796"و"16308"، والطيالسي "1128"، وأبو داود "3565"في البيوع والإجارات :باب في تضمين العارية، والترمذي "1265"في البيوع :باب ماجاء في أن العارية مؤداة، و "2120"في الوصايا :باب ماجاء لاوصية لوارث، وابن ماجه "2398"في الصدقات :باب العارية، والطبراني "7615" "7621"والبيهقي 6/88، والبغوي "2162"من طرق عن إسماعيل بن عياش، عن شرحبيل بن مسلم، عن أبي أمامة بلفظ : "العارية مؤداة، والمنحة مردودة، والدين مقضي، والزعيم غارم"، وشرحبيل بن مسلم وإن كان فيه لين فقد تابعه صفوان الأصم الطائي عند الطبراني، وحاتم بن حريث في حديث الباب وغيرهما. وأخرجه الطبراني "7647"من طريق خراش، و "7648"من طريق أبي عامر الهوزني، كلاهما عن أبي أمامة. وقال البغوي :واختلف أهل العلم في ضمان العارية، فذهب جماعة من أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وغيرهم إلى أنها مضمونة على المستعير، روى ذلك عن ابن عباس وأبي هريرةن وهوقول عطاء ، وبه قال الشافعي وأحمد "قلت :وقال أحمد في رواية :إن شرط المعير الضمان كانت مضمونة، والإفهي أمانة ."وذهب جماعة إلى أنها أمانة في يد المستعير إلا أن يعتدى فيها فيضمن بالتعدى، يروى ذلك عن علي وابن مسعودن وهو قول شريح، والحسن، وإبراهيم النخعي، وبه قال سفيان الثوري، وأصحاب الرأي، وإسحاق بن راهويه، وقال مالك :إن ظهر هلاكه، ولم يضمن وإن خفي هلاكه، ضمن

"عاریت کے طور پر لی ہوئی چیز واپس ادا کی جاتی ہے اور عاریت کے طور پر لیا ہوا (جانور) لوٹایا جائے گا' جو شخص کوئی ایسی تھیلی پاتا ہے' جس کا منہ بندھا ہوا ہو' تو اس کے لئے اسے کھولنا اس وقت تک جائز نہیں ہے' جب تک وہ اس کا اعلان نہیں کر دیتا۔"

ذِكْرُ اِيجَابِ الْجَنَّةِ لِلْمَانِحِ الْمَنِيحَةَ ابْتِغَاءَ وَجْهِ اللّٰهِ وَطَلَبَ الثَّوَابِ

ایسے شخص کے لیے جنت واجب ہونے کا تذکرہ' جو دودھ دینے والا جانور عطیے کے طور پر دیتا ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول اور ثواب کے حصول کے لیے ایسا کرتا ہے

5095 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ، حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، حَدَّثَنِي حَسَّانُ بْنُ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِي كَبْشَةَ السَّلُولِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَرْبَعُوْنَ حَسَنَةً اَعْلَاهُنَّ مِنْحَةُ الْعَنْزِ، لَا يَعْمَلُ عَبْدٌ بِخَصْلَةٍ مِّنْهَا رَجَاءَ ثَوَابِهَا، وَتَصْدِيقًا بِمَوْعُودِهَا، اِلَّا اَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"چالیس نیکیاں ہیں جن میں سب سے بڑی یہ ہے' دودھ دینے والے جانور کو عاریت کے طور پر دے دیا جائے۔"

جو شخص ثواب کی امید رکھتے ہوئے اور اس کے وعدے کی تصدیق کرتے ہوئے ان (چالیس نیکیوں) میں سے جس بھی نیکی پر عمل کرے گا' تو اللہ تعالیٰ اسے جنت میں داخل کرے گا۔

ذِكْرُ تَفَضُّلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عَلَى الْمَانِحِ الْمَنِيحَةَ وَالْهَادِي الزُّقَاقَ بِكَتْبِهِ اَجْرَ نَسَمَةٍ لَوْ تَصَدَّقَ بِهَا

(عارضی استعمال کے لیے) کسی کو دودھ دینے والا جانور عطیے کے طور پر دینے والے شخص یا

راستے کی رہنمائی کرنے والے شخص پر اللہ تعالیٰ کا یہ فضل کرنے کا تذکرہ اگر وہ صدقے کے طور پر ایسا کرتا ہے' تو اس کے لیے ایک جان (کو آزاد کرنے) کا ثواب نوٹ کیا جاتا ہے

5095– إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي كبشة السلولي، فمن رجال البخاري. الوليد: هو ابن مسلم، وقد صرح بالتحديث، والأوزاعي: هو عبد الرحمن بن عمرو. وأخرجه أحمد 2/160 عن الوليد بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/194و196، والبخاري "2631"في الهبة: باب فضل المنيحة، وأبو داود "1683"في الزكاة: باب في المنيحة، والحاكم 4/234، والبيهقي 184، والبغوي "1664"من طرق عن الأوزاعي، به قال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه، ووافقه الذهبي!

5096 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ السَّخْتِيَانِيُّ، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ زُبَيْدًا الْاِيَامِيَّ، يُحَدِّثُ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْسَجَةَ، عَنِ الْبَرَاءِ،

(متنِ حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ مَنَحَ مَنِيحَةً، اَوْ سَقٰى لَبَنًا، اَوْ اَهْدٰى زُقَاقًا كَانَ لَهُ عِتْقُ رَقَبَةٍ، اَوْ نَسَمَةٍ

❁❁ حضرت براء رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص (کوئی جانور) عاریت کے طور پر دیتا ہے یا دودھ پلاتا ہے یا راستے کی رہنمائی کرتا ہے' تو اسے گردن (راوی کو شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہیں) جان کو آزاد کرنے کا ثواب ملتا ہے۔''

5096- إسناده قوي، رجاله ثقات رجال الشيخين غير شيبان بن أبي شيبة، فمن رجال مسلم، وعبد الرحمن بن عوسجة، روى له أصحاب السنن وأخرجه أحمد 4/285و 296و 300و 304والترمذي "1957"والبر والصلة :باب ماجاء في المنحة، والخطابي في "غريب الحديث 1/728 "، والبغوي "1663"من طرق عن طلحة بن مصرف بهذا الأسناد . وقال الترمذي :حسن صحيح. وأخرجه أحمد 287 - 4/286من طريق فنان بن عبد الله النهمي عن عبد الرحمن بن عوسجة، به . وفي باب من حديث النعمان بن بشير أخرجه أحمد 4/272، وإسناده حسن على شرط مسلم.

كِتَابُ الْهِبَةِ

کتاب! ہبہ کے بارے میں روایات

5097 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ النُّعْمَانِ، وَحُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ،

(متن حدیث): أَنَّ بَشِيرَ بْنَ سَعْدٍ، جَاءَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: إِنِّي نَحَلْتُ ابْنِي هٰذَا، هٰذَا الْعَبْدَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَوَكُلَّ وَلَدِكَ نَحَلْتَ هٰذَا؟، قَالَ: لَا، قَالَ: فَارْدُدْهُ

✿✿ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت بشیر بن سعد رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ انہوں نے عرض کی: میں نے اپنے اس بیٹے کو یہ غلام عطیے کے طور پر دیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم نے اپنی تمام اولاد کو اسی طرح عطیہ دیا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جی نہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو تم اسے واپس لے لو۔

ذِكْرُ الْأَمْرِ بِالتَّسْوِيَةِ بَيْنَ الْأَوْلَادِ فِي النَّحْلِ إِذْ تَرْكُهُ حَيْفٌ

عطیہ دیتے ہوئے اولاد میں برابری کرنے کا حکم ہونے کا تذکرہ کیونکہ ایسا نہ کرنا ظلم ہوگا

5098 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَسَدٍ بِفَمِ الصِّلْحِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ الْفَضْلِ الْخُرَقِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا فِطْرُ بْنُ خَلِيفَةَ، عَنْ أَبِي الضُّحَى، قَالَ: سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِيرٍ، يَقُولُ:

(متن حدیث): انْطَلَقَ بِي أَبِي إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيُشْهِدَهُ، عَلَى عَطِيَّةٍ يُعْطِينِيهَا، فَقَالَ: هَلْ لَكَ، وَلَدٌ غَيْرُهُ؟، قَالَ: قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: سَوِّ بَيْنَهُمْ

✿✿ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میرے والد مجھے ساتھ لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں تشریف لے گئے تاکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس عطیے کے بارے میں گواہ بنالیں جو انہوں نے مجھے دیا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا

5097- إسناده صحيح على شرطهما .والقعنبي :هو عبد الله بن مسلمة، وحميد بن عبد الرحمن :هو ابن عوف الزهري المدني . وأخرجه مسلم "1623" "11" في الهبات :باب كراهية تفضيل بعض الأولاد في الهبة، من طريقين عن الليث، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 4/268و 270 - 270، ومسلم "1623"و "10"و"11"، وعبد الرزاق "16491"و "16492" و"16493"، والحميدي "922"، وابن أبي شيبة 11/220، والترمذي "1367"في الأحكام :باب ماجاء في النحل والتسوية بين الولد، والنسائي 6/258و 259 - 258في أول كتاب النحل، وابن ماجه "2376"في الهبات :باب الرجل ينحل ولده والدارقطني 3/42، وابن الجارود "991"، والطحاوي 4/84و87، والبيهقي 6/176و 178من طرق عن ابن شهاب، به.

تمہاری اس کے علاوہ اور اولاد ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: پھر (عطیہ دینے میں) تم ان کے درمیان برابری رکھو۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ' جو ہمارے مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

5099 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ مُوْسٰى، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ فِطْرٍ، عَنْ مُّسْلِمِ بْنِ صُبَيْحٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِيْرٍ، وَهُوَ يَخْطُبُ، يَقُوْلُ: انْطَلَقَ بِيْ اَبِيْ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيُشْهِدَهُ عَلٰى عَطِيَّةٍ اَعْطَانِيْهَا، فَقَالَ: هَلْ لَكَ بَنُوْنَ سِوَاهُ؟ ، قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: سَوِّ بَيْنَهُمْ

❁❁ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ نے خطبہ دیتے ہوئے یہ بات بیان کی میرے والد مجھے ساتھ لے کر نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں گئے تاکہ وہ نبی اکرم ﷺ کو اس عطیے کے بارے میں گواہ بنالیں جو انہوں نے مجھے دیا تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کیا تمہارے اس کے علاوہ اور بھی بیٹے ہیں؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: پھر تم ان کے درمیان برابری کرو۔

ذِكْرُ لَفْظَةٍ اَوْهَمَتْ عَالِمًا مِنَ النَّاسِ اَنَّ الْاِيْثَارَ فِي النَّحْلِ بَيْنَ الْاَوْلَادِ جَائِزٌ

ان الفاظ کا بیان جس نے ایک عالم کو غلط فہمی کا شکار کیا کہ اولاد کے درمیان عطیہ میں کسی کے ساتھ ترجیحی سلوک کرنا جائز ہے

5100 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَمُحَمَّدُ بْنُ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ

(متن حدیث): اَنَّ اَبَاهُ اَتٰى بِهٖ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنِّيْ نَحَلْتُ ابْنِيْ هٰذَا غُلَامًا كَانَ لِيْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَكُلَّ وَلَدِكَ نَحَلْتَهُ مِثْلَ هٰذَا؟ ، فَقَالَ: لَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَارْجِعْهُ

❁❁ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ان کے والد انہیں ساتھ لے کر نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں گئے۔

5099- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير فِطرن وهو ابن خليفة، فقد روى له البخارى حديثاً واحداً قرنه بغيره، وروى له أصحاب السنن.عبد الله :هو ابن المبارك.وأخرجه النسائى 6/262عن محمد بن حاتم، عن حبان بن موسى، بهذا الإسناد.

5100- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو فى "الموطأ 752 - 2/751 "فى الأقضية :باب مالا يجوز من النحل. ومن طريق مالك أخرجه البخارى "2586"فى الهبة :باب الهبة للولدن ومسلم "9" "1623"، والنسائى 6/258، والطحاوى 4/84ن والبغوى "2202"، والبيهقى 6/176 .

انہوں نے عرض کی: میں نے اپنے اس بیٹے کو اپنا غلام عطیے کے طور پر دیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم نے اپنی تمام اولاد کو اسی طرح عطیہ دیا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جی نہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر تم اسے واپس لے لو۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَارْجِعْهُ اَرَادَ بِهٖ لِاَنَّهُ غَيْرُ الْحَقِّ

اس بات کا تذکرہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''تم اسے واپس لو'' اس کے ذریعے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد یہ ہے: یہ چیز حق کے خلاف ہے

5101 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَتِ امْرَاَةُ بَشِيْرٍ: انْحَلِ ابْنِيْ هٰذَا غُلَامًا، وَاَشْهِدْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ - يَعْنِيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ -: اَلَهُ اِخْوَةٌ؟ ، قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَاَعْطَيْتَ كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمْ مِثْلَ مَا اَعْطَيْتَهُ؟ ، فَقَالَ: لَا، فَقَالَ: لَا يَصْلُحُ هٰذَا، وَاِنِّيْ لَا اَشْهَدُ اِلَّا عَلَى الْحَقِّ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت بشیر رضی اللہ عنہ کی اہلیہ نے کہا: آپ میرے اس بیٹے کو غلام عطیے کے طور پر دیں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بارے میں گواہ بنالیں' تو انہوں نے یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کے والد سے) دریافت کیا: کیا اس کے اور بھی بھائی ہیں؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم نے ان میں سے ہر ایک کو اسی طرح عطیہ دیا ہے' جس طرح اسے دیا ہے؟ انہوں نے عرض کی: جی نہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ درست نہیں ہے اور میں صرف حق بات پر گواہ بنتا ہوں۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُصَرِّحِ بِنَفْيِ جَوَازِ الْاِيْثَارِ فِي النَّحْلِ بَيْنَ الْاَوْلَادِ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات کی صراحت کرتی ہے' اولاد کو عطیہ دیتے ہوئے ان میں سے کسی ایک کے ساتھ ترجیحی سلوک کرنا جائز نہیں ہے

5102 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ،

(متن حدیث): اَنَّ اَبَاهُ اَعْطَاهُ غُلَامًا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا هٰذَا الْغُلَامُ؟ ، قَالَ: غُلَامٌ

5101- حديث صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير ابى الزبير، فقد روى له البخارى مقروناً، واحتج به مسلم وغيره . وأخرجه أبو داود "3545"في البيوع والإجارات :باب فى الرجل يفضل بعض ولده فى النُحل، وعن محمد بن رافع، يحيى بن آدم، بهذا الإسناد، وأخرجه أحمد 3/326، ومسلم "1624"في الهبات :باب كراهة تفضيل بعض الأولاد فى الهبة، والطحاوى 4/87، والبيهقى 6/177من طرقن عن زهير بن معاوية .به.

اَعْطَانِيهِ اَبِي، قَالَ: فَكُلُّ اِخْوَتِكَ اَعْطَاهُ كَمَا اَعْطَاكَ؟ ، قَالَ: لَا، قَالَ: فَارْدُدْهُ ، وَقَالَ لِاَبِيهِ: لَا تُشْهِدْنِي عَلَى جَوْرٍ

❁❁ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ان کے والد نے انہیں غلام عطیے کے طور پر دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا یہ کس کا غلام ہے۔ انہوں نے جواب دیا: یہ وہ غلام ہے' جو میرے والد نے مجھے عطا کیا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا انہوں نے تمہارے تمام بھائیوں کو اسی طرح عطا کیا ہے' جس طرح تمہیں عطا کیا ہے؟ حضرت نعمان رضی اللہ عنہ نے عرض کی: جی نہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر تم اسے واپس کر دو۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے والد سے فرمایا: تم کسی زیادتی کے کام میں مجھے گواہ نہ بناؤ۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِاَنَّ الْاِيثَارَ بَيْنَ الْاَوْلَادِ غَيْرُ جَائِزٍ فِي النَّحْلِ

اس دوسری روایت کا تذکرہ' جو اس بات کی صراحت' کرتی ہے' عطیہ دیتے ہوئے اولاد میں سے کسی ایک کے ساتھ ترجیحی سلوک کرنا جائز نہیں ہے

5103 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ مُوسَى، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَبُو حَيَّانَ التَّيْمِيُّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلَتْ اُمِّي اَبِي بَعْضَ الْمَوْهِبَةِ مِنْ مَالِهِ فَالْتَوَى بِهِ سَنَةً، ثُمَّ بَدَا لَهُ، فَوَهَبَهَا لِي، وَاَنَّهَا قَالَتْ: لَا اَرْضَى حَتَّى تُشْهِدَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ اُمَّ هٰذَا بِنْتَ رَوَاحَةَ، قَاتَلَتْنِي مُنْذُ سَنَةٍ عَلَى بَعْضِ مَوْهِبَةٍ لِابْنِي هٰذَا، وَقَدْ بَدَا لِي، فَوَهَبْتُهَا لَهُ، وَقَدْ اَعْجَبَهَا، اَنْ تُشْهِدَكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَقَالَ: يَا بَشِيرُ، اَلَكَ وَلَدٌ سِوَى هٰذَا؟ ، قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: لَا تُشْهِدْنِي عَلَى جَوْرٍ

❁❁ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میری والدہ نے میرے والد سے یہ گزارش کی کہ وہ اپنے مال میں سے

5102- إسناده صحيح على شرطهما، أبو خيثمة :هو زهير بن حرب، وجرير :هو ابن عبد الحميد الضبي، وعاصم :هو ابن سليمان الأحوال، والشعبي :هو عامر بن شراحيل . وأخرجه مسلم "1623" "16" في الهبات :باب كراهة تفضيل بعض الأولاد في الهبة، والدارقطني 3/42 من طريقين عن جرير، بهذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق "16494"، والطيالسي "789"، وأحمد 4/270 و273، وابن أبي شيبة 220 - 11/219، الحميدي "919"، والبخاري "2587" في الهبة :باب الإشهاد في الهبة، ومسلم "13" "1623" و "18" وأبو داود "3542" في البيوع والإجازات :باب في الرجل يفضل بعض ولده في النحل، والدارقطني 3/42، والطحاوي 4/86، والبيهقي 6/176 و 177 و 178 من طرق عامر الشعبي به.

5103- إسناده صحيح على شرط الشيخين .عبد الله :هو ابن المبارك، وأبو حيان التيمي :اسمه يحيى بن سعيد بن حيان. وأخرجه البخاري "2650" في الشهادات :باب لايشهد على شهادة جور إذا أشهد، البيهقي 6/176، عن عبد الله بن عثمان عبدان، عن عبد الله، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 4/268، وابن أبي شيبة 11/220، ومسلم "14" "1623" في الهبات :باب كراهية تفضيل بعض الأولاد في الهبة، والنسائي 6/260 في أول كتاب النحل، من طرق عن أبي حيان التيمي، به.

کوئی چیز مجھے ہبہ کر دیں۔ وہ ایک سال تک اسے ملتوی کرتے رہے' پھر انہیں یہ مناسب لگا انہوں نے وہ چیز مجھے ہبہ کر دی۔ میری والدہ نے یہ کہا میں اس وقت تک راضی نہیں ہوں گی' جب تک آپ نبی اکرم ﷺ کو اس بارے میں گواہ نہیں بنا لیتے' تو حضرت بشیر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ (ﷺ)! اس لڑکے کی والدہ جو رواحہ کی صاحب زادی ہے۔ وہ ایک سال سے مجھے یہ کہہ رہی تھیں میں اپنے اس بیٹے کو کوئی چیز ہبہ کروں اب مجھے مناسب لگا' تو میں نے اسے ہبہ کر دیا۔ اس عورت کی یہ خواہش ہے' یا رسول اللہ (ﷺ)! آپ اس کے گواہ بن جائیں۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: اے بشیر کیا تمہاری اس کے علاوہ اور اولاد بھی ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: پھر تم کسی زیادتی کے کام میں مجھے گواہ نہ بناؤ۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَالِثٍ يُصَرِّحُ بِاَنَّ الْإِيثَارَ بَيْنَ الْاَوْلَادِ فِي النَّحْلِ حَيْفٌ غَيْرُ جَائِزٍ اسْتِعْمَالُهُ

اس تیسری روایت کا تذکرہ' جو اس بات کی صراحت کرتی ہے' عطیہ دیتے ہوئے اولاد کے درمیان کسی ایک کے ساتھ ترجیحی سلوک کرنا زیادتی ہے اور اس پر عمل کرنا جائز نہیں ہے

5104 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مُغِيْرَةَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): طَلَبَتْ عَمْرَةُ بِنْتُ رَوَاحَةَ، اِلٰى بَشِيْرِ بْنِ سَعْدٍ، اَنْ يَّنْحِلَنِيَ، نَحْلًا مِنْ مَالِهٖ، وَاَنَّهُ اَبٰى عَلَيْهَا، ثُمَّ بَدَا لَهٗ بَعْدَ حَوْلٍ، اَوْ حَوْلَيْنِ، اَنْ يَّنْحَلَنِيهِ، فَقَالَ لَهَا: الَّذِيْ سَاَلْتِ لِابْنِيْ كُنْتُ مَنَعْتُكِ، وَقَدْ بَدَا لِيْ، اَنْ اَنْحَلَهٗ اِيَّاهُ، قَالَتْ: لَا وَاللّٰهِ، لَا اَرْضٰى، حَتّٰى تَاْخُذَ بِيَدِهٖ، فَتَنْطَلِقَ بِهٖ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَتُشْهِدَهُ، قَالَ: فَاَخَذَ بِيَدِيْ، فَانْطَلَقَ بِيْ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَصَّ عَلَيْهِ الْقِصَّةَ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ لَكَ مَعَهٗ وَلَدٌ غَيْرُهٗ؟ ، قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَهَلْ آتَيْتَ كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمْ مِثْلَ الَّذِيْ آتَيْتَ هٰذَا؟ ، قَالَ: لَا، قَالَ: فَاِنِّيْ لَا اَشْهَدُ عَلٰى هٰذَا، هٰذَا جَوْرٌ اَشْهِدْ عَلٰى هٰذَا غَيْرِيْ، اعْدِلُوْا بَيْنَ اَوْلَادِكُمْ، فِي النَّحْلِ كَمَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يَّعْدِلُوْا بَيْنَكُمْ فِي الْبِرِّ، وَاللُّطْفِ

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَوْلُهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَشْهِدْ عَلٰى هٰذَا غَيْرِيْ ، اَرَادَ بِهِ الْاِعْلَامَ، بِنَفْيِ جَوَازِ اسْتِعْمَالِ الْفِعْلِ، الْمَاْمُوْرِ بِهٖ لَوْ فَعَلَهٗ، فَزَجَرَ عَنِ الشَّيْءِ، بِلَفْظِ الْاَمْرِ بِضِدِّهٖ، كَمَا قَالَ لِعَائِشَةَ: اشْتَرِطِيْ لَهُمُ الْوَلَاءَ ، فَاِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ اَعْتَقَ

5104– إسناده صحيح على شرطهما . جرير :هو ابن عبد الحميد الضبين ومغيرة :هو ابن مقسم الضبي. وأخرجه البيهقي 6/178عن أبي الربيعن عن جرير، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 4/270، وابو داود "3542في البيوع والإجازات :في الرجل يفضل بعض ولده في النحل، عن هشيم، عن مغيرة ,به.

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: (میری والدہ) عمرہ بنت رواحہ نے (میرے والد) حضرت بشیر بن سعد سے یہ کہا کہ وہ اپنے مال میں سے مجھے (یعنی حضرت نعمان بن بشیر کو) کوئی عطیہ دیں' لیکن انہوں نے اس خاتون کی بات تسلیم نہیں کی۔ ایک یا دو سال گزرنے کے بعد انہیں یہ مناسب لگا' تو انہوں نے مجھے ایک عطیہ دے دیا۔ انہوں نے اس خاتون سے کہا تم نے جو میرے بیٹے کے بارے میں درخواست کی تھی اسے میں نے پورا نہیں کیا تھا۔ اب مجھے یہ مناسب لگا کہ میں اسے عطیہ دے دوں۔ اس خاتون نے کہا: جی نہیں اللہ کی قسم میں اس وقت تک راضی نہیں ہوں گی' جب تک آپ اس کا ہاتھ پکڑ کر اسے ساتھ لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس نہیں جاتے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بات کا گواہ نہیں بناتے۔ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے میرا ہاتھ پکڑا اور مجھے ساتھ لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گئے اور آپ کو پورا واقعہ سنایا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے دریافت کیا: کیا تمہاری اس کے علاوہ اور اولاد بھی ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: جس طرح تم نے اسے دیا ہے۔ اسی طرح ان میں سے ہر ایک کو بھی دیا ہے۔ انہوں نے عرض کی: جی نہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر میں اس بات کا گواہ نہیں بنتا یہ زیادتی ہے' تم میرے علاوہ کسی اور کو گواہ بنالو تم لوگ اپنی اولاد کے درمیان عطیات کے حوالے سے انصاف سے کام لو جس طرح تم لوگ اس بات کو پسند کرتے ہو کہ وہ نیکی اور بھلائی کے حوالے سے تمہارے ساتھ انصاف سے کام لے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''میرے علاوہ کسی اور کو گواہ بنالو''۔ اس کے ذریعے اس بات کی اطلاع دینا مراد ہے' اگر وہ یہ فعل کر لیتے ہیں' تو اس پر عمل کرنا جائز نہیں ہوگا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس چیز کی ممانعت اس کے متضاد کا حکم دینے کے الفاظ کے ذریعے کی ہے' جس طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا تھا: تم (ولاء) کی شرط ان کے لئے رہنے دو کیونکہ ولاء کا حق آزاد کرنے والے کو ملتا ہے۔''

ذِكْرُ خَبَرٍ رَابِعٍ يَدُلُّ عَلٰى اَنَّ الْاِيْثَارَ فِي النَّحْلِ مِنَ الْاَوْلَادِ غَيْرُ جَائِزٍ

اس چوتھی روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' عطیہ دینے میں اولاد کے ساتھ ترجیحی سلوک کرنا جائز نہیں ہے

5105 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَحْمُوْدِ بْنِ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ، خَتَنُ ابْنِ الْمُبَارَكِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ عَامِرٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ، قَالَ:

5105- حديث صحيح، عمرو بن صالح :ذكره المؤلف في ثقة 8/486 وقال :عمرو بن صالح الصائغ المروزي أبو حفص، ويروي عن ابن المبارك، حدثنا عنه الحسن بن سفيان وعبد الله بن محمود وإبراهيم بن المغيرة :ذكره المؤلف في "ثقاته" 6/25 وقال :يروي عن الأعمش ومسعر روى عنه عمرو بن صالح المراوزة وأولاده وأورده ابن أبي حاتم في "الجرح والتعديل 2/136 "وقال :ختن علي بن الحسين بن واقد وكلاهما متابع ومن فوقهما ثقات على شرط الشيخين. وأخرجه مسلم "15" "1623"في الهبات :باب كراهية تفضيل بعض الأولاد في الهبة عن ابن نمير عن أبيه عن إسماعيل، بهذا الإسناد.

(متن حدیث): اَتَی رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، بَشِیْرُ بْنُ سَعْدٍ، فَقَالَ: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ عَمْرَةَ بِنْتَ رَوَاحَةَ اَرَادَتْنِیْ اَنْ اَتَصَدَّقَ عَلٰی ابْنِهَا بِصَدَقَةٍ، وَاَمَرَتْنِیْ اَنْ اُشْهِدَكَ عَلَیْهَا، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ لَكَ بَنُوْنَ سِوَاهُ؟ ، قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَكُلُّهُمْ اَعْطَیْتَهُمْ، مِثْلَ مَا اَعْطَیْتَ هٰذَا؟ ، قَالَ: لَا، قَالَ: فَلَا تُشْهِدْنِیْ عَلٰی جَوْرٍ

❁❁ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت بشیر بن سعد رضی اللہ عنہ کے پاس تشریف لائے تو انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! (میری بیوی) عمرہ بنت رواحہ نے یہ ارادہ کیا کہ میں اس کے بیٹے کو کوئی چیز عطیے کے طور پر دوں۔ اس نے مجھے کہا ہے' میں آپ کو اس بات پر گواہ بنالوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا تمہارے اس کے علاوہ اور بھی بچے ہیں۔ انہوں نے عرض کی: جی ہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم نے ان سب کو عطیہ دیا ہے' جس طرح تم نے اسے عطیہ دیا ہے۔ اس نے عرض کی: جی نہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر تم زیادتی کے کام میں مجھے گواہ نہ بناؤ۔

ذِكْرُ خَبَرٍ خَامِسٍ يُصَرِّحُ بِتَرْكِ اسْتِعْمَالِ الْإِيثَارِ لِلْمَرْءِ فِي النَّحْلِ بَيْنَ وَلَدِهِ

اس پانچویں روایت کا تذکرہ' جو اس بات کی صراحت کرتی ہے' آدمی اپنی اولاد کو عطیہ دیتے ہوئے کسی کے ساتھ ترجیحی سلوک نہیں کرے گا

5106 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ الْحَنْظَلِیُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِیْلُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ اَبِیْ هِنْدٍ، عَنِ الشَّعْبِیِّ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِیْرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّ اَبِیْ نَحَلَنِیْ كَذَا، وَكَذَا، فَاَتٰی بِیْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، لِیُشْهِدَهُ، فَقَالَ: اَكُلَّ وَلَدِكَ اَعْطَیْتَ، مِثْلَ مَا اَعْطَیْتَ؟ ، فَقَالَ: لَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَشْهِدْ عَلٰی هٰذَا غَیْرِیْ، هٰذَا جَوْرٌ ثُمَّ قَالَ: اَتُحِبُّوْنَ اَنْ یَكُوْنُوْا فِی الْبِرِّ سَوَاءً؟ ، قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَلَا اِذًا

❁❁ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میرے والد نے مجھے فلاں' فلاں چیز عطیے کے طور پر دی وہ مجھے ساتھ لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئے تا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بارے میں گواہ بنالیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم نے اپنی تمام اولاد کو اسی طرح عطیہ دیا ہے' جس طرح اسے دیا ہے۔ انہوں نے عرض کی: جی نہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری بجائے کسی اور کو گواہ بنالو یہ ظلم ہے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم اس بات کو پسند کرتے ہو کہ تمہاری تمام اولاد تمہارے ساتھ نیکی

5106– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير داود بن أبي هند، فمن رجال مسلم. إسماعيل بن إبراهيم: هو ابن علية. وأخرجه مسلم "17" "1623" عن إسحاق بن إبراهيم الحنظلي، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 4/269 و270، ومسلم "17" "1623"، وأبو داود "3542" في البيوع والإجارات: باب في الرجل يفضل بعض ولده في النحلن والنسائي 6/259 و260 في أول كتاب النحل، وابن ماجه "2375" في الهبات: باب الرجل ينحل ولدهن والطحاوي 4/86، وابن الجارود "992" والدارقطني 3/42، والبيهقي 6/177 من طرق عن داود بن أبي هند، به.

کرنے میں برابر ہو۔ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: پھر یہ درست نہیں ہے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ سَادِسٍ يُصَرِّحُ بِاَنَّ الْإِيثَارَ فِي النَّحْلِ بَيْنَ الْاَوْلَادِ غَيْرُ جَائِزٍ

اس چھٹی روایت کا تذکرہ' جو اس بات کی صراحت کرتی ہے' اولاد کو عطیہ دیتے ہوئے کسی کے ساتھ ترجیحی سلوک کرنا جائز نہیں ہے

5107 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: قَرَاْتُ عَلَى الْفُضَيْلِ، عَنْ اَبِيْ حَرِيزٍ، اَنَّ عَامِرًا، حَدَّثَهُ اَنَّ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِيرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّ وَالِدِي بَشِيرَ بْنَ سَعْدٍ، اَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ عَمْرَةَ بِنْتَ رَوَاحَةَ نُفِسَتْ بِغُلَامٍ، وَاِنِّيْ سَمَّيْتُهُ نُعْمَانَ، وَاِنَّهَا اَبَتْ اَنْ تُرَبِّيَهُ حَتّٰى جَعَلْتُ لَهُ حَدِيقَةً لِيْ اَفْضَلَ مَالِيْ هُوَ، وَاِنَّهَا قَالَتْ: اَشْهِدِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى ذٰلِكَ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ لَكَ وَلَدٌ غَيْرُهُ؟ ، قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: لَا تُشْهِدْنِيْ، اِلَّا عَلٰى عَدْلٍ، فَاِنِّيْ لَا اَشْهَدُ عَلٰى جَوْرٍ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: تَبَايُنُ الْاَلْفَاظِ فِيْ قِصَّةِ النَّحْلِ الَّذِيْ ذَكَرْنَاهُ قَدْ يُوهِمُ عَالِمًا مِنَ النَّاسِ اَنَّ الْخَبَرَ فِيهِ تَضَادٌّ وَتَهَاتُرٌ، وَلَيْسَ كَذٰلِكَ، لِاَنَّ النَّحْلَ مِنْ بَشِيرٍ لِابْنِهِ كَانَ فِيْ مَوْضِعَيْنِ مُتَبَايِنَيْنِ، وَذَاكَ اَنَّ اَوَّلَ مَا وَلَدَ النُّعْمَانُ اَبَتْ عَمْرَةُ اَنْ تُرَبِّيَهُ حَتّٰى يَجْعَلَ لَهُ بَشِيرٌ حَدِيقَةً، فَفَعَلَ ذٰلِكَ، وَاَرَادَ الْإِشْهَادَ عَلٰى ذٰلِكَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُشْهِدْنِيْ اِلَّا عَلٰى عَدْلٍ، فَاِنِّيْ لَا اَشْهَدُ عَلٰى جَوْرٍ ، عَلٰى مَا فِيْ خَبَرِ اَبِيْ حَرِيزٍ، تُصَرِّحُ هٰذِهِ اللَّفْظَةُ، اَنَّ الْحَيْفَ فِي النَّحْلِ بَيْنَ الْاَوْلَادِ غَيْرُ جَائِزٍ، فَلَمَّا اَتٰى عَلَى الصَّبِيِّ مُدَّةٌ، قَالَتْ عَمْرَةُ لِبَشِيرٍ: انْحَلِ ابْنِيْ هٰذَا فَالْتَوٰى عَلَيْهِ سَنَةً اَوْ سَنَتَيْنِ عَلٰى مَا فِيْ خَبَرِ، اَبِيْ حَيَّانَ التَّيْمِيِّ، وَالْمُغِيرَةِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، فَنَحَلَهُ غُلَامًا، فَلَمَّا جَاءَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لِيُشْهِدَهُ، قَالَ: لَا تُشْهِدْنِيْ عَلٰى جَوْرٍ ، وَيُشْبِهُ اَنْ يَكُوْنَ النُّعْمَانُ، قَدْ نَسِيَ الْحُكْمَ الْاَوَّلَ، اَوْ تَوَهَّمَ اَنَّهُ قَدْ نُسِخَ، وَقَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا

5107– أبو حريز بوزن عظيم :-اسمه عبد الله بن الحسين الأزدي، مختلف فيه، وثقه أبو زرعة، وابن معين في رواية ابن أبي خيثمة، والمؤلف، وقال وأبو حاتم :حسن الحديث، ليس بمنكر الحديث، يكتب حديثه، وضعفه النسائي، وابن معين في رواية معاوية بن صالح، وقال ابن عدي :عامة مايرويه لايتابعه عليه احد وقال الجوزجاني :غير محمود في الحديث، وقال الدارقطني : يعتبر به وقال الذهبي في "الكاشف :"مختلف فيه، وقد وثق، وقال الحافظ في "التقريب "صدوق يخطء. قلت :وقد خالف في هذا الحديث من هو أوثق منه في نوع العطية وزمنها، فجعل العطية حديقة، وجعل زمنها الولادةن بينما الروايات المقدمة وكلها صحيحة تنص على أن العطية كانت غلاماً، وأنها حصلت والنعمان بن بشير غلام. والجمع بين الروايتين كما فعل المؤلف وغيره إنما يصار إليه إذا كانتا في الصحة في مرتبة واحدةن وهذا مفقود هنان فالصواب تضعيف هذه الرواية بأبي حريز والاعتماد على الروايات السابقة التي رواها الثقات.

تُشْهِدْنِيْ عَلٰى جَوْرٍ ، فِي الْكَرَّةِ الثَّانِيَةِ زِيَادَةُ تَاكِيْدٍ فِيْ نَفْيِ جَوَازِهِ، وَالدَّلِيْلُ عَلٰى اَنَّ النَّحْلَ فِي الْغُلَامِ لِلنُّعْمَانِ كَانَ ذٰلِكَ، وَالنُّعْمَانُ مُتَرَعْرِعٌ، اَنَّ فِيْ خَبَرِ عَاصِمٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ: مَا هٰذَا الْغُلَامُ؟ ، قَالَ: غُلَامٌ اَعْطَانِيْهِ اَبِيْ، فَدَلَّتْكَ هٰذِهِ اللَّفْظَةُ، عَلٰى اَنَّ هٰذَا النُّحْلَ غَيْرُ النُّحْلِ الَّذِيْ فِيْ خَبَرِ، اَبِيْ حَرِيْزٍ، فِي الْحَدِيْقَةِ، لِاَنَّ ذٰلِكَ عِنْدَ امْتِنَاعِ عَمْرَةَ، عَنْ تَرْبِيَةِ النُّعْمَانِ عِنْدَمَا وَلَدَتْهُ، ضِدَّ قَوْلِ مَنْ زَعَمَ، اَنَّ اَخْبَارَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، تَتَضَادُّ، وَتَهَاتَرُ، وَاَبُوْ حَرِيْزٍ، كَانَ قَاضِيَ سِجِسْتَانَ

✿✿ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میرے والد حضرت بشیر بن سعد رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! (میری اہلیہ) عمرہ بنت رواحہ کے ہاں بچہ پیدا ہوا میں نے اس کا نام نعمان رکھا۔ اس نے اس بچے کو پالنے پوسنے سے انکار کر دیا' جب تک میں اس بچے کو اپنا وہ باغ نہیں دیتا جو سب سے بہترین مال ہے اور اس عورت نے یہ کہا کہ آپ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بارے میں گواہ بنالیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بشیر رضی اللہ عنہ سے کہا: کیا تمہاری اس کے علاوہ اور اولاد بھی ہے۔ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم مجھے صرف انصاف کے کام میں گواہ بناؤ۔ میں زیادتی کے کام میں گواہ نہیں بنتا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) عطیہ دینے کا یہ جو واقعہ ہم نے ذکر کیا ہے اس کے الفاظ میں اختلاف پایا جاتا ہے' جس نے ایک عالم کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ اس روایت میں شاید اختلاف پایا جاتا ہے' حالانکہ ایسا نہیں ہے۔ کیونکہ یہ عطیہ حضرت بشیر نے اپنے بیٹے کو دیا تھا یہ دو مختلف مقامات پر منقول ہیں۔ وہ یوں کہ جب پہلی مرتبہ حضرت نعمان پیدا ہوئے' تو ان کی والدہ سیدہ عمرہ نے ان کی تربیت کرنے سے اس وقت تک انکار کر دیا' جب تک حضرت بشیر انہیں کوئی باغ عطیے کے طور پر نہیں دیتے' تو انہوں نے ایسا ہی کیا۔ انہوں نے اس بارے میں گواہ بنانے کا ارادہ کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم صرف انصاف کے کام پر مجھے گواہ بناؤ کیونکہ میں زیادتی کے کام میں گواہ نہیں بنتا۔ جیسا کہ ابوحریز نامی راوی کی روایت میں یہ بات مذکور ہے اور یہ الفاظ اس بات کی صراحت کرتے ہیں' عطیہ دیتے ہوئے اولاد کے ساتھ امتیازی سلوک کرنا درست نہیں ہے' پھر جب بچہ بڑا ہو گیا' تو عمرہ نے حضرت بشیر سے کہا آپ میرے اس بیٹے کو کوئی عطیہ دیجئے' تو وہ ایک سال یا دو سال تک اس کو ملتوی کرتے رہے۔ جیسا کہ ابوحیان تیمی اور مغیرہ کی شعبی کے حوالے سے نقل کردہ روایت میں یہ بات مذکور ہے پھر انہوں نے اسے غلام عطیہ کر دیا جب وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے تاکہ انہیں اس بارے میں گواہ بنائیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ظلم کے کام میں مجھے گواہ نہ بناؤ' تو اس بات کا احتمال موجود ہے' حضرت نعمان رضی اللہ عنہ پہلا حکم بھول چکے ہوں' یا انہیں یہ غلط فہمی ہوئی ہو کہ وہ حکم منسوخ ہو گیا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''تم ظلم کے کام میں مجھے گواہ نہ بناؤ''۔ یہ دوسری مرتبہ اس کام کے جائز ہونے کی نفی میں زیادہ تاکید پیدا کرنے کے لئے ہوا اور اس بات کی دلیل کہ غلام کی صورت میں دیا جانے والا عطیہ بھی حضرت نعمان رضی اللہ عنہ کو ہی دیا گیا تھا یہ ہے' عاصم نے امام شعبی کے حوالے سے روایت نقل کی ہے اس میں یہ بات مذکور ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت نعمان رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا یہ غلام کہاں سے آیا ہے۔ انہوں نے کہا: یہ وہ غلام ہے' جو میرے والد نے مجھے عطا کیا ہے' تو یہ الفاظ آپ کی رہنمائی اس بات کی طرف کریں گے کہ یہ عطیہ اس

عطیے کے علاوہ تھا جس کا ذکر ابوحریز کی نقل کردہ روایت میں کیا گیا ہے' جو باغ کے بارے میں ہے کیونکہ (حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کی والدہ) عمرہ کا ان کی تربیت کرنے سے انکار کرنا اس وقت تھا' جب ان کی پیدائش ہوئی تھی۔ یہ بات اس شخص کے موقف کے برخلاف ہے' جو اس بات کا قائل ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے منقول روایات متضاد ہیں اور ان میں اختلاف پایا جاتا ہے۔

ابوحریز نامی راوی بجستان کے قاضی تھے۔

ذِكْرُ مَا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ قَبُولِ مَا يُهْدِى اَخُوهُ الْمُسْلِمُ اِيَّاهُ اِذَا تعَرَّى عَنْ عِلَّتَيْنِ فِيْهِ

اس بات کا تذکرہ' آدمی پر یہ بات لازم ہے' وہ اس چیز کو قبول کر لے جو اس کے مسلمان بھائی نے اس کو تحفے کے طور پر دی ہو جب کہ اس میں دو علتیں نہ ہوں (جن کا ذکر درج ذیل حدیث میں ہے)

5108 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ بِبُسْتَ، اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ مُوْسَى بْنِ خَتٍّ، حَدَّثَنَا الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِى اَيُّوْبَ، حَدَّثَنِى اَبُو الْاَسْوَدِ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ عَدِيِّ الْجُهَنِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): مَنْ بَلَغَهُ مَعْرُوْفٌ عَنْ اَخِيهِ مِنْ غَيْرِ مَسْاَلَةٍ، وَلَا اِشْرَافِ نَفْسٍ، فَلْيَقْبَلْهُ، وَلَا يَرُدَّهُ

حضرت خالد بن زید جہنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جس شخص کو اپنے بھائی کی طرف سے مانگے بغیر اور لالچ کے بغیر کوئی بھلائی (یعنی مال و دولت وغیرہ) ملے اسے اس کو قبول کر لینا چاہئے اسے وہ واپس نہیں کرنا چاہئے۔''

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ رَدِّ الْمَرْءِ الطِّيبَ، اِذَا عُرِضَ عَلَيْهِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی خوشبو (کا تحفہ) قبول نہ کرے جب وہ اس کے سامنے پیش کیا جائے

5109 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِى اَيُّوْبَ، قَالَ حَدَّثَنِى جَعْفَرُ بْنُ رَبِيعَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ، عَنْ

5108– إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير يحيى بن موسى بن ختن فمن رجال البخاري . المقبرء :هو أبو عبد الرحمن عبد الله بن يزيدن وأبو الأسود :هو محمد بن عبد الرحمن بن نوفل يتيم عروة .وقد تقدم برقم "3404".

رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث):مَنْ عُرِضَ عَلَيْهِ طِيبٌ، فَلَا يَرُدَّهُ، فَإِنَّهُ خَفِيفُ الْمَحْمَلِ، طَيِّبُ الرَّائِحَةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جس شخص کو خوشبو دی جائے وہ اسے واپس نہ کرے کیونکہ اس کا وزن بھی زیادہ نہیں ہوتا اور خوشبو بھی پاکیزہ ہوتی ہے۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْءَ وَاِنْ كَانَ خَيِّرًا فَاضِلًا اِذَا اُهْدِىَ اِلَيْهِ شَىْءٌ وَاِنْ كَانَ قَلِيلًا عَلَيْهِ قَبُولُهُ وَالْاِفْضَالُ مِنْهُ عَلٰى غَيْرِهٖ دُوْنَ الْاِزْدِرَاءِ بِالشَّىْءِ الْيَسِيْرِ، وَالتَّاَمُّلِ لِلشَّىْءِ الْكَثِيْرِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' آدمی اگرچہ نیک اور فضیلت والا ہو اور پھر اسے کوئی چیز تحفے کے طور پر

پیش کی جائے' تو اگرچہ وہ چیز تھوڑی ہو اسے قبول کرنا اس پر لازم ہے اور اس میں سے کچھ چیز دوسروں پر بھی خرچ کرنی چاہیے تاہم آدمی کو اس بارے میں تھوڑی چیز کو لینے میں ہچکچاہٹ نہیں کرنی چاہیے اور زیادہ چیز کے حصول کا خواہش مند نہیں ہونا چاہیے

5110 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْحَسَنِ الْعَطَّارُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِى، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سِمَاكُ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث):كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ دَارِ اَبِىْ اَيُّوْبَ، فَاُتِىَ بِطَعَامٍ فِيْهِ ثُوْمٌ، فَلَمْ يَاْكُلْ مِنْهُ وَاَرْسَلَ بِهٖ اِلٰى اَبِىْ اَيُّوْبَ، فَلَمْ يَاْكُلْ مِنْهُ اَبُوْ اَيُّوْبَ، اِذْ لَمْ يَرَ فِيْهِ اَثَرَ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ اَتَاهُ، فَسَاَلَهُ عَنْهُ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَحَرَامٌ هُوَ؟، قَالَ: لَا، وَلٰكِنْ كَرِهْتُهُ مِنْ اَجْلِ الرِّيحِ ، فَقَالَ: اِنِّىْ اَكْرَهُ مَا كَرِهْتَ

5109- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملةن وهو ابن يحيى فمن رجال مسلم . وأخرجه أحمد 2/320، ومسلم "2253"في الألفاظ من الأدب وغيرها :باب استعمال المسكن وأبو داود "4272"في الترجل: باب رد الطيب، والنسائي 8/189في الزينة :باب الطيب، والبيهقي 3/245من طرق عن أبي عبد الرحمن المقرء، عن سعيد بن أبي أيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ .قال بعضهم فى حتديثه " :من عرض عليه ريحان " وفي رواية الأخرين "من عرض عليه طيب "وهو أشهر. والمحمل كمجلس :المراد به الحملن أى خفيف الحمل ليس بثقيل.

5110- إسناده حسن على شرط مسلم .سماك بن حرب وأن كان من رجال مسلم -لا ترتقى حديث إلى الصحة، وباقى السند رجاله ثقات رجال الشيخين. وأخرجه الطبراني في "الكبير "1889" "عن سليمان بن الحسن العطار، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/95، والترمذى "1807"في الأطعمة :باب ماجاء في كراهية أكل الثوم والبصل، والبيهقي 3/77من طريقين عن شعبة، به. وأخرجه أحمد 5/94و 96 - 95و 103و106، والطبراني "1940"و "1972"و "2047"من طرق عن سماك بن حرب، به .وقال الترمذى :حسن صحيح .وقد تقدم برقم ."2095"

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے گھر میں موجود تھے۔ آپ کی خدمت میں کھانا لایا گیا جس میں لہسن تھا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے نہیں کھایا۔ آپ نے وہ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ کو بھجوا دیا۔ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ نے بھی اس میں سے نہیں کھایا کیونکہ انہیں اس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے استعمال کا نشان نظر نہیں آیا تھا' پھر وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ سے اس بارے میں دریافت کیا۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) یہ حرام ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جی نہیں' لیکن میں نے اس کی بو کی وجہ سے اسے ناپسند کیا ہے۔ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ نے عرض کی: جسے آپ نے ناپسند کیا ہے اسے میں بھی ناپسند کرتا ہوں۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ قَبُوْلِ الْجَمَاعَةِ الْهِبَةَ الْوَاحِدَةَ الْمُشَاعَةَ مِنَ الرَّجُلِ الْوَاحِدِ وَاِنْ لَمْ يَعْلَمْ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمْ حِصَّتَهُ مِنْهَا

ایک جماعت کے لیے "ایک ہبہ" کو قبول کرنے کے مباح ہونے کا تذکرہ' جو قابلِ تقسیم ہو

اور ایک شخص کی طرف سے کیا گیا ہو' اگرچہ اس جماعت میں سے ہر شخص اپنے (مخصوص) حصے کے بارے میں علم نہ رکھتا ہو

5111 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيْسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ الْحَارِثِ التَّيْمِيُّ، عَنْ عِيْسَى بْنِ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ عُمَيْرِ بْنِ سَلَمَةَ الضَّمْرِيِّ، اَنَّهُ اَخْبَرَهُ عَنِ الْبَهْزِيِّ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ يُرِيْدُ مَكَّةَ، حَتّٰى اِذَا كَانَ بِالرَّوْحَاءِ، اِذَا حِمَارٌ وَحْشِيٌّ عَقِيْرٌ، فَذُكِرَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: دَعُوْهُ، فَاِنَّهُ يُوْشِكُ اَنْ يَّاْتِيَ صَاحِبُهُ، فَجَاءَ الْبَهْزِيُّ، وَهُوَ صَاحِبُهُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ شَاْنُكُمْ بِهٰذَا الْحِمَارِ، فَاَمَرَ بِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبَا بَكْرٍ، فَقَسَمَهُ بَيْنَ الرِّفَاقِ، ثُمَّ مَضٰى حَتّٰى اِذَا كَانَ بِالْاُثَايَةِ بَيْنَ الرُّوَيْثَةِ،

5139 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِىُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِىِّ، عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّمَا الْعُمْرٰى الَّتِىْ اَجَازَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنْ يَّقُوْلَ: هِىَ لَكَ وَلِعَقِبِكَ مِنْ بَعْدِكَ، فَاَمَّا اِذَا قَالَ هِىَ لَكَ مَا عِشْتَ، فَاِنَّهَا تَرْجِعُ اِلٰى صَاحِبِهَا

❀❀ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: وہ عمریٰ جسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جائز قرار دیا ہے اس سے مراد یہ کہنا ہے: یہ تمہاری ہوئی اور تمہارے بعد تمہارے پس ماندگان کی ہوئی۔ جہاں تک یہ کہنے کا تعلق ہے: جب تک تم زندہ رہو گے یہ تمہاری ہوئی' تو پھر اس چیز کا مالک اس کو واپس لے سکتا ہے۔

5138- إسناده صحيح رجاله ثقات رجال الشيخين غير يزيد بن موهب، وهو يزيد بن خالد بن يزيد بن موهب الرملين فقد روى له أبو داودن والنسائي، وابن ماجه . وأخرجه مسلم "1625" "21"، وابن ماجه "2380في الهبات :باب العمرى، والنسائي 6/275في الرقبى :باب ذكر الاختلاف على الزهرى فيه، والطحاوى 4/93، والبيهقي 6/172من طرق عن الليث بهذا الإسناد.

5139- إسناده صحيح على شرطهما، وهو في "مصنف عبد الرزاق ."16887" " وأخرجه مسلم "1625" "23"في الهبات :باب العمرى، والبيهقي 6/172من طريق إسحاق بن إبراهيم، بهذا الإسناد . وأخرجه مسلم "1625" "23"، وابو داود "3555"في البيوع :باب من قال فيه :ولعقبهن وأحمد 3/294، وابن الجاورد "988"، والبيهقي 6/172من طرق عن عبد الرزاقن به.

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلِعَقِبِهٖ اَرَادَ بِهٖ بَعْدَ مَوْتِهٖ

اس بات کے بیان کا تذکرہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان: "اور اس کے پسماندگان کے لیے" اس کے ذریعے آپ ﷺ کی مراد یہ ہے: اس کے مرنے کے بعد ایسا ہوگا

5140 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ اُعْمِرَ شَيْئًا فَهُوَ لَهٗ حَيَاتَهٗ وَبَعْدَ مَوْتِهٖ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ، نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"جس شخص کو عمریٰ کے طور پر کوئی چیز دی گئی ہو وہ اس کی زندگی میں اور اس کے مرنے کے بعد اسی کی ملکیت شمار ہوگی۔"

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِيْ مِنْ اَجْلِهَا زُجِرَ عَنِ اسْتِعْمَالِ الْعُمْرٰی

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے عمریٰ پر عمل کرنے سے منع کیا گیا ہے

5141 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ الضَّرِيْرُ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَمْسِكُوْا عَلَيْكُمْ اَمْوَالَكُمْ، وَلَا تُعْمِرُوْهَا، فَاِنَّهٗ مَنْ اُعْمِرَ شَيْئًا، فَهُوَ لَهٗ حَيَاتَهٗ، وَلِوَرَثَتِهٖ اِذَا مَاتَ

(توضیح مصنف): قَالَ الشَّيْخُ اَبُوْ حَاتِمٍ: زَجَرَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ النَّذْرِ وَالْعُمْرٰی، وَالرُّقْبٰی كَانَ لِعِلَّةٍ مَعْلُوْمَةٍ، وَهِيَ اِبْقَاؤُهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ فِيْ اَمْوَالِهِمْ لَا اَنَّ اسْتِعْمَالَ هٰذِهِ الْاَشْيَاءِ الثَّلَاثِ غَيْرُ جَائِزٍ، اِذَا كَانَ طَاعَةً لَّا مَعْصِيَةً، وَذَاكَ اَنَّ الصَّحَابَةَ قَطَنُوا الْمَدِيْنَةَ، وَلَا مَالَ لَهُمْ بِهَا فَكَرِهَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَهُمُ الرُّقْبٰی وَالْعُمْرٰی اِبْقَاءً عَلٰى اَمْوَالِهِمْ، لِلضَّرُوْرَةِ الْوَاقِعَةِ، الَّتِيْ كَانَتْ بِهِمْ، لَا اَنَّهُمَا لَا يَجُوْزُ اسْتِعْمَالُهُمَا

5140- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي الزبير، فقد روى له البخاري مقروناً، واحتج به مسلم والباقون، وقد صرح ابن جريج، وأبو الزبير بالمساع عند النسائي، فانتفت شبهة تدليسهما . وأخرجه النسائي 6/274 في العمرى :باب اختلاف ألفاظ الناقلين لخبر جابر في العمرى، عن عمرو بن علي، عن أبي عاصم، بهذا الإسناد.

5141- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي الزبير قرنه البخاري واحتج به مسلم، وقد صرح بالتحديث عند النسائي .أيوب :هو ابن أبي تميمة السختياني . وأخرجه مسلم "27" "1625"، والبيهقي 6/173 من طريق عبد الوارث، عن أيوب، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/312 و 374 و 386 و 389، وابن أبي شيبة 139 - 7/138 و 142 ومسلم "26" "1625" و "7"، والنسائي 6/274، والبيهقي 6/173 من طرق عن أبي الزبير، به.

❀❀ حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''اپنے اموال اپنے پاس رکھو انہیں عمریٰ کے طور پر نہ دو کیونکہ جس شخص کو عمریٰ کے طور پر کوئی چیز دی جائے وہ اس کی زندگی میں اس کی ملکیت ہوگی اور اس کے مرنے کے بعد اس کے ورثاء کو ملے گی۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نذر ماننے اور عمریٰ اور رقبیٰ کے طور پر کوئی چیز دینے سے منع کیا ہے' جس کی ایک متعین علت ہے اور وہ یہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسلمانوں کے اموال ان کے پاس رہنے دینا چاہتے تھے۔ اس سے یہ مراد نہیں ہے: ان تین چیزوں پر عمل کرنا جائز نہیں ہے' جب کہ وہ فرمانبرداری کے کاموں میں ہو' معصیت کے طور پر نہ ہو اس کی وجہ یہ ہے' صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے مدینہ منورہ میں رہائش اختیار کی تھی۔ وہاں ان کے پاس کوئی زمین نہیں تھی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے لئے اس بات کو ناپسندیدہ قرار دیا کہ وہ رقبیٰ یا عمریٰ کے طور پر کوئی چیز دیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ چاہتے تھے کہ ان کے اموال ان کے پاس باقی رہیں کیونکہ انہیں ان کی ضرورت تھی اس سے یہ مراد نہیں ہے: ان دونوں چیزوں پر عمل کرنا جائز ہی نہیں ہے۔

كِتَابُ الْإِجَارَةِ

کتاب! اجارہ کے بارے میں روایات

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ قَالَ: مِنَ الْمُتَصَوِّفَةِ بِإِبْطَالِ الْكَسْبِ

اس روایت کا تذکرہ جو بعض صوفیاء کے اس قول کو غلط ثابت کرتی ہے: انہوں نے کمانے کو غلط قرار دیا ہے

5142 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ الْقَيْسِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كَانَ زَكَرِيَّا نَجَّارًا

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''حضرت زکریا علیہ السلام بڑھئی تھے۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْاَنْبِيَاءَ لَمْ تَكُنْ تَاْنَفُ مِنَ الْعَمَلِ ضِدَّ قَوْلِ مَنْ كَرِهَ الْكَسْبَ وَحَظَرَهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ انبیاء نے کام کاج کرنے کی نفی نہیں کی ہے یہ بات اس شخص کے موقف کے خلاف ہے جس نے کمانے کو ناپسندیدہ اور ممنوع قرار دیا ہے

5143 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلَى، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ الشَّاعِرِ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، اَخْبَرَنَا يُونُسُ بْنُ يَزِيدَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَجْتَنِي الْكَبَاثَ، فَقَالَ: عَلَيْكُمْ بِالْاَسْوَدِ، فَاِنَّهُ اَطْيَبُ، فَقُلْنَا، وَكُنْتَ تَرْعَى الْغَنَمَ، قَالَ: نَعَمْ وَهَلْ مِنْ نَبِيٍّ اِلَّا قَدْ رَعَاهَا

5142– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حماد بن سلمة فمن رجال مسلم. ثابت: هو ابن أسلم البناني، وأبو رافع: هو الصائغ، واسمه نفيع. وأخرجه مسلم "2379"في الفضائل: باب من فضائل زكريا عليه السلامن عن هداب بن خالد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/296و405، وابن ماجه "2150"في التجارات: باب الصناعات، والطحاوي في "مشكل الآثار 1/590 "من طرق عن حماد بن سلمة، به. وصححه الحاكم على شرط مسلم، وأقره الذهبي.

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے ہم پیلو چن رہے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لوگ سیاہ رنگ کے پیلو چنو کیونکہ وہ زیادہ پاکیزہ ہوتے ہیں۔ ہم نے دریافت کیا: کیا آپ بکریاں چراتے رہے ہیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر نبی نے بکریاں چرائی ہیں۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ اَجْلِهَا قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِلْكَبَاثِ الْاَسْوَدِ، اِنَّهُ اَطْيَبُ مِنْ غَيْرِهِ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی: ''سیاہ پیلو چننا کیونکہ یہ دوسروں سے زیادہ پاکیزہ ہوتے ہیں''

5144 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، اَخْبَرَنَا يُونُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نَجْتَنِي الْكَبَاثَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَيْكُمْ بِالْاَسْوَدِ مِنْهُ، فَاِنَّهُ اَطْيَبُ، وَاِنِّي كُنْتُ آكُلُهُ زَمَنَ كُنْتُ اَرْعٰى، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَكُنْتَ تَرْعٰى؟، فَقَالَ: وَهَلْ بُعِثَ نَبِيٌّ، اِلَّا وَهُوَ رَاعٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے ہم پیلو چن رہے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ان میں سے سیاہ رنگ کے چنو کیونکہ وہ زیادہ پاکیزہ ہوتے ہیں۔ میں انہیں اس زمانے میں کھایا کرتا تھا' جب میں بکریاں چراتا تھا۔ لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! کیا آپ بکریاں چراتے رہے ہیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس بھی نبی کو مبعوث کیا گیا اس نے بکریاں چرائی ہیں۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اسْتِخْدَامَ الْاَحْرَارِ مِنَ الْمُسْلِمِينَ وَاِنْ لَمْ يَكُونُوا بِالْغِينَ

آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ' وہ مسلمان آزاد افراد سے

5143- إسناده صحيح على شرط مسلم رجاله ثقات رجال الشيخين غير حجاج بن الشاعر -وهو حجاج بن أبي يعقوب يوسف بن حجاج الثقفي البغدادي المعروف بابن الشاعر، فمن رجال مسلم .عثمان بن عمر :هو ابن فارس العبدي، وهو في "مسند أبي ليلى ."2062 " وأخرجه النسائي في الوليمة كما في "الحفة 2/398 "عن هارون بن عبد الله، وأحمد 3/326 كلاهما أحمد وهارون -بن عمر بهذا الإسناد . وأخرجه البخاري "3406"في الأنبياء :باب (يَعْكُفُونَ عَلَىٰ أَصْنَامٍ لَّهُمْ) و "5453"في الأطعمة: باب الكباث، وهو ورق الأراك، ومسلم "2050"في الأشربة :باب فضيلة الأسود من البكاث، والبغوي "2899"من طريقين عن يونس، به. وأخرجه الطيالسي "1692"مقتصراً على القسم الثاني منه، عن زمعة عن الزهرين به.

5144- إسناده صحيح على شرطهما .بندار :هو محمد بن بشار العبدي .وانظر ما قبله.

خدمت لے اگرچہ وہ ابھی بالغ نہ ہوئے ہوں

5145 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّهُ كَانَ ابْنَ عَشْرِ سِنِيْنَ مَقْدِمَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ، فَكُنَّ اُمَّهَاتِيْ يُحَرِّضْنَنِيْ عَلٰى خِدْمَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَخَدَمْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَشْرًا حَيَاتَهُ بِالْمَدِيْنَةِ، وَتُوُفِّيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَنَا ابْنُ عِشْرِيْنَ سَنَةً، قَالَ: وَكُنْتُ اَعْلَمَ النَّاسِ بِشَاْنِ الْحِجَابِ، حِيْنَ اُنْزِلَ، لَقَدْ كَانَ اُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ، يَسْاَلُنِيْ عَنْهُ، قَالَ: وَكَانَ اَوَّلَ مَا اُنْزِلَ فِيْ مُبْتَنٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بِزَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ، اَصْبَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهَا عَرُوْسًا، فَدَعَا الْقَوْمَ، فَاَصَابُوْا مِنَ الطَّعَامِ، وَخَرَجُوْا، وَبَقِيَ مِنْهُمْ رَهْطٌ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَطَالُوا الْمُكْثَ، فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَخَرَجَ، وَخَرَجْتُ مَعَهُ، لِكَيْ يخرجوا فَمَشٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَشَيْتُ مَعَهُ، حَتّٰى جَاءَ عَتَبَةَ حُجْرَةِ عَائِشَةَ، ثُمَّ ظَنَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُمْ قَدْ خَرَجُوْا، فَرَجَعَ، وَرَجَعْتُ مَعَهُ، حَتّٰى دَخَلَ عَلٰى زَيْنَبَ، وَاِذَا هُمْ جُلُوْسٌ لَمْ يَقُوْمُوْا، فَرَجَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَرَجَعْتُ مَعَهُ، حَتّٰى بَلَغَ عَتَبَةَ حُجْرَةِ عَائِشَةَ، فَظَنَّ اَنَّهُمْ قَدْ خَرَجُوْا، فَرَجَعَ، وَرَجَعْتُ، فَاِذَا هُمْ قَدْ خَرَجُوْا، فَضَرَبَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَهُ سِتْرًا، وَاُنْزِلَ الْحِجَابُ

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لائے اس وقت حضرت انس رضی اللہ عنہ کی عمر دس سال تھی۔ میری والدہ اور خالائیں وغیرہ مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کرنے کی ترغیب دیا کرتی تھیں۔ میں نے دس سال تک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کی یعنی اس دوران جب آپ مدینہ منورہ میں قیام پذیر رہے پھر جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا تو میری عمر بیس سال تھی۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حجاب کے حکم کے بارے میں مجھے سب سے زیادہ علم ہے یہ کب نازل ہوا تھا۔ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ جیسے افراد مجھ سے اس بارے میں دریافت کیا کرتے تھے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدہ زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کے ساتھ شادی کی تھی۔ یہ اس وقت نازل ہوا تھا شادی کے اگلے دن صبح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو بلایا۔ ان لوگوں نے کھانا کھایا پھر وہ لوگ چلے گئے۔ ان میں سے کچھ لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں

5145- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة بن يحيى، فمن رجال مسلم . وأخرجه البخاري "6238"في الاستئذان :باب آية الحجاب، والطبري 22/37من طريقين عن ابن وهب، بهذا الإسناد . وأخرجه البخاري "5166"في النكاح :باب الوليمة حق، و "5466"في الأطعمة :باب قول الله تعالى :(فَإِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوا) ، ومسلم "1428" "93"في النكاح :باب زواج زينب بنت جحش ونزول الحجاب وإثبات وليمة العرس، والنسائي في "الكبرى "كما في "تحفة الأشراف 1/383 "، والبغوي في معالم التنزيل 3/540 "، والبيهقي 7/87من طرق عن ابن شهاب، به .وسيأتي برقم "5578" "5579".

بیٹھے رہے۔ وہ کافی دیر بیٹھے رہے' پھر نبی اکرم ﷺ اٹھے اور آپ تشریف لے گئے آپ کے ہمراہ میں بھی چلا گیا۔ مقصد یہ تھا وہ لوگ بھی اٹھ کے چلے جائیں پھر نبی اکرم ﷺ چلتے ہوئے تشریف لے گئے۔ آپ کے ساتھ میں بھی گیا۔ نبی اکرم ﷺ جب سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرے کی چوکھٹ کے پاس پہنچے' تو نبی اکرم ﷺ نے یہ اندازہ لگایا کہ وہ لوگ چلے گئے ہوں گے۔ آپ واپس آ گئے آپ کے ہمراہ میں بھی واپس آیا۔ نبی اکرم ﷺ سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کے گھر پہنچے' تو وہ لوگ بیٹھے ہوئے تھے۔ وہ لوگ اٹھ کر نہیں گئے تھے' تو نبی اکرم ﷺ واپس تشریف لے آئے۔ آپ کے ہمراہ میں بھی واپس آ گیا پھر جب نبی اکرم ﷺ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرے کے دروازے کے پاس پہنچے' تو آپ نے یہ گمان کیا کہ وہ لوگ چلے گئے ہوں گے۔ آپ واپس تشریف لے گئے۔ میں بھی واپس آیا' تو وہ لوگ جا چکے تھے۔ نبی اکرم ﷺ نے ان لوگوں کے اور اپنے درمیان پردہ ڈلوا دیا اور اس وقت حجاب کے حکم سے متعلق آیت نازل ہوئی تھی۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ إِبَاحَةِ اَخْذِ الْمَرْءِ الْاُجْرَةَ عَلٰى كِتَابِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' آدمی کے لیے اللہ کی کتاب (کی تعلیم) کا معاوضہ وصول کرنا مباح ہے

5146 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ مَعْشَرٍ الْبَرَاءُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ الْاَخْنَسِ، عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ نَفَرًا مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مَرُّوْا بِحَيٍّ مِنْ اَحْيَاءِ الْعَرَبِ، وَفِيْهِمْ لَدِيغٌ - اَوْ سَلِيْمٌ - فَقَالُوا: هَلْ فِيْكُمْ مِنْ رَاقٍ، فَانْطَلَقَ رَجُلٌ مِّنْهُمْ، فَرَقَاهُ عَلٰى شَاءٍ فَبَرَاَ، فَلَمَّا اَتٰى اَصْحَابُهُ كَرِهُوا ذٰلِكَ، فَقَالُوا: اَخَذْتَ عَلٰى كِتَابِ اللّٰهِ اَجْرًا، فَلَمَّا قَدِمُوْا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَتَوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَخْبَرُوْهُ بِذٰلِكَ، فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، الرَّجُلَ، فَسَاَلَهُ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّا مَرَرْنَا بِحَيٍّ مِّنْ اَحْيَاءِ الْعَرَبِ، فِيْهِمْ لَدِيغٌ - اَوْ سَلِيْمٌ - فَقَالُوا: هَلْ فِيْكُمْ مِنْ رَاقٍ، فَرَقَيْتُهُ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ فَبَرَاَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اَحَقَّ، مَا اَخَذْتُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا كِتَابُ اللّٰهِ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کے کچھ اصحاب کا کسی عرب قبیلے کے پاس سے گزر ہوا

5146- إسناده على شرط الشيخين .عبيد الله بن الأخنس وثقه أحمد وابن معين وأبو داود والنسائي، وقول المؤلف في "ثقاته :7/147 "يخطء كثيراً، ولم يتابع عليه ويرده احتجاجه بحديثه هذا، وإدارجه في "صحيحه ."أبو معشر البراء :هو يوسف بن يزيد البصري، والبراء بالتشديد :-نسبة إلي برى النبل، والقواريري :هو عبد الله بن عمر بن ميسرة. وأخرجه البخاري البخاري "5737"في الطب :باب الشروط في الرقية بفاتحة الكتاب، والبغوي "2178"عن سيدان بن مضارب أبو محمد الباهلي، عن أبي معشر، به. أخرجه الدارقطني 3/65عن هارون بن مسلم أبو الحسن العجلي، عن عبيد الله بن الأخنس، به.

'ان میں سانپ یا بچھو کا ڈنگ مارا ہوا کوئی شخص تھا۔ ان لوگوں نے دریافت کیا: کیا آپ کے درمیان کسی کو دم کرنا آتا ہے۔ ان صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے ایک صاحب چلے گئے۔ انہوں نے کچھ پڑھ کر اس پر دم کیا' تو وہ آدمی ٹھیک ہو گیا۔ جب وہ صاحب اپنے ساتھیوں کے پاس آئے' تو اس کے ساتھیوں نے اس بات کو پسند نہیں کیا۔ انہوں نے کہا: آپ نے اللہ کی کتاب کا معاوضہ وصول کیا ہے۔ جب یہ لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ کو اس بارے میں بتایا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان صاحب کو بلوایا اور ان سے دریافت کیا' تو انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! ہم ایک عرب قبیلے کے پاس سے گزرے جس میں بچھو یا سانپ کا ڈنک مارا ہوا ایک شخص تھا۔ ان لوگوں نے دریافت کیا: کیا آپ میں سے کسی کو دم کرنا آتا ہے' تو میں نے سورہ فاتحہ پڑھ کر اس پر دم کیا' تو وہ ٹھیک ہو گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم جس چیز کا معاوضہ وصول کرتے ہو اس میں زیادہ حق دار اللہ تعالیٰ کی کتاب ہے۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّكُوْنَ وَزَّانًا لِلنَّاسِ بَعْدَ اَنْ يَّلْزَمَ النَّصِيحَةَ فِيْ اُمُوْرِهٖ وَاَسْبَابِهٖ

آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ' وہ لوگوں کے لیے (سونے یا چاندی وغیرہ یا دیگر چیزوں کا) وزن کر دیا کرے جب کہ وہ اپنے امور اور اسباب میں خیر خواہی کو لازم پکڑے (یعنی کسی کے ساتھ زیادتی نہ کرے)

5147 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): جَلَبْتُ اَنَا وَمَخْرَفَةُ الْعَبْدِيُّ بَزًّا مِنْ هَجَرَ، فَاَتَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَاوَمَنَا سَرَاوِيلَ، وَعِنْدَهُ وَزَّانٌ يَزِنُ بِالْاَجْرِ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: زِنْ فَاَرْجِحْ اَرَادَ بِهٖ مِنْ مَالِهٖ، لِيُعْطِيَ ثَمَنَ السَّرَاوِيلِ رَاجِحًا

حضرت سوید بن قیس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے اور مخرفہ عبدی نے ''ہجر'' کے مقام سے کپڑا خریدا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

5147- إسناده حسن من أجل سماك بن حرب، باقي السند رجاله ثقات رجال الشيخين غير صحابية فقد روى له أصحاب السنن .سفيان :هو الثوري . وأخرجه احمد 4/352، والترمذي "1305"في البيوع :باب ماجاء في الرجحان، وابن ماجه "2220"في التجارات :باب الرجحان في الوزن، وابنالجارود "559"من طرق عن وكيع بهذا الإسناد .وقال الترمذي :حديث حسن صحيح. وأخرجه أبو داود "3336"في البيوع :باب في الرجحان في الوزن والوزن بالأجر، والدارمي 2/260، والنسائي 7/284في البيوع :باب الرجحان في الوزن، والحاكم 2/30، والبيهقي 33 - 6/32، والطبراني "6466"من طرق عن سفيان، به. وأخرجه الطيالسي "1192"، والبيهقي 6/33من طريق قيس، عن سماك، به. وأخرجه أحمد 4/352، والطيالسي "1193"، وأبو داود "3337"، والنسائي 7/284، وابن ماجه "2221"، والبيهقي 6/33، والحاكم 31 - 2/30، والطبراني "7402"من طرق عن شعبة، عن سماك، عن أبي صفوان وبعضهم زاد "مالك بن عمرو " قال :بعت....بمثله .قال أبو داود :رواه قيس كما قال سفيان، والقول قول سفيان.

ہمارے پاس تشریف لائے آپ نے ایک شلوار کے بارے میں ہمارے ساتھ سودا طے کیا۔ آپ کے ہمراہ وزن کرنے والا ایک شخص تھا جو معاوضے کا وزن کرتا تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا وزن کرو اور زیادہ ادائیگی کرنا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس کے ذریعے مراد یہ ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے مال میں سے شلوار کی زیادہ قیمت ادا کرنا چاہتے تھے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوهِمُ غَيْرَ الْمُتَبَحِّرِ فِي صِنَاعَةِ الْعِلْمِ اَنَّ اِجَارَةَ الْاَرْضِ بِالدَّرَاهِمِ غَيْرُ جَائِزَةٍ

اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا (اور وہ اس بات کا قائل ہے) زمین کو درہم کے عوض میں کرائے پر دینا جائز نہیں ہے

5148 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حِبَّانُ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ كَانَتْ لَهُ اَرْضٌ فَلْيَزْرَعْهَا، فَاِنْ لَمْ يَسْتَطِعْ اَنْ يَزْرَعَهَا، فَلْيَمْنَحْهَا اَخَاهُ، وَلَا يُؤَاجِرْهَا اِيَّاهُ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُو حَاتِمٍ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا يُؤَاجِرْهَا اِيَّاهُ، لَفْظَةُ زَجْرٍ عَنْ فِعْلٍ قُصِدَ بِهَا النَّدْبُ، وَالْاِرْشَادُ، لِاَنَّ الْقَوْمَ كَانَ بِهِمُ الضِّيقُ فِي الْعَيْشِ، وَالْمِنْحَةُ كَانَتْ اَوْقَعَ عِنْدَهُمْ لِلْاَرْضِ، مِنْ اِكْرَائِهَا، فَاَمَّا الْمُسْلِمُونَ، فَاِنَّهُمْ مُجْمِعُونَ عَلَى جَوَازِ كِرَى الْاَرْضِ، اِلَّا الْجِنْسَ، الَّذِي نَهَى عَنْهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جس شخص کے پاس زمین موجود ہو وہ اس میں کھیتی باڑی کرے اگر وہ کھیتی باڑی نہیں کر سکتا' تو وہ اپنے کسی بھائی کو بلا معاوضہ طور دیدے وہ اس سے اس کا کرایہ نہ لے۔''

5148- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبد الملك بن أبي سليمان، فمن رجال مسلم. حبان: هو ابن موسى بن سوار المروزي، وعبد الله: هو ابن المبارك، وعطاء: هو ابن أبي رباح المكي. وأخرجه أحمد 3/302 و 304و292، ومسلم "91" 3/1176في البيوع: باب كراء الأرض، والنسائي 7/36و - 36و 37في المزارعة: باب ذكر الأحاديث المختلفة في النهي عن كراء الأرض، من طرق عن عبد الملك بن أبي سفيان، بهذا الإسناد. وأخرجه بنحوه أحمد 3/354 و 363و369، ومسلم "92"/3، والنسائي 7/37و38، وابن ماجه "2454"في الرهون: باب كراء الأرض، وأبو يعلى "2035" من طرق عن عطاء، الإسناد. وأخرجه من طرق عن جابر: أحمد 3/312و373، ومسلم "94"/3و "95"و "96"و "97" و"98"، وأبو يعلى "2142"، والطحاوي في "مشكل الآثار 3/278 "، والبيهقي 6/129و 130و131، والبغوي ."2181"وانظر "5189"و."5190"

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: وہ اس سے اس کا معاوضہ نہ لے یہاں پر لفظی طور پر فعل سے منع کیا گیا ہے لیکن اس کے ذریعے مراد استحباب کا اظہار کرنا ہے اور رہنمائی کرنا ہے کیونکہ لوگوں کو اپنے معاملات میں تنگی پیش آتی تھی تو عطیے کے طور پر زمین دینا ان کے نزدیک کرائے پر دینے سے زیادہ بہتر تھا ورنہ تمام مسلمانوں کا اس بات پر اتفاق ہے: زمین کا کرایہ لینا جائز ہے ماسوائے اس جنس کے جس سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اِبَاحَةِ اَخْذِ الْاُجْرَةِ عَلٰى سُكْنٰى بُيُوْتِ مَكَّةَ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے: مکہ کے مکانات کی رہائش کا معاوضہ وصول کرنا مباح ہے

5149 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ،

(متن حدیث): اَنَّهُ، قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَنْزِلُ فِيْ دَارِكَ بِمَكَّةَ، قَالَ: وَهَلْ تَرَكَ لَنَا عَقِيْلٌ مِّنْ رِبَاعٍ، اَوْ دُوْرٍ، وَكَانَ عَقِيْلٌ، وَرِثَ اَبَا طَالِبٍ هُوَ، وَطَالِبٌ، وَلَمْ يَرِثْهُ جَعْفَرٌ، وَلَا عَلِيٌّ شَيْئًا، لِاَنَّهُمَا كَانَا مُسْلِمَيْنِ، وَكَانَ عَقِيْلٌ، وَطَالِبٌ كَافِرَيْنِ، فَكَانَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، مِنْ اَجْلِ ذٰلِكَ، يَقُوْلُ: لَا يَرِثُ الْمُؤْمِنُ الْكَافِرَ

✿✿ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! آپ مکہ میں اپنے گھر میں پڑاؤ کریں گے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا عقیل نے ہمارے لئے کوئی رہائشی جگہ چھوڑی ہے۔

(راوی بیان کرتے ہیں) جناب عقیل اور جناب طالب جناب ابوطالب کے وارث ہوئے تھے۔ حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ ان کے وارث نہیں بنے تھے۔ کیونکہ یہ دونوں صاحبان مسلمان تھے جب کہ جناب عقیل اور جناب طالب کفر کے عالم میں فوت ہوئے تھے۔

5149- إسناده صحيح على شرط مسلم رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة بن يحيى، فمن رجال مسلم. علي بن الحسين: هو علي بن الحسين بن أبي طالب الهاشمي زين العابدين، وعمرو بن عثمان: هو ابن عفان بن أبي العاص الأموي. وأخرجه مسلم "439" "1351" في الحج: باب النزول بمكة والبيهقي 6/34 و38 عن حرملة بن يحيى، بهذا الإسناد. وتابع حرملة عليه أبو الطاهر عند مسلم. وأخرجه البخاري "1588" في الحج: باب توريث دور مكة وبيعها وشرائها وابن ماجه "2730" في الفرائض: باب ميراث أهل الإسلام من أهل الشرك، والطحاوي في "شرح السمعاني 4/602"، والبيهقي 6/34 و 9/122 من طرق عن ابن وهب، به. وأخرجه عبد الرزاق "9851"، وأحمد 5/201 و202، والبخاري "3058" في الجهاد والسير: باب قول النبي صلى الله عليه وسلم لليهود أسلموا تسلموا و "4282" في المغازي: باب أين ركز النبي صلى الله عليه وسلم الراية يوم الفتح، ومسلم "440" "1351"، وأبو داود "2910" في الفرائض: باب هل يرث المسلم الكافر، وابن ماجه "2942" في المناسك: باب دخول مكة، والنسائي في الحج كما في "التحفة 1/58"، والطبراني في "الكبير "412" و"413"، والبيهقي 5/160 و 6/218 من طرق عن ابن شهاب الزهري، به. وبعضهم يزيد فيه على بعض.

اسی وجہ سے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ یہ فرماتے تھے: کوئی مومن کسی کافر کا وارث نہیں بنتا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ، قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ اُجْرَةَ الْحَجَّامِ حَرَامٌ، وَاَنَّ كَسْبَهُ غَيْرُ جَائِزٍ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے پچھنے لگانے والے کا معاوضہ حرام ہے اور اس کی آمدن جائز نہیں ہے

5150 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَمَ وَاَعْطَى الْحَجَّامَ اَجْرَهُ وَاسْتَعَطَ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پچھنے لگوائے آپ نے پچھنے لگانے والے کو معاوضہ ادا کیا اور زیادہ ادائیگی کی۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ اِعْطَاءِ الْحَجَّامِ اَجْرَتَهُ بِحَجْمِهِ

پچھنے لگانے والے کو اس کے پچھنے لگانے کا معاوضہ دینے کے مباح ہونے کا تذکرہ

5151 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْخَلِيلُ بْنُ مُحَمَّدِ ابْنِ ابْنَةِ تَمِيمِ بْنِ الْمُنْتَصِرِ، بِوَاسِطٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ

5150– أسناده صحيح، رجاله رجال الشيخين غير إبراهيم بن الحجاج السامي، وهوثقة، وروى له النسائي. وهيب: هو ابن خالد بن عجلان الباهلي مولاهم، وابن طاووس: اسمه عبد الله. وأخرجه أحمد 1/258 و292 و293، والبخاري "2278" في الإجارة باب خراج الدم، "5691" في الطب: باب السعوط، ومسلم "75" "2577" في المساقاة: باب حل أجرة الحجامة، و "1202" و "76" في السلام: باب لكل داء دواء واستحباب التداوي، والنسائي في الطب كما في "التحفة 12 - 5/11"، والطحاوي في "شرح معاني الآثار 4/129" و 338 - 130 من طرق عن وهيب بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/327، وابن ماجه "2162" في الإجارات: باب كسب الحجام، من طريقين عن ابن طاووس، به. وأخرجه عبد الرزاق "19818"، وابن أبي شيبة "1026" 6/ و "1029"، وأحمد 1/241 و "250" و "316" و "324" و "333" و "351" و "365"، والبخاري "2103" في البيوع: باب ذكر الحجام، و "2279"، ومسلم "66" "1202"، وأبو داود "3443" في البيوع الإجارات: باب في كسب الحجام والطحاوي 4/130، والطبراني "11869" و "11896" و "11934" و "11954" و "12002" و "12847" "12846" و "12848" و "12849" و "12850" و "12851" و "12852" و "12853" و "12854"، والبيهقي 9/338 من طرق عن ابن عباس بألفاظ متقاربة.

5151– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبد الحميد بن بيان السكري، فمن رجال مسلم. وأخرجه ابن ماجه "2164" في الإجارات: باب كسب الحجام، عن عبد الحميد بن بيان بهذا الإسناد. وأخرجه الطحاوي في "في شرح معاني الآثار 4/130"، وأبو يعلى "2835" من طريقين، عن خالد، به.

الْحَمِيدِ بْنُ بَيَانٍ السُّكَّرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، احْتَجَمَ وَاَعْطَى الْحَجَّامَ اَجْرَهُ

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پچھنے لگوائے آپ نے پچھنے لگانے والے کو اس کا معاوضہ ادا کیا۔

5152 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، قَالَ: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبَانُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، اَنَّ اِبْرَاهِيمَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ قَارِظٍ، حَدَّثَهُ عَنْ حَدِيثِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ حَدِيثِ، رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ اَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): كَسْبُ الْحَجَّامِ خَبِيثٌ وَثَمَنُ الْكَلْبِ خَبِيثٌ، وَمَهْرُ الْبَغِيِّ خَبِيثٌ

❀❀ حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: پچھنے لگانے والے کی آمدن ناپاک ہے، کتے کی قیمت ناپاک ہے اور فاحشہ عورت کی کمائی ناپاک ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ يَحْيَى بْنَ اَبِي كَثِيرٍ لَمْ يَسْمَعْ هٰذَا الْخَبَرَ مِنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ قَارِظٍ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے' یحییٰ بن کثیر نے یہ روایت ابراہیم بن عبداللہ بن قارظ سے نہیں سنی ہے

5153 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِي كَثِيرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اِبْرَاهِيمُ بْنُ قَارِظٍ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ

5152- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير إبراهيم بن عبد الله بن قارظ فمن رجال مسلم أبان :هو يزيد العطار. وأخرجه أحمد 3/464، وابن أبي شيبة 6/246و270ن وأبو داود "3421"في البيوع والإجارات :باب في كسب الحجام، والطبراني في "الكبير"4260" "، والحاكم 2/42من طريقين، عن أبان، بهذا الإسناد وصححه الحاكم على شرط الشيخين، ووافقه الذهبي. وأخرجه أحمد 3/465و4/141، ومسلم "1568"و "41"في المساقاة :باب تحريم ثمن الكلب وحلوان الكاهن، والترمذي "1275"في البيوع :باب ماجاء في ثمن الكلب، والدارمي 2/272، والطحاوي في "شرح معاني الآثار4/129 "، والطبراني "4258"و "4259"من طرق عن يحيى بن أبي كثير، به. وأخرجه أحمد 4/140، والطيالسي "966" ومسلم "1568"و"40"، والنسائب بن يزيد، به .وقال الترمذي :حديث حسن صحيح.

5153- إسناده صحيح على شرط الصحيح وأخرجه مسلم "41" "1568"في المساقاة :باب تحريم ثمن الكلب، ع إسحاق بن إبراهيم، عن الوليد بن مسلم، بهذا الإسناد . وأخرجه الطحاوي 4/129، والبيهقي 337 - 9/336من طريقين ع الأوزاعي، به .وانظر ماقبله.

رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): كَسْبُ الْحَجَّامِ خَبِيثٌ، وَمَهْرُ الْبَغِيِّ خَبِيثٌ، وَثَمَنُ الْكَلْبِ خَبِيثٌ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: كَسْبُ الْحَجَّامِ مُحَرَّمٌ، اِذَا كَانَ عَلٰى شَرْطٍ مَعْلُومٍ، بِاَنْ يَقُوْلَ: اُخْرِجُ مِنْكَ مِنَ الدَّمِ كَذَا، فَاِذَا عُدِمَ هٰذَا الشَّرْطُ، الَّذِیْ هُوَ الْمُضْمَرُ فِی الْخَطَّابِ، جَازَ كَسْبُهُ، اِذِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَجَازَهُ لِاَبِیْ طَيْبَةَ، وَجَازَاهُ عَلٰى فِعْلِهِ، وَثَمَنُ الْكَلْبِ، وَمَهْرُ الْبَغِيِّ مُحَرَّمَانِ جَمِيعًا

❀❀ حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''پچھنے لگانے والے کی آمدن خبیث ہے فاحشہ عورت کی آمدن خبیث ہے اور کتے کی قیمت خبیث ہے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) پچھنے لگانے والے کی کمائی کو اس وقت حرام قرار دیا گیا' جبکہ وہ کسی متعین شرط کے ساتھ ہو یعنی وہ یہ کہے: میں تمہارا اتنا خون اتنے عوض میں نکالوں گا۔ جب یہ شرط معلوم ہو جو خطاب میں پوشیدہ ہے' تو یہ آمدن جائز ہوگی کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خود حضرت ابوطیبہ رضی اللہ عنہ کے لئے اسے جائز قرار دیا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے فعل کے ذریعے اسے جائز قرار دیا ہے۔ جہاں تک کتے کی قیمت اور فاحشہ عورت کی آمدن کا تعلق ہے' تو یہ دونوں حرام ہیں۔

5154 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ ابْنِ مُحَيِّصَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ اَبَاهُ اسْتَاذَنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ خَرَاجِ الْحَجَّامِ، فَاَبٰى اَنْ يَاْذَنَ لَهُ فَلَمْ يَزَلْ بِهِ، حَتّٰى قَالَ: اَطْعِمْهُ رَقِيقَكَ، وَاَعْلِفْهُ نَاضِحَكَ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: تَاَبِّی النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِی الْاِذْنِ فِیْ خَرَاجِ الْحَجَّامِ فِيهِ شَرْطٌ مُضْمَرٌ، وَهُوَ اَنْ يُشَارِطَ الْحَجَّامَ فِیْ حَجْمِهِ، عَلٰى اِخْرَاجِ شَیْءٍ مِّنَ الدَّمِ مَعْلُومٍ، فَلِعَدَمِ قُدْرَتِهِ عَلٰى اِيجَادِ هٰذَا الشَّرْطِ، كَرِهَ اَنْ يَّاْذَنَ لَهُ فِیْ كَسْبِهِ، ثُمَّ قَالَ: اَطْعِمْهُ رَقِيقَكَ، وَاَعْلِفْهُ نَاضِحَكَ، وَلَوْ كَانَ كَسْبُ الْحَجَّامِ مَنْهِيًّا عَنْهُ، لَمْ يَاْمُرْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِطْعَامَ الْمَرْءِ رَقِيقَهُ مِنْهُ، اِذِ الرَّقِيقُ مُتَعَبَّدُوْنَ، وَمِنَ الْمُحَالِ اَنْ يَّاْمُرَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُسْلِمَ، بِاِطْعَامِ رَقِيقِهِ حَرَامًا

❀❀ ابن محیصہ بیان کرتے ہیں: ان کے والد نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پچھنے لگانے کے خراج (معاوضے) کے بارے میں اجازت مانگی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اجازت دینے سے انکار کر دیا۔ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں مسلسل بات چیت

5154- حديث صحيح، رجاله ثقات كما قال الحافظ في "الفتح 4/536 "، وابن محيصة :هو حرام بن سعد بن محيصة، ويقال :حرام بن ساعدة بن الأنصاري المدني، وقد ينسب إلى جده، وثقه ابن سعد وقال :كان قليل الحديث . وأخرجه أحمد 5/435، 2/166، وأبو داود "3422"في البيوع :باب في كسب الحجام، والترمذي "1277"في كسب الحجام، والبغوي "2034"والطحاوي في "شرح معاني الآثار 4/132"، والبيهقي 9/337 كلهم من طريق مالك، عن الزهري، عن ابن محيصة، عن أبيه .وفي رواية الشافعي" :عن حرام بن سعد بن محيصة، عن أبيه "وقال الترمذي حديث حسن صحيح.

کرتے رہے یہاں تک کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم (اس کی آمدن کو) اپنے غلام کو کھلا دو یا اپنے اونٹ کو چارہ کھلا دو۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم ﷺ نے پچھنے لگانے کے معاوضے کے بارے میں اجازت دینے سے اس لئے انکار کیا تھا جس میں یہ شرط پوشیدہ ہے پچھنے لگانے والے شخص نے پچھنے لگانے میں اس بات کی شرط عائد کی تھی کہ وہ متعین مقدار میں خون باہر نکالے گا تو کیونکہ وہ اس شرط کو پوری کرنے کی قدرت نہیں رکھتا۔ اس لئے نبی اکرم ﷺ نے اس بات کو ناپسند کیا کہ وہ اس کی آمدن کے بارے میں اجازت دیں پھر نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اسے اپنے غلام کو کھلا دو یا اپنے اونٹ کو چارے کے طور پر کھلا دو تو اگر پچھنے لگانے کی آمدن مکمل طور پر منع ہوتی تو نبی اکرم ﷺ غلام کو اس میں سے کھلانے کی اجازت نہ دیتے کیونکہ غلام بھی عبادت گزار ہوتے ہیں اور یہ بات ناممکن ہے نبی اکرم ﷺ کسی مسلمان کو اپنے غلام کو کوئی حرام چیز کھلانے کا حکم دیں۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ ضِرَابِ الْجَمَلِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ اونٹ کو جفتی کے لیے (معاوضے پر دیا جائے)

5155 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ اَبُو الزُّبَيْرِ، اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): نَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ ضِرَابِ الْجَمَلِ

❀❀ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے اونٹ کو جفتی کے لئے (کرائے پر) دینے سے منع کیا ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذَا الْفِعْلَ اِنَّمَا زُجِرَ عَنْهُ اِذَا كَانَ ذٰلِكَ بِاُجْرَةٍ

اس بات کے بیان کا تذکرہ اس فعل سے اس وقت منع کیا گیا ہے جب یہ معاوضے کے ساتھ ہو

5156 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ

5155– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أَبِي الزُّبَير: محمد بن مسلم بن تَدْرُس، فقد روى له البخاري مقروناً واحتج به مسلم والباقون. محمد بن معمر: هو ابن ربعي القيسي، وأبو عاصم: هو الضحاك بن مخلد. وأخرجه مسلم "35" "1565"في المساقاة: باب تحريم فضل بيع الماء الذي يكون بالفلاة ...، والنسائي 7/310في البيوع: باب بيع ضراب الجمل، والبيهقي 5/339من طريقين عن ابن جريج، بهذا الإسناد. وزاد فيه "وعن بيع الماء والأرض لتحرث."

5156– إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير مسدد وعلي بن الحكم وهو البناني البصري فمن رجال البخاري. إسماعيل بن إبراهيم: هو ابن مقسم الأسدي مولاهم المعروف بابن علية. وأخرجه البخاري "2284"في الإجازة: باب عسب الفحل، وأبو داود "3429"، في البيوع والإجارات: باب في عسب الفحل، والحاكم 2/42، والبيهقي 5/339، والبغوي "2109"من طريق مسدد، بهذا الإسناد. قرن البخاري والبيهقي مع إسماعيل عبد الوارث. وأخرجه أحمد 2/14عن إسماعيل، به. وأخرجه الترمذي "1273"في البيوع: باب ما جاء في كراهية عسب الفحل، والنسائي 7/310في البيوع: باب بيع ضراب الجمل، وابن الجارود "582"من طريقين عن علي بن الحكم، به.

اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَكَمِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ:

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ عَسْبِ الْفَحْلِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اونٹ کو جفتی کیلئے معاوضے پر دینے سے منع کیا ہے۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ كَسْبِ الْبَغِيَّةِ وَحُلْوَانِ الْكَاهِنِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' فاحشہ عورت یا کاہن کی آمدن (کو استعمال کیا جائے)

5157 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّ اَبَا بَكْرِ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، اَخْبَرَهُ اَنَّهُ، سَمِعَ اَبَا مَسْعُوْدٍ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ وَمَهْرِ الْبَغِيِّ، وَحُلْوَانِ الْكَاهِنِ

حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کتے کی قیمت' فاحشہ عورت کی کمائی اور کاہن کی کمائی سے منع کیا ہے۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ مُطَالَبَةِ الْمَرْءِ اِمَاءَهُ بِالْكَسْبِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی اپنی کنیزوں سے (جسم فروشی) کی کمائی کا مطالبہ کرے

5158 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوْسَى الْعُصْفُرِيُّ، بِالْبَصْرَةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيدِ،

5157– إسناده صحيح على شرطهما. القعنبي: اسمه عبد الله بن مسلمة بن قعنب. وأخرجه أحمد 119 - 4/118، ومسلم "1567"في المساقاة: باب تحريم ثمن الكلب وحلوان الكاهن ...، والترمذي "1133"في النكاح: باب ماجاء في كراهية مهر البغي، و "1276"في البيوع: باب ماجاء في ثمن الكلب، و "2071"في الطب: باب ماجاء في أجر الكاهن، والنسائي 7/309في البيوع: باب بيع الكلب، والدولابي في "الكنى55 - 1/54 "، والطبراني "777"/17و "731"من طرق عن الليث بن سعدن بهذا الإسناد. وأخرجه من طرق عن ابن شهاب، به: أحمد 4/119و120، وابن أبي شيبة 6/243، والشافعي 2/139، والبخاري "2237"في البيوع: باب ثمن الكلب، و "2282"في الإجارة: باب كسب البغي الإماء، و "5346"في الطلاق: باب مهر البغي والنكاح والفاسد، و "5761"في الطب الكهانة، ومسلم "1567"، ومالك في "الموطأ 2/656 "في البيوع: باب ماجاء في ثمن الكلب، وأبو داود "3481"في البيوع: باب في أثمان الكلاب، والترمذي "1276"، وابن ماجه "2159"في التجارات: باب النهي عن ثمن الكلاب ...، والدارمي 2/255، والدولابي 55 - 1/54وابن الجارود "581"، والحميدي "450"، والطحاوي 4/51و52، والبيهقي 6 - 6/5، والبغوي "2037"، والطبراني "726"/17و "728"و "729"و "730"و "731"

5158– إسناده صحيح على شرطهما. محمد بن الوليد: هو ابن عبد الحميد القرشي البسري، وأبو حازم: هو سلمان الأشجعي. وأخرجه أحمد 2/382عن محمد بن جعفر، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/287و 538 - 437و 454و480، والطيالسي "2520"، والبخاري "2283"في الإجارة: باب كسب البغي ولإماء و "5348"في الطلاق: باب مهر البغي والنكاح الفاسد، وأبو داود "3425"في البيوع: باب في كسب الإماء والدارمي 2/272، وابن الجارود "587"، والطحاوي في "مشكل الآثار 1/126 "من طرق عن شعبة، به.

قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ جُحَادَةَ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، نَهٰى عَنْ كَسْبِ الْإِمَاءِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کنیزوں کی کمائی سے منع کیا ہے۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ اَجْلِهَا زُجِرَ عَنْ هٰذَا الْفِعْلِ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے اس فعل سے منع کیا گیا ہے

5159 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ الضَّرِيرُ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ كَسْبِ الْإِمَاءِ، مَخَافَةَ اَنْ يَبْغِيْنَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کنیزوں کی کمائی سے منع کیا ہے۔ اس اندیشے کے تحت کہ وہ کہیں فحاشی کرنا شروع نہ کردیں۔

5159- إسناده صحيح على شرط الشيخين .وهو مكرر ماقبله.

كِتَابُ الْغَصَبِ

کتاب! غصب کے بارے میں روایات

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ رَدِّ حُقُوقِ النَّاسِ عَلَيْهِمْ وَتَرْكِهِ الْإِتِّكَالَ عَلَى هٰذِهِ الدُّنْيَا الْفَانِيَةِ الزَّائِلَةِ

اس بات پر اطلاق کا تذکرہ' آدمی پر یہ بات لازم ہے: وہ لوگوں کے حقوق واپس کر دے اور اس فنا ہو جانے والی اور زائل ہو جانے والی دنیا پر تکیہ کرنے کو ترک کر دے

5160 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): دَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ سَاهِمُ الْوَجْهِ، قَالَتْ: حَسِبْتُ ذٰلِكَ مِنْ وَجَعٍ، قُلْتُ: مَا لِيْ اَرَاكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ، سَاهِمَ الْوَجْهِ، قَالَ: مِنْ اَجْلِ الدَّنَانِيرِ السَّبْعَةِ الَّتِيْ اَتَتْنَا الْاَمْسِ فَلَمْ نَقْسِمْهَا

❁❁ سیدہ سیدہ امّ سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے ہاں تشریف لائے' تو آپ کے چہرے پہ ناراضگی کے آثار تھے۔ سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے یہ اندازہ لگایا کہ یہ کسی تکلیف کی وجہ سے ہے۔ میں نے عرض کی: کیا وجہ ہے مجھے آپ کے چہرے پہ تکلیف کے آثار محسوس ہو رہے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ ان سات دیناروں کی وجہ سے ہے' جو ہمارے پاس گزشتہ شام آئے تھے اور ہم انہیں تقسیم نہیں کر سکے۔

ذِكْرُ وَصْفِ عَذَابِ اللّٰهِ مَنْ ظَلَمَ اَخَاهُ الْمُسْلِمَ عَلٰى شِبْرٍ مِّنْ اَرْضِهِ

جو شخص اپنے مسلمان بھائی پر' اس کی زمین کے ایک بالشت کے حوالے سے ظلم کرتا ہے اس پر اللہ کے عذاب (کے نازل ہونے) کی صفت کا تذکرہ

5160- إسناده صحيح على شرطهما .وأبو الوليد :هو الطيالسي هشام بن عبد الملك، وأبو عوانة :هو وضاح اليشكري، وقد عبد الملك بن عمير بالسماع عند أحمد .6/314 وأخرجه أحمد 6/293عن أبي الوليد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/314، وأبو يعلى 325/2، والطبراني "23/"751و "752"من طريقين عن عبد الملك بن عمير، به. وأورده الهيثمي في "المجمع 10/238 "وقال :رواه أحمد وأبو يعلى ورجالهما رجال الصحيح.

5161 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ اَخَذَ شِبْرًا مِنَ الْاَرْضِ بِغَيْرِ حَقِّهِ طُوِّقَهُ مِنْ سَبْعِ اَرَضِيْنَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جو شخص ناحق طور پر (کسی کی) ایک بالشت جتنی زمین ہتھیا لے گا (قیامت کے دن) اس کے گلے میں سات زمینوں جتنا طوق ڈالا جائے گا''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَخَذَ شِبْرًا، اِنَّمَا هُوَ الْاِشَارَةُ اِلٰى نَفْسِ هٰذَا الْفِعْلِ لَا الْاِشَارَةُ اِلَى الشِّبْرِ فَقَطْ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''جس نے ایک بالشت (زمین) حاصل کر لی'' اس کے ذریعے اس فعل کی طرف اشارہ ہے محض ایک بالشت کی طرف اشارہ مراد نہیں ہے

5162 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ مُضَرٍ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ اَخَذَ مِنَ الْاَرْضِ شِبْرًا، بِغَيْرِ حَقٍّ، طُوِّقَهُ مِنْ سَبْعِ اَرَضِيْنَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص ایک بالشت زمین ناحق طور پر حاصل کرے گا اسے سات زمینوں کا طوق پہنایا جائے گا''

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ هٰذِهِ الْعُقُوْبَةَ تَجِبُ عَلَى الْغَاصِبِ الشِّبْرَ مِنَ الْاَرْضِ فَمَا فَوْقَهُ وَاِنْ لَمْ يَكُنْ اَخَذَهُ اِيَّاهَا بِالْيَمِيْنِ الْفَاجِرَةِ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے: یہ سزا اس شخص پر لازم ہوتی ہے'

5161- إسناده صحيح على شرط الصحيح. خالد بن عبد الله: هو الواسطي الطحان. وأخرجه الطيالسي "2410"، وأحمد 2/387، ومسلم "1611" في المساقاة: باب تحريم الظلم وغضب الأرض وغيرها، والبيهقي 6/99 من طريقين عن سهيل، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/387 عن عفان، عن أبي عَوَانَةَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أبي هريرة.

5162- إسناده حسن. ابن عجلان -هو محمد- روى له مسلم متابعة، وهو صدوق، وباقي السند من رجال الصحيح. وأخرجه أحمد 2/432 عن يحيى، عن محمد بن عجلان، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن أبي شيبة 6/566 من طريق سليمان بن بلال، عن ابن عجلان، به.

جو زمین کا ایک بالشت یا اس سے زیادہ غصب کر لیتا ہے اگرچہ اس نے وہ زمین جھوٹی قسم کے ذریعے حاصل کی ہو

5163 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَهْلٍ الْمَدَنِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ ظَلَمَ مِنَ الْاَرْضِ شِبْرًا طُوِّقَهُ مِنْ سَبْعِ اَرَضِيْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جو شخص ظلم کے طور پر ایک بالشت زمین ہتھیائے گا قیامت کے دن اسے سات زمینوں (کے وزن) جتنا طوق پہنایا جائے گا۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الظَّالِمَ الشِّبْرَ مِنَ الْاَرْضِ فَمَا فَوْقَهُ يُكَلَّفُ حَفْرَهَا اِلٰى اَسْفَلَ مِنْ سَبْعِ اَرَضِيْنَ بِنَفْسِهٖ، ثُمَّ يُطَوَّقُ اِيَّاهَا ذٰلِكَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' زمین کا ایک بالشت یا اس سے زیادہ ظلم کے طور پر لینے والے شخص کو

اس بات کا پابند کیا جائے گا' وہ بذات خود زمین کو ساتویں زمین کی تہہ تک کھودے اور پھر وہ زمینیں اسے طوق کے طور پر پہنا دی جائیں گی

5164 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنِ الرَّبِيْعِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَيْمَنَ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ يَعْلَى بْنِ مُرَّةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اَيُّمَا رَجُلٍ ظَلَمَ شِبْرًا مِنَ الْاَرْضِ كَلَّفَهُ اللّٰهُ اَنْ يَّحْفِرَهٗ حَتّٰى يَبْلُغَ سَبْعَ اَرَضِيْنَ، ثُمَّ يُطَوَّقُهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَتّٰى يَفْصِلَ بَيْنَ النَّاسِ

5163– حديث صحيح، ابن أبي السرى متابع، ومن فوقه على شرط الصحيح وقد تقدم برقم ."3195"

5164– حديث صحيح .الربيع بن عبد الله لَمْ يُوَثِّقْهُ غير المؤلّف 6/299، ولم يَروِ عنه غير زائدة بن قدامة، وتجويز المؤلف بأن يكون هو الربيع بن عبد الله بن خطاف الأحدب المترجم في "التهذيب "استبعده الحافظ في "تعجيل المنفعة " ص .125قلت :لكنه لم ينفرد به، فقد تابعه أبو يعفور عبد الرحمن بن عبيد نسطاس عند ابن أبي شيبة وغيره، وهو ثقة من رجال الستة، وباقي السند على شرط الشيخين غير أيمن بن ثابت، فمن رجال النسائي وهو صدوق .حسن بن علي :هو الجعفي، وزائدة: هو ابن قدامة .وأخرجه أحمد 4/173، والطبراني "692"/22من طريق أبي بكر بن أبي شيبة، بلفظ " :أيما رجل ظلم شبراً من الأرض كلفه الله عزوجل أن يحفره حتى يبلغ سبع أرضيين، ثم يطوقه إلى يوم القيامة حتى يقضي بين الناس "وقد تحرفت في "المسند" :"ثابت "إلى "نايل."وأخرجه أحمد ابن أبي شيبة 6/665، ومن طريقه المؤلف في "الثقات 4/48 "في ترجمة أيمن بن ثابت، والطبراني "691"/22عن يحيى بن زكريا بن أبي زائدة .

❀❀ حضرت یعلیٰ بن مرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:
''جو شخص ایک بالشت زمین ظلم کے طور پر ہتھیا لے گا اللہ تعالیٰ اسے اس بات کا پابند کرے گا کہ وہ زمین کو کھودے یہاں تک کہ وہ سات زمینوں تک پہنچ جائے گا پھر اس کے گلے میں قیامت کے دن طوق ڈال دیا جائے گا جو اس وقت تک باقی رہے گا جب تک لوگوں کے درمیان فیصلہ نہیں ہو جاتا''۔

ذِكْرُ اِيجَابِ دُخُولِ النَّارِ لِمَنْ ظَلَمَ اَخَاهُ الْمُسْلِمَ عَلٰى شَيْءٍ مِّنْ مَالِهٖ اَرْضًا كَانَ اَوْ غَيْرَهَا وَاِنْ كَانَ ذٰلِكَ الشَّيْءُ يَسِيْرًا تَافِهًا

ایسے شخص کے جہنم میں داخل ہونے کے واجب ہونے کا تذکرہ جو کسی مسلمان بھائی کے مال میں کسی بھی قسم کے ظلم کا مرتکب ہو خواہ وہ مال زمین ہو یا اس کے علاوہ ہو خواہ وہ چیز تھوڑی سی ہو

5165 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُكْرَمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ الْفَلَّاسُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الرِّيَاحِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اُمَيَّةَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ الْبَرْصَاءِ، قَالَ:
(متن حديث): سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: وَهُوَ يَمْشِي بَيْنَ جَمْرَتَيْنِ، مِنَ الْجِمَارِ، وَهُوَ يَقُوْلُ: مَنْ اَخَذَ شِبْرًا مِنْ مَالِ امْرِءٍ مُسْلِمٍ بِيَمِيْنٍ فَاجِرَةٍ، فَلْيَتَبَوَّاْ بَيْتًا مِنَ النَّارِ ، تَفَرَّدَ بِهٖ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ

❀❀ حضرت حارث بن برصاء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:
نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت دو جمرات کے درمیان چل رہے تھے۔ آپ نے ارشاد فرمایا:
''جو شخص کسی مسلمان کے مال میں سے ایک بالشت چیز جھوٹی قسم کے ذریعے حاصل کر لے اسے جہنم میں اپنے ٹھکانے تک پہنچنے کے لئے تیار رہنا چاہئے''۔
اس روایت کو نقل کرنے میں عمر بن عبدالوہاب نامی راوی منفرد ہیں۔

5165- إسناده صحيح على شرط مسلم .وأخرجه الطبراني "3330"عن علي بن عبد العزيز، عن عمر بن عبد الوهاب الرياحي، بهذا الإسناد .وأخرجه الحاكم 295 - 294 /4من طريق سعيد بن سملة، عن إسماعيل بن أمية، به .وصحح إسناده ووافقه الذهبي.وأخرجه الحميدي، ومن طريقه الطبراني "3331"عن سفيان عن إسماعيل بن أمية، عن عمر بن عطاء بن أبي الخوار، قال :سمعت الحارث بن البرصاء وهو في الموسم ينادي في الناس -قال سفيان :لاأعلمه حق امرء مسلم إلا قال :قال النبي صلى الله عليه وسلم" :ما من أحد يحلف على يمن كاذبة ليقتطع بها حق امرء مسلم إلا لقي الله وهو عليه غضبان ."وأخرجه بمثله الطبراني "3332"من طريق سليمان بن سليم عن إسماعيل بن أمية، به.

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِرَدِّ الظَّالِمِ عَنْ ظُلْمِهِ وَنُصْرَةِ الْمَظْلُومِ اِذْ رَدُّ الظَّالِمِ عَنْ ظُلْمِهِ نُصْرَتُهُ

اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ' ظالم کو ظلم سے روکا جائے اور مظلوم کی مدد کی جائے کیونکہ ظالم کو ظلم سے روکنا اس کی مدد کرنے کے مترادف ہے

5166 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا مَحْفُوظُ بْنُ اَبِي تَوْبَةَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدٍ الْعُمَرِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُولُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اُنْصُرْ اَخَاكَ ظَالِمًا اَوْ مَظْلُومًا ، قِيلَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، هٰذَا نَصَرْتُهُ مَظْلُومًا، فَكَيْفَ اَنْصُرُهُ ظَالِمًا؟، قَالَ: تُمْسِكُهُ مِنَ الظُّلْمِ، فَذَاكَ نَصْرُكَ اِيَّاهُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''تم اپنے بھائی کی مدد کرو خواہ وہ ظالم ہو یا مظلوم ہو عرض کی گئی یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! مظلوم کی مدد تک' تو بات ٹھیک ہے میں ظالم کی مدد کیسے کروں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اسے ظلم کرنے سے روک دو یہ تمہارا اس کی مدد کرنا ہوگا۔''

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ' جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

5167 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْمَقَابِرِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: وَاَخْبَرَنِي حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے غلام ہیں وہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی کسی اہلیہ محترمہ کے ہاں سے گزرے جہاں ہنڈیا میں گوشت پکا ہوا تھا۔ ان میں سے کسی نے اس گوشت میں سے دستی کا گوشت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف بڑھایا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کھڑے ہو کر اسے کھالیا پھر آپ نے نماز ادا کی اور از سر نو وضو نہیں کیا۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالْاِبْتِدَاءِ فِى الْاَكْلِ مِنْ جَوَانِبِ الطَّعَامِ اِذِ الْبَرَكَةُ تَنْزِلُ وَسَطَهُ

کھانے کا آغاز کھانے کے اطراف کی طرف سے کرنے کا حکم ہونے کا تذکرہ' کیونکہ اس کے درمیان میں برکت نازل ہوتی ہے

5245 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ

5244–شرحبيل بن سعد المدني مولى الأنصار لم يوثقه غير المؤلف، وقد ضعفه مالك والنسائي والدارقطني وغيرهم، وقال الحافظ في "التقريب:"صدوق اختلط بأخرة، وباقي رجاله ثقات .محمد بن سلمة :هو الباهلي الحرّاني، وأبو عبد الرحيم :هو خالد بن يزيد بن سماك الأموري .وقد تقدم تخريجه برقم 1150.

5245–حديث صحيح رجاله ثقات، خالد -هو ابن عبد الله الواسطي الطحان -روايته عن عطاء بن السائب بعد الاختلاط، لكن تابعه عليه شعبة عند الدرامي وابن الجعد والبغوي، والبيهقي في "الآداب "وسفيان عند الحميدي، وأحمد والحاكم، وهما ممن رويا عن عطاء قبل الاختلاط. وأخرجه الحميدي 529، وأحمد 1/270 و345و364، والدارمي 2/100، وابن الجعد 860، والترمذي 1805في الأطعمة :باب ما جاء في كراهية الأكل من وسط الطعام، وابن ماجة 3277في الأطعمة :باب النهي عن الأكل من ذروة الثريد، والحاكم 4/116، والبيهقي في "الآداب632 "، والبغوي 3772من طريق عن عطاء بن السائب، بهذا الإسناد .قال الترمذي :حديث حسن صحيح، وصححه الحاكم ووافقه الذهبي .وقال أبو داود 3772في الأطعمة :باب ما جاء في الأكل من أعلى الصحفة :حدثنا مسلم بن إبراهيم، حدثنا شعبة، عن عطاء بن السائب، عن سعيد بن جبير، عن ابن عباس قال :قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ":إذا أكل أحدكم طعاما، فلا يأكل من أعلى الصحفة، ولكن ليأكل من أسفلها، فإن البركة تنزل من أعلاها "قلت :وهذا إسناد صحيح.

عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، قَالَ: دُعِينَا اِلٰى طَعَامٍ وَمَعَنَا سَعِيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ وَزَاذَانُ وَاَبُو الْبَخْتَرِيِّ وَمِقْسَمٌ، فَاُتِيْنَا بِالطَّعَامِ، فَقَالَ: سَعِيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث):اَلْبَرَكَةُ تَنْزِلُ وَسَطَ الطَّعَامِ، فَكُلُوْا مِنْ حَافَتَيْهِ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''برکت کھانے کے درمیان میں نازل ہوتی ہے اس لئے تم اس کے کناروں کی طرف سے کھایا کرو۔''

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّجْمَعَ فِيْ اَكْلِهٖ بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ مِنَ الْمَاْكُوْلِ

آدمی کے لیے اس بات کے مباح ہونے کا تذکرہ' وہ کھائی جانے والی چیزوں میں سے دو چیزیں ایک ساتھ کھالے

5246 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ

(متن حدیث):اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَجْمَعُ الْبِطِّيْخَ بِالرُّطَبِ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خربوزے اور کھجور کو ملا کر کھالیا کرتے تھے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَ عَائِشَةَ: اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَجْمَعُ الْبِطِّيْخَ بِالرُّطَبِ، اَرَادَتْ بِهٖ اَنَّهٗ كَانَ يَاْكُلُهُمَا مَعًا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان: ''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خربوزہ کھجور کے ساتھ ملا کر کھاتے تھے'' اس کے ذریعے ان کی مراد یہ ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دونوں چیزیں ایک ساتھ کھاتے تھے

5247 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، بِمَنْبِجٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا

5246- إسناده حسن، معاوية بن هشام -وإن خرج له مسلم -وصفه الحافظ في "التقريب "بقوله :صدوق له أوهام، وباقي رجاله ثقات من رجاله الشيخينغير عبدة بن عبد الله فمن رجال البخاري، وسفيان :هو الثوري. وأخرجه الترمذي 1843في الأطعمة :باب ما جاء في أكل البطيخ بالرطب، وفي "الشمائل 199 "، ومن طريقه البغوي 2894عن عبدة بن عبد الله الخزاعي، بهذا الإسناد .قال الترمذي :هذا حديث حسن غريب. وأخرجه الحميدي 255عن سفيان به . وأخرجه أبو داود 3836في الأطعمة :باب في الجمع بين لونين في الأكل، وأبو الشيخ في "أخلاق النبي "ص203، والبيهقي 7/281، وأبو نعيم في "الحلية 7/367"من طرق عن هشام بن عروة، به .زاد أبو داود"ويقول :نكسر حر هذا ببرد هذا، وبرد هذا بحر هذا " وأخرجه الترمذي في"الشمائل 201"من طريق يزيد بن رومان، عن عروة به .وانظر ما بعده.

عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْكُلُ الْبِطِّيخَ بِالرُّطَبِ *

❀❀ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھجور کے ہمراہ خربوزہ کھا لیتے تھے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

5248 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِي قَالَ: سَمِعْتُ حُمَيْدًا، يُحَدِّثُ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَاْكُلُ الطَّبِيخَ اَوِ الْبِطِّيخَ بِالرُّطَبِ، الشَّكُّ مِنْ اَحْمَدَ

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھجور کے ہمراہ خربوزہ کھا لیتے تھے (یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے)

یہ شک احمد بن حنبل کو ہے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِاَكْلِ اللُّقْمَةِ اِذَا سَقَطَتْ مِنْ يَّدَيِ الْاٰكِلِ لِئَلَّا يَتْرُكَهَا لِلشَّيْطَانِ

جب کوئی لقمہ کھانے والے کے ہاتھ سے گر جائے' تو اسے کھانے کے حکم ہونے کا تذکرہ تاکہ آدمی اسے شیطان کے لیے نہ چھوڑ دے

5249 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِذَا سَقَطَتْ لُقْمَةُ اَحَدِكُمْ، فَلْيُمِطِ الْاَذَى عَنْهَا وَلْيَاْكُلْهَا، وَلَا يَدَعْهَا لِلشَّيْطَانِ، وَاَسْلِتُوا الصَّحْفَةَ، فَاِنَّهُ لَا يُدْرَى فِيْ اَيِّ طَعَامِكُمْ تَكُوْنُ الْبَرَكَةُ

5247– إسناده حسن، هشام بن عمار وإن روى له البخاري، لا يرقى إلى رتبة الصحيح، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. عيسى بن يونس :هو ابن إسحاق السبيعي .وهو مكرر ما قبله.

5248– إسناده صحيح على شرط الشيخين .وهو في "مسند أحمد 3/142 "و 143وأخرجه الترمذي في "الشمائل 200" عن إبراهيم بن يعقوب، عن وهب بن جرير بهذا الإسناد. وعند أحمد والترمذي "كان يأكل الرطب بالخربز "قال الحافظ في "الفتح" 9/573: الخربز :هو بكسر الخاء المعجمة وسكون الراء وكسر الموحدة بعدها زاي :نوع من البطيخ الأصفر. وأخرج البخاري 5440و 5447و 5449، ومسلم 2043، وأبو داود 3835، والترمذي 1844عن عبد الله بن جعفر قال :رأيت النبي صلى الله عليه وسلم يأكل القثاء بالرطب.

حضرت انس رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب کسی شخص کا لقمہ گر جائے' تو اسے اس سے گندگی صاف کر کے اسے کھا لینا چاہئے۔ اسے شیطان کے لئے نہیں چھوڑنا چاہئے اور تم پیالے کو پونچھ لیا کرو کیونکہ یہ بات معلوم نہیں ہے' تمہارے کھانے کے کون سے حصے میں برکت ہے۔''

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِغَمْسِ الذُّبَابِ فِي الْمَرَقَةِ اِذَا وَقَعَ فِيهَا، ثُمَّ الْاِخْرَاجِ وَالْاِنْتِفَاعِ بِتِلْكَ الْمَرَقَةِ

مکھی کو شوربے میں ڈبونے کا حکم ہونے کا تذکرہ جب مکھی اس میں گر جائے اور پھر اسے نکالنے کا اور شوربے کو استعمال کرنے (کا حکم ہونے کا تذکرہ)

5250 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ يُوسُفَ، حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِذَا وَقَعَ الذُّبَابُ فِي اِنَاءِ اَحَدِكُمْ فَلْيَغْمِسْهُ، فَاِنَّ فِي اَحَدِ جَنَاحَيْهِ دَاءً وَفِي الْآخَرِ شِفَاءً، وَاِنَّهُ يَتَّقِي بِجَنَاحِهِ الَّذِي فِيهِ الدَّاءُ فَلْيَغْمِسْهُ كُلَّهُ ثُمَّ لِيَنْزِعْهُ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُو حَاتِمٍ: الْعَرَبُ تُسَوِّغُ هٰذِهِ اللَّفْظَةَ فِي الْاِتِّقَاءِ اَنَّهُ يُسْتَعْمَلُ فِي الْغَمْسِ وَالرَّفْعِ مَعًا، فَاِنَّ الْاِتِّقَاءَ يَقَعُ عَلَى الْمَعْنَيَيْنِ جَمِيعًا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جب کسی شخص کے برتن میں مکھی گر جائے' تو وہ اسے ڈبو دے کیونکہ اس کے دو پروں میں سے ایک میں بیماری ہوتی ہے اور دوسرے میں شفا ہوتی ہے وہ اپنے اس پر کے ذریعے بچنے کی کوشش کرتی ہے' جس میں بیماری ہوتی ہے' تو آدمی' تو اسے مکمل ڈبو کر پھر باہر نکالنا چاہئے''۔

5249- إسناده صحيح على شرط مسلم ,رجاله ثقات رجال الشيخين غير حماد بن سلمة فمن رجال مسلم . وأخرجه الدرامي ,2/96وابن أبي شيبة ,8/294وأحمد ,3/177وعلي بن الجعد ,3476ومسلم2034 ,في الأشربة :باب استحباب لعق الأصابع والقصعة ,والترمذي 1803في الأطعمة :باب ما جاء في اللقمة تسقط ,وأبو داود 3845في الأطعمة :باب في اللقمة تسقط، ومن طريقه البيهقي 7/278من طرق عن حماد بن سلمه، بهذا الإسناد . قال الترمذي :حديث حسن غريب صحيح. وأخرجه أحمد مختصراً 3/100من طريق حميد عن أنس.

5250- إسناده حسن ,رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن عجلان ,فقد روى له البخاري تعليقاً ومسلم متابعة .وقد تقدم تخريجه برقم.1247

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) عرب یہ لفظ ڈبونے اور اٹھانے دونوں کے لئے استعمال کرتے ہیں کیونکہ لفظ اتقاء ان دونوں معنی کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّكُوْنَ اَكْلُهُ بِاَصَابِعِهِ الثَّلَاثِ

اس بات کا تذکرہ' آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے' وہ تین انگلیوں کے ذریعے کھائے

5251 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبَّادٍ، بِالْبَصْرَةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ يَحْيَى الْحَسَّانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ سُعَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْكُلُ بِثَلَاثِ اَصَابِعَ، ثُمَّ يَلْعَقُهُنَّ

❁❁ حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تین انگلیوں کے ساتھ کھایا کرتے تھے اور انہیں چاٹ لیا کرتے تھے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ لَعْقُ الْاُصْبُعِ عِنْدَ الْاَكْلِ ضِدَّ قَوْلِ مَنْ كَرِهَهُ تَقَذُّرَةً

اس بات کا تذکرہ' آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے' وہ کھانے کے بعد انگلیوں کو چاٹ لے یہ بات اس شخص کے موقف کے خلاف ہے' جس نے اسے گندا سمجھتے ہوئے مکروہ قرار دیا ہے

5252 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا

5251- إسناده قوى ,مالك بن سعير :لا بأس به ,روى له البخارى فى "صحيحه "متابعة ,وحديثه عند أهل السنن ,وباقى السند ثقات من رجال الصحيح .عبد الرحمن بن سعد :هو المدنى مولى الأسود ,وابن كعب بن مالك :هو عبد الله أو عبد الرحمن كما جاء مصرحاً به عند مسلم والدارمى وغيرهما ,وابنا كعب هذان ثقتان روى لهما الشيخان .وجاء فى رواية لأحمد 6/386 والدارمى "2/97أبى بن كعب بن مالك "بزيادة"أبى "وهو خطأ ,والصواب حذفها ,فليس لكعب بن مالك ولد يسمى "أُبيا" وأخرجه أحمد 3/454و ,6/386والدرامى 2/97ومسلم 2033فى الأشربة :باب استحباب لعق الأصابع والقصعة ,وأبو داود 3848فى الأطعمة :باب فى المنديل ,والطبرانى19/195و ,196والبيهقى ,7/278وفى"الآداب ,633"والبغوى 2874من طرق عن هشام بن عروه ,بهذا الإسناد .وأخرجه الترمذى فى "الشمائل ,143"والطبرانى19/187و 188من طرق عن هشام ,عن ابن كعب بن مالك ,ولم يذكرا عبد الرحمن بن سعد . وأخرجه ابن أبى شيبة ,8/295ومسلم ,2032131والترمذى فى "الشمائل ,140"والطبرانى 19/182من طريق عبد الرحمن بن مهدى ,عن سفيان ,عن سعد بن إبراهيم ,عن ابن كعب بن مالك ,به.

5252- إسناده صحيح على شرط مسلم ,رجاله رجال الشيخين غير حماد بن سلمة فمن رجال مسلم . وأخرجه الترمذى فى "الشمائل ,141"وعلى بن الجعد ,3475وأبو الشيخ فى "أخلاق النبى "ص ,194والبغوى 2873من طريق حماد بن سلمة, بهذا الإسناد وانظر تخريج الحديث.5249

حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اَكَلَ لَعِقَ اَصَابِعَهُ الثَّلَاثَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کھانا کھاتے تھے تو آپ اپنی تین انگلیاں چاٹ لیا کرتے تھے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلْمَرْءِ بِلَعْقِ الْاَصَابِعِ لِلْاَكْلِ قَبْلَ مَسْحِهَا بِالْمِنْدِيلِ ضِدَّ قَوْلِ مَنْ تَقَذَّرَهُ

آدمی کو اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ وہ کھانے کے بعد ہاتھوں کو رومال کے ذریعے پونچھنے سے پہلے انگلیوں کو چاٹ لے یہ بات اس شخص کے موقف کے خلاف ہے جس نے اسے گندا قرار دیا ہے

5253 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسَى الْجَوَالِيقِيُّ، بِعَسْكَرِ مُكْرَمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيِّ بْنِ بَحْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ اَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اِذَا طَعِمَ اَحَدُكُمْ فَسَقَطَتْ لُقْمَتُهُ مِنْ يَدِهِ فَلْيُمِطْ مَا رَابَهُ مِنْهَا، وَلْيَطْعَمْهَا وَلَا يَدَعْهَا لِلشَّيْطَانِ، وَلَا يَمْسَحْ يَدَهُ بِالْمِنْدِيلِ حَتّٰى يَلْعَقَ يَدَهُ، فَاِنَّ الرَّجُلَ لَا يَدْرِي فِيْ اَيِّ طَعَامِهِ يُبَارَكُ لَهُ، وَاِنَّ الشَّيْطَانَ يَرْصُدُ النَّاسَ اَوِ الْاِنْسَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَتّٰى عِنْدَ مَطْعَمِهِ اَوْ طَعَامِهِ، وَلَا يَرْفَعُ الصَّحْفَةَ حَتّٰى يَلْعَقَهَا، اَوْ يُلْعِقَهَا فَاِنَّ فِيْ اٰخِرِ الطَّعَامِ الْبَرَكَةَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا۔

''جب کوئی شخص کھانا کھا رہا ہو اور اس کا لقمہ اس کے ہاتھ سے گر جائے تو اس پر جو چیز لگی ہوئی ہو اسے صاف کر کے آدمی کو اسے کھا لینا چاہئے اور اس لقمے کو شیطان کے لئے نہیں چھوڑنا چاہئے اور آدمی کو اپنے ہاتھ رومال سے اس وقت تک نہیں پونچھنے چاہئے جب تک وہ اپنے ہاتھ کو چاٹ نہیں لیتا کیونکہ آدمی یہ بات نہیں جانتا کہ اس کے کھانے کے کون سے حصے میں اس کے لئے برکت رکھی گئی ہے اور شیطان انسان کی گھات میں رہتا ہے۔ (یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے) ہر چیز کے حوالے سے رہتا ہے یہاں تک کہ کھانے کے حوالے سے بھی رہتا ہے (یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے) آدمی کو پیالہ اس وقت تک نہیں اٹھانا چاہئے جب تک وہ اسے چاٹ نہیں لیتا یا کسی دوسرے کو چاٹنے کے لئے نہیں دے دیتا کیونکہ کھانے کے آخری حصے میں برکت ہوتی ہے۔''

5253- حديث صحيح ,إسناده على شرط مسلم ,رجاله رجال الشيخين غير أبي الزبير فمن رجال مسلم ,وقد تابعه أبو سفيان طلحة بن نافع عند مسلم وغيره .أبو عاصم :هو الضحاك بن مخلد النبيل. وأخرجه النسائي في الوليمة كما في "التحفة" 2/330من طريق حجاج بن محمد ,عن ابن جريج ,بهذا الإسناد. وأخرجه مختصراً ومطولاً ;أحمد 3/301و331و337و ,365-366ومسلم 2033في الأشربة :باب استحباب لعق الأصابع والقصعة ,من طريق سفيان , والترمذي 1802في الأطعمة :باب ما جاء في اللقمة تسقط ,من طريق ابن لهيعة ,كلاهما عن أبي الزبير ,به. وأخرجه كذلك أحمد 3/315,وابن أبي شيبة 8/297, ومسلم 2033135,وابن ماجة 3279في الأطعمة :باب اللقمة إذا سقطت ,

بَابُ مَا يَجُوزُ اَكْلُهُ وَمَا لَا يَجُوزُ

باب! کون سی چیز کھانا جائز ہے اور کون سی چیز کھانا جائز نہیں ہے

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ كَرِهَ مِنَ الْمُتَصَوِّفَةِ اَكْلَ الْعَسَلِ وَالْحَلْوٰى مَخَافَةَ اَنْ لَا يَقُومَ بِشُكْرِهِ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جس کا تعلق صوفیاء سے ہے

اور جس نے شہد اور حلوے (یعنی میٹھی چیز) کو کھانا مکروہ قرار دیا ہے اس اندیشے کے تحت کہ آدمی اس کا شکر ادا نہیں کر سکے گا

5254 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ زُهَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحِبُّ الْحَلْوَاءَ وَالْعَسَلَ

❀❀ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حلوے اور شہد کو پسند کرتے تھے۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَكْلَ لُحُومِ الدَّجَاجِ ضِدَّ قَوْلِ مَنْ زَعَمَ اَنَّ ذٰلِكَ مِنَ الْإِسْرَافِ

آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ' وہ مرغی کا گوشت کھا سکتا ہے یہ بات اس شخص کے موقف کے خلاف ہے' جو اس بات کا قائل ہے' یہ عمل اسراف ہے

5255 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ، وَالْقَاسِمِ بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ زَهْدَمٍ الْجَرْمِيِّ، قَالَ: اَيُّوبُ: وَاَنَا لِحَدِيْثِ الْقَاسِمِ اَحْفَظُ مِنِّيْ لِحَدِيْثِ اَبِيْ قِلَابَةَ، قَالَ:

5254- إسناده صحيح على شرط الشيخين ,أبو أسامة :هو حماد بن أسامة , وأخرجه أحمد ,6/59 والبخاري 5431 في الأطعمة :باب الحلواء والعسل ,و 5599 في الأشربة :باب الباذق وما نهى عن كل مسكر من الأشربة ,و :5614 باب شراب الحلواء والعسل ,و 5682 في الطب :باب الدواء بالعسل ,و 6972 في الحيل :باب ما يكره من احتيال المرأة مع الزوج والضرائر ,ومسلم 147421 في الطلاق :باب وجوب الكفارة على من حرم امرأته ,وأبو داود 3715 في الأشربة :باب في شراب العسل ,والترمذي 1831 في الأطعمة :باب ما جاء في حب النبي صلى الله عليه وسلم الحلواء والعسل ,وفي "الشمائل ,164" وأبو الشيخ في "أخلاق النبي "ص ,203 والبغوي 2865 من طرق عن حماد بن أسامة ,بهذا الإسناد=.

(متن حدیث): كُنَّا عِنْدَ اَبِي مُوسَى الْاَشْعَرِيِّ، فَدَعَا بِمَائِدَةٍ وَعَلَيْهَا لَحْمُ دَجَاجٍ، وَقَالَ: رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْكُلُ مِنْهُ

ابوقلابہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ حضرت ابوموسیٰ اشعری کے پاس موجود تھے۔ انہوں نے دسترخوان منگوایا اس پر مرغی کا گوشت تھا۔ انہوں نے فرمایا: میں نے نبی اکرم ﷺ کو اسے کھاتے ہوئے دیکھا ہے۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ اَكْلِ الْمَرْءِ لُحُومَ الطُّيُوْرِ الَّتِي قَدِ اصْطِيدَتْ

آدمی کے لیے پرندوں کا گوشت کھانے کے مباح ہونے کا تذکرہ جنہیں شکار کیا گیا ہو

5256 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، مَوْلٰى ثَقِيفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ قُدَامَةَ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى الْقَطَّانُ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عُثْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا مَعَ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ وَنَحْنُ حُرُمٌ، فَاُهْدِيَ لَنَا طَيْرٌ، وَطَلْحَةُ رَاقِدٌ، فَمِنَّا مَنْ اَكَلَ، وَمِنَّا مَنْ تَوَرَّعَ، فَلَمَّا اسْتَيْقَظَ طَلْحَةُ وَافَقَ مَنْ اَكَلَهُ، وَقَالَ: اَكَلْنَاهَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

معاذ بن عبدالرحمٰن اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں ہم لوگ حضرت طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے۔ ہم نے احرام باندھا ہوا تھا۔ ہمیں ایک پرندے (کا گوشت) تحفے کے طور پر دیا گیا۔ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ اس وقت سو رہے تھے ہم میں سے کچھ لوگوں نے اسے کھالیا اور کچھ نے پرہیز کیا۔ جب حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ بیدار ہوئے تو انہوں نے ان لوگوں کا ساتھ دیا جنہوں نے اس کا گوشت کھالیا تھا۔ انہوں نے یہ بات بیان کی کہ ہم نے نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ اس (پرندے کا گوشت) کھایا ہے۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَاْكُلَ الْجَرَادَ اِذَا لَمْ يَتَقَذَّرْهُ

آدمی کے لیے اس بات کے مباح ہونے کا تذکرہ وہ ٹڈی کھا سکتا ہے جب کہ وہ اسے گندا نہ سمجھے

5255- إسناده صحيح على شرط الشيخين .أبو الربيع الزهراني :هو سليمان بن داود العتكي ,وأبو قلابة :هو عبد الله بن زيد الجرمي .وقد تقدم برقم.5222 وأخرجه مسلم 16499في الأيمان :باب ندب من حلف يميناً فرأى غيرها خيراً منها ,عن أبي الربيع الزهراني ,بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد ,4/406والبخاري 3133في الجهاد :بـاب ومـن الدليل على أن الخمس لنوائب المسلمين ما سأل هوازن النبي صلى الله عليه وسلم ,. . . .ومن طريقين ,عـن حماد بن زيد ,به. وأخرجه البخاري 6649في الأيمان والنذور :باب لا تحلفوا بآبائكم 7555,في التوحيد :باب قول الله تعالى :(وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُونَ) , ومسلم 1649من طريقين عن أيوب ,عـن أبي قلابة والقاسم ,به. وأخرجه أحمد 4/401و ,406والدارمي ,2/102والبخاري 5518في الذبائح : باب لحم الدجاج ,و 6721في الأيمان والنذور :بـاب الكفارة قبل الحنث وبعده ,ومسلم ,1649والنسائي 7/106في الصيد باب إباحة أكل لحوم الدجاج ,من طريقين عن أيوب ,عن القاسم ,به.

5256- إسناده صحيح على شرط مسلم ورجاله ثقات رجال الشيخين غير عبد الرحمن التيمي فمن رجال مسلم .وقد تقدم تخريجه برقم.3973

5257 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي يَعْفُورَ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ اَبِي اَوْفَى، قَالَ:

(متن حدیث): غَزَوْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعَ غَزَوَاتٍ اَوْ سِتَّ غَزَوَاتٍ - شَكَّ شُعْبَةُ - فَكُنَّا نَاْكُلُ مَعَهُ الْجَرَادَ

❀❀ حضرت ابن ابی اوفی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ سات (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) چھ ایسے غزوات میں شرکت کی ہے جس میں ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ٹڈی کھاتے رہے ہیں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ كُلَّ مَنْ قَذَفَهُ الْبَحْرُ مِنَ الْمَيْتَةِ اَوْ مَا اصْطِيدَ مِنْهُ مِمَّا لَا يَعِيشُ اِلَّا فِيهِ مَيْتَةٌ حَلَالٌ اَكْلُهُ وَاِنْ بَايَنَتْ خِلْقَهَا خِلْقَةَ الْحُوتِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ ہر وہ چیز جسے سمندر مردار کی شکل میں باہر پھینک دے یا جسے سمندر میں سے شکار کیا جاتا ہے وہ مردار ہوتی ہے لیکن اس چیز کی گزر بسر سمندر میں ہی ہوتی ہے تو اسے کھانا حلال ہوتا ہے اگرچہ اس کی ظاہری جسامت مچھلی سے کچھ مختلف ہو

5258 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنِي الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ سَلَمَةَ، مِنْ آلِ ابْنِ الْاَزْرَقِ اَنَّ الْمُغِيرَةَ بْنَ اَبِي بُرْدَةَ مِنْ بَنِي عَبْدِ الدَّارِ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ، سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُولُ

(متن حدیث): سَاَلَ رَجُلٌ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّا نَرْكَبُ الْبَحْرَ وَنَحْمِلُ مَعَنَا الْقَلِيلَ مِنَ الْمَاءِ، فَاِنْ تَوَضَّاْنَا بِهِ عَطِشْنَا، اَفَنَتَوَضَّاُ مِنْ مَاءِ الْبَحْرِ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هُوَ الطَّهُورُ مَاؤُهُ الْحِلُّ مَيْتَتُهُ

❀❀ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا اس نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم ۔

5257- إسناده صحيح على شرط الشيخين .أبو يعفور :هم العبدى ,وأسمه وقدان ,قيل :واقد. وأخرجه البيهقي 9/256-257من طريقين عن أبي بكر الإسماعيلي ,عن أبي خليفة الفضل بن الحباب ,بهذا الإسناد . وأخرجه الطيالسي ,818وأحمد ,4/357والبخاري 5495في الصيد :باب أكل الجراد ,ومسلم 1952في الصيد :باب إباحة الجراد , وأبو داود 3812في الأطعمة :باب في أكل الجراد ,والترمذي 1822في الأطعمة :باب ما جاء في أكل الجراد ,والنسائي 7/210 في الصيد :باب الجراد ,والبهقي 9/257من طريقين عن شعبة ,به. وأخرجه الحميدي ,713وعبد الرزاق ,8762وابن أبي شيبة 8/325وأحمد 4/353و 380والدرامي ,2/91ومسلم ,1952والترمذي 1821و ,1822والنسائي ,7/210وابن الجارود ,880والبيهقي ,9/257والبغوي2802من طرق عن سفيان بن عيينة ,به.

5258- إسناده صحيح رجاله ثقات ,وقد تقدم تخريجه برقم.1244

سمندری سفر کرتے ہیں۔ ہم اپنے ساتھ تھوڑا سا پانی لے جاتے ہیں۔ اگر ہم اس کے ذریعے وضو کریں' تو خود پیاسے رہ جائیں کیا ہم سمندر کے پانی کے ذریعے وضو کر لیا کریں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس کا پانی پاک ہے اور اس کا مردار حلال ہے۔

5259 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): بَعَثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ ثَلَاثِ مِائَةِ رَاكِبٍ، وَاَمِيْرُنَا اَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ، نَرْصُدُ عِيْرًا لِقُرَيْشٍ، فَاَقَمْنَا بِالسَّاحِلِ نِصْفَ شَهْرٍ، فَاَصَابَنَا جُوْعٌ شَدِيْدٌ، حَتّٰى اَكَلْنَا الْخَبَطَ، قَالَ: فَسُمِّيَ ذٰلِكَ الْجَيْشُ جَيْشَ الْخَبَطِ، ثُمَّ اَلْقَى الْبَحْرُ دَابَّةً يُقَالُ لَهَا: الْعَنْبَرُ، فَاَكَلْنَا مِنْهُ نِصْفَ شَهْرٍ حَتّٰى ثَابَتْ اَجْسَامُنَا وَادَّهَنَّا بِوَدَكِهٖ، فَاَخَذَ اَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ ضِلَعًا مِنْ اَضْلَاعِهٖ، وَنَظَرَ اِلٰى اَطْوَلِ جَمَلٍ فِي الْجَيْشِ وَاَطْوَلِ رَجُلٍ، فَحَمَلَهُ عَلَيْهِ فَمَرَّ تَحْتَهُ قَالَ: سُفْيَانُ: قَالَ اَبُو الزُّبَيْرِ: عَنْ جَابِرٍ: اَعْطَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جِرَابًا فِيْهِ تَمْرٌ، فَلَمَّا نَفِدَ، وَجَدْنَا فَقْدَهُ، فَجَعَلَ يَجِيْءُ الرَّجُلُ بِالشَّيْءِ، قَالَ: وَاَخْرَجْنَا مِنْ عَيْنَيْهِ كَذَا وَكَذَا حُبًّا مِنْ وَدَكٍ، فَلَمَّا قَدِمْنَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاَلَنَا: هَلْ مَعَكُمْ مِنْهُ شَيْءٌ

✿✿ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ہم تین سو سواروں کو (ایک مہم پر) روانہ کیا ہمارے امیر حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ سے ہم قریش کے قافلے کی گھات میں تھے ہم نے پندرہ دن تک ساحل پر قیام کیا' ہمیں شدید بھوک لاحق ہوگئی' یہاں تک کہ ہم پتے کھانے لگے۔ اسی وجہ سے اس لشکر کا نام پتوں والا لشکر رکھا گیا تھا' پھر سمندر نے ایک بڑے سے جانور کو باہر پھینک دیا جس کا نام عنبر تھا۔ ہم نے پندرہ دن تک اس کا گوشت کھایا' یہاں تک کہ ہمارے جسم مضبوط ہو گئے۔ ہم نے اس کی چربی کو تیل کے طور پر استعمال کیا پھر حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ نے اس کی ایک پسلی کو لیا۔ انہوں نے لشکر میں موجود سب سے اونچے اونٹ اور سب سے لمبے آدمی کا انتخاب کیا۔ اسے اس اونٹ پر سوار کیا' تو وہ آدمی اس پسلی کے نیچے سے گزر گیا۔

ایک اور سند کے ساتھ یہ منقول ہے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ہمیں ایک تھیلا دیا تھا۔ جس میں کھجوریں موجود تھیں جب وہ ختم ہوگئی' تو ہمیں ان کی غیر موجودگی محسوس ہوئی پھر کوئی آدمی کوئی چیز لے آیا کرتا تھا۔

اس روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں: ہم نے اس (سمندری جانور) کی آنکھوں سے اتنی اتنی چربی نکالی جب ہم نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے' تو آپ نے ہم سے دریافت کیا: کیا تمہارے پاس اس کا کچھ (گوشت) ہے۔

5259- إسناده صحيح على شرط الشيخين .سفيان :هو ابن عيينة .وهو في "مسند أبي يعلى 1955 "و .1956وأخرجه عبد الرزاق ,8667والحميدي ,1242وأحمد ,3/308-309والدارمي ,2/91-92والبخاري 4361في المغازي :باب غزوة سيف البحر ,ومسلم 193518في الصيد :باب إباحة ميتات البحر ,والنسائي 7/207-208في الصيد :باب ميتة البحر , والبيهقي 9/251من طرق عن سفيان ,بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد ,3/311والبخاري 5493في الصيد :باب قول الله تعالى (أُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ) , والبيهقي ,9/251والبغوي 2804من طريقين عن عمرو بن دينار ,به .وانظر ما بعده.

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكَلَ مِمَّا حَمَلَهُ اَهْلُ ذٰلِكَ الْجَيْشِ مِنَ الْعَنْبَرِ الَّذِىْ قَذَفَهُ الْبَحْرُ لَهُمْ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم ﷺ نے اس جانور کا گوشت کھایا تھا جسے اس لشکر والے لوگ اٹھا کر لائے تھے جو عنبر کا گوشت تھا جسے سمندر نے باہر پھینکا تھا

5260 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): بَعَثَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَمَّرَ عَلَيْنَا اَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ الْجَرَّاحِ يَتَلَقّٰى عِيْرًا لِقُرَيْشٍ، وَزَوَّدَنَا جِرَابَ تَمْرٍ لَمْ يَجِدْ لَنَا غَيْرَهُ، فَكَانَ اَبُوْ عُبَيْدَةَ يُطْعِمُنَا تَمْرَةً تَمْرَةً، قُلْتُ: فَكَيْفَ كُنْتُمْ تَصْنَعُوْنَ بِهَا؟ قَالَ: نَمُصُّهَا كَمَا يَمُصُّ الصَّبِيُّ، ثُمَّ نَشْرَبُ عَلَيْهَا مِنَ الْمَاءِ، فَيَكْفِينَا يَوْمَنَا اِلَى اللَّيْلِ، قَالَ: وَكُنَّا نَضْرِبُ بِعِصِيِّنَا الْخَبَطَ ثُمَّ نَبُلُّهُ بِالْمَاءِ فَنَاْكُلُهُ، قَالَ: فَانْطَلَقْنَا، فَرُفِعَ لَنَا عَلٰى سَاحِلِ الْبَحْرِ كَهَيْئَةِ الْكَثِيبِ الضَّخْمِ، فَاَتَيْنَاهُ فَاِذَا هُوَ دَابَّةٌ تُدْعَى الْعَنْبَرَ، فَقَالَ: اَبُوْ عُبَيْدَةَ: مَيْتَةٌ، ثُمَّ قَالَ: لَا، نَحْنُ رُسُلُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَقَدِ اضْطُرِرْتُمْ فَكُلُوا، قَالَ: فَاَقَمْنَا عَلَيْهِ شَهْرًا، وَنَحْنُ ثَلَاثُ مِائَةٍ حَتّٰى سَمِنَّا، وَلَقَدْ رَاَيْتُنَا نَغْتَرِفُ مِنْ وَقْبِ عَيْنَيْهِ بِالْقِلَالِ، وَنَقْطَعُ مِنْهُ الْفِدَرَ كَالثَّوْرِ اَوْ كَقَدْرِ الثَّوْرِ، وَلَقَدْ اَخَذَ مِنَّا اَبُوْ عُبَيْدَةَ ثَلَاثَةَ عَشَرَ رَجُلًا، فَاَقْعَدَهُمْ فِيْ وَقْبِ عَيْنِهِ، وَاَخَذَ ضِلَعًا مِنْ اَضْلَاعِهِ فَاَقَامَهَا، ثُمَّ اَرْحَلَ اَعْظَمَ بَعِيْرٍ مِّنَّا فَمَرَّ تَحْتَهَا، قَالَ: وَتَزَوَّدْنَا مِنْ لَحْمِهِ وَشَائِقَ، فَلَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ، اَتَيْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرْنَا ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ: هُوَ رِزْقٌ اَخْرَجَهُ اللّٰهُ لَكُمْ، فَهَلْ مِنْ لَحْمِهِ مَعَكُمْ شَيْءٌ تُطْعِمُوْنَا؟ فَاَرْسَلْنَا اِلَيْهِ مِنْهُ فَاَكَلَهُ

❁❁ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ہمیں ایک مہم پر روانہ کیا۔ آپ نے حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ کو ہمارا امیر مقرر کیا۔ ہمارا ارادہ قریش کے قافلے کو روکنے کا تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے زادراہ کے طور پر کھجوروں کا ایک تھیلا ہمیں دے دیا۔ ہمیں اس کے علاوہ اور کوئی چیز نہیں ملی۔ حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ اس میں سے ایک' ایک کھجور ہمیں کھانے کے لئے دیا کرتے تھے۔

5260- إسناده صحيح على شرط مسلم ,رجاله رجال الشيخين غير أبي الزبير ,فمن رجال مسلم ,وقد صرح بالتحديث في رواية عند أحمد . وأخرجه أحمد 3/311-312, ومسلم 193517 في الصيد :باب إباحة ميتات البحر ,وأبو داود 3840 في الأطعمة :باب في دواب البحر, والبيهقي 9/251 من طرق عن أبي الزبير ,بهذا الإسناد .وأخرجه الطيالسي 1744, وعبد الرزاق 8668, وابن أبي شيبة 5/381, وأحمد 3/303 و311, والنسائي 7/208 و209-208 في الصيد :باب ميتة البحر ,وأبو يعلى 1920 و1954, وابن الجارود 878 من طرق عن أبي الزبير ,به. والوشائق جمع وشيقة :وهو لحم يغلى في ماء وملح ,ثم يخرج فيصير في "الجبجبة -"وهو البعير يقور -ثم يجعل ذلك اللحم فيه ,فيكون زاداً لهم في أسفارهم.

(راوی بیان کرتے ہیں) میں نے دریافت کیا آپ لوگ اس کا کیا' کیا کرتے تھے؟ انہوں نے فرمایا: ہم اسے یوں چوستے تھے جس طرح کوئی بچہ چوستا ہے' پھر اس کے بعد ہم پانی پی لیا کرتے تھے' تو وہ ہمارے لئے پورے دن کے لئے کافی ہوتی تھی۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ اپنے عصا کے ذریعے پتے اتارا کرتے تھے۔ انہیں پانی میں بھگویا کرتے تھے اور پھر انہیں کھالیا کرتے تھے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ چلتے رہے' یہاں تک کہ ساحل سمندر پر ہمارے سامنے بڑی چٹان جیسی کوئی چیز آگئی ہم اس کے پاس آئے' تو وہ ایک جانور تھا جسے عنبر کہا جاتا تھا حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے کہا: یہ مردار ہے پھر انہوں نے فرمایا: جی نہیں۔ ہم اللہ کے رسول کے بھیجے ہوئے لوگ ہیں۔ اور اللہ کی راہ میں ہیں تم لوگ اضطراری حالت میں ہو' تو تم لوگ اسے کھالو۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم ایک ماہ وہاں مقیم رہے۔ ہم تین سو افراد تھے' یہاں تک کہ ہم (اسے کھا کر) موٹے تازے ہوگئے۔ مجھے اپنے بارے میں یہ بات یاد ہے' ہم نے اس کی آنکھوں سے چربی کے کئی مٹکے نکالے تھے اور ہم نے اس سے خشک گوشت کاٹ لیا۔ حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے ہم میں سے تیرہ آدمیوں کو لیا' تو وہ اس کی آنکھ کے سوراخ میں بیٹھ گئے' پھر حضرت ابوعبیدہ نے اس کی ایک پسلی کو لے کر کھڑا کیا اور سب سے اونچے اونٹ پر آدمی کو سوار کیا' تو وہ اس کے نیچے سے گزر گیا۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: پھر ہم نے اس کے گوشت کو زاد راہ کے طور پر ساتھ رکھ لیا جب ہم مدینہ منورہ آئے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' تو ہم نے آپ کے سامنے اس بات کا ذکر کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ وہ رزق ہے جو اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے نکالا تھا کیا تمہارے پاس اس کے گوشت میں سے کوئی چیز ہے' جو تم ہمیں بھی کھلاؤ' ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اس کا گوشت بھجوایا' تو آپ نے اسے کھالیا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ مَا قَذَفَهُ الْبَحْرُ مِمَّا لَا يَعِيشُ اِلَّا فِيهِ حُوتٌ كُلُّهُ وَاِنْ كَانَتْ خِلَقُهَا مُتَبَايِنَةً لِخِلْقَةِ الْحُوتِ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' ایسا جانور جو سمندر میں ہی رہتا ہوا اور اسے سمندر باہر پھینک دے وہ تمام جانور مچھلی شمار ہوں گے اگرچہ ان کی ظاہری ہیئت مچھلی سے مختلف ہو

5261 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ سَعِيدٍ السَّعْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّبَّاحِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ مِقْسَمٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْثًا اِلٰى اَرْضِ جُهَيْنَةَ، وَاسْتَعْمَلَ عَلَيْهِمْ رَجُلًا، فَلَمَّا نَفِدَتْ اَزْوَادُهُمْ اَمَرَ اَمِيرُهُمْ بِمَا بَقِيَ مِنْ اَزْوَادِهِمْ فَجُمِعَتْ، فَجَعَلَ يُقَوِّتُنَا كُلَّ يَوْمٍ تَمْرَةً تَمْرَةً، قَالَ:

5261- إسناده صحيح على شرط الصحيح. عثمان بن عمر: هو ابن فارس العبدي, وداود بن قيس: هو الفراء الدباغ. وأخرجه مسلم 1935 في الصيد: باب إباحة ميتات البحر, عن حجاج بن الشاعر, عن عثمان بن عمر, بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم 1935 عن محمد بن رافع, عن أبي المنذر -وهو إسماعيل بن عمر- عن داود بن قيس, به.

قُلْتُ: يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ، مَا كَانَتْ تُغْنِيْ عَنْكُمْ تَمْرَةٌ؟ قَالَ: وَاللّٰهِ اِنَّهَا فُقِدَتْ، فَوَجَدْنَا فَقْدَهَا، كَانَ اَحَدُنَا يَضَعُهَا بَيْنَ اَسْنَانِهِ وَحَنَكِهِ فَيَمُصُّهَا، وَنُصِيبُ مِنْ وَرَقِ الشَّجَرِ وَنَبَاتِ الْاَرْضِ مَعَ ذٰلِكَ، حَتّٰى انْتَهَيْنَا اِلٰى سَاحِلِ الْبَحْرِ، فَاَخْرَجَ اللّٰهُ لَنَا حُوتًا اَلْقَاهُ الْبَحْرُ فَاَكَلْنَا وَقَدَدْنَا، فَلَمَّا اَرَدْنَا اَنْ نَرْتَحِلَ اَمَرَ اَمِيرُنَا بِضِلَعٍ مِّنْ ضُلُوعِهِ فَنُكِبَ طَرَفَاهُ فِي الْاَرْضِ ثُمَّ اَمَرَ بِبَعِيرٍ فَرُحِّلَ، فَمَرَّ تَحْتَهُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جہینہ کی سرزمین کی طرف ایک مہم روانہ کی۔ آپ نے ایک شخص کو ان لوگوں کا امیر مقرر کیا جب ان لوگوں کا زادِراہ ختم ہوگیا' تو ان کے امیر نے حکم دیا کہ باقی بچ جانے والے زادِراہ کو جمع کیا جائے۔ وہ جمع کر دیا گیا' تو امیر ہمیں روزانہ ایک ایک کھجور دیا کرتے تھے۔

راوی کہتے ہیں: میں نے دریافت کیا ایک کھجور سے آپ کا کیا بنتا تھا۔ انہوں نے کہا: اللہ کی قسم جب وہ بھی ختم ہوگئی' تو ہمیں اس کے ختم ہونے کا شدید احساس ہوا۔ ہم میں سے کوئی ایک شخص اسے اپنے دانتوں کے درمیان رکھ کر چوس لیا کرتا تھا ہمیں درختوں کے پتے ملتے اور زمین کے نباتات اس کے ساتھ مل جاتے تھے' یہاں تک کہ ہم سمندر کے ساحل تک آئے' تو اللہ تعالیٰ نے ہمارے لئے ایک مچھلی کو نکالا جسے سمندر نے باہر پھینک دیا تھا۔ ہم نے اسے کھایا اور اس کی چربی استعمال کی جب ہم وہاں سے روانہ ہونے لگے' تو ہمارے امیر نے حکم دیا کہ اس کی ایک پسلی کو زمین پر کھڑا کیا جائے پھر ان کے حکم کے تحت ایک اونٹ پر سامان رکھا گیا' تو وہ اونٹ اس کے نیچے سے گزر گیا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْعَرَبَ كَانَتْ تُسَمِّيْ مَا قَذَفَهُ الْبَحْرُ حُوتًا وَاِنْ لَمْ يَكُنْ يُّشْبِهُ خِلْقَتُهُ خِلْقَةَ الْحُوتِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' سمندر جس چیز کو نکال کر باہر پھینک دیتا ہے عرب اسے حوت کہتے ہیں' اگرچہ وہ ظاہری شکل وصورت کے اعتبار سے مچھلی سے مشابہت نہیں رکھتی

5262 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اَبِيْ نُعَيْمٍ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّهُ قَالَ:

(متنِ حدیث): بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْثًا قِبَلَ السَّاحِلِ، وَاَمَّرَ عَلَيْنَا اَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ

5262– إسناده صحيح على شرط الشيخين .وهو في "الموطأ 2/930"في صفة النبي صلى الله عليه وسلم :باب جامع ما جاء في الطعام والشراب. ومن طريق مالك أخرجه البخاري 2483في الشركة :باب الشركة في الطعام والنهد والعروض ,و 4360 في المغازي :باب غزوة سيف البحر ,ومسلم 193521في الصيد :باب إباحة ميتات البحر ,والبيهقي ,9/252والبغوي.2806 وأخرجه مختصراً ومطولاً عبد الرازق ,8666والبخاري 2983في الجهاد :باب حمل الزاد على الرقاب ,ومسلم 1935 20, والترمذي 2475في صفة القيامة :باب رقم ,34والنسائي ,7/207في الصيد :باب ميتة البحر ,والبيهقي ,9/252والبغوي 2805 من طريقين عن وهب بن كيسان ,به .والترمذي :حديث صحيح.

الْجَرَّاحِ، وَهُمْ ثَلَاثُ مِائَةٍ، وَاَنَا فِيهِمْ، قَالَ: فَخَرَجْنَا حَتّٰى اِذَا كُنَّا بِبَعْضِ الطَّرِيقِ فَنِيَ الزَّادُ، فَاَمَرَ اَبُوْ عُبَيْدَةَ بِاَزْوَادِ ذٰلِكَ الْجَيْشِ، فَجُمِعَ كُلُّهُ فَكَانَ مِزْوَدَ تَمْرٍ، فَكَانَ يُقَوِّتُنَا كُلَّ يَوْمٍ قَلِيلًا قَلِيلًا، حَتّٰى فَنِيَ وَلَمْ يُصِبْنَا اِلَّا تَمْرَةً تَمْرَةً، فَقُلْتُ: وَمَا تُغْنِيْ تَمْرَةٌ، قَالَ: لَقَدْ وَجَدْنَا فَقْدَهَا حَيْثُ فَنِيَتْ، قَالَ: ثُمَّ انْتَهٰى اِلَى الْبَحْرِ، فَاِذَا حُوتٌ مِثْلُ الظَّرِبِ، فَاَكَلَ مِنْهُ ذٰلِكَ الْجَيْشُ اِحْدٰى عَشْرَةَ لَيْلَةً، ثُمَّ اَمَرَ اَبُوْ عُبَيْدَةَ بِضِلْعَيْنِ مِنْ اَضْلَاعِهٖ، ثُمَّ اَمَرَ بِرَاحِلَةٍ فَرُحِلَتْ، ثُمَّ مَرَّتْ تَحْتَهُمَا وَلَمْ تُصِبْهُمَا

✿✿ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ساحل کی سمت ایک مہم روانہ کی۔ آپ نے حضرت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ کو ہمارا امیر مقرر کیا۔ ہم تین سو افراد تھے۔ میں بھی ان میں شامل تھا۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ روانہ ہوئے راستے میں ہمارا زادِ سفر ختم ہو گیا' تو حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے اس لشکر کے تمام زادِ راہ کے بارے میں حکم دیا ان سب کو جمع کیا گیا' تو وہ ایک کھجوروں کا تھیلا بنا' تو حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ اس میں سے روزانہ تھوڑی تھوڑی سی کھجوریں ہمیں دیا کرتے تھے' یہاں تک کہ وہ بھی ختم ہو گئیں' تو ہمیں ایک کھجور ملا کرتی تھی۔

(راوی کہتے ہیں:) ایک کھجور سے۔ آپ کا کیا بنتا تھا۔ انہوں نے فرمایا: جب وہ بھی ختم ہو گئی' تو پھر ہمیں اس کی غیر موجودگی محسوس ہوئی۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: پھر ہم لوگ سمندر تک پہنچ گئے' تو وہاں چھوٹے ٹیلے کی طرح ایک مچھلی تھی اس لشکر نے گیارہ دن تک اس کا گوشت کھایا' پھر حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کے حکم کے تحت اس کی دو پسلیوں کو کھڑا کیا گیا پھر ایک اونٹ تیار کیا گیا' تو وہ اونٹ ان پسلیوں کے نیچے سے گزر گیا۔ اس نے انہیں چھوا نہیں۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَكْلَ الضِّبَابِ مَا لَمْ يَتَقَذَّرْهَا

آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ' وہ گوہ کھا سکتا ہے' جب کہ وہ اسے ناپسند نہ کرتا ہو

5263 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ

5263- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وهو في "الموطأ" 2/968 "في الاستئذان: باب ما جاء في أكل الضب. لكن هو عنده: عن عبد الله بن عباس، عن خالد بن الوليد. . . قال الحافظ في "الفتح" 9/663: "هذا الحديث مما اختلف فيه على الزهري: هل هو من مسند ابن عباس، أو من مسند خالد؟ وكذا اختلف فيه على مالك، فقال الأكثر: عن ابن عباس عن خالد . . . وذكر روايات، ثم قال: والجمع بين هذه الروايات أن ابن عباس كان حاضراً للقصة في بيت خالته ميمونة كما صرح به في إحدى الروايات، وكأنه استثبت خالد بن الوليد في شيء منه، لكونه باشر السؤال عن حكم الضب وباشر أكله أيضا فكان ابن عباس ربما رواه عنه، ويؤيد ذلك أن محمد بن المنكدر حدث به عن وعنده خالد بن الوليد بلحم ضب . . . الحديث أخرجه مسلم 1945، والطبراني في "الكبير" 3822. والحديث أخرجه الشافعي 2/174، ومسلم 1945 في الصيد: باب إباحة الضب، والبيهقي 9/323، والبغوي 2799، من طريق مالك، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري 5537 في الذبائح: باب الضب، وأبو داود 3794 في الأطعمة: باب في أكل الضب، والطبراني 3816، والبيهقي 9/323 من طريق مالك عن الزهري، عن أبي أمامة بن سهل بن حنيف، عن ابن عباس، عن خالد بن الوليد. وأخرجه الدارمي 2/93، والبخاري 5391 في الأطعمة: باب ما كان النبي صلى الله عليه وسلم لا يأكل حتى يسمى له فيعلم ما هو، و 5400: باب الشواء، ومسلم 1946، والنسائي 7/197-198 و 198 في الصيد: باب الضب، والطبراني 3815 و 3817 و 3821 من طرق عن الزهري، به.

مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): دَخَلْتُ اَنَا وَخَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ، مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْتَ مَيْمُونَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ، فَاُتِيَ بِضَبٍّ مَحْنُوذٍ، فَاَهْوٰى اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ بَعْضُ النِّسْوَةِ اللَّاتِي فِي بَيْتِ مَيْمُونَةَ: اَخْبِرُوا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَا يُرِيْدُ اَنْ يَّاْكُلَ، فَرَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ، قَالَ: فَقُلْتُ: اَحَرَامٌ هُوَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: لَا، وَلٰكِنْ لَمْ يَكُنْ بِاَرْضِ قَوْمِیْ فَاَجِدُنِیْ اَعَافُهُ قَالَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ: فَاجْتَرَرْتُهُ فَاَكَلْتُهُ، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْظُرُ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں اور حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا بنت حارث کے پاس آئے (جو میری اور حضرت خالد رضی اللہ عنہ کی خالہ بھی تھیں) بھنی ہوئی گوہ لائی گئی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک اس کی طرف بڑھایا' تو گھر میں موجود خواتین میں سے کسی نے کہا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات' تو بتادو کہ آپ کیا کھانے لگے ہیں (جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات بتائی گئی کہ یہ گوہ کا گوشت ہے)' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاتھ کھینچ لیا۔ راوی کہتے ہیں: میں نے دریافت کیا: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! کیا یہ حرام ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جی نہیں' لیکن یہ میرے علاقے کی خوراک نہیں ہے۔ اس لئے میں اس سے بچتا ہوں۔

حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے اسے اپنی طرف کھینچ لیا اور میں نے کھالیا' جبکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ملاحظہ فرما رہے تھے۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَكْلَ الضِّبَابِ اِذَا لَمْ يَتَقَذَّرْهَا

آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ' وہ گوہ کھا سکتا ہے' جب کہ وہ اسے ناپسند نہ کرتا ہو

5264 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذِ بْنِ مُعَاذٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِیْ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ تَوْبَةَ الْعَنْبَرِيِّ، سَمِعَ الشَّعْبِيَّ، سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ مَعَهُ نَاسٌ مِّنْ اَصْحَابِهٖ فِيهِمْ سَعْدٌ، فَاُتِيَ بِلَحْمِ ضَبٍّ، فَقَالَتِ امْرَاَةٌ مِّنْ نِسَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّهُ لَحْمُ ضَبٍّ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُوْا فَاِنَّهُ حَلَالٌ، وَلٰكِنَّهُ لَيْسَ مِنْ طَعَامِي

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ آپ کے کچھ اصحاب بھی تھے جن میں حضرت سعد رضی اللہ عنہ بھی تھے۔ گوہ کا گوشت پیش کیا گیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج میں سے ایک خاتون نے عرض کی: یہ گوہ کا گوشت ہے' تو

5264- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه مسلم 1944 في الصيد :باب إباحة الضب ,عن عبيد الله بن معاذ , بهذا الإسناد. وأخرجه احمد 2/137, والبخارى 7267 خبر الواحد :باب خبر المرأة الواحدة ,ومسلم 1944, والطحاوى 4/200, والبيهقى 9/323 من طرق عن شعبة ,به.

نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم لوگ اسے کھالو یہ حلال ہے لیکن یہ میری خوراک نہیں ہے۔

5265 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْمَقَابِرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: وَاَخْبَرَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ، اَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الضَّبِّ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَسْتُ بِآكِلِهِ وَلَا مُحَرِّمِهِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ سے گوہ کے بارے میں دریافت کیا گیا' تو آپ نے ارشاد فرمایا: میں اسے کھاتا بھی نہیں ہوں اور اسے حرام بھی قرار نہیں دیتا۔

5266 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَسَنَةَ الْمَهْرِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): غَزَوْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَزَلْنَا اَرْضًا كَثِيْرَةَ الضِّبَابِ وَنَحْنُ مُرْمِلُوْنَ، فَاَصَبْنَاهَا، فَكَانَتِ الْقُدُوْرُ تَغْلِيْ بِهَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا هٰذَا؟ فَقُلْنَا: ضِبَابًا اَصَبْنَاهَا، فَقَالَ: اِنَّ اُمَّةً مِنْ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ مُسِخَتْ، وَاَنَا اَخْشٰى اَنْ تَكُوْنَ هٰذِهِ فَاَمَرَنَا فَاَكْفَاْنَا وَاِنَّا لَجِيَاعٌ.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: الْاَمْرُ بِاِكْفَاءِ الْقُدُوْرِ الَّتِيْ فِيْهَا الضِّبَابُ اَمْرٌ قُصِدَ بِهِ الزَّجْرُ عَنْ اَكْلِ الضِّبَابِ، وَالْعِلَّةُ الْمُضْمَرَةُ هِيَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَعَافُهَا لَا اَنَّ اَكْلَهَا مُحَرَّمٌ

حضرت عبدالرحمٰن بن حسنہ مہری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نے نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ ایک غزوہ میں شرکت کی۔ ہم نے ایک ایسی جگہ پر پڑاؤ کیا جہاں گوہ بہت زیادہ تھیں ہم لوگ ضرورت مند تھے' ہم نے انہیں پکڑا' تو ہنڈیا میں وہ پکنے لگی

5265- إسناده صحيح على شرط مسلم ,رجاله رجال الشيخين غير يحيى المقابرى فمن رجال مسلم. وأخرجه مسلم 1943في الصيد :باب إباحة الضب ,عن يحيى بن أيوب المقابرى ,بهذا الإسناد . وأخرجه مسلم 1943من طرق عن إسماعيل بن جعفر ,به. وأخرجه مالك 2/968في الاستئذان :باب ما جاء في أكل الضب ,والطيالسي ,1877وأحمد 2/62و 74, والدارمي ,2/92والبخارى 5536في الصيد :باب الضب ,والترمذى 1790في الأطعمة :باب ما جاء في أكل الضب ,والنسائي 7/197في الصيد :باب الضب ,وابن ماجة 3242في الصيد :باب الضب ,والطحاوى ,4/200والبيهقي ,9/322-323, والبغوى 2797و 2798من طرق عن عبد الله بن دينار ,به .قال الترمذى :حسن صحيح . وأخرجه الشافعي ,2/174وعبد الرزاق ,8672وأحمد ,2/33ومسلم194340و ,41والنسائي ,7/197والطحاوى ,4/200والبيهقي ,9/322, والبغوى2796و 2898من طرق عن نافع ,عن ابن عمر.

5266- إسناده صحيح ,رجاله ثقات رجال الشيخين غير أن صحابيه لم يخرجا له ,وحديثه عند أصحاب "السنن ."وهو في"مسند أبي يعلى ,931"ومن طريقه أخرجه ابن الأثير في "أسد الغابة.3/436 " وأخرجه أحمد ,4/196وابن أبي شيبة 8/266 عن وكيع ,بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد ,4/196والطحاوى في "معاني الآثار ,4/197 "وفي"مشكل الآثار ,4/278" والبزار 1217من طرق عن الأعمش ,به .وذكره الهيثمي في "المجمع4/36-37"وقال :رواه أحمد والطبراني في "الكبير "وأبو يعلى والبزار ,ورجال الجميع رجال الصحيح.

نبی اکرم ﷺ نے یہ دریافت کیا: یہ کیا چیز ہے؟ ہم نے عرض کی: یہ گوہ ہے جو ہم نے پکڑی ہے نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: بنی اسرائیل کے ایک گروہ کو مسخ کر دیا گیا تھا۔ مجھے یہ اندیشہ ہے؟ شاید یہ وہی نہ ہوں پھر نبی اکرم ﷺ نے ہمیں حکم دیا' تو ہم نے ہنڈیاؤں کو اُلٹ دیا' حالانکہ ہم بھوکے تھے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ان ہنڈیاؤں کو الٹانے کا حکم دینا جن میں گوہ پک رہی تھی۔ یہ ایک ایسا حکم ہے' جس کے ذریعے گوہ کھانے کی ممانعت مقصود ہے اور اس میں علت یہ ہے' نبی اکرم ﷺ اس سے بچتے تھے۔ اس سے یہ مراد نہیں ہے' اسے کھانا حرام دیا گیا ہے۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِىْ هِىَ مُضْمَرَةٌ فِىْ نَفْسِ الْخِطَابِ

اس علت کا تذکرہ' جو روایت کے الفاظ میں پوشیدہ ہے

5267 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِىْ اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): دَخَلْتُ اَنَا وَخَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ، مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْتَ مَيْمُوْنَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ، فَاِذَا بِضَبٍّ مَحْنُوْذٍ، فَاَهْوٰى اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهٖ، فَقَالَتِ النِّسْوَةُ اللَّاتِىْ فِىْ بَيْتِ مَيْمُوْنَةَ: اَخْبِرُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يُرِيْدُ اَنْ يَّاْكُلَ، فَاَخْبَرُوْهُ، فَرَفَعَ يَدَهٗ، قَالَ: قُلْتُ: اَحَرَامٌ هُوَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: لَا، وَلٰكِنَّهٗ لَمْ يَكُنْ بِاَرْضِ قَوْمِىْ فَاَجِدُنِىْ اَعَافُهٗ قَالَ خَالِدٌ: فَاجْتَرَرْتُهٗ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْظُرُ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں اور حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا بنت حارث کے گھر میں داخل ہوئے' تو وہاں گوہ بھنی ہوئی تھی۔ نبی اکرم ﷺ نے اپنا دست مبارک اس کی طرف بڑھایا' تو سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں موجود خواتین نے کہا: نبی اکرم ﷺ کو یہ تو بتا دو کہ آپ کیا کھانے لگے ہیں۔ انہوں نے نبی اکرم ﷺ کو اس بارے میں بتایا' تو نبی اکرم ﷺ نے اپنا دست مبارک کھینچ لیا۔ راوی بیان کرتے ہیں: میں نے دریافت کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! کیا یہ حرام ہے؟ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جی نہیں' لیکن یہ میرے علاقے کی خوراک نہیں ہے اس لئے میں اس سے پرہیز کرتا ہوں۔

حضرت خالد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے اسے اپنی طرف کھینچ لیا (اور کھانا شروع کیا) جب کہ نبی اکرم ﷺ ملاحظہ فرما رہے تھے۔

5267– إسناده صحيح على شرط الشيخين .وهو مكرر.5263.

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ كَرِهَ أَكْلَ لُحُومِ الْخَيْلِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے گھوڑے کا گوشت کھانا مکروہ ہے

5268 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ يُوسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): أَطْعَمَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لُحُومَ الْخَيْلِ، وَنَهَانَا عَنْ لُحُومِ الْحُمُرِ

توضیح مصنف: قَالَ أَبُو حَاتِمٍ: يُشْبِهُ أَنْ يَكُونَ عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، لَمْ يَسْمَعْ هَذَا الْخَبَرَ عَنْ جَابِرٍ، لِأَنَّ حَمَّادَ بْنَ زَيْدٍ، رَوَاهُ عَنْ عَمْرٍو، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ جَابِرٍ، وَيُحْتَمَلُ أَنْ يَكُونَ عَمْرٌو سَمِعَ جَابِرًا وَسَمِعَ مُحَمَّدَ بْنَ عَلِيٍّ، عَنْ جَابِرٍ

✿✿ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں گھوڑوں کا گوشت کھلایا ہے اور آپ نے ہمیں گدھوں کا گوشت کھانے سے منع کیا ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس بات کا امکان موجود ہے عمرو بن دینار نے یہ روایت حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے نہ سنی ہو کیونکہ حماد بن زید نے یہ روایت عمرو کے حوالے سے امام محمد باقر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے تو اس بات کا احتمال موجود ہے عمرو نے یہ روایت حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے سنی ہو اور یہ روایت امام باقر کے حوالے سے حضرت جابر سے سنی ہو۔

ذِكْرُ الْأَمْرِ بِأَكْلِ لُحُومِ الْخَيْلِ ضِدَّ قَوْلِ مَنْ كَرِهَهُ

گھوڑے کا گوشت کھانے کا حکم ہونے کا تذکرہ: یہ بات اس شخص کے موقف کے خلاف ہے جس نے اسے مکروہ قرار دیا ہے

5269 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى الصَّنْعَانِيُّ، بِمَكَّةَ، حَدَّثَنَا الطُّفَاوِيُّ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): أَمَرَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلُحُومِ الْخَيْلِ، وَنَهَانَا عَنْ لُحُومِ الْحُمُرِ الْأَهْلِيَّةِ

5268– إسناده صحيح على شرط الشيخين .وأخرجه الترمذي 1793في الأطعمة :باب ما جاء في أكل لحوم الخيل ,عن نصر بن علي ,بهذا الإسناد. 2)) وأخرجه الحميدي ,1254والشافعي ,2/172وابن أبي شيبة ,8/256وعبد الرزاق ,8734, والترمذي ,1793والطحاوي 4/204من طريق سفيان بن عيينة ,به. وأخرجه الدارقطني 4/289و 290-289من طريقين عن عمرو بن دينار ,به. .وقال الترمذي :هذا حديث حسن صحيح ,ورواه حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ ,عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ ,عن محمد بن علي ,عن جابر ,ورواية ابن عيينة أصح ,وسمعت محمداً"يعني البخاري "يقول :سفيان بن عيينة أحفظ من حماد بن زيد .وانظر.5272

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں گھوڑوں کا گوشت کھانے کا حکم دیا (یعنی اجازت دی) اور آپ نے ہمیں پالتو گدھوں کا گوشت کھانے سے منع کیا۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ اَكْلِ الْمَرْءِ لُحُومَ الْخَيْلِ ضِدَّ قَوْلِ مَنْ كَرِهَهُ

آدمی کے لیے گھوڑے کا گوشت کھانے کے مباح ہونے کا تذکرہ یہ بات اس شخص کے موقف کے خلاف ہے، جس نے اسے مکروہ قرار دیا ہے

5270 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي عَوْنِ الرَّيَّانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الطُّفَاوِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَيُّوبُ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): رَخَّصَ لَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي اَكْلِ لُحُومِ الْخَيْلِ، وَنَهَانَا عَنْ لُحُومِ الْحُمُرِ الْاَهْلِيَّةِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں گھوڑوں کا گوشت کھانے کی اجازت دی ہے اور آپ نے ہمیں پالتو گدھوں کا گوشت کھانے سے منع کیا ہے۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَكْلَ لُحُومِ الْخَيْلِ

آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ، وہ گھوڑے کا گوشت کھائے

5271 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا حَامِدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْمُنْذِرِ، عَنْ جَدَّتِهَا اَسْمَاءَ اَنَّهَا قَالَتْ:

5269– إسناده قوى, الطفاوى _واسمه محمد بن عبد الرحمن _إن روى له البخارى ,لا يرتقى إلى درجة الصحة ,وباقى رجاله ثقات رجال الصحيح ,وأبو الزبير صرح بالتحديث عند غير المؤلف .أيوب :وهو ابن أبى تميمة السختيانى . وأخرجه عبد الرازق ,8737وابن أبى شيبة ,8/256ومسلم 1941فى الصيد :باب فى أكل لحوم الخيل ,وابن ماجة 3191فى الذبائح :باب لحوم الخيل ,من طريق ابْنِ جُرَيْجٍ ,أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ ,أَنَّهُ سَمِعَ جابر بن عبد الله . . . وأخرجه النسائى 7/201من طريق الحسين بن واقد ,عن أبى الزبير ,به.

5270– حديث صحيح ,وهو مكرر ما قبله.

5329 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ عَزْرَةَ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ ثُمَامَةَ، عَنْ اَنَسٍ

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَنَفَّسُ فِى الْاِنَاءِ ثَلَاثًا

❁❁ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم برتن میں تین مرتبہ سانس لیتے تھے۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِىْ مِنْ اَجْلِهَا كَانَ يَتَنَفَّسُ فِى الْاِنَاءِ ثَلَاثًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پیتے ہوئے تین مرتبہ سانس لیتے تھے

5330 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ زُهَيْرٍ الْحَافِظُ، بِتُسْتَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اَبِىْ زَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْحَكَمِ بْنِ اَبِىْ عَزَّةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِىْ عِصَامٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا شَرِبَ يَتَنَفَّسُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، وَقَالَ: هُوَ اَهْنَاُ وَاَبْرَاُ وَاَمْرَاُ

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کوئی چیز پیتے تھے' تو تین مرتبہ سانس لیتے تھے آپ یہ فرماتے تھے: یہ زیادہ آسان زیادہ سہولت والا زیادہ سیر کرنے والا (طریقہ ہے)

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَكْلِ الْمَرْءِ وَشُرْبِهِ بِشِمَالِهِ قَصْدًا لِمُخَالَفَةِ الشَّيْطَانِ فِيْهِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی جان بوجھ کر بائیں ہاتھ کے ذریعے کچھ کھائے یا پیئے 5329- إسناده صحيح على شرط الشيخين .ثمامة :هو ابن عبد الله بن أنس بن مالك .وهو في"مصنف ابن أبي شيبة.8/219 " وأخرجه أبو الشيخ في "أخلاق النبي "ص 223عن أبي يعلى ,بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم 2028في الأشربة :باب كراهة التنفس في الإناء ,عن ابن أبي شيبة , به . وأخرجه أحمد ,3/119ومسلم ,2028122والنسائي في"الكبرى "كما في "التحفة ,1/156 "وأبو الشيخ ص 223من طريق وكيع ,به. وأخرجه أحمد ,1/114والبخاري 5631في الأشربة :باب الشرب بنفسين أو ثلاثة ,والترمذي 1884في الأشربة :باب ما جاء في التنفس في الإناء ,وفي"الشمائل ,214"وابن ماجة 3416في الأشربة :باب الشرب بثلاثة أنفاس ,وأبو الشيخ ص 222و البيهقي 7/284من طرق عن عروة بن ثابت ,به .وانظر ما بعده.

5330- حديث صحيح ,الحسين بن أبي زيد :هو أبو علي الدباغ ,ذكره المؤلف في"الثقات 8/191 "وأرخ وفاته سنة ,254وروى عنه جمع كما في "تاريخ بغداد ,8/110 "والحسن بن الحكم بن أبي عزة :هو ابن الطهمان النخاعي ,وإن كان فيه لين ما قد توبع ,ومن فوقهما ثقات. وأخرجه الخطيب في "التاريخ 8/110 "من طريقين عن الحسين بن أبي زيد ,بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/118-119و185و211و ,251ومسلم 2028في الأشربة :باب كراهة التنفس في الإناء ,وأبو داود 3727في الأشربة:

کیونکہ (ممانعت) اس میں شیطان کی مخالفت پائی جاتی ہے

5331 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ، بِالرَّقَّةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا نُوحُ بْنُ حَبِيبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا يَاْكُلْ اَحَدُكُمْ بِشِمَالِهِ وَلَا يَشْرَبْ بِشِمَالِهِ فَاِنَّ الشَّيْطَانَ يَاْكُلُ بِشِمَالِهِ وَيَشْرَبُ بِشِمَالِهِ فَقَالَ: ابْنُ عُيَيْنَةَ: يَا اَبَا عُرْوَةَ اِنَّ الزُّهْرِيَّ رَوٰى هٰذَا عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ،

فَقَالَ مَعْمَرٌ: اِنَّ الزُّهْرِيَّ كَانَ يُحَدِّثُ بِالْحَدِيْثِ عَنِ النَّفَرِ، فَلَعَلَّ هٰذَا مِنْهُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''کوئی شخص بائیں ہاتھ کے ذریعے نہ کھائے اور بائیں ہاتھ کے ذریعے نہ پئے کیونکہ شیطان بائیں ہاتھ کے ذریعے کھاتا ہے اور بائیں ہاتھ کے ذریعے پیتا ہے۔

سفیان بن عیینہ نے کہا: اے ابوعروہ! زہری نے یہ روایت ابوبکر بن عبیداللہ کے حوالے سے نقل کی ہے' تو معمر نے کہا: زہری کئی آدمیوں کے حوالے سے روایت بیان کرتے ہیں' تو شاید یہ بھی ان روایات میں سے ایک ہو۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ اسْتِعْذَابِ الْمَرْءِ الْمَاءَ لِيَشْرَبَهُ اِذَا كَانَ فِيْ مَوْضِعٍ فِيْهِ الْمِيَاهُ غَيْرُ عَذْبَةٍ

آدمی کا پینے کے لیے میٹھا پانی طلب کرنے کے مباح ہونے کا تذکرہ جب کہ وہ کسی ایسی جگہ موجود ہو جہاں ایسے پانی پائے جاتے ہوں جو میٹھے نہ ہوں

5332 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَحْطَبَةَ، بِفَمِ الصِّلْحِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْجَرْجَرَائِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُسْتَعْذَبُ لَهُ الْمَاءُ مِنْ بُيُوْتِ السُّقْيَا

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے کنویں والے گھروں سے میٹھا پانی منگوایا جاتا تھا۔

5331- إسناده صحيح ,رجاله ثقات رجال الشيخين غير نوح بن حبيب ,وهو ثقة روى له أبو داود والنسائي ,أبو عروة : كنية معمر ,وقد تقدم برقم.5226

5332- إسناده قوي ,محمد بن الصباح الجرجرائي روى له أبو داود وابن ماجه ,ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير الدراوردي -وهو عبد العزيز بن محمد -فقد روى له البخاري مقرونا وتعليقا ,وقد توبع. وأخرجه أحمد ,6/108وأبو داود 3735 في الأشربة :باب إيكاء الآنية ,وعمر بن شبة في "تاريخ المدينة ,1/158 "وأبو الشيخ في "أخلاق النبي "ص ,227وأبو نعيم في "أخبار أصبهان ,2/125 "والحاكم ,4/183والبغوي 3049من طرق عن الدراوردي ,بهذا الإسناد. وصححه الحاكم على شرط مسلم وأقره الذهبي ,وجود الحافظ إسناده في "الفتح10/74. "

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِمَنْ اُتِیَ بِشَرَابٍ فَشَرِبَهٗ وَهُوَ فِیْ جَمَاعَةٍ وَاَرَادَ مُنَاوَلَتَهُمْ اَنْ يَّبْدَاَ بِالَّذِیْ عَنْ يَّمِيْنِهٖ

جس شخص کے پاس مشروب لایا گیا ہو اسے اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ

جب وہ اسے پی لے اور اس کے آس پاس لوگ موجود ہوں اور وہ اس مشروب کو دوسروں کو دینا چاہتا ہو تو وہ اپنے دائیں طرف موجود شخص سے آغاز کرے

5333 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِیْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَنَسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِیَ بِلَبَنٍ قَدْ شِيْبَ بِمَاءٍ وَعَنْ يَّمِيْنِهٖ اَعْرَابِیٌّ وَعَنْ يَّسَارِهٖ اَبُوْ بَكْرٍ، فَشَرِبَ ثُمَّ اَعْطَى الْاَعْرَابِیَّ، وَقَالَ: الْاَيْمَنُ فَالْاَيْمَنُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں دودھ پیش کیا گیا جس میں پانی ملا ہوا تھا آپ کے دائیں طرف ایک دیہاتی بیٹھا ہوا تھا اور بائیں طرف حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بیٹھے ہوئے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے پیا پھر آپ نے (باقی رہ جانے والا دودھ) دیہاتی کو دیا اور ارشاد فرمایا: دائیں طرف والے کا حق پہلے ہوتا ہے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِمَنْ اُتِیَ بِالْمَاءِ لِيَشْرَبَهٗ اَنْ يُّنَاوِلَ مَنْ عَنْ يَّمِيْنِهٖ وَاِنْ كَانَ عَنْ يَّسَارِهِ الْاَفْضَلُ وَالْاَجَلُّ

جس شخص کے پاس پینے کے لیے پانی لایا گیا ہو اسے اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ

وہ (پینے کے بعد اس پانی کو) اپنے دائیں طرف موجود شخص کی طرف بڑھائے اگرچہ اس کے بائیں طرف زیادہ فضیلت والا اور زیادہ جلیل القدر شخص موجود ہو

5334 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، قَالَ: حَدَّثَنِی الزُّهْرِیُّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

5333- إسناده صحيح على شرط الشيخين .وهو في "الموطأ 2/926 "في صفة النبي صلى الله عليه وسلم :باب السنة في الشراب ومناولته عن اليمين . ومن طريق مالك أخرجه أحمد ,3/113والبخاري 5619في الأشربة :باب الأيمن فالأيمن ,ومسلم 2029في الأشربة :باب استحباب إدارة الماء باللبن ,وأبو داود 3726في الشربة :باب في الساقي متى يشرب ,والترمذي 1893 في الأشربة :باب ما جاء في أن الأيمنين أحق بالشراب ,وأبو الشيخ في "أخلاق النبي "ص ,225والبغوي.3051 وأخرجه كذلك وبأطول منه أحمد 3/110و ,231والبخاري 5612في الأشربة :باب شرب الماء باللبن ,ومسلم ,2029125

5334-إسناده حسن من أجل هشام بن عمار ,ومتنه صحيح ,وهو مكرر ما قبله. وأخرجه ابن ماجة 3425في الأشربة :باب إذا شرب أعطى الأيمن فالأيمن ,عن هشام بن عمار ,بهذا الإسناد.

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِيَ بِلَبَنٍ وَقَدْ شِيبَ بِمَاءٍ، وَعَنْ يَمِينِهِ اَعْرَابِيٌّ وَعَنْ يَسَارِهِ اَبُوْ بَكْرٍ، فَشَرِبَ ثُمَّ اَعْطَى الْاَعْرَابِيَّ، وَقَالَ: الْاَيْمَنُ فَالْاَيْمَنُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں دودھ پیش کیا گیا جس میں پانی ملایا گیا تھا۔ آپ کے دائیں طرف ایک دیہاتی بیٹھا ہوا تھا اور بائیں طرف حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ موجود تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے پیا اور پھر دیہاتی کو دیتے ہوئے ارشاد فرمایا دائیں طرف والے کا حق پہلے ہوتا ہے۔

ذِكْرُ وَصْفِ مَا يَعْمَلُ الْمَرْءُ اِذَا اُتِيَ بِشَرَابٍ وَعِنْدَهُ جَمَاعَةٌ اَرَادَ شُرْبَهُ وَسَقْيَهُمْ مِنْهُ

اس طریقے کا تذکرہ جس پر آدمی اس وقت عمل کرے گا جب اس کے پاس مشروب لایا جائے اور اس کے پاس کچھ لوگ موجود ہوں آدمی اس مشروب کو خود بھی پینا چاہتا ہو اور دوسروں کو بھی پلانا چاہتا ہو

5335 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي حَازِمِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِيَ بِشَرَابٍ وَعَنْ يَمِينِهِ غُلَامٌ وَعَنْ يَسَارِهِ الْاَشْيَاخُ، فَقَالَ لِلْغُلَامِ: اَتَاْذَنُ لِي اَنْ اُعْطِيَ هَؤُلَاءِ؟ فَقَالَ: لَا وَاللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، لَا اُوثِرُ بِنَصِيبِي مِنْكَ اَحَدًا، قَالَ: فَتَلَّهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي يَدِهِ

حضرت سہل بن ساعدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں مشروب پیش کیا گیا آپ کے دائیں طرف ایک لڑکا بیٹھا ہوا تھا اور بائیں طرف بڑی عمر کے افراد تھے۔ آپ نے لڑکے سے کہا: کیا تم مجھے اس بات کی اجازت دو گے کہ یہ میں پہلے ان لوگوں کو دے دوں۔ اس نے عرض کی: جی نہیں اللہ کی قسم یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! آپ کی طرف سے آنے والے اپنے حصے میں میں کسی کے لئے ایثار نہیں کروں گا۔ راوی کہتے ہیں: تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ برتن اس کے ہاتھ میں تھما دیا۔

5335- إسناده صحيح على شرط الشيخين .أبو حازم بن دينار :اسمه سلمة .وهو في "الموطأ" 2/926-927. ومن طريق مالك أخرجه أحمد 5/333 و338, والبخاري 5620 في الأشربة :باب هل يستأذن الرجل من عن يمينه في الشرب, ومسلم 2030 في الأشربة :باب استحباب إدارة الماء باللبن, والطبراني 5769, والبيهقي 7/286, والبغوي 3054. وأخرجه الطبراني 5780 و5815 و5891 و5948 و5957 و5989 و6007 من طريق عن أبي حازم, به. وقوله "فتله في يده" أي :دفعه إليه, وأصل التل :الإلقاء والصرع, ومنه قوله تعالى :(وتَلّه للجُبين) أي :ألقاه وصرعه, وقوله صلى الله عليه وسلم في حديث أبي هريرة عند أحمد 2/502 "أتيت بمفاتيح خزائن الأرض فتلت في يدي."

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوهِمُ مَنْ لَمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْعِلْمِ اَنَّهٗ مُضَادٌّ لِخَبَرِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ الَّذِيْ ذَكَرْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا

(اور وہ اس بات کا قائل ہے) کہ یہ روایت حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول اس روایت کے برخلاف ہے جسے ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

5336 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَرِبَ لَبَنًا عَنْ يَمِيْنِهِ اَعْرَابِيٌّ وَعَنْ يَسَارِهٖ اَبُوْ بَكْرٍ، فَاَعْطَى الْاَعْرَابِيَّ فَضْلَهٗ، وَقَالَ: الْاَيْمَنُ فَالْاَيْمَنُ

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دودھ پیا آپ کے دائیں طرف ایک دیہاتی بیٹھا ہوا تھا اور بائیں طرف حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بیٹھے ہوئے تھے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بچا ہوا دودھ پہلے دیہاتی کو دیا اور ارشاد فرمایا: دائیں طرف والے کا حق پہلے ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذَا اللَّبَنَ كَانَ مَشُوْبًا بِالْمَاءِ حَيْثُ سَقَى الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' اس دودھ میں پانی ملایا گیا تھا' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو وہ دودھ پلایا گیا تھا

5337 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، وَعِدَّةٌ قَالُوْا: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ، عَنْ اَنَسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِيَ بِلَبَنٍ وَقَدْ شِيْبَ بِمَاءٍ، وَعَنْ يَمِيْنِهٖ اَعْرَابِيٌّ وَعَنْ يَسَارِهٖ اَبُوْ بَكْرٍ، فَشَرِبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَعْطَى الْاَعْرَابِيَّ، وَقَالَ: الْاَيْمَنُ فَالْاَيْمَنُ

5336– إسناده صحيح على شرط البخاري .عبد الرحمن بن إبراهيم من شيوخ البخاري ,ومن فوقه من رجال الشيخين. وقد تقدم برقم 5333و.5334 وأخرجه أبو الشيخ في "أخلاق النبي" ص ,224ومن طريق البغوي 3052من طريق مسكين بن بكير ,عن الأوزاعي ,بهذا الإسناد .وفيه عنده

5337–صحيح ,وهو مكرر.5337

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: هٰذَانِ الْفِعْلَانِ كَانَا فِيْ مَوْضِعَيْنِ، وَالدَّلِيْلُ عَلٰى ذٰلِكَ اَنَّ فِيْ خَبَرِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ: اُتِيَ بِشَرَابٍ، وَعَنْ يَمِيْنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غُلَامٌ، وَاسْتَاْذَنَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سِقْيِهِمْ دُوْنَهُ، وَفِيْ خَبَرِ اَنَسٍ اُتِيَ بِلَبَنٍ وَقَدْ شِيْبَ بِالْمَاءِ، وَعَنْ يَمِيْنِهِ اَعْرَابِيٌّ وَلَمْ يَسْتَاْذِنْهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا اسْتَاْذَنَ فِيْ خَبَرِ سَهْلٍ، فَذٰلِكَ مَا وَصَفْتُ عَلٰى اَنَّهُمَا فِعْلَانِ مُتَبَايِنَانِ فِيْ مَوْضِعَيْنِ لَا فِيْ مَوْضِعٍ وَاحِدٍ

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں دودھ پیش کیا گیا جس میں پانی ملایا گیا تھا آپ کے دائیں طرف ایک دیہاتی بیٹھا ہوا تھا اور بائیں طرف حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ موجود تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے پی لیا پھر آپ نے دیہاتی کو دیتے ہوئے ارشاد فرمایا دائیں طرف والے کا حق پہلے ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہ دونوں فعل دو مختلف موقعوں کے ہیں اور اس بات کی دلیل کہ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول روایت میں مذکور ہے۔ آپ کی خدمت میں مشروب پیش کیا گیا اور آپ کے دائیں طرف ایک لڑکا تھا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے اجازت لی کہ آپ اپنے بچے ہوئے حصے کو اس کی بجائے دوسرے کو دیں جبکہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے منقول روایت میں یہ بات مذکور ہے' دودھ پیش کیا گیا جس میں پانی ملا ہوا تھا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دائیں طرف دیہاتی تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے اجازت نہیں مانگی' جس طرح اس روایت میں اجازت مانگنے کا ذکر ہے' جو حضرت سہل رضی اللہ عنہ سے منقول ہے' تو یہ چیز آپ کی رہنمائی اس بات کی طرف کرے گی کہ یہ دو مختلف فعل ہیں جو دو مختلف موقع پر پیش آئے تھے یہ ایک ہی موقع کا واقعہ نہیں ہے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلْقَوْمِ اِذَا اجْتَمَعُوْا عَلٰى مَاءٍ وَاَرَادَ اَحَدُهُمْ اَنْ يَّسْقِيَهُمْ اَنْ يَّبْدَاَ بِهِمْ حَتّٰى يَكُوْنَ هُوَ اٰخِرَهُمْ شُرْبًا

لوگوں کو اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ' جب وہ پانی پینے کے لیے اکٹھے ہوں اور ان میں سے کوئی ایک شخص انہیں پانی پلانا چاہتا ہو' تو وہ پہلے ان لوگوں کو پانی پلائے اور آخر میں خود پانی پیے

5338 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ،

5338– إسناده صحيح ,رجاله رجال الصحيح غير إبراهيم بن الحجاج السامي ,فقد روى له النسائي ,وهو ثقة. وأخرجه أبو الشيخ في "الأمثال 183" عن أبي يعلى ,بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 5/298, والدارمي 2/122 من طريقين عن حماد بن سلمة ,به. وأخرجه أحمد 5/303, والترمذي 1894 في الأشربة :باب ساقي القوم آخرهم شربا ,والنسائي في "الكبرى "كما في "التحفة 9/245, "وابن ماجة 3434 في الأشربة :باب ساقي القوم آخرهم شربا ,وأبو الشيخ 184 من طرق عن حماد بن زيد , به .قال الترمذي :حسن صحيح. وأخرجه ابن أبي شيبة 8/231-232, والدارمي 2/122, ومسلم 681 في المساجد :باب قضاء الصلاة الفائتة واستحباب تعجيلها ,من طرق عن سليمان بن المغيرة ,عن ثابت ,به. وأخرجه أحمد 5/298-299 و305, وأبو الشيخ 182 و186 و187 من طرق عن عبد الله بن رباح ,به. وأخرجه الطبراني في "المعجم الصغير 871" من طريق قتيبة ,عن حماد بن زيد ,عن أيوب ,عن عبد الله بن أبي قتادة ,عن أبيه .وقال :لم يروه عن أيوب إلا حماد ,تفرد به قتيبة.

قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَمَّادَانِ حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ وَحَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَبَاحٍ، عَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَاقِي الْقَوْمِ اٰخِرُهُمْ

✿✿ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''لوگوں کو پلانے والا آخر میں (خود پیتا ہے)''

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ الشُّرْبِ فِيْ اَوَانِي الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ لِمَنْ يَّاْمَلُ الشُّرْبَ مِنْهُمَا فِي الْجِنَانِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' سونے یا چاندی کے برتن میں کچھ پیا جائے یہ حکم اس شخص کے لیے ہے' جو جنت میں ان دونوں (یعنی سونے اور چاندی کے برتن میں پینے) کا امیدوار ہو

5339 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اَبِيْ فَرْوَةَ الْجُهَنِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُكَيْمٍ، قَالَ:

(متن حدیث): اِسْتَسْقٰى حُذَيْفَةُ مِنْ دِهْقَانٍ بِالْمَدَائِنِ، فَاَتَاهُ بِشَرَابٍ فِيْ اِنَاءٍ مِّنْ فِضَّةٍ، فَحَذَفَهُ بِهَا، فَهِبْنَا حُذَيْفَةَ اَنْ نُكَلِّمَهُ، فَلَمَّا سَكَنَ الْغَضَبُ عَنْهُ، قَالَ: اَعْتَذِرُ اِلَيْكُمْ مِنْ هٰذَا، اِنِّيْ كُنْتُ تَقَدَّمْتُ اِلَيْهِ اَنْ لَا يَسْقِيَنِيْ فِيْ هٰذَا، ثُمَّ قَالَ: اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ فِيْنَا خَطِيْبًا، قَالَ: لَا تَشْرَبُوْا فِيْ اِنَاءِ الْفِضَّةِ وَلَا الذَّهَبِ، وَلَا تَلْبَسُوا الْحَرِيْرَ وَالدِّيْبَاجَ، فَاِنَّهُ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا وَلَكُمْ فِي الْاٰخِرَةِ

قَالَ سُفْيَانُ: كَانَ حَدَّثَنَا بِهِ اَوَّلًا ابْنُ اَبِيْ نَجِيْحٍ عَنْ مُّجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ اَبِيْ لَيْلٰى عَنْ حُذَيْفَةَ، ثُمَّ سَمِعْتُهُ مِنْ يَّزِيْدَ بْنِ اَبِيْ زِيَادٍ عَنِ ابْنِ اَبِيْ لَيْلٰى عَنْ حُذَيْفَةَ، ثُمَّ سَمِعْتُهُ مِنْ اَبِيْ فَرْوَةَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُكَيْمٍ قَالَ سُفْيَانُ: وَلَا اَظُنُّ ابْنَ اَبِيْ لَيْلٰى سَمِعَهُ اِلَّا مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُكَيْمٍ؛ لِاَنَّهُ قَدْ اَدْرَكَ الْجَاهِلِيَّةَ

✿✿ عبداللہ بن عکیم بیان کرتے ہیں: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے مدائن میں ایک کسان سے پانی مانگا' تو وہ چاندی کے بنے ہوئے برتن میں پانی لے کر ان کے پاس آیا۔ انہوں نے اسے پھینک دیا۔ ہم نے ہیبت کی وجہ سے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے اس بارے میں کوئی بات نہیں کی جب ان کا غصہ ٹھنڈا ہوا' تو انہوں نے فرمایا: میں تمہارے سامنے اس کا عذر بیان کرتا ہوں۔ میں اس سے پہلے اسے یہ ہدایت کر چکا ہوں کہ اس طرح کے برتن میں مجھے پینے کے لئے نہ دے پھر انہوں نے بتایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے

5339- إسناده صحيح ,إبراهيم بن بشار الرمادي روى له أبو داود والترمذي وهو ضابط متقن صحب سفيان بن عيينة سنين كثيرة وسمع أحاديثه مرارا ,وقد توبع عليه ,ومن فوقه من رجال الشيخين غير عبد اله بن عكيم -وله صحبة -فمن رجال مسلم .أبو فروة :اسمه مسلم بن سالم. وأخرجه الحميدي ,440مسلم 2067في اللباس والزينة :باب تحريم استعمال إناء الذهب والفضة ,والخطيب في"تاريخه 10/3 "من طريق سفيان ,بهذا الإسناد.

درمیان خطبہ دینے کے لئے کھڑے ہوئے آپ نے ارشاد فرمایا: چاندی اور سونے کے برتنوں میں نہ پیو حریر اور دیباج نہ پہنو کیونکہ یہ ان (کفار) کے لئے دنیا میں ہیں اور تمہارے لئے آخرت میں ہوں گے۔

سفیان نامی راوی کہتے ہیں: یہ روایت ابن ابونجیح نے مجاہد کے حوالے سے ابن ابولیلیٰ کے حوالے سے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے ہمیں بیان کی تھی پھر میں نے انہیں یزید بن ابوزیاد کے حوالے سے ابن ابولیلیٰ کے حوالے سے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے اسے بیان کرتے ہوئے سنا پھر میں نے اسے ابوفروہ کہتے ہیں: میں نے عبداللہ بن عکیم کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا۔

سفیان یہ کہتے ہیں: میرا یہ خیال ہے ابن ابولیلیٰ نے بھی یہ روایت عبداللہ بن عکیم سے سنی ہوگی کیونکہ انہوں نے زمانہ جاہلیت پایا ہے۔

5340 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ اَشْعَثَ بْنِ سُلَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ سُوَيْدِ بْنِ مُقَرِّنٍ، قَالَ:

(متنِ حدیث): دَخَلْتُ عَلَى الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: نَهَانَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ سَبْعٍ: عَنْ خَوَاتِيمِ الذَّهَبِ، وَعَنِ الْمَيَاثِرِ وَالْقَسِّيِّ، وَعَنْ لُبْسِ الدِّيبَاجِ وَالْحَرِيرِ وَالْإِسْتَبْرَقِ، وَعَنِ الشُّرْبِ فِي الْفِضَّةِ

✿✿ معاویہ بن سوید بن مقرن بیان کرتے ہیں: میں حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا تو میں نے انہیں یہ بیان کرتے ہوئے سنا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں سات چیزوں سے منع کیا ہے سونے کی انگوٹھیوں میاثر اور قسی (مخصوص قسم

5340-وأخرجه النسائي 8/198-199 في الزينة: باب النهي لبس الديباج, وابن الجارود 865 عن ابن المقرء, عن سفيان, حدثنا ابْنُ أَبِي نَجِيحٍ, عَنْ مُجَاهِدٍ, عَنْ أَبِي ليلة, ويزيد بن أبي زياد, عن ابن أبي ليلة, وأبو فروة, عن عبد الله بن عكيم, كلاهما ابن أبي ليلة وعبد الله بن عكيم عن حذيفة. . . وقال الحميدي بأثر الحديث: 440 قال سفيان: حدثنا ابن أبي نجيح, عن مجاهد, عن عبد الرحمن بن أبي ليلة, قال: كنا مع حذيفة. فذكر مثله سواء. وأخرجه البخاري 5837 في اللباس: باب افتراش الحرير, والبيهقي 1/28 من طريقين عن وهب بن جرير بن أبي حازم, عن أبيه, عن ابن أبي نجيح, عن مجاهد, عن عبد الرحمن بن أبي ليلة, به. وأخرجه أحمد 5/397, والدارمي 2/121, والبخاري 5426 في الأطعمة: باب الأكل في إناء مفضض, و 5633 في الأشربة: باب أنية الفضة, ومسلم 2067, وابن ماجة 3414 في الأشربة: باب الشرب في آنية الفضة, والبغوي 3031 من طريق عن مجاهد, عن ابن أبي ليلة, به. إسناده صحيح على شرط البخاري, علي بن الجعد من رجال البخاري, ومن فوقه من رجال الشيخين. وأخرجه مسلم 2066 في اللباس: باب تحريم استعمال أواني الذهب, من طريقين عن زهير بن معاوية, بهذا الإسناد وأخرجه أحمد 4/284 و287 و299, وابن أبي شيبة 8/210-21, والبخاري 1239 في الجنائز: باب الأمر باتباع الجنائز, و 5175 في النكاح: باب حق إجابة الوليمة, و 5635 في الأشربة: باب آنية الفضة, و 5650 في المرضى: باب وجوب عيادة المرضى, و 5838 في اللباس: باب لبس القسي, و 5849: باب المثيرة الحمراء, و 5863: باب خواتيم الذهب, و 6222 في الأدب: باب تشميت العاطس إذا حمد الله, ومسلم 2066, والترمذي 2809 في الأدب: باب ما جاء في كراهية لبس المعصفر, والنسائي 8/201 في الزينة: باب النهي عن الثياب القسية, والبيهقي 1/27, والبغوي 1406 من رق عن أشعث بن سليم, به. قال الترمذي: حسن صحيح.

کے ریشمی کپڑے پر بیٹھنے) دیباج، حریر اور استبرق (مخصوص قسم کے ریشمی کپڑے) پہننے اور چاندی کے برتن میں پینے سے منع کیا ہے۔

ذِكْرُ اِيجَابِ دُخُولِ النَّارِ لِلشَّارِبِ فِيْ اَوَانِي الْفِضَّةِ اِذَا كَانَ عَالِمًا بِنَهْيِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

چاندی کے برتن میں پینے والے کے جہنم میں داخل ہونے کے لازم ہونے کا تذکرہ جبکہ وہ اس بارے میں نبی اکرم ﷺ کی ممانعت سے واقف ہو

5341 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا نُوحُ بْنُ حَبِيبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى الْقَطَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّ الَّذِيْ يَشْرَبُ فِيْ اِنَاءِ الْفِضَّةِ، فَاِنَّمَا يُجَرْجِرُ فِيْ بَطْنِهِ نَارَ جَهَنَّمَ

سیدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں:

''جو شخص چاندی کے برتن میں پیتا ہے وہ اپنے پیٹ میں جہنم کی آگ ڈالتا ہے۔''

5342 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلَّذِيْ يَشْرَبُ فِيْ آنِيَةِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ اِنَّمَا يُجَرْجِرُ فِيْ جَوْفِهِ نَارَ جَهَنَّمَ

5341- إسناده صحيح ,رجاله ثقات رجال الشيخين غير نوح بن حبيب ,وهو ثقة روى له أبو داود والنسائي . وأخرجه أحمد 6/306, ومسلم 2065 في اللباس :باب تحريم استعمال أواني الذهب والفضة في الشرب ,من طريق يحيى القطان ,بهذا الإسناد. وأخرجه ابن أبي شيبة 8/209, وعنه مسلم 2065 عن عَلِيِّ بْنُ مُسْهِرٍ ,عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عمر ,به. وأخرجه أحمد 6/300-301 و302 و304, والطيالسي 1601, والدارمي 2/121, وابن الجعد 3137, ومسلم 2065, وابن ماجة 3413 في الأشربة :باب الشرب في آنية الفضة ,والطبراني 23/633 و634 و635 من طرق عن نافع ,به .ولفظ مسلم "إن الذي يأكل أو يشرب في آنية الفضة والذهب ," ...وقال بعد إن رواه من طرق عن نافع :وليس في حديث أحد منهم ذكر الأكل والذهب إلا في حديث ابن مسهر.

5342- إسناده صحيح على شرط الشيخين .وهو في "الموطأ 2/924-925" في صفة النبي صلى اله عليه وسلم :باب النهي عن الشراب في آنية الفضة والنفخ في الشراب .ومن طريق مالك أخرجه علي بن الجعد 3144, والبخاري 5634 في الأشربة: باب آنية الفضة ,ومسلم 2065 في اللباس :باب تحريم استعمال أواني الذهب والفضة في الشرب ,والطبراني 23/927, والبيهقي 1/27, والبغوي 3030.

سیدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں:

''جو شخص سونے یا چاندی کے برتن میں پیتا ہے وہ اپنے پیٹ میں جہنم کی آگ ڈالتا ہے۔''

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِيْ مِنْ اَجْلِهَا زُجِرَ عَنْ هٰذَا الْفِعْلِ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے اس فعل سے منع کیا گیا ہے

5343 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْجَرَّاحُ بْنُ مَخْلَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ،

(متنِ حدیث): اَنَّ حُذَيْفَةَ اسْتَسْقٰى، فَاَتَاهُ الْخَادِمُ بِقَدَحٍ مُفَضَّضٍ فَرَدَّهُ، وَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: **هُوَ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا وَلَنَا فِي الْاٰخِرَةِ**

ابووائل بیان کرتے ہیں: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے پانی مانگا خادم ان کے لئے ایسے پیالے میں پانی لے کر آیا جس پہ چاندی کا کام ہوا تھا' تو انہوں نے اسے واپس کر دیا اور یہ بات بیان کی: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''یہ ان (کفار) کے لئے دنیا میں ہیں اور ہمارے لئے آخرت میں ہوں گے۔''

5343- إسناده صحيح ,رجاله ثقات رجال الصحيح غير الجراح بن مخلد ,فقد روى له الترمذى وهو ثقة .أبو قتيبة :هو سلم بن قتيبة ,وأبو وائل :هو شقيق بن سلمة ,وقد تقدم مطولا .5339وأخرجه أبو نعيم فى "الحلية ,5/58 "والخطيب فى "تاريخه" 11/421-422من طريقين عن محمد بن طلحة اليـ ى ,عن الأعمش ,بهذا الإسناد.

فَصْلٌ فِي الْاَشْرِبَةِ

فصل: مختلف طرح کے مشروبات

5344 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُو كَثِيرٍ السُّحَيْمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُو هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَلْخَمْرُ مِنْ هَاتَيْنِ الشَّجَرَتَيْنِ النَّخْلَةِ وَالْعِنَبَةِ ، اَبُو كَثِيرٍ يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اُذَيْنَةَ

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''شراب ان دو درختوں سے بنائی جاتی ہے کھجور اور انگور''

ابوکثیر نامی راوی کا نام یزید بن عبدالرحمٰن بن اذینہ ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذَيْنِ الْعَدَدَيْنِ الْمَذْكُورَيْنِ مِنَ النَّخْلَةِ وَالْعِنَبَةِ لَمْ يُرِدْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِبَاحَةَ مَا وَرَاءَ هُمَا مِنْ سَائِرِ الْاَشْرِبَةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' یہ دونوں عدد جو کھجور اور انگور کے بارے میں ذکر کیے گئے ہیں اس کے ذریعے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ مراد نہیں ہے: ان دونوں کے علاوہ دیگر مشروبات کو مباح قرار دے دیا جائے

5345 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ الْبِتْعِ، قَالَ: كُلُّ شَرَابٍ اَسْكَرَ حَرَامٌ

5344– حديث صحيح ,إسناده حسن على شرط مسلم .عكرمة بن عمار صدوق يغلط ,وقد توبع وأخرجه أحمد 2/526, وفي الأشربة :باب بيان أن جميع ما ينبذ مما يتخذ من النخل والعنب يسمى خمرا ,والترمذي 1875في الشربة :باب ما جاء في الحبوب التي يتخذ منها الخمر ,وابن ماجة 3378في الأشربة :باب ما يكون منه الخمر ,والطحاوي 4/211من طرق عن عكرمة بن عمار ,بهذا الإسناد .قال الترمذي :حديث حسن صحيح. وأخرجه أحمد2/279و408و409و474و496و518-517و 518, وفي "الأشربة137"و155و ,215وعبد الرزاق ,17053وابن أبي شيبة ,8/109ومسلم198513و14و ,15والترمذي ,1875 وأبو داود 3678في الأشربة :باب الخمر مما هي ,والنسائي 8/294في الشربة :باب تأويل قول الله تعالى :(وَمِنْ ثَمَرَاتِ النَّخِيلِ وَالْأَعْنَابِ تَتَّخِذُونَ مِنْهُ سَكَراً وَرِزْقاً حَسَناً) , والدارمي ,2/113والطحاوي ,4/211والبيهقي 290-8/289و 290من طرق عن أبي كثير ,به.

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بتع (مخصوص قسم کی شراب) کے بارے میں دریافت کیا گیا' تو آپ نے فرمایا ہر وہ مشروب جو نشہ کر دے وہ حرام ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا يَسْقِي مُدْمِنَ الْخَمْرِ مِنْ نَهْرِ الْغُوطَةِ فِي النَّارِ نَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ (دنیا میں) باقاعدگی سے شراب پینے والے کو نہر غوطہ میں سے پلائے گا ہم اس سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں

5346 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، اَنَّهُ قَرَاَ عَلَى الْفُضَيْلِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ اَبِي حَرِيزٍ، اَنَّ اَبَا بُرْدَةَ، حَدَّثَهُ عَنْ اَبِي مُوسٰى،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ثَلَاثَةٌ لَا يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ: مُدْمِنُ الْخَمْرِ، وَقَاطِعُ الرَّحِمِ، وَمُصَدِّقٌ بِالسِّحْرِ، وَمَنْ مَاتَ مُدْمِنًا لِلْخَمْرِ سَقَاهُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا مِنْ نَهْرِ الْغُوطَةِ قِيلَ: وَمَا نَهْرُ

5345- إسناده صحيح على شرط الشيخين .وهو في "الموطأ 2/845 "في الأشربة :باب تحريم الخمر . ومن طريق مالك اخرجه أحمد ,6/190وفي"الأشربة ,2 "والبخارى 5585في الأشربة :باب الخمر من العسل وهو البتع ,ومسلم 200167في الأشربة :باب بيان أن كل مسكر خمر وأن كل خمر حرام ,وأبو داود 3682في الأشربة :باب النهي عن المسكر , والترمذى 1863في الشربة :باب ما جاء كل مسكر خمر ,والنسائي 8/298في الشربة :باب تحريم كل شراب أسكر , والدارمي ,2/113والدارقطني ,4/251والطحاوى ,4/216والبيهقي ,8/291والبغوى .3008وأخرجه أحمد 6/36و 96-97و ,226-225وفي"الأشربة 1"و ,42والطيالسي ,1478وعبد الرزاق 17002والشافعي ,2/92وابن أبي شيبة ,8/100-101والبخارى 242في الوضوء :باب لا يجوز الوضوء بالنبيذ ولا المسكر ,و 5586في الأشربة ,ومسلم ,200169 وأبو داود ,3682والنسائي 8/297و 298في الأشربة :باب تحريم كل شراب أسكر ,وابن ماجة 3386في الأشربة :باب كل مسكر حرام ,وابن الجارود ,855والدارقطني ,4/251والطحاوى ,4/216والبيهقي 9-8-1/8و8/219و ,293والبغوى 3009 من طرق عن الزهرى ,به .وسيرد عند المصنف برقم5371و 5372و .5393

5346- إسناده ضعيف ,أبو حريز -واسمه عبد الله بن الحسين الأزدى -مختلف فيه ,ضعفه أحمد ويحيى بن سعيد والنسائي ,وابن معين في رواية معاوية بن صالح ,وقال أبو داود وسعيد بن أبي مريم :ليس حديثه بشيء ,وقال أبو حاتم :حسن الحديث ,ليس بمنكر الحديث ,يكتب حديثه ,وقال الدارقطني :يعتبر به ,وقال ابن عدى بعد أن أورد له جملة أحاديث من طريق معتمر عن فضيل عن أبي حريز :عامتها مما لا يتابع عليه ,وللفضيل بن ميسرة عن أبي حريز غير ما ذكرت أحاديث أيضا يرويها عن الفضيل معتمر .ثم ذكر له خمسة أحاديث مما أنكرت عليه ,وقال :ولأبي حريز هذا من الحديث غير ما ذكرته ,وعامة ما يرويه لا يتابعه أحد عليه .ووثقه المؤلف ,وأبو زرعة ,وابن معين في رواية ابن أبي خيثمة ,وقال الحافظ في "التقريب :"صدوق يخطء . وأخرجه أحمد 4/399عن علي بن عبد الله ,بهذا الإسناد. وأخرجه الحاكم 4/146من طريق مسدد ,عن معتمر بن سليمان ,به, وصححه ووافقه الذهبي .! وأورده الهيثمي في "المجمع 5/74 "وزاد نسبته إلى أبي يعلى والطبراني ,ورجال أحمد وأبي يعلى ثقات!

الْغُوطَةِ؟ قَالَ: نَهْرٌ يَجْرِي مِنْ فُرُوجِ الْمُومِسَاتِ يُؤْذِي اَهْلَ النَّارِ رِيحُ فُرُوجِهِنَّ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''تین لوگ جنت میں داخل نہیں ہوں گے۔ باقاعدگی سے شراب پینے والا، رشتہ داری کے حقوق پامال کرنے والا اور جادو کی تصدیق کرنے والا، جو شخص باقاعدگی سے شراب پیتے ہوئے مرجائے اللہ تعالیٰ اسے نہر غوطہ میں سے پلائے گا عرض کی گئی: نہر غوطہ کیا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ وہ نہر ہے' جس میں عذاب پانے والی عورتوں کی شرم گاہوں سے نکلنے والا مواد بہتا ہوگا اوران کی شرم گاہوں کی بو اہل جہنم کو بھی اذیت پہنچاتی ہوگی''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مُدْمِنَ الْخَمْرِ قَدْ يَلْقَى اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا فِي الْقِيَامَةِ بِاِثْمِ عَابِدِ الْوَثَنِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' باقاعدگی سے شراب پینے والا شخص قیامت کے دن جب اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہوگا' تو وہ بتوں کی عبادت کرنے والے جتنا گناہ گار ہوگا

5347 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ الْعِجْلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ خِرَاشِ بْنِ حَوْشَبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْعَوَّامُ بْنُ حَوْشَبٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ لَقِيَ اللّٰهَ مُدْمِنَ خَمْرٍ لَقِيَهُ كَعَابِدِ وَثَنٍ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: يُشْبِهُ اَنْ يَّكُوْنَ مَعْنٰى هٰذَا الْخَبَرِ: مَنْ لَقِيَ اللّٰهَ مُدْمِنَ خَمْرٍ مُسْتَحِلًّا لِشُرْبِهِ لَقِيَهُ كَعَابِدِ وَثَنٍ لِاسْتِوَائِهِمَا فِيْ حَالَةِ الْكُفْرِ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جو شخص باقاعدگی سے شراب پیتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہوتا ہے وہ بتوں کے عبادت گار کے طور پر اللہ کی بارگاہ میں حاضر ہوتا ہے۔''

5347- إسناده ضعيف ,عبد الله بن خراش :هو الشيباني الحوشبي ,ضعفه أبو زرعة والبخاري والنسائي والدارقطني وأبو حاتم والساجي ,وقال ابن عدي :عامة ما يرويه غير محفوظ ,ومع أن المؤلف ذكره في "الثقات ,8/340-341 "قال :ربما أخطأ, وباقي رجاله ثقات .وأخرجه ابن عدي في "الكامل ,4/1525 "وابن الجوزي في "العلل المتناهية 1118 "من طريق صدقة بن منصور ,عن عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ ,عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خراش ,بهذا الإسناد .وأخرجه البزار ,2934 والطبراني ,12428 وأبو نعيم في "الحلية ,9/253 "وابن الجوزي 1119 من طريق ثوير بن أبي فاختة ,وحكيم بن جبير ,عن سعيد بن جبير ,به .وثوير ضعيف, وكذا حكيم .وأخرجه أحمد 1/272 عن أسود بن عامر ,حدثنا الحسن بن صالح ,عن محمد بن المنكدر ,قال :حدثت عن ابن عباس أنه قال :قال رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ":مدمن الخمر إن مات لقي الله كعابد وثن "وهذا سند رجاله ثقات إلا أن راوية عن ابن عباس مجهول .وأخرجه عبد الرزاق ,17070 وابن الجوزي في "العلل المتناهية ,1116 "عن ابن المنكدر ,عن ابن عباس.

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس بات کا احتمال موجود ہے' اس روایت کا مطلب یہ ہو کہ جو شخص باقاعدگی سے شراب پیتے ہوئے اور اس کے پینے کو حلال سمجھتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہوتا ہے' تو وہ ایسی حالت میں اللہ کی بارگاہ میں حاضر ہوتا ہے جیسے وہ بتوں کا عبادت گزار ہو کیونکہ یہ دونوں صورتیں کفر کی حالت ہونے میں برابر کی حیثیت رکھتی ہیں۔

ذِكْرُ مَا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ مُّجَانَبَةِ الْخَمْرِ عَلَى الْاَحْوَالِ؛ لِاَنَّهَا رَاْسُ الْخَبَائِثِ

اس بات کا تذکرہ' آدمی پر یہ بات لازم ہے' ہر حال میں شراب سے اجتناب کرے کیونکہ یہ تمام برائیوں کی جڑ ہے

5348 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَزِيعٍ، حَدَّثَنَا الْفُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ اَبِيْهِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ: سَمِعْتُ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ خَطِيبًا، سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اِجْتَنِبُوا اُمَّ الْخَبَائِثِ، فَاِنَّهُ كَانَ رَجُلٌ مِّمَّنْ قَبْلَكُمْ يَتَعَبَّدُ وَيَعْتَزِلُ النَّاسَ، فَعَلِقَتْهُ امْرَاَةٌ فَاَرْسَلَتْ اِلَيْهِ خَادِمًا، فَقَالَتْ: اِنَّا نَدْعُوكَ لِشَهَادَةٍ، فَدَخَلَ فَطَفِقَتْ كُلَّمَا يَدْخُلُ بَابًا اَغْلَقَتْهُ دُوْنَهُ حَتّٰى اَفْضَى اِلَى امْرَاَةٍ وَضِيئَةٍ جَالِسَةٍ، وَعِنْدَهَا غُلَامٌ وَبَاطِيَةٌ فِيهَا خَمْرٌ، فَقَالَتْ: اِنَّا لَمْ نَدْعُكَ لِشَهَادَةٍ، وَلٰكِنْ دَعَوْتُكَ لِتَقْتُلَ هٰذَا الْغُلَامَ اَوْ تَقَعَ عَلَيَّ، اَوْ تَشْرَبَ كَاْسًا مِنْ هٰذَا الْخَمْرِ، فَاِنْ اَبَيْتَ صِحْتُ بِكَ وَفَضَحْتُكَ قَالَ: فَلَمَّا رَاٰى اَنَّهُ لَا بُدَّ لَهُ مِنْ ذٰلِكَ، قَالَ: اسْقِيْنِيْ كَاْسًا مِنْ هٰذَا الْخَمْرِ، فَسَقَتْهُ كَاْسًا مِنَ الْخَمْرِ، فَقَالَ: زِيدِيْنِيْ، فَلَمْ يَزَلْ حَتّٰى وَقَعَ عَلَيْهَا، وَقَتَلَ النَّفْسَ، فَاجْتَنِبُوا الْخَمْرَ فَاِنَّهُ وَاللّٰهِ لَا يَجْتَمِعُ الْاِيْمَانُ وَاِدْمَانُ الْخَمْرِ فِيْ صَدْرِ رَجُلٍ اَبَدًا، لَيُوشِكَنَّ اَحَدُهُمَا يُخْرِجُ صَاحِبَهُ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سُرَيْجٍ هٰذَا هُوَ مِنْ ثِقَاتِ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ رَوٰى عَنْهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِسْحَاقَ الْمَدَنِيُّ

❀❀ عبدالرحمٰن بن حارث بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو خطبہ دیتے ہوئے سنا۔ انہوں نے بتایا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: تمام برائیوں کی جڑ سے اجتناب کرو کیونکہ تم سے پہلے زمانے میں

5348– إسناده ضعيف ,والصواب وقفه كما قال الدارقطني .عمر بن سعيد :هو ابن سريج ,ويقال له :ابن سرحه ,لينة الذهبي ,وقال ابن عدى :أحاديثه عن الزهرى ليست مستقيمة ,وذكره المؤلف في "الثقات 7/175 "وقال :يعتبر بحديثه من غير الضعفاء عنه.وأخرجه ابن أبي الدنيا في "ذم المسكر ,"ومن طريق ابن الجوزى في "العلل المتناهية 1122 "وابن كثير في "تفسيره" 3/180 عن محمد بن عبد الله بن بزيع ,بهذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق 17060 عن معمر ,والنسائي 8/315-316 في الأشربة :باب ذكر الآثار المتولدة عن شرب الخمر من ترك الصلوات , ...والبيهقي 8/287-288 عن يونس ,كلاهما عن الزهرى ,به موقوفا على عثمان.وأخرج بنحوه البيهقي 8/288 من طريق يحيى بن جعده ,عن عثمان موقوفا.

ایک شخص تھا جو عبادت کیا کرتا تھا اور لوگوں سے الگ تھلگ رہتا تھا۔ ایک عورت کو اس سے محبت ہوگئی۔ اس نے اپنے خادم کو اس کے پاس بھیجا اور بولی: ہم ایک گواہی کے سلسلے میں تمہیں بلا رہے ہیں وہ جیسے ہی اس کے گھر میں داخل ہوا اس پر یہ دروازے بند کر دیئے گئے' یہاں تک کہ وہ شخص ایک عورت کے پاس پہنچ گیا جو انتہائی خوبصورت تھی اور بیٹھی ہوئی تھی۔ اس کے پاس ایک لڑکا بھی تھا اور ایک صراحی بھی تھی جس میں شراب موجود تھی۔ اس عورت نے کہا: ہم نے تمہیں کسی گواہی کے سلسلے میں نہیں بلایا بلکہ میں نے تمہیں اس لئے بلایا ہے' تاکہ تم یا' تو اس لڑکے کو قتل کر دو یا میرے ساتھ زنا کرلو یا پھر اس شراب کا ایک پیالہ پی لو اگر تم نے میری بات نہیں مانی' تو میں بلند آواز میں چلاؤں گی اور تمہیں رسوا کر دوں گی۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں جب اس شخص نے یہ دیکھا کہ اس کے علاوہ اور کوئی چارا نہیں ہے' تو اس نے کہا: تم مجھے شراب کا پیالہ پلا دو۔ اس عورت نے اسے شراب کا پیالہ پلا دیا۔ اس نے کہا: تھوڑی سی اور دو اس کے بعد وہ مسلسل شراب پیتا رہا' یہاں تک کہ اس نے اس عورت کے ساتھ زنا بھی کرلیا اور اس لڑکے کو قتل بھی کر دیا۔

(نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں)' تو تم لوگ شراب سے اجتناب کرو کیونکہ اللہ کی قسم کسی بھی شخص کے سینے میں ایمان اور شراب نوشی اکٹھے نہیں ہو سکتے۔ ان دونوں میں سے کوئی ایک دوسرے کو باہر نکال دیتا ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) عمر بن سعید سریج نامی راوی اہل مدینہ کے ثقہ راویوں میں سے ایک ہیں' جس کے حوالے سے عبدالرحمٰن بن اسحاق مدنی نے روایات نقل کی ہیں۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنِ السَّبَبِ الَّذِیْ مِنْ اَجْلِهٖ اَنْزَلَ اللّٰهُ تَحْرِيمَ الْخَمْرِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' جو اس سبب کے بارے میں ہے' جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے شراب کی حرمت کا حکم نازل کیا ہے

5349 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْرَائِيلُ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ:

(متن حدیث): فِيَّ نَزَلَ تَحْرِيمُ الْخَمْرِ، شَرِبْتُ مَعَ قَوْمٍ، ذٰلِكَ قَبْلَ اَنْ تُحَرَّمَ، فَضَرَبَنِي رَجُلٌ مِّنْهُمْ عَلٰى اَنْفِي بِلَحْيِ جَمَلٍ، فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَحْرِيمَ الْخَمْرِ، قَالَ: وَاَصَبْتُ سَيْفًا يَوْمَ بَدْرٍ، فَسَاَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَزَلَتْ (يَسْاَلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ) (الأنفال: 1)

مصعب بن سعد اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ میرے بارے میں شراب کی حرمت کا حکم نازل ہوا میں کچھ لوگوں کے ساتھ شراب پی رہا تھا یہ شراب کو حرام قرار دیئے جانے سے پہلے کی بات ہے۔ ان میں سے ایک آدمی نے میری ناک پر اونٹ کی ہڈی ماردی میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میں نے آپ کے سامنے اس بات کا ذکر کیا' تو اللہ تعالیٰ نے

شراب کی حرمت سے متعلق حکم نازل کر دیا۔

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوہ بدر کے موقع پر مجھے ایک تلوار ملی میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت کیا' تو یہ آیت نازل ہوئی:

''لوگ تم سے مال غنیمت کے بارے میں دریافت کرتے ہیں۔ تم یہ فرما دو! انفال اللہ اور اس کے رسول کے لئے مخصوص ہے۔''

ذِكْرُ مَغْفِرَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا لِمَنْ مَاتَ مِنْ شَرَابِ الْخَمْرِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ قَبْلَ نُزُوْلِ تَحْرِيْمِهَا

اللہ تعالیٰ کا اس شخص کی مغفرت کرنے کا تذکرہ' جو مسلمان شراب کی حرمت کے حکم نازل ہونے سے پہلے شراب پیتے رہے تھے

5350 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ:

5349- إسناده حسن, إسحاق بن إسماعيل وهو الطالقاني -روى له أبو داود, وهو ثقة, ومن فوقه من رجال الشيخين غير سماك-وهو ابن حرب -فإنه من رجال مسلم, ثم هو صدوق حسن الحديث. وأخرج القسم الأول من الحديث الطبرى 12520 من طريق ابن أبى زائدة عن إسرائيل, بهذا الإسناد. وأخرجه أيضا 12518 و12519, والبيهقى 8/285 من طرق عن سماك, به. وأخرجه الطبرانى 331 من طريق سلمة بن الفضل, عن محمد بن إسحاق, عن أبى إسحاق الهمدانى, عن مصعب بن سعد, عن سعد. وأخرج القسم الثانى الطبرى 15658 و15663 من طريقين عن إسرائيل, به. وأخرجه الطبرى 15662, ومسلم 174833 و34 في الجهاد والسير: باب الأنفال, والبيهقى 6/291 من طريقين عن سماك, به. وأخرجه أحمد 1/178, والترمذى 3079 فى تفسير القرآن: باب ومن سورة الأنفال, وأبو داود 2740 فى الجهاد: باب فى النفل, والطبرى 15656 و15657 والحاكم 2/132, والبيهقى 6/291 من طريقين عن عاصم, عن مصعب, به. وقال الترمذى: هذا حديث حسن صحيح, وصححه الحاكم ووافقه الذهبى. وأخرجه أحمد 1/181 و185, والطيالسى 208, ومسلم 174843 و44 فى فضائل الصحابة: باب فضل سعد بن أبى وقاص رضى الله عنه, من طريقين عن سماك, به. وفيه أنه أنزلت فى سعد أربع آيات. وأورده السيوطى فى "الدر المنثور 3/158" وزاد نسبته لابن المنذر وابن أبى حاتم وأبى الشيخ وابن مردوية والنحاس فى "ناسخه."

5350-إسناده صحيح على شرط الشيخين, لكن جاء عند أبى يعلى بإثر الحديث: قال شعبة: قلت: أسمعته من البراء؟ قال: لا. محمد: هو ابن جعفر, وسماع شعبة من أبى إسحاق قديم. وأخرجه الترمذى 3051 فى التفسير: باب ومن سورة المائدة, وأبو يعلى 1719 عن محمد بن بشار, بهذا الإسناد. قال الترمذى: حسن صحيح. وأخرجه الطبرى 12529 عن محمد بن المثنى, عن محمد بن جعفر, به. وأخرجه الطيالسى 715, وأبو يعلى 1720 عن شعبة, به. وأخرجه الترمذى 3050, والطبرى 12528 من طريقين عن إسرائيل, عن أبى إسحاق, به قال الترمذى: حسن صحيح. وأورده السيوطى فى "الدر المنثور 2/320" وزاد نسبته إلى عبد بن حميد وابن المنذر وابن حاتم وأبى الشيخ وابن مردويه. وانظر الحديث الآتى.

(متن حدیث): مَاتَ نَاسٌ مِّنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُمْ يَشْرَبُوْنَ الْخَمْرَ، فَلَمَّا نَزَلَ تَحْرِيمُهَا، قَالَ نَاسٌ مِّنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَكَيْفَ بِاَصْحَابِنَا الَّذِيْنَ مَاتُوا وَهُمْ يَشْرَبُوْنَهَا؟ فَنَزَلَتْ (لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ جُنَاحٌ فِيمَا طَعِمُوْا اِذَا مَا اتَّقَوْا وَآمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ) (المائدة: 93)

حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے کچھ لوگ ایسی حالت میں فوت ہو گئے کہ وہ شراب پیا کرتے تھے جب شراب کی حرمت کا حکم نازل ہوا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے کچھ لوگوں نے عرض کی۔ ہمارے ان ساتھیوں کا کیا بنے گا' جو ایسی حالت میں فوت ہو گئے کہ وہ شراب پیا کرتے تھے' تو یہ آیت نازل ہوئی:

''جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک اعمال کئے ایسے لوگوں پر کوئی گناہ نہیں ہوگا۔ اس چیز کے بارے میں' جو وہ کھاتے پیتے رہے' جبکہ انہوں نے پرہیزگاری اختیار کی اور وہ ایمان لائے اور انہوں نے نیک اعمال کئے۔''

ذِكْرُ تَحْرِيمِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْخَمْرَ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ بَعْدَ اَنْ كَانَ مُبَاحًا لَهُمْ شُرْبُهُ

اللہ تعالیٰ کا مسلمانوں کے لیے شراب کو حرام قرار دینے کا تذکرہ اگرچہ پہلے اس کا پینا ان لوگوں کے لیے مباح تھا

5351 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: اَنْبَاَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ السَّبِيعِيُّ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، قَالَ:

(متن حدیث): مَاتَ نَاسٌ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُمْ يَشْرَبُوْنَ الْخَمْرَ، فَلَمَّا حُرِّمَتْ قَالَ نَاسٌ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَيْفَ بِاَصْحَابِنَا مَاتُوا وَهُمْ يَشْرَبُوْنَهَا؟ فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ (لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ جُنَاحٌ فِيمَا طَعِمُوا) (المائدة: 93)

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کچھ اصحاب ایسے عالم میں فوت ہوئے کہ وہ شراب پیا کرتے تھے جب شراب کو حرام قرار دیا گیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کچھ اصحاب نے عرض کی: ہمارے ان ساتھیوں کا کیا بنے گا' جو ایسی حالت میں فوت ہوئے کہ وہ شراب پیا کرتے تھے' تو یہ آیت نازل ہوئی:

''جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک اعمال کئے ان پر اس حوالے سے کوئی گناہ نہیں ہوگا' جو وہ کھاتے پیتے رہے۔''

5351- إسناده صحيح على شرطهما .أبو الوليد :هو هشام بن عبد الملك الطيالسي.وأخرجه الواحدي في "أسباب النزول "ص 140من طريق أبي عمر بن مطر ,عن أبي خليفة ,بهذا الإسناد .وانظر الحديث الذي قبله.

ذِكْرُ تَحْرِيمِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْخَمْرَ بَعْدَ اِبَاحَتِهِ الَّتِىْ اَبَاحَهَا لَهُمْ

اللہ تعالیٰ کا شراب کو حرام قرار دینے کا تذکرہ' حالانکہ پہلے اس نے شراب کو مسلمانوں کے لیے مباح قرار دیا تھا

5352 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حِبَّانُ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، اَنَّ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ اَخْبَرَهُمْ، قَالَ:

(متن حدیث): بَيْنَمَا اَنَا قَائِمٌ عَلَى الْحَيِّ وَاَنَا اَصْغَرُهُمْ سِنًّا عَلٰى عُمُومَتِي، اِذْ جَاءَ رَجُلٌ فَقَالَ: اِنَّهَا حُرِّمَتِ الْخَمْرُ وَاَنَا قَائِمٌ عَلَيْهِمْ اَسْقِيهِمْ مِنْ فَضِيخٍ لَهُمْ، فَقَالُوا: اكْفَاهَا، فَكَفَاْتُهَا فَقُلْتُ لِاَنَسٍ: مَا هُوَ؟ قَالَ: الْبُسْرُ وَالتَّمْرُ، وَقَالَ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَنَسٍ: كَانَتْ خَمْرَهُمْ يَوْمَئِذٍ، فَلَمْ يُنْكِرْهُ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں اپنے محلے میں اپنے چچاؤں کو (شراب پلا رہا تھا) میں وہاں سب سے کم سن تھا۔ اسی دوران ایک شخص آیا اور بولا شراب کو حرام قرار دے دیا گیا ہے۔ میں وہاں کھڑا ہوا ان لوگوں کو فضیخ (نامی شراب) پلا رہا تھا۔ ان حضرات نے کہا: اسے گرا دو میں نے اسے گرا دیا۔

راوی کہتے ہیں: میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا وہ کس چیز کی شراب ہوتی تھی؟ انہوں نے فرمایا: خشک اور تازہ کھجوروں سے بنی ہوئی۔

ابوبکر بن انس بیان کرتے ہیں: اس زمانے میں ان لوگوں کی شراب اسی چیز کی ہوتی تھی' تو حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے ان کی اس بات کا انکار نہیں کیا۔

ذِكْرُ وَصْفِ الْخَمْرِ الَّذِىْ نَزَلَ تَحْرِيمُهُ وَكَانَ الْقَوْمُ يَشْرَبُوْنَهَا

خمر کی اس صفت کا تذکرہ جس کے بارے میں حرمت کا حکم نازل ہوا تھا اور اس وقت وہ لوگ اسے پیا کرتے تھے

5353 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ يُوسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَلْمُ بْنُ جُنَادَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اِدْرِيسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ حَيَّانَ التَّيْمِيُّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

5352- إسناده صحيح على شرط الشيخين .حبان :هو ابن موسى المروزى ,وعبد الله :هو ابن المبارك .وأخرجه أحمد في "المسند3/183 "و ,190-189وفي كتاب"الأشربة ,18 "والحميدى ,1210والبخارى 5583في الأشربة :باب نزول تحريم الخمر وهى من البسر والتمر ,و :5622باب خدمة الصغار الكبار ,ومسلم19805و 6في الأشربة :باب تحريم الخمر .., والنسائى 8/287في الأشربة :باب ذكر الشراب الذى أهريق بتحريم الخمر ,والبيهقى 8/290من طرق عن سليمان التيمى , بهذا الإسناد .وقد تقدم من طريق أخرى عند المؤلف برقم .4925وانظر 5362و5363و.5364

(متن حدیث): سَمِعْتُ عُمَرَ، عَلٰى هٰذَا الْمِنْبَرِ، يَقُوْلُ: اَيُّهَا النَّاسُ، اِنَّمَا نَزَلَ تَحْرِيمُ الْخَمْرِ، وَهِيَ مِنْ خَمْسَةٍ: مِنَ الْعِنَبِ وَالتَّمْرِ وَالْعَسَلِ وَالْحِنْطَةِ وَالشَّعِيْرِ، وَمَا خَامَرَ الْعَقْلَ فَهُوَ خَمْرٌ، ثَلَاثٌ وَدِدْتُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَهِدَ اِلَيْنَا عَهْدًا نَنْتَهِيْ اِلَيْهِ: الْجَدُّ، وَالْكَلَالَةُ، وَاَبْوَابٌ مِّنْ اَبْوَابِ الرِّبَا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اس منبر پر یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: اے لوگو! جب شراب کی حرمت کا حکم نازل ہوا اس وقت یہ پانچ چیزوں سے بنائی جاتی تھی انگور، شہد، گندم اور جو، جو بھی چیز عقل کو ڈھانپ لے وہ خمر ہے تین چیزیں ایسی ہیں جن کے بارے میں میری یہ خواہش تھی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں اس بارے میں زیادہ واضح طور پر بتا دیتے۔ (وراثت میں) دادا (کی وراثت کا مسئلہ) کلالہ کا مسئلہ اور سود کی کچھ صورتیں۔

ذِكْرُ وَصْفِ الْخَمْرِ الَّذِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا شُرْبَهَا وَبَيْعَهَا وَشِرَاءَهَا

خمر کی اس صفت کا تذکرہ جس کے پینے یا فروخت کرنے اور اسے خریدنے کو اللہ تعالیٰ نے حرام قرار دیا ہے

5354 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

5353- إسناده صحيح ,سلم بن جنادة روى له الترمذى وابن ماجه وهو ثقة ,من فوقه ثقات من رجال الشيخين .ابن إدريس :وهو عبد الله بن إدريس الأودى ,وأبو حيان :هو يحيى بن سعيد بن حيان.وأخرجه مسلم 33 3032في التفسير :باب نزول تحريم الخمر ,والترمذى 1874في الأشربة :باب ما جاء في الحبوب التى يتخذ منها الخمر ,والنسائى 8/295في الأشربة :باب ذكر أنواع الأشياء التى كانت منها الخمر حين نزل تحريمها ,وفى "الكبرى "كما في "التحفة 8/62, "والطحاوى 4/213,والدارقطنى 4/248و 252من طرق عن ابن إدريس ,بهذا الإسناد .وتابع أبا حيان زكريا بن أبى زائدة عن النسائى والدارقطنى .وأخرجه أحمد فى "الأشربة 185, "وعبد الرزاق 17049,وابن أبى شيبة 8/106,والبخارى 5581في الأشربة: باب الخمر من العنب وغيره ,و :5588باب ما جاء فى أن الخمر ما خامر العقل من الشراب ,ومسلم 32 3032و 33,وأبو داود 3669في الأشربة :باب فى تحريم الخمر ,والنسائى 8/295,وفى "الكبرى "كما فى "التحفة 8/62, "وابن الجارود 852, والبيهقى 289 _ 8/288,والبغوى 3011من طرق عن أبى حيان ,به.

5354- حديث صحيح ,وإسناده حسن ,هشام بن عمار وإن روى له البخارى لا يرقى حديثه إلى الصحيح ,وقد توبع ,ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين .وأخرجه أحمد فى "المسند 2/16, "وفى "الأشربة 195, "ومسلم 75 2003في الأشربة :باب بيان أن كل مسكر خمر ,وأن كل خمر حرام ,وابن الجارود 857,والدارقطنى 4/294,والطبرانى فى "الصغير 143, "والبيهقى 8/293من طرق عن عبيد الله بن عمر ,بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 2/29و 134,وفى "الأشربة 75 "و 189,وابن أبى شيبة 8/101,ومسلم 74 2003,والطبرانى 546و 922,والدارقطنى 4/248و 249و 250,والبيهقى 8/294و 296من طرق عن نافع ,به.وأخرجه أحمد فى "الأشربة 74, "والنسائى 8/324في الأشربة :باب الأخبار التى اعتل بها من أباح شراب المسكر, وابن ماجة 3877في الأشربة :باب كل مسكر حرام ,و :3392باب ما أسكر كثيره فقليله حرام ,والبيهقى 8/296من طريقين عن ابن عمر .وانظر 5366و 5368و 5369و 5375.

(متن حدیث): كُلُّ مُسْكِرٍ خَمْرٌ، وَكُلُّ خَمْرٍ حَرَامٌ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''ہر نشہ آور چیز خمر ہے اور ہر خمر حرام ہے۔''

ذِكْرُ نَفْيِ قَبُولِ صَلَاةِ مَنْ شَرِبَ الْمُسْكِرَ اِلٰى اَنْ يَّصْحُوَ مِنْ سُكْرِهِ

نشے کے شکار شخص کی نماز کے قبول ہونے کی نفی کا تذکرہ، جب تک اس کا نشہ ختم ہوتا

5355 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ، وَعِدَّةٌ قَالُوْا: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): ثَلَاثَةٌ لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ لَهُمْ صَلَاةً، وَلَا يَرْفَعُ لَهُمْ اِلَى السَّمَاءِ حَسَنَةً: الْعَبْدُ الْاٰبِقُ حَتّٰى يَرْجِعَ اِلٰى مَوَالِيْهِ فَيَضَعَ يَدَهُ فِيْ اَيْدِيْهِمْ، وَالْمَرْاَةُ السَّاخِطُ عَلَيْهَا زَوْجُهَا حَتّٰى يَرْضٰى، وَالسَّكْرَانُ حَتّٰى يَصْحُوَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''تین لوگ ایسے ہیں جن کی نماز اللہ تعالیٰ قبول نہیں کرے گا اور ان کی کوئی نیکی آسمان کی طرف بلند نہیں ہوگی۔ وہ مفرور غلام، جب تک وہ اپنے آقا کے پاس واپس نہیں آجاتا اور اپنا ہاتھ اس کے ہاتھ میں نہیں دے دیتا۔ وہ عورت جس کا شوہر اس سے ناراض ہو، جب تک اس کا شوہر راضی نہیں ہوجاتا اور نشے کا شکار شخص، جب تک اس کا نشہ ختم نہیں ہوتا''۔

ذِكْرُ اسْتِحْقَاقِ لَعْنِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا مَنْ اَعَانَ فِي الْخَمْرِ لِتُشْرَبَ

جو شخص شراب پینے میں مدد کرتا ہے اس کا اللہ تعالیٰ کی لعنت کا مستحق ہونے کا تذکرہ

5356 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ مَوْهَبٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا حَيْوَةُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَالِكُ بْنُ خَيْرٍ الزَّبَادِيُّ، اَنَّ مَالِكَ بْنَ سَعِيْدٍ التُّجِيْبِيَّ، حَدَّثَهُ اَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَاهُ جِبْرِيْلُ فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، اِنَّ اللّٰهَ لَعَنَ الْخَمْرَ وَعَاصِرَهَا وَمُعْتَصِرَهَا، وَحَامِلَهَا وَالْمَحْمُوْلَةَ اِلَيْهِ، وَشَارِبَهَا وَبَائِعَهَا وَمُبْتَاعَهَا وَسَاقِيَهَا وَمُسْقَاهَا

5355- إسناده ضعيف ,هشام بن عمار كبر فصار يتلقن ,وزهير بن محمد _وهو التميمي الخراساني _رواية أهل الشام عنه غير مستقيمة ,فضعف بسببها ,وهذا منها .وأخرجه ابن خزيمة ,940وابن عدى في "الكامل ,3/1074 "والبيهقي 1/389من طريق هشام بن عمار ,بهذا الإسناد .قال البيهقي :تفرد به زهير ,وقال الذهبي في "المهذب :"قلت :هذا من مناكير زهير . وذكره السيوطي في "الجامع الكبير "وزاد نسبته إلى البيهقي في "الشعب "والطبراني في "الأوسط."

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں حضرت جبرائیل علیہ السلام نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ انہوں نے عرض کی: اے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم بے شک اللہ تعالیٰ نے شراب پر اسے نچوڑنے والے پر اسے نچڑوانے والے پر اسے اٹھانے والے پر جس کے لئے اٹھا کر لے جائی جارہی ہے اس پر اسے پینے والے پر اسے فروخت کرنے والے پر اسے خریدنے والے پر اسے پلانے والے پر اور جسے وہ پلائی جارہی ہے اس پر لعنت کی ہے۔

ذِكْرُ نَفْيِ قَبُولِ صَلَاةِ شَارِبِ الْخَمْرِ بَعْدَ شُرْبِهِ، وَإِنْ كَانَ صَاحِيًا اَيَّامًا مَعْلُومَةً قَبْلَ اَنْ يَّتُوبَ

شراب پینے والے کے شراب پینے کے بعد اس کی نماز قبول ہونے کی نفی کا تذکرہ اگرچہ توبہ کرنے سے پہلے وہ کئی دن تک چیخ وپکار کرتا رہے

5357 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الدَّيْلَمِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ فَسَكِرَ لَمْ تُقْبَلْ لَهُ صَلَاةٌ اَرْبَعِينَ صَبَاحًا، فَاِنْ مَاتَ دَخَلَ النَّارَ، فَاِنْ تَابَ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، فَاِنْ عَادَ فَشَرِبَ فَسَكِرَ لَمْ تُقْبَلْ لَهُ صَلَاةٌ اَرْبَعِينَ صَبَاحًا، فَاِنْ مَاتَ دَخَلَ النَّارَ، فَاِنْ تَابَ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، فَاِنْ عَادَ فَشَرِبَ فَسَكِرَ لَمْ تُقْبَلْ لَهُ صَلَاةٌ اَرْبَعِينَ صَبَاحًا، فَاِنْ مَاتَ دَخَلَ النَّارَ، فَاِنْ تَابَ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، فَاِنْ عَادَ الرَّابِعَةَ كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ اَنْ يَّسْقِيَهُ مِنْ طِينَةِ الْخَبَالِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ قَالُوا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَمَا طِينَةُ الْخَبَالِ؟ قَالَ: عُصَارَةُ اَهْلِ النَّارِ

5356–إسناده جيد ,مالك بن خير الزبادى مصرى يكنى أبا الخير روى عنه جمع ,وذكره المؤلف فى "الثقات ,7/460" وقال الذهبى فى "الميزان :3/426 "محله الصدق ,وقال ابن قطان :هو ممن لم تثبت عدالته ,يريد أنه ما نص أحد على أنه ثقة , قال الإمام الذهبى معقبا عليه :وفى رواة "الصحيحين "عدد كثير ما علمنا أن أحدا نص على توثيقهم ,والجمهور على أنه من كان من المشايخ قد روى عنه ,جماعة ولم يأت بما ينكر عليه أن حديثه صحيح ,وشيخه مالك بن سعد ,قال أبو زرعة :مصرى لا بأس به ,وذكره المؤلف فى "الثقات.5/385 "وأخرجه أحمد ,1/316والطبرانى 12976من طريق المقرء ,عن حيوة ,بهذا الإسناد. وأخرجه الحاكم 4/145من طريق محمد بن عبد الله ,عن ابن وهب ,عن مالك بن خير الزبادى وقد تحرف فى المطبوع إلى :بن حسين الزيادى ,عن مالك بن سعد التجيبى ,به .وصححه الحاكم ووافقه الذهبى.وله شاهد صحيح بطرقة من حديث ابن عمر عند أحمد 2/25و ,71والطيالسى ,1957وأبى داود ,3674وابن ماجة ,3380والطحاوى فى "مشكل الآثار ,306 _ 4/305" والحاكم ,145 _ 4/144والبيهقى ,8/287وصححه الحاكم ووافقه الذهبى .

5357–إسناده صحيح ,رجاله ثقات رجال الصحيح غير عبد الله بن الديلمى ,وهو عبد الله بن فيروز الديلمى ,فقد روى له أبو داود والنسائى وابن ماجه ,وهو شامى ثقة من كبار التابعين.وأخرجه ابن ماجة 3377فى الأشربة :باب من شرب الخمر لم تقبل له صلاة ,عن عبد الرحمن بن إبراهيم ,بهذا الإسناد.

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جو شخص شراب پئے اور نشے میں آ جائے چالیس دن تک اس کی نماز قبول نہیں ہوتی اگر وہ (اسی دوران) مرجائے' تو جہنم میں داخل ہوگا اور اگر وہ توبہ کرلے' تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول کرلے گا۔ اگر وہ دوبارہ ایسا کرے اور شراب پی کر نشے میں آ جائے' تو اس کی چالیس دن تک نماز قبول نہیں ہوگی اور اگر وہ (اسی عالم میں) مرگیا' تو (جہنم میں داخل ہوگا) اگر پھر اس نے توبہ کرلی' تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ کو قبول کرے گا اور اگر پھر وہ ایسا کرے اور شراب پی کر نشے میں آ جائے' تو چالیس دن تک اس کی نماز قبول نہیں ہوگی اور اگر وہ (اسی عالم میں) مرگیا' تو جہنم میں داخل ہوگا اور اگر اس نے توبہ کرلی' تو اللہ تعالیٰ اس کو توبہ کو قبول کرے گا اور اگر وہ چوتھی مرتبہ ایسا کرے' تو اللہ تعالیٰ کے ذمے یہ بات لازم ہے' قیامت کے دن اسے ''طینۃ الخبال'' پلائے۔ لوگوں نے عرض کی: طینۃ الخبال سے مراد کیا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اہل جہنم (کے خون اور پیپ وغیرہ) کا نچوڑ''۔

ذِكْرُ وَصْفِ الْخَمْرِ الَّذِىْ كَانَ النَّاسُ يَشْرَبُوْنَهَا قَبْلَ تَحْرِيمِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا اِيَّاهَا عَلَيْهِمْ

خمر کی اس صفت کا تذکرہ جسے لوگ اس سے پہلے پیا کرتے تھے جب اللہ تعالیٰ نے اسے ان لوگوں کے لیے حرام قرار دیا

5358 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا زَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ اَبُوْ جَابِرٍ، بِالْمَوْصِلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَسْقَلَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْفِرْيَابِيُّ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ اَبِى اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِى حَيَّانَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

(متن حدیث): خَطَبَنَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عَلٰى مِنْبَرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: اَمَّا بَعْدُ، فَاِنَّ الْخَمْرَ نَزَلَ تَحْرِيمُهَا يَوْمَ نَزَلَ، وَهِىَ مِنْ خَمْسٍ: مِنَ الْعِنَبِ وَالتَّمْرِ وَالْعَسَلِ وَالْحِنْطَةِ وَالشَّعِيْرِ، وَالْخَمْرُ مَا خَامَرَ الْعَقْلَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے منبر پر ہمیں خطبہ دیتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء بیان کی' پھر یہ بات بیان کی: جب شراب کی حرمت کا حکم نازل ہوا' تو یہ پانچ چیزوں سے بنائی جاتی تھی۔ انگور، کھجور، شہد، گندم اور جو، ویسے خمر ہر اس چیز کو کہا جاتا ہے' جو عقل کو ڈھانپ لے۔

5358--حديث صحيح ,عيسى بن عبد الله العسقلانى ,قال الخطيب فى "تاريخه :11/165 "نزل بغداد وحدث بها عند أبيه ,وعن الوليد بن مسلم ,وضمرة بن ربيعة ,ورواد بن الجراح ,وآدم بن أبى إياس ,روى عنه محمد بن غالب التمتام ,وأبو عمارة محمد بن أحمد بن المهدى ,محمد بن منير بن صغير ,ومحمد بن مخلد ,وقال ابن عدى فى "الكامل :5/1897 "ضعيف يسرق الحديث ,ونقله عن الذهبى فى "الميزان ,3/317 "وقال الحافظ فى "اللسان:4/401 "وقال الحاكم عن الدارقطنى :ثقة ,وذكره ابن حبان فى "الثقات ,"وخرج حديثه فى "صحيحه ."وقد تقدم عند المؤلف برقم ,5353وانظر الحديث الآتى ,وسيأتى برقم 5388.

ذِكْرُ الْاَشْيَاءِ الَّتِيْ كَانُوا يَتَّخِذُونَ مِنهَا الْخَمرَ قَبلَ نُزُولِ تَحرِيمِ الْخَمرِ

ان اشیاء کا تذکرہ جن کے ذریعے لوگ شراب کی حرمت کا حکم نازل ہونے سے پہلے خمر بنایا کرتے تھے

5359 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، وَابْنُ اِدْرِيسَ وَيَحْيَى بْنُ اَبِي غَنِيَّةَ، عَنْ اَبِي حَيَّانَ التَّيْمِيِّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

(متن حدیث): سَمِعْتُ عُمَرَ، عَلٰى مِنْبَرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اَمَّا بَعْدُ، اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّهُ نَزَلَ تَحْرِيمُ الْخَمْرِ، وَهِيَ مِنْ خَمْسَةٍ: مِنَ الْعِنَبِ وَالتَّمْرِ وَالْعَسَلِ وَالْحِنْطَةِ وَالشَّعِيْرِ، وَالْخَمْرُ مَا خَامَرَ الْعَقْلَ، ثَلَاثٌ اَيُّهَا النَّاسُ وَدِدْتُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يُفَارِقْنَا حَتّٰى يَعْهَدَ اِلَيْنَا فِيْهِنَّ عَهْدًا نَنْتَهِيْ اِلَيْهِ: الْكَلَالَةُ وَالْجَدُّ، وَاَبْوَابٌ مِنْ اَبْوَابِ الرِّبَا

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے منبر پر یہ بیان کرتے ہوئے سنا۔

''امابعد اے لوگو! جب شراب کی حرمت کا حکم نازل ہوا' تو یہ پانچ چیزوں سے بنائی جاتی تھی، انگور، کھجور، شہد، گندم اور جو' یہ خمر ہر وہ چیز ہے' جو عقل کو ڈھانپ لے۔ اے لوگو! تین چیزیں ایسی ہیں جن کے بارے میں میری یہ خواہش تھی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہم سے جدا ہونے سے پہلے ہمیں ان کے بارے میں زیادہ وضاحت سے بتا دیتے کلالہ، (وراثت میں) دادا کا مسئلہ اور سود کی کچھ صورتیں۔

ذِكْرُ وَصْفِ مَا يُعَاقِبُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا مَنْ شَرِبَ الْمُسْكِرَ ثُمَّ مَاتَ قَبْلَ اَنْ يَّتُوبَ فِيْ جَهَنَّمَ نَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْهَا

اس سزا کی صفت کا تذکرہ' جو اللہ تعالیٰ جہنم میں اس شخص کو دے گا' جو نشہ آور چیز پیئے گا اور توبہ کرنے سے پہلے مر جائے گا ہم جہنم سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں

5359– إسناده صحيح على شرط الشيخين. ابن إدريس: هو عبد الله, ويحيى بن أبي غنية: هو يحيى بن عبد الملك بن حميد بن أبي غنية. وأخرجه البخاري 4619في التفسير: باب (إِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْأَنْصَابُ وَالْأَزْلَامُ رِجْسٌ مِنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ) و 7337في الاعتصام: باب ما ذكر النبي صلى الله عليه وسلم وحض على اتفاق أهل العلم ,..ومسلم 33 3032في التفسير: باب نزول تحريم الخمر ,عن إسحاق بن إبراهيم ,بهذا الإسناد .وقد تقدم برقم 5353و ,5358وسيأتي برقم 5388.

5360 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِی عَوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ التِّرْمِذِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا یَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزُّهْرِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِیزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَارَةُ بْنُ غَزِیَّةَ، عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ، اِنَّ عَلَى اللّٰهِ عَهْدًا لِمَنْ شَرِبَ الْمُسْكِرَ اَنْ یَّسْقِیَهُ مِنْ طِینَةِ الْخَبَالِ یَوْمَ الْقِیَامَةِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''ہر نشہ آور چیز حرام ہے اور اللہ تعالیٰ کے ذمے یہ بات لازم ہے: جو شخص نشہ آور چیز کو پیتا ہے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اسے ''طینۃ الخبال'' پلائے۔

ذِكْرُ وَصْفِ الْخَمْرِ الَّتِی كَانَتِ الْاَنْصَارُ تَشْرَبُهَا، قَبْلَ تَحْرِیمِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا اِیَّاهَا عَلَى الْمُسْلِمِینَ

خمر کی اس صفت کا تذکرہ جو اللہ تعالیٰ کے اسے مسلمانوں کے لیے حرام قرار دینے سے پہلے انصار پیا کرتے تھے

5361 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا یَحْیَى بْنُ اَیُّوبَ الْمَقَابِرِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِیلُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِی حُمَیْدٌ الطَّوِیلُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ اَبُوْ عُبَیْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ وَسُهَیْلُ بْنُ بَیْضَاءَ وَاُبَیُّ بْنُ كَعْبٍ، عِنْدَ اَبِی طَلْحَةَ وَاَنَا اَسْقِیهِمْ مِنْ شَرَابٍ حَتّٰی كَادَ یَاْخُذُ فِیهِمْ، فَمَرَّ بِنَا مَارٌّ مِّنَ الْمُسْلِمِینَ، فَنَادَى اَلَا هَلْ شَعَرْتُمْ اَنَّ الْخَمْرَ قَدْ حُرِّمَتْ، قَالَ: فَوَاللّٰهِ مَا انْتَظَرُوا اَنْ اَمَرُونِی اَنِ اكْفَاْ مَا فِی آنِیَتِكَ، فَفَعَلْتُ، فَمَا عَادُوا فِی شَیْءٍ مِّنْهَا حَتّٰی لَقُوا اللّٰهَ، وَاِنَّهَا الْبُسْرُ وَالتَّمْرُ، وَاِنَّهَا لَخَمْرُنَا یَوْمَئِذٍ

5360– یعقوب بن محمد الزهری _وإن كان كثیر الوهم _قد تابعه قتیبة بن سعید كما یأتی ,وباقی رجاله علی شرط الصحیح. وأخرجه البزار 2927عن محمد بن معمر ,عن یعقوب بن محمد ,بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/361, ومسلم 2002 فی الأشربة :باب بیان أن كل مسكر خمر وأن كل خمر حرام , النسائی و 8/327فی الأشربة :باب ذكر ما أعد الله عز وجل لشارب المسكر من الذل والهوان وألیم العذاب ,وفی "الكبری "كما فی "التحفة 2/334, "والبیهقی 8/291_292, والبغوی 3015عن قتیبة بن سعید ,عن عبد العزیز بن محمد ,به.

5361– إسناده صحیح علی شرط مسلم ,رجاله ثقات رجال الشیخین غیر یحیی بن أیوب فمن رجال مسلم. وأخرجه الطحاوی 4/213من طریق علی بن معبد ,عن إسماعیل بن جعفر ,بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد فی "الأشربة 136, "والطحاوی 4/213من طریقین عن حمید ,به .وقد تقدم برقم 5352.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ، حضرت سہیل بن بیضاء رضی اللہ عنہ اور حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے ہاں موجود تھے۔ میں ان حضرات کو شراب پلا رہا تھا۔ وہ حضرات اسے پی ہی رہے تھے اسی دوران وہاں سے ایک مسلمان گزرا اور اس نے اعلان کیا: کیا تم لوگ یہ بات جانتے ہو کہ شراب کو حرام قرار دے دیا گیا ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اللہ کی قسم انہوں نے اس بات کا انتظار نہیں کیا (اور فوراً) مجھے یہ ہدایت کی کہ تم اپنے برتن میں موجود شراب کو انڈیل دو، تو میں نے ایسا ہی کیا۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہونے تک انہوں نے کبھی شراب نہیں پی۔ اس زمانے میں شراب تازہ اور خشک کھجوروں سے بنائی جاتی تھی۔ ان دنوں ہماری شراب یہی تھی۔

5362 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، عَنِ ابْنِ اَبِيْ عَدِيّ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ قَائِمًا عَلَى الْحَيِّ عُمُومَتِيْ اَسْقِيهِمْ مِنْ فَضِيخٍ لَهُمْ وَكُنْتُ اَصْغَرَهُمْ سِنًّا، فَجَاءَ رَجُلٌ، فَقَالَ: اِنَّهَا قَدْ حُرِّمَتِ الْخَمْرُ، قَالُوا: يَا اَنَسُ اكْفَاْهَا، قَالَ: فَكَفَاْتُهَا قَالَ سُلَيْمَانُ: فَقُلْتُ: مَا كَانَتْ؟ قَالَ: بُسْرًا وَرُطَبًا، قَالَ: وَقَالَ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَنَسٍ: كَانَتْ خَمْرَهُمْ يَوْمَئِذٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں اپنے چچاؤں کو فضیخ پلا رہا تھا کیونکہ میں عمر میں ان میں سب سے کم سن تھا۔ اسی دوران ایک شخص آیا اور بولا شراب کو حرام قرار دے دیا گیا ہے، تو انہوں نے کہا: اے انس! اسے گرا دو، تو میں نے اسے گرا دیا۔

سلیمان نامی راوی کہتے ہیں: میں نے دریافت کیا وہ شراب کس چیز کی بنائی جاتی تھی۔ حضرت انس نے جواب دیا: خشک اور تازہ کھجوروں کی۔

راوی بیان کرتے ہیں: ابوبکر بن انس نے یہ بات بیان کی ان دنوں شراب اسی چیز سے بنائی جاتی تھی۔

ذِكْرُ وَصْفِ الْخَمْرِ الَّتِيْ كَانَتِ الْاَنْصَارُ تَشْرَبُهَا قَبْلَ تَحْرِيمِهَا

خمر کی اس صفت کا تذکرہ جسے انصار اس کی حرمت (کا حکم نازل ہونے سے) پہلے پیا کرتے تھے

5363 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ

5362- إسناده صحيح على شرط البخارى ,مسدد من رجال البخارى ,ومن فوقه من رجال الشيخين .ابن أبى عدى :هو محمد بن إبراهيم .وقد تقدم برقم 5352.

5363- إسناده صحيح على شرط مسلم ,رجاله ثقات رجال الشيخين غير حماد بن سلمة فمن رجال مسلم . وأخرجه الطحاوى 214 _ 4/213من طريق عفان ,عن حماد بن سلمة ,بهذا الإسناد .وأخرجه البخارى 5580فى الأشربة :باب الخمر من العنب وغيره ,والبغوى فى "مسند ابن جعد 3317 "من طريقين عن ثابت ,به.وأخرجه البخارى :5584باب نزل تحريم الخمر وهى من البسر والتمر ,من طريق بكر بن عبد الله ,عن أنس ,به .مختصرا .وقد تقدم عند المؤلف برقم 5352و 5362و 5363.

بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ، وَثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ اَسْقِي اَبَا طَلْحَةَ وَاَبَا عُبَيْدَةَ وَكَعْبًا وَسُهَيْلَ بْنَ بَيْضَاءَ نَبِيذَ التَّمْرِ وَالْبُسْرِ حَتّٰى اَسْرَعَتْ فِيهِمْ، فَاِذَا مُنَادٍ يُنَادِي: اَلَا اِنَّ الْخَمْرَ قَدْ حُرِّمَتْ، قَالَ: فَوَاللّٰهِ مَا انْتَظَرُوا اَنْ يَعْلَمُوا اَحَقًّا قَالَ اَمْ بَاطِلًا، فَقَالُوا: اكْفَأْ يَا اَنَسُ، قَالَ: فَكَفَأْتُهُ، فَوَاللّٰهِ مَا رَجَعَتْ اِلٰى رُءُوسِهِمْ حَتّٰى لَقُوا اللّٰهَ وَكَانَ خَمْرَهُمُ الْبُسْرُ وَالتَّمْرُ

❀❀ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ حضرت کعب رضی اللہ عنہ حضرت سہیل بن بیضاء رضی اللہ عنہ کو خشک اور تازہ کھجور سے بنی ہوئی نبض پلا رہا تھا۔ اسی دوران ایک منادی نے یہ اعلان کیا خبردار شراب کو حرام قرار دے دیا گیا ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اللہ کی قسم انہوں نے اس بات کا انتظار نہیں کیا کہ وہ پہلے اس بات کی تحقیق کر لیں کہ یہ بات درست ہے یا غلط ہے۔ ان لوگوں نے کہا: اے انس! اسے بہا دو' تو میں نے اسے بہا دیا۔ اللہ کی قسم اس کے بعد یہ حضرات مرتے دم تک دوبارہ کبھی شراب کی طرف نہیں گئے۔ ان دنوں شراب خشک اور تازہ کھجوروں سے بنائی جاتی تھی۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْاَنْصَارَ لَمَّا اُخْبِرُوا بِتَحْرِيمِ الْخَمْرِ كَسَّرُوا الْجِرَارَ الَّتِي كَانَتْ خَمْرُهُمْ فِيهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' جب انصار کو شراب کی حرمت کے بارے میں بتایا گیا' تو انہوں نے اپنے وہ مٹکے توڑ دیئے جن میں ان کی شراب موجود تھی

5364 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ اَسْقِي اَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ الْجَرَّاحِ وَاُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ وَاَبَا طَلْحَةَ الْاَنْصَارِيَّ شَرَابًا مِنْ فَضِيخٍ، فَجَاءَهُمْ آتٍ، فَقَالَ: اِنَّ الْخَمْرَ قَدْ حُرِّمَتْ، فَقَالَ اَبُو طَلْحَةَ: قُمْ يَا اَنَسُ اِلٰى هٰذِهِ الْجِرَارِ فَاكْسِرْهَا، قَالَ: فَقُمْتُ اِلٰى مِهْرَاسٍ لَنَا فَضَرَبْتُهَا بِاَسْفَلِهِ حَتّٰى تَكَسَّرَتْ

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ حضرت ابوطلحہ انصاری رضی اللہ عنہ کو فضیخ نامی شراب پلا رہا تھا۔ اس دوران ایک شخص ان کے پاس آیا اور بولا شراب کو حرام قرار دے دیا گیا ہے' تو حضرت ابوطلحہ نے فرمایا: اے انس تم اس مٹکے کے پاس جاؤ اور اسے توڑ دو۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں اٹھ کر اپنے بیلچے کے پاس آیا میں نے وہ اس مٹکے کے نیچے مارا اور اسے توڑ دیا۔

5364– إسناده صحيح على شرط الشيخين. وهو في "الموطأ" 847 _ 2/846 "في الأشربة :باب جامع تحريم الخمر. ومن طريق مالك أخرجه البخاري 5582في الأشربة :باب نزل تحريم الخمر وهي من البسر والتمر ,و 7253في أول كتاب أخبار الآحاد ,ومسلم 9 1980في الأشربة :باب تحريم الخمر ,..والبيهقي ,2/286والبغوي .2043.

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ النَّبِيذَ اِذَا اشْتَدَّ كَانَ خَمْرًا

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' جب نبیذ میں شدت آجائے' تو وہ خمر بن جاتی ہے

5365 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَسَدِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ بَذِيمَةَ، حَدَّثَنَا قَيْسُ بْنُ حَبْتَرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنِ الْجَرِّ الْاَخْضَرِ، وَالْجَرِّ الْاَبْيَضِ، وَالْجَرِّ الْاَحْمَرِ، فَقَالَ: اِنَّ اَوَّلَ مَنْ سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْهُ وَفْدُ عَبْدِ الْقَيْسِ، فَقَالَ: لَا تَشْرَبُوا فِي الدُّبَّاءِ وَالْمُزَفَّتِ وَالْحَنْتَمِ، وَلَا تَشْرَبُوا فِي الْجَرِّ، وَاشْرَبُوا فِي الْاَسْقِيَةِ قَالُوا: فَاِنِ اشْتَدَّ فِي الْاَسْقِيَةِ؟ قَالَ: وَاِنِ اشْتَدَّ فِي الْاَسْقِيَةِ فَصُبُّوا عَلَيْهَا الْمَاءَ قَالُوا: فَاِنِ اشْتَدَّ؟ قَالَ: فَاَهْرِيقُوهُ ثُمَّ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا حَرَّمَ عَلَيَّ، اَوْ حَرَّمَ الْخَمْرَ وَالْمَيْسِرَ وَالْكُوبَةَ وَكُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ

قَالَ سُفْيَانُ: قُلْتُ لِعَلِيِّ بْنِ بَذِيمَةَ: مَا الْكُوبَةُ؟ قَالَ: الطَّبْلُ

❀❀ قیس بن حبتر بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے سبز گھڑے سفید گھڑے اور سرخ گھڑے کے بارے میں دریافت کیا' تو انہوں نے فرمایا: اس بارے میں سب سے پہلے عبدالقیس قبیلے کے وفد نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا تھا: تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ دباء، مزفت اور حنتم (نامی برتنوں) میں نہ پیو اور تم مٹکے میں نہ پیو تم مشکیزوں میں پی لیا کرو۔ لوگوں نے عرض کی: اگر مشکیزے میں موجود (نبیذ میں) شدت آ جائے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر مشکیزے میں موجود مشروب میں شدت آ جاتی ہے' تو تم اس پر پانی ڈال لو۔ انہوں نے عرض کی: اگر پھر بھی شدت رہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر تم اسے بہا دو پھر آپ نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے مجھ پر حرام قرار دیا ہے۔ (راوی کو شک ہے' شاید یہ الفاظ ہیں) اللہ تعالیٰ نے شراب جوے اور کوبہ کو حرام قرار دیا ہے اور ہر نشہ آور چیز بھی حرام ہے۔

سفیان نامی راوی کہتے ہیں: میں نے علی بن بذیمہ سے کہا کوبہ سے مراد کیا ہے انہوں نے کہا: ڈھول۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ نَبِيذَ الزَّبِيبِ، وَاِنْ كَانَ مَطْبُوخًا، خَمْرٌ لَا يَحِلُّ شُرْبُهُ

5365– إسناده جيد .محمد بن عبد الأسدي _وإن كان كثير الخطأ في حديث سفيان _وقد توبع عليه ,وهو في "مسند أبو يعلى .2729 " وأخرجه أحمد في "المسند ,1/274 "وفي الأشربة 192و 193و ,194وأبو داود 3696في الأشربة :باب في الأوعية ,والطحاوي ,4/223والبيهقي 10/221من طريق عن محمد بن عبد الله الأسدي ,بهذا الإسناد. وأخرجه الطبراني 12598و ,12599والبيهقي 8/303من طريق عثمان بن عمر الضبي ,عن عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاء ,عَنْ إِسْرَائِيلَ ,عَنْ علي بن بذيمة , به. وأخرجه أحمد ,1/289وفي "الأشربة ,14 "والبيهقي 10/221من طرق عن عبيد الله بن عمرو ,عن عبد الكريم ,عن قيس بن حبتر ,به.

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' کشمش کی نبیذ اگر چہ پکالی گئی ہو پھر بھی وہ خمر ہے جس کو پینا جائز نہیں ہے

5366 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، وَاَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ، وَاِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَسَنِ الْعَلَّافُ، قَالُوا: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث):كُلُّ مُسْكِرٍ خَمْرٌ، وَكُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ، وَمَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ فِي الدُّنْيَا فَمَاتَ وَهُوَ يُدْمِنُهَا لَمْ يَتُبْ مِنْهَا لَمْ يَشْرَبْهَا فِي الْاٰخِرَةِ

توضیح مصنف:قَالَ اَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: لَفْظُ الْخَبَرِ لِاَبِي كَامِلٍ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''ہر نشہ آور چیز خمر ہے اور ہر نشہ آور چیز حرام ہے' جو شخص دنیا میں خمر پئے گا اور مر جائے گا' جبکہ وہ اسے باقاعدگی سے پیتا ہو اور اس نے اس سے توبہ نہ کی ہو' تو وہ آخرت میں اسے نہیں پی سکے گا۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) روایت کے الفاظ ابو کامل کے نقل کردہ ہیں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ نَبِيذَ الْحِنْطَةِ خَمْرٌ اِذَا اَسْكَرَ كَثِيْرُهُ شَارِبَهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' گندم کی نبیذ خمر شمار ہو گی جب اس کی زیادہ مقدار پینے والے کو نشہ کر دے

5367 - حَدَّثَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ اَبَا السَّمْحِ، حَدَّثَهُ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْحَكَمِ، حَدَّثَهُ عَنْ اُمِّ حَبِيبَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

5366– إسناده صحيح على شرط الشيخين .أبو الربيع الزهراني :هو سليمان بن داود العتكي ,وأبو كامل الجحدري :هو فضيل بن حسين بن طلحة ثقة احتج به مسلم ,وإبراهيم بن الحسن العلاف له ترجمة في "تعجيل المنفعة "ص ,15وذكره المؤلف في "الثقات"ووثقه أبو زرعة . وأخرجه مسلم 73 2003في الأشربة :باب بيان أن كل مسكر خمر وأن كل خمر حرام , عن أبي كامل وأبي الربيع ,عن حماد بن زيد ,بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد في "الأشربة ,26 "وأبو داود 3679في الأشربة :باب النهي عن المسكر ,والطحاوي ,4/216والدارقطني ,2/248والبيهقي ,8/288والبغوي 3013عن أبي الربيع ,عن حماد بن زيد ,به. وأخرجه البيهقي 8/293من طريق أبي كامل الجحدري ,عن حماد بن زيد ,به. وأخرجه أحمد في "الأشربة 26 "و ,102والترمذي 1861في الأشربة :باب ما جاء في شارب الخمر ,والنسائي 8/296و 297في الأشربة :باب إثبات اسم الخمر لكل مسكر من الأشربة ,والطحاوي ,4/216والدارقطني 4/248من طرق عن حماد بن زيد ,به _بعضهم اختصره. وأخرجه ابن أبي شيبة ,8/104_105والنسائي ,8/297والطحاوي 4/216من طريقين عن أيوب ,به مختصرا. وأخرج الشطر الثاني منه :النسائي 8/318في الأشربة :باب الرواية في المدمنين في الخمر ,من طريقين عن حماد بن زيد ,به.

(متن حدیث): اَنَّ نَاسًا مِنْ اَهْلِ الْيَمَنِ قَدِمُوْا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَعَلَّمَهُمُ الصَّلَاةَ وَالسُّنَنَ وَالْفَرَائِضَ، قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ لَنَا شَرَابًا نَصْنَعُهُ مِنَ الْقَمْحِ وَالشَّعِيْرِ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْغُبَيْرَاءُ؟ قَالُوْا: نَعَمْ، قَالَ: لَا تَطْعَمُوْهُ فَلَمَّا كَانَ بَعْدَ يَوْمَيْنِ ذَكَرُوْهُمَا لَهُ اَيْضًا، فَقَالَ: الْغُبَيْرَاءُ؟ قَالُوْا: نَعَمْ، قَالَ: لَا تَطْعَمُوْهُ فَلَمَّا اَرَادُوْا اَنْ يَّنْطَلِقُوْا سَاَلُوْهُ عَنْهُ، فَقَالَ: الْغُبَيْرَاءُ؟ قَالُوْا: نَعَمْ؟ قَالَ: فَلَا تَطْعَمُوْهُ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: عُمَرُ بْنُ الْحَكَمِ هٰذَا عُمَرُ بْنُ الْحَكَمِ بْنِ ثَوْبَانَ حَلِيْفُ الْاَوْسِ مِنْ جِلَّةِ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ، سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ وَاَبَا هُرَيْرَةَ وَاُمَّ حَبِيْبَةَ

❁❁ نبی اکرم ﷺ کی زوجہ محترمہ سیدہ اُمّ حبیبہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: یمن سے تعلق رکھنے والے کچھ لوگ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ نبی اکرم ﷺ نے انہیں نماز سنتوں اور فرائض کی تعلیم دی۔ ان لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ ہمارے ہاں ایک مشروب ہے‘ جسے ہم گندم اور جو سے بناتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا غبیراء (کے بارے میں تم پوچھنا چاہتے ہو) ان لوگوں نے عرض کی: جی ہاں نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اسے نہ کھاؤ دو دن کے بعد پھر انہوں نے نبی اکرم ﷺ کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا‘ تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: غبیراء (کے بارے میں تم دریافت کرنا چاہتے ہو) انہوں نے عرض کی: جی ہاں نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اسے نہ کھاؤ۔ جب ان لوگوں نے روانہ ہونے کا ارادہ کیا‘ تو انہوں نے پھر نبی اکرم ﷺ سے اس بارے میں دریافت کیا‘ تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم (غبیراء کے بارے میں دریافت کرنا چاہتے ہو) ان لوگوں نے عرض کی: جی ہاں نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اسے نہ کھاؤ۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) عمر بن حکم نامی راوی عمر بن حکم بن ثوبان ہیں جو اوس قبیلے کے حلیف ہیں اور اہل مدینہ کے جلیل القدر افراد میں سے ایک ہیں۔ انہوں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور سیدہ اُمّ حبیبہ رضی اللہ عنہا سے احادیث کا سماع کیا ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ كُلَّ شَرَابٍ يُسْكِرُ اِذَا اَكْثَرَ مِنْهُ فَهُوَ خَمْرٌ

اس بات کے بیان کا تذکرہ‘ ہر وہ مشروب جو زیادہ مقدار میں پینے کی وجہ سے نشہ کر دے وہ خمر شمار ہوگا

5368 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الطَّالَقَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا ابْنُ عَجْلَانَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

5367- إسناده حسن ,أبو السمح _واسمه دراج بن سمعان السهمي مولاهم المصري _صدوق ,وباقي رجاله ثقات رجال الصحيح غير يزيد بن موهب :وهو يزيد بن خالد بن موهب ,فقد روى له أبو داود والنسائي وابن ماجه ,وهو ثقة. وأخرجه أحمد 6/472,وفي "الأشربة 29, "وأبو يعلى ورقة 331/2,والطبراني 23/483و 495من طريق ابن لهيعة ,عن أبي السمح ,بهذا الإسناد .زاد في آخره "قالوا :فإنهم لا يدعونها ,قال :من لم يتركها فاضربوا عنقه ,"وابن لهيعة سيء الحفظ.

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ وَكُلُّ مُسْكِرٍ خَمْرٌ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''ہر نشہ آور چیز حرام ہے اور ہر نشہ آور چیز خمر ہے۔''

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الشَّرَابَ مِنْ اَيِّ شَيْءٍ اتُّخِذَ كَانَ خَمْرًا اِذَا اَسْكَرَ كَثِيْرُهُ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' شراب جس بھی چیز کے ذریعے بنائی جائے وہ اس وقت خمر شمار ہوگی جب اس کی زیادہ مقدار نشہ کر دے

5369 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ سَلَمَةَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ وَكُلُّ مُسْكِرٍ خَمْرٌ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''ہر نشہ آور چیز حرام ہے اور ہر نشہ آور چیز خمر ہے۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْاَشْرِبَةَ الَّتِيْ يُسْكِرُ كَثِيْرُهَا حَرَامٌ شُرْبُ الْقَلِيْلِ مِنْهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' وہ مشروبات جن کی زیادہ مقدار نشہ کر دے ان کی تھوڑی مقدار کو پینا بھی حرام ہے

5370 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَحْطَبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبَانَ الْقُرَشِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي الضَّحَّاكُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ

5368- إسناده حسن, ابن عجلان صدوق, وباقي رجاله ثقات. وأخرجه أحمد 2/137, والنسائي 8/297 في الأشربة: باب إثبات اسم الخمر لكل مسكر من الأشربة, والدارقطني 4/249 من طريق عن عبد الله المبارك, بهذا الإسناد. وأخرجه الطحاوي 4/216 من طريقين يحيى بن أيوب, عن ابن عجلان, به. وانظر 5354 و 5366 و 5369 و 5375.

5369- إسناده حسن, محمد بن عمرو: هو ابن علقمة بن وقاص الليثي, روى له البخاري مقرونا ومسلم متابعة, وهو صدوق, وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين. وأخرجه أحمد 2/31 عن يزيد بن زريع, بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/16 و 29 و 105, وفي "الأشربة 7" و, 103 والنسائي 8/297 في الأشربة: باب تحريم كل شراب أسكر, و 325: باب الأخبار التي اعتل بها من أباح شراب المسكر, وابن ماجة 3390 في الأشربة: باب كل مسكر حرام, وابن الجارود 859, والطحاوي 4/215 و 216 من طرق عن محمد بن عمرو, به.

اَبِیْ وَقَّاصٍ، عَنْ اَبِيْهِ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ قَلِيْلِ مَا اَسْكَرَ كَثِيْرُهُ

عامر بن سعد اپنے والد (حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے اس چیز کے تھوڑے استعمال سے بھی منع کیا ہے، جس کی زیادہ مقدار نشہ کر دے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ نَبِيْذَ الزَّبِيْبِ مِنَ الْمَطْبُوْخِ حَرَامٌ شُرْبُهُ

اس روایت کا تذکرہ، جو اس بات پر دلالت کرتی ہے، کشمش کی پکی ہوئی نبیذ پینا حرام ہے

5371 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ مَوْهَبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ مَالِكٌ، وَيُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، اَنَّهُ سَمِعَ عَائِشَةَ، تَقُوْلُ:

(متن حدیث): سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْبِتْعِ، فَقَالَ: كُلُّ شَرَابٍ اَسْكَرَ حَرَامٌ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم ﷺ سے بتع (نامی مخصوص قسم کی شراب) کے بارے میں دریافت کیا گیا، تو آپ نے فرمایا ہر وہ مشروب جو نشہ کر دے وہ حرام ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ كُلَّ نَبِيْذٍ كَانَ مِنَ الْخَلِيْطَيْنِ اَوْ مِنْ غَيْرِهِمْ اِذَا اَسْكَرَ كَثِيْرُهُ حَرَامٌ شُرْبُ قَلِيْلِهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ ہر وہ نبیذ جو دو مختلف چیزوں سے بنائی گئی ہو یا جو اس کے علاوہ ہو جب اس کی زیادہ مقدار نشہ کر دے، تو اس کی تھوڑی مقدار پینا بھی حرام ہے

5372 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

5370- حديث حسن ,أحمد بن أبان ذكره المؤلف في "الثقات 8/32 "فقال :من أهل البصرة ,حدثنا عنه ابن قحطبة وغيره ,وقد توبع ,ومن فوقه رجال الصحيح .وأخرجه ابن أبي شيبة 110 _ 8/109عن زيد بن الحباب ,عن الضحاك بن عثمان , بهذا الإسناد.وأخرجه النسائي 8/301في الأشربة :باب تحريم كل شراب أسكر كثيره ,وابن جارود ,862الطحاوي ,4/216 والدارقطني ,4/251والبيهقي 8/296من طريق عن الضحاك بن عثمان ,به.وفي الباب عن جابر وعائشة ,وسيرد ان عند المصنف برقم 5382و .5383

5371- إسناده صحيح على شرط الشيخين .وأخرجه الطحاوي 4/216عن يونس بن عبد الأعلى ,عن ابن وهب ,بهذا الإسناد.وأخرجه مسلم 68 2001في الأشربة :باب بيان أن كل مسكر خمر ,وأن كل خمر حرام ,عن حرملة ,عن ابن وهب ,عن يونس ,عن ابن شهاب ,به .وقد تقدم عند المؤلف برقم .5345

5372- إسناده صحيح على شرطهما .وقد تقدم برقم 5345و .5371

(متن حدیث): سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْبِتْعِ، فَقَالَ: كُلُّ شَرَابٍ اَسْكَرَ حَرَامٌ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بتع (مخصوص قسم کی شراب) کے بارے میں دریافت کیا گیا' تو آپ نے ارشاد فرمایا: ہر وہ مشروب جو نشہ کر دے وہ حرام ہے۔

ذِكْرُ السُّكْرِ الَّذِىْ اِذَا تَوَلَّدَ مِنَ الشَّرَابِ الْكَثِيْرِ حَرُمَ شُرْبُ قَلِيْلِهِ

اس نشہ کا تذکرہ' جو زیادہ شراب کے نتیجے میں ہوتا ہے' تو اسے تھوڑی مقدار میں پینا بھی حرام قرار دیا گیا ہے

5373 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، سَمِعَهُ مِنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِىْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَهُ وَمُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ اِلَى الْيَمَنِ، فَقَالَ لَهُمَا: بَشِّرَا وَيَسِّرَا، وَعَلِّمَا وَلَا تُنَفِّرَا، وَتَطَاوَعَا فَلَمَّا وَلّٰى مُعَاذٌ رَجَعَ اَبُوْ مُوْسٰى، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ لَهُمْ شَرَابًا مِنَ الْعِنَبِ يُطْبَخُ حَتّٰى يَعْقِدَ، وَالْمِزْرُ يُصْنَعُ مِنَ الشَّعِيْرِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّ مَا اَسْكَرَ عَنِ الصَّلَاةِ فَهُوَ حَرَامٌ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: غَرِيْبٌ غَرِيْبٌ

سعید بن بردہ اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اور حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو یمن بھیجا۔ آپ نے ان دونوں حضرات سے فرمایا تم دونوں خوشخبری سنانا اور آسانی فراہم کرنا تم دونوں تعلیم دینا اور متنفر کرنے کی کوشش نہ کرنا اور تم ایک دوسرے کے ساتھ رہنا جب حضرت معاذ مڑ کر چلے گئے' تو حضرت ابوموسیٰ اشعری واپس آئے۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ وہاں انگور سے ایک شراب بنائی جاتی ہے' جسے پکا لیا جاتا ہے' یہاں تک کہ وہ پختہ ہو جاتی ہے

5373- إسناده صحيح على شرطهما .وهو في "صحيح مسلم "ص 70 1586في الأشربة :باب بيان أن كل مسكر خمر وأن كل خمر حرام ,عن محمد بن عباد ,بهذا الإسناد.وأخرجه أحمد ,4/417والبخاري 6124في الأدب :باب قول النبي صلى الله عليه وسلم "يسروا ولا تعسروا "و 7172في الأحكام :باب أمر الوالي إذا وجه أميرين إلى موضع أن يتطاوعا ولا يتعاصيا ,من طرق عن شعبة ,عن سعيد بن أبي بردة.وأخرج القسم الأول منه مسلم 1733في الجهاد :باب في الأمر بالتيسير وترك التنفير ,عن محمد بن عباد ,به. وأخرجه كذلك الطيالسي ,496والبخاري 3038في الجهاد :باب ما يكره من التنازع والاختلاف في الحرب ,..ومسلم 1733في الجهاد ,من طريقين عن سعيد ,به.وأخرج القسم الثاني أحمد ,4/410وفي "الأشربة 8 "و ,224 والطيالسي ,497ومسلم ص 1586في الأشربة ,والطحاوي ,4/217والبيهقي 8/291من طرق عن شعبة ,عن سعيد ,به. وأخرجه أحمد ,4/407وفي "الأشربة ,238 "وأبو داود 3684في الأشربة :باب النهي عن المسكر ,وابن جارود ,856 والبيهقي 8/291من طريقين عن أبي بردة ,به.وأخرجه أحمد ,4/402والنسائي 8/299في الأشربة :باب تفسير البتع والمزر , من طريق أبي بكر بن أبي موسى ,عن أبيه.

اور مزر ہے جسے جو سے بنایا جاتا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہر وہ چیز جو نماز سے نشہ کر دے وہ حرام ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہ روایت غریب غریب (یعنی انتہائی زیادہ غریب) ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْاَشْرِبَةَ الَّتِيْ يُسْكِرُ كَثِيْرُهَا حَرَامٌ عَلَى الْمُؤْمِنِ شُرْبُهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ وہ مشروبات جن کی زیادہ مقدار نشہ کرتی ہے مومن پر اس کو پینا حرام ہے

5374 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِيْ مَعْشَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَيْمُونٍ الْعَطَّارُ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ حَيَّانَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزِّبْرِقَانِ، عَنْ يَعْلَى بْنِ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): كُلُّ مُسْكِرٍ عَلٰى كُلِّ مُؤْمِنٍ حَرَامٌ

❀❀ حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

"ہر نشہ آور چیز ہر مومن پر حرام ہے۔"

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ كُلَّ شَرَابٍ حُكْمُهُ اَنْ يُّسْكِرَ حَرَامٌ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ شُرْبُهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ ہر وہ مشروب جس کا حکم یہ ہو کہ وہ نشہ کرتا ہے اسے پینا مسلمانوں کے لیے حرام ہے

5375 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَحْمُودِ بْنِ سُلَيْمَانَ السَّعْدِيُّ، بِمَرْوَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ مُوْسَى السُّلَمِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"ہر نشہ آور چیز حرام ہے۔"

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ تَحْرِيْمِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا كُلَّ شَرَابٍ يُسْكِرُ عَنِ الصَّلَاةِ كَثِيْرُهُ

5374–سنده حسن ,سليمان بن عبد الله الزبرقان ذكره المؤلف في "الثقات 6/382, "وقال :روى عنه أهل الجزيرة خالد بن حيان وغيره.

5375– إسناده حسن .وانظر 5354و 5366و 5368و 5369.

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ اللہ تعالیٰ نے ہر ایسے مشروب کو حرام قرار دیا ہے جس کی زیادہ مقدار نماز کے وقت نشہ کر دے

5376 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَحْطَبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِیْ عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِیْ اُنَيْسَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِیْ بُرْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِیْ مُوسَى الْاَشْعَرِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا بَعَثَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ اِلَى الْيَمَنِ، اَمَرَنَا اَنْ يَّنْزِلَ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنَّا قَرِيبًا مِنْ صَاحِبِهِ، فَقَالَ لَنَا: يَسِّرَا وَلَا تُعَسِّرَا، وَبَشِّرَا وَلَا تُنَفِّرَا فَلَمَّا قُمْنَا قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَفْتِنَا فِي شَرَابَيْنِ كُنَّا نَصْنَعُهُمَا: الْبِتْعُ مِنَ الْعَسَلِ يُنْبَذُ حَتّٰى يَشْتَدَّ، وَالْمِزْرُ مِنَ الشَّعِيرِ وَالذُّرَةِ يُنْبَذُ حَتّٰى يَشْتَدَّ، فَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اُوتِيَ جَوَامِعَ الْكَلِمِ وَخَوَاتِمَهُ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَرَامٌ عَلَيْكُمْ كُلُّ مُسْكِرٍ يُسْكِرُ عَنِ الصَّلَاةِ قَالَ: وَاَتَانِي مُعَاذٌ يَوْمًا وَعِنْدِي رَجُلٌ كَانَ يَهُودِيًّا فَاَسْلَمَ ثُمَّ تَهَوَّدَ، فَسَاَلَنِي مَا شَاْنُهُ؟ فَاَخْبَرْتُهُ، فَقُلْتُ لِمُعَاذٍ: اجْلِسْ فَقَالَ: مَا اَنَا بِالَّذِي اَجْلِسُ حَتّٰى اَعْرِضَ عَلَيْهِ الْاِسْلَامَ، فَاِنْ قَبِلَ وَاِلَّا ضَرَبْتُ عُنُقَهُ، فَعَرَضَ عَلَيْهِ الْاِسْلَامَ فَاَبَى اَنْ يُّسْلِمَ، فَضَرَبَ عُنُقَهُ، فَسَاَلَنِي مُعَاذٌ يَوْمًا: كَيْفَ تَقْرَاُ الْقُرْآنَ؟ فَقُلْتُ: اَقْرَؤُهُ قَائِمًا وَقَاعِدًا وَعَلٰى فِرَاشِي اَتَفَوَّقُهُ تَفَوُّقًا قَالَ: وَسَاَلْتُ مُعَاذًا: كَيْفَ تَقْرَاُ اَنْتَ؟ قَالَ: اَقْرَاُ وَاَنَامُ ثُمَّ اَقُومُ فَاَتَقَوَّى بِنَوْمَتِي عَلٰى قَوْمَتِي، ثُمَّ اَحْتَسِبُ نَوْمَتِي بِمَا اَحْتَسِبُ بِهِ قَوْمَتِي

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اور حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو یمن

5376-إسناده صحيح ,محمد بن صباح :هو الجرجرائي ,صدوق روى له أبو داود وابن ماجه ,ومن فوقه ثقات رجال الصحيح ,محمد بن سلمة :هو محمد بن سلمة الباهلي مولاهم الحرّاني ,وأبو عبد الرحيم :هو خالد بن يزيد ,ويقال :ابن يزيد الحراني .وأخرجه بأخصر مما هنا مسلم ص 1587 71في الأشربة :باب بيان أن كل مسكر خمر حرام ,والبيهقي 8/291من طريق عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو ,عَنْ زَيْدِ بْنِ أبي أنيسة ,بهذا الإسناد .وأخرجه مختصرا أيضا البخاري 4344و 4345في المغازي :باب بعث أبي موسى ومعاذ إلى اليمن قبل حجة الوداع ,من طريق شعبة ,عن سعيد بن أبي بردة ,به.وأخرجه البخاري 4341و 4342من طريق عبد الملك ,عن أبي بردة ,به.وأخرجه أحمد 4/409من طريق حميد بن هلال ,عن أبي بردة ,به .وقد تقدم برقم .5373 إسناده قوي ,علي بن المنذر روى له الترمذي والنسائي وابن ماجه وهو ثقة ,ومن فوقه من رجال الشيخين ,إلا أن ابن فضيل فيه كلام ينزله عن رتبة الصحيح .الشيباني :هو أبو إسحاق سليمان بن أبي سليمان. وأخرجه النسائي 8/300في الأشربة :باب تفسير البتع والمزر ,عن محمد بن آدم ,عن ابن فضيل ,بهذا الإسناد. وأخرجه ابن أبي شيبة 8/100,والبخاري 4343في المغازي :باب بعث أبي موسى ومعاذ إلى اليمن قبل حجة الوداع , النسائي و 8/298في الأشربة :باب تحريم كل شراب اسكر ,والطحاوي 4/220من طرق عن أبي إسحاق ,به .وأخرج قوله "كل مسكر حرام "النسائي ,8/298وابن ماجة 3391في الأشربة :باب كل مسكر حرام ,من طريق شعبة ,عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي بُرْدَةَ ,عَنْ أَبِيهِ ,به. وأخرجه أحمد في "الأشربة ,11 "والطيالسي ,498والنسائي 8/298و ,299والطحاوي 4/217من طريق طلحة بن مصرف ,عن أبي بردة ,به .وانظر5373و.5376

بھیجا' تو آپ نے ہمیں یہ ہدایت کی کہ ہم میں سے ہر ایک اپنے ساتھی کے قریب رہے۔ آپ نے ہم سے فرمایا تم دونوں آسانی فراہم کرنا تنگی کا شکار نہ کرنا خوشخبری سنانا متنفر نہ کرنا جب ہم اٹھنے لگے' تو میں نے عرض کی: یا رسول اللہ (ﷺ)! آپ ہمیں دو طرح کے مشروبات کے بارے میں حکم بیان کر دیجئے' جو ہم تیار کرتے ہیں۔ ایک تبع ہے' جو شہد سے بنایا جاتا ہے۔ اس کی نبیذ تیار کی جاتی ہے' یہاں تک کہ وہ پختہ ہو جاتی ہے اور مزر ہے جسے جو اور مکئی سے بنایا جاتا ہے' اس کی نبیذ ہوتی ہے' یہاں تک کہ اس میں شدت آ جاتی ہے' تو نبی اکرم ﷺ کو کیونکہ جامع اور مانع کلمات عطا کئے گئے تھے اس لئے آپ نے ارشاد فرمایا: تم پر ہر وہ چیز حرام ہے' جو نشہ آور ہو جو نماز سے روک دے۔

راوی بیان کرتے ہیں: ایک دن حضرت معاذ رضی اللہ عنہ میرے پاس آئے اس وقت میرے پاس ایک شخص موجود تھا جو پہلے یہودی تھا' پھر اس نے اسلام قبول کیا پھر یہودی ہو گیا۔ انہوں نے مجھ سے اس معاملے کے بارے میں دریافت کیا۔ میں نے انہیں اس بارے میں بتایا' تو میں نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے کہا آپ تشریف رکھیں۔ انہوں نے فرمایا: میں اس وقت تک نہیں بیٹھوں گا' جب تک میں اسے اسلام کی پیشکش نہیں کرتا اگر یہ اسے قبول کر لے گا' تو ٹھیک ہے ورنہ میں اس کی گردن اڑا دوں گا۔ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے اسے اسلام کی پیشکش کی۔ اس نے اسلام قبول کرنے سے انکار کر دیا' تو حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے اس کی گردن اڑا دی ایک دن حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے مجھ سے دریافت کیا تم قرآن کیسے پڑھتے ہو۔ میں نے جواب دیا: میں قیام کی حالت میں بیٹھ کر اور بستر پر لیٹ کر بھی اسے پڑھ لیتا ہوں۔ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا آپ کیسے پڑھتے ہیں۔ انہوں نے فرمایا: میں اس کی تلاوت کرتا ہوں پھر سو جاتا ہوں پھر قیام کی حالت میں پڑھتا ہوں' تو میں اپنی نیند کے ذریعے اپنے قیام کے بارے میں قوت حاصل کرتا ہوں اور مجھے اپنی نیند سے بھی اسی ثواب کی امید ہے' جو اپنے قیام کرنے کے حوالے سے ثواب کی امید ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُصَرِّحِ بِاَنَّ نَبِيذَ الْعَسَلِ وَالشَّعِيْرِ اِذَا اَسْكَرَا كَانَا حَرَامًا

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات کی صراحت کرتی ہے' شہد اور جو کی نبیذ جب نشہ کر دے' تو وہ حرام ہو گی

5377 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ يُوسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُنْذِرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الشَّيْبَانِيُّ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ:

(متن حدیث): بَعَثَنِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْيَمَنِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ بِهَا اَشْرِبَةً لُبْتِعِ وَالْمِزْرِ، قَالَ: وَمَا الْبِتْعُ؟ فَقُلْتُ: شَرَابٌ يَكُوْنُ مِنَ الْعَسَلِ، وَالْمِزْرُ شَرَابٌ يَكُوْنُ مِنَ الشَّعِيْرِ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے مجھے یمن بھیجا' تو میں نے عرض کی: یا رسول

اللہ (ﷺ)! وہاں بتع اور مزر نامی شراب استعمال ہوتی ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: بتع کیا ہے میں نے عرض کی: یہ شراب ہے' جو شہد سے بنائی جاتی ہے اور مزر ایک شراب ہے' جو جَو سے بنائی جاتی ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہر نشہ آور چیز حرام ہے۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ نَبِيذِ الزَّبِيبِ وَالتَّمْرِ اَنْ يُّنْبَذَا

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' کشمش اور کھجوروں (کو ملا کر) ان کی نبیذ تیار کی جائے

5378 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ التَّمْرِ وَالزَّبِيبِ اَنْ يُّخْلَطَا

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے کھجور اور کشمش کو ملا کر نبیذ بنانے سے منع کیا ہے۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ نَبِيذِ الْبُسْرِ وَالرُّطَبِ اَنْ يُّنْبَذَا

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' خشک اور تر کھجور (کو ملا کر) ان کی نبیذ تیار کی جائے

5379 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا

5378- إسناده صحيح على شرط مسلم ,رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي نضرة -واسمه المنذر بن مالك بن قطعة العبدي -فمن رجال مسلم.وأخرجه أحمد في "المسند3/3 "و ,9وفي"الأشربة ,50 "ومسلم 198720في الأشربة :باب كراهة انتباذ التمر والزبيب مخلوطين ,والترمذي 1877في الأشربة :باب ما جاء في خليط البسر والتمر ,والنسائي في الوليمة كما في "التحفة ,3/464 "وأبو يعلى 1177من طرق عن سليمان التيمي ,بهذا الإسناد.وأخرجه احمد 3/49و71و ,90 ومسلم 198721من طريقين عن أبي نضرة ,به.وأخرجه أحمد 3/34و ,90وفي"الأشربة ,80 "ومسلم22 1987و ,23 والنسائي 8/289في الشربة :باب خليط البلح والزهو ,و :290باب خليط الزهو والبسر ,و :293باب الترخص في انتباذ التمر وحده ,و :294باب الرخصة في انتباذ البسر وحده ,وفي الوليمة كما في"التحفة ,3/430 "وأبو يعلى 1176من طرق عن أبي سعيد.

5379- إسناده صحيح على شرط مسلم ,رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن رمح فمن رجال مسلم . وأخرجه ابن ماجة 3395في الأشربة :باب النهي عن الخليطين ,عن محمد بن رمح بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم 198617و 19في الأشربة: باب كراهة انتباذ التمر والزبيب مخلوطين ,وأبو داود 3703في الأشربة :باب في الخليطين ,والترمذي 1876في الأشربة :باب ما جاء في خليط البسر والتمر ,والنسائي 8/290في الأشربة :باب خليط البسر والرطب ,والبيهقي 8/306من طرق عن الليث بن سعد ,به. وأخرجه أحمد 3/294و300و302و317و363و ,369وعبد الرازق ,16966والبخاري 5601في الأشربة :باب من رأى أن لا يخلط البسر والتمر إذا كان مسكرا ,ومسلم198616و ,17والنسائي ,8/290وأبو يعلى 1768و1872 و2238و ,2325والبيهقي 8/306من طرق عن عطاء ,به. أخرجه أحمد ,3/389وفي"الأشربة ,147 "وعبد الرازق 16967و16968و ,16969والطيالسي ,1705ومسلم ,198619والنسائي 8/291في الأشربة :باب خليط التمر والزبيب ,وباب خليط البسر والزبيب ,وابن ماجة 3395من طرق عن جابر.

اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِیْ رَبَاحٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(متن حدیث): اَنَّهٗ نَهٰى اَنْ يُّنْبَذَ الزَّبِيْبُ وَالتَّمْرُ جَمِيْعًا، وَاَنْ يُّنْبَذَ الْبُسْرُ وَالرُّطَبُ جَمِيْعًا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا ہے کشمش اور کھجور کو ملا کر نبیذ تیار کی جائے یا تازہ اور خشک کھجور کو ملا کر نبیذ تیار کی جائے۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِىْ مِنْ اَجْلِهَا زُجِرَ عَنْ هٰذَا الْفِعْلِ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے اس فعل سے منع کیا گیا ہے

5380 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ قَتَادَةَ بْنَ دِعَامَةَ، حَدَّثَهٗ اَنَّهٗ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى اَنْ يُّخْلَطَ التَّمْرُ بِالزَّهْوِ، ثُمَّ يُشْرَبَ، وَاِنَّ ذٰلِكَ عَامَّةُ خُمُوْرِهِمْ يَوْمَ حُرِّمَتِ الْخَمْرُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا ہے خشک کھجور کو تازہ کے ساتھ ملا کر (نبیذ تیار کی جائے) اور پھر اسے پیا جائے کیونکہ جب شراب کی حرمت کا حکم نازل ہوا تو زیادہ تر شراب اسی طرح بنائی جاتی تھی۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ انْتِبَاذِ كُلِّ شَيْءٍ مِّنْ هٰذَيْنِ الشَّيْئَيْنِ الْمَنْهِيِّ عَنْهُمَا عَلٰى حِدَةٍ

اس بات کا تذکرہ ان دونوں ممنوعہ چیزوں میں سے ہر ایک کی الگ سے نبیذ تیار کرنا مباح ہے

5381 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ اَبُوْ كَثِيْرٍ السُّحَيْمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ اَبُوْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا تَنْبِذُوا التَّمْرَ وَالزَّبِيْبَ جَمِيْعًا، وَلَا الْبُسْرَ وَالتَّمْرَ جَمِيْعًا، وَانْبِذُوا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا

5380- إسناده صحيح على شرط مسلم ,حرملة من رجال مسلم ,ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين . وأخرجه مسلم 1981في الأشربة :بباب تحريم الخمر وبيان أنها تكون من عصير العنب ,. والبيهقي 8/308من طريقين عن ابن وهب, بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 3/134و ,251وأبو يعلى2891و3102و 3103من طريقين عن قتادة ,به. وأخرجه أحمد 3/140و ,157-156والنسائي 292-8/291في الأشربة :بباب ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ أَجْلِهَا نَهَى عَنِ الخليطين وهي ليقوى أحدهما على صاحبه ,والبيهقي 8/307من طرق عن أنس.

5381- إسناده حسن على شرط مسلم .أبو كثير السحيمي ,قيل :هو يزيد بن عبد الرحمن ,وقيل :يزيد بن عبد الله بن أذينة ,أو ابن غفيلة. وأخرجه أحمد ,2/526ومسلم 1989في الأشربة :بباب كراهة انتباذ التمر والزبيب مخلوطين ,والنسائي 8/293في الأشربة :بباب انتباذ الزبيب وحده ,وابن ماجة 3396في الأشربة :بباب النهي عن الخليطين ,من طرق عن عكرمة بهذا الإسناد.

عَلٰى حِدَةٍ

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''کھجور اور کشمش کو ملا کر نبیذ تیار نہ کرو تازہ اور خشک کھجور کو ملا کر نبیذ تیار نہ کرو۔ ان میں سے ہر ایک کی نبیذ علیحدہ تیار کرو۔''

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ اَبَاحَ شُرْبَ الْقَلِيلِ مِنَ الْمُسْكِرِ مَا لَمْ يُسْكِرْ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جس نے نشہ آور چیز کی تھوڑی مقدار کے پینے کو مباح قرار دیا ہے' جبکہ وہ نشہ پیدا نہ کرے

5382 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا حَاجِبُ بْنُ اَرْكِينَ الْحَافِظُ، بِدِمَشْقَ، قَالَ: حَدَّثَنَا رِزْقُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): قَلِيلُ مَا اَسْكَرَ كَثِيرُهُ حَرَامٌ

❁❁ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جس چیز کی زیادہ مقدار نشہ کر دے اس کی تھوڑی مقدار بھی حرام ہے۔''

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ الْمُسْكِرَ هُوَ الشَّرْبَةُ الْاٰخِيرَةُ الَّتِي تُسْكِرُ دُوْنَ مَا تَقَدَّمَهَا مِنْهُ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے

نشہ آور سے مراد وہ آخری مشروب ہے' جو نشہ کرے اس کا ابتدائی حصہ (نشہ آور شمار نہیں ہوگا' جس کے نتیجے میں نشہ نہیں ہوتا)

5383 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَهْدِيُّ بْنُ مَيْمُونٍ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّهَا سَمِعَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

5382– إسناده قوى ,رزق الله بن موسى :هو الناجى ,ذكره المؤلف فى "الثقات ,"ووثقه ابن شاهين والخطيب ,وذكره النسائى فى مشيخته ,قال :بصرى صالح ,ومن فوقه ثقات ,من رجال الشيخين .وأخرجه أحمد ,3/343وفى"الأشربة ,148" وأبو داود3681فى الأشربة :باب النهى عن المسكر ,والترمذى1865فى الأشربة :باب ما جاء ما أسكر كثيره فقليله حرام ,وابن ماجة 3393فى الأشربة :باب ما أسكر كثيره فقليله حرام ,وابن الجارود ,860والطحاوى,4/217والبيهقى 8/296من طرق عن داود بن بكر بن أبى الفرات ,عن محمد بن المنكدر ,بهذا الإسناد.

(متن حدیث): كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ، وَمَا اَسْكَرَ الْفَرَقُ مِنْهُ، فَمِلْءُ الْكَفِّ مِنْهُ حَرَامٌ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَبُوْ عُثْمَانَ هٰذَا اسْمُهُ عَمْرُو بْنُ سَالِمٍ الْاَنْصَارِيُّ

❁❁ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

ہر نشہ آور چیز حرام ہے اور جس چیز کا پیالہ نشہ کردے اس کو مٹھی بھر پینا بھی حرام ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابوعثمان نامی راوی کا نام عمرو بن سالم انصاری ہے۔

ذِكْرُ وَصْفِ الْاَنْبِذَةِ الَّتِيْ يَحِلُّ شَرَابُهَا لِمَنْ اَرَادَهَا

نبیذوں کی اس صفت کا تذکرہ جنہیں پینا اس شخص کے لیے حلال ہے جو اس کا ارادہ کرتا ہے

5384 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ الْقَطَّانُ، بِالرَّقَّةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَكِيْمُ بْنُ سَيْفٍ الرَّقِّيُّ *، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو الرَّقِّيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ اَبِيْ اُنَيْسَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عُبَيْدٍ النَّخَعِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): اَتَاهُ قَوْمٌ فَسَاَلُوْهُ عَنْ بَيْعِ الْخَمْرِ وَشِرَائِهِ وَالتِّجَارَةِ فِيْهِ فَقَالَ: ابْنُ عَبَّاسٍ: اَمُسْلِمُوْنَ اَنْتُمْ؟ قَالُوْا: نَعَمْ، قَالَ: فَاِنَّهُ لَا يَصْلُحُ بَيْعُهُ وَلَا شِرَاؤُهُ وَلَا التِّجَارَةُ فِيْهِ لِمُسْلِمٍ، وَاِنَّمَا مَثَلُ مَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ مِنْهُمْ مَثَلُ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ حُرِّمَتْ عَلَيْهِمُ الشُّحُوْمُ فَلَمْ يَاْكُلُوْهَا فَبَاعُوْهَا، وَاَكَلُوْا اَثْمَانَهَا ثُمَّ سَاَلُوْهُ عَنِ الطِّلَاءِ، قَالَ ابْنُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' وہ پیالہ جس میں نبیذ تیار کی گئی جس کی ہم نے صفت

5411- إسناده صحيح على شرط الشيخين .أبو الوليد :هشام بن عبد الملك ,وسليمان التيمي :هو سليمان بن طرخان . وأخرجه النسائي 8/303في الأشربة :باب النهي عن نبيذ الجر مفردا ,عن هارون بن يزيد بن أبي الزرقاء ,قال :حدثني أبي ,عن شعبة ,بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد ,2/29وابن شيبة 8/127ومسلم ,199750والترمذي 1867في الأشربة :باب ما جاء في نبيذ الجر ,والنسائي 8/302من طرق عن سليمان التيمي ,به.وأخرجه أحمد ,2/35ومسلم199751و52و ,53والنسائي 8/304- 305في الأشربة :باب النهي عن نبيذ الدباء ,من طريقين عن طاووس ,به .وانظر.5403

5412- إسناده صحيح على شرط مسلم ,وقد تقدم برقم5387و.5396

بیان کی ہے اس میں نبیذ اس وقت تیار کی جاتی تھی جب مشکیزہ دستیاب نہیں ہوتا تھا

5413 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ قُرَيْشٍ مُحَمَّدُ بْنُ جُمُعَةَ الْاَصَمُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُنْبَذُ لَهُ فِي سِقَاءٍ، فَاِذَا لَمْ يُوجَدْ لَهُ سِقَاءٌ فَفِي تَوْرٍ مِّنْ حِجَارَةٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے مشکیزے میں نبیذ تیار کی جاتی تھی جب مشکیزہ نہیں ملتا تھا تو پتھر کے پیالے میں تیار کی جاتی تھی۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يُّنْتَبَذَ لَهُ فِي السِّقَاءِ الْمَدْبُوْغِ وَاِنْ كَانَتِ الشَّاةُ مَيْتَةً قَبْلَ ذٰلِكَ

آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ اس کے لیے دباغت شدہ (کھال والے) مشکیزے میں نبیذ تیار کی جائے اگرچہ اس سے پہلے وہ کھال کسی مردار بکری کی ہو

5414 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي عَوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي خَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

(متن حدیث): اَنَّ شَاةً لِسَوْدَةَ مَاتَتْ فَدَبَغْنَا جِلْدَهَا، فَكُنَّا نَنْتَبِذُ فِيهِ حَتّٰى صَارَ شَنًّا بَالِيًا

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: سیدہ سودہ رضی اللہ عنہا کی بکری مرگئی ہم نے اس کی جلد کی دباغت کی ہم اس میں نبیذ تیار کیا کرتے تھے یہاں تک کہ وہ مشکیزہ پرانا ہوگیا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبَاحَ لَهُمْ ذٰلِكَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کے لیے یہ چیز مباح قرار دی ہے

5415 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): مَاتَتْ شَاةٌ لِسَوْدَةَ بِنْتِ زَمْعَةَ، فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَاتَتْ فُلَانَةُ، تَعْنِي الشَّاةَ، قَالَ: فَهَلَّا

5413– مؤمل بن إسماعيل سيء الحفظ ,لكنه متابع كما تقدم ,وباقي رجاله ثقات. وأخرجه أحمد ,3/307والشافعي 2/95,والبغوي 3029عن سفيان ,بهذا الإسناد .وانظر 5387و5396و5412.

5414– إسناده صحيح على شرط البخاري ,رجاله ثقات رجال الشيخين غير عكرمة ,فإنه من رجال البخاري .وقد تقدم برقم1281و1282و1283.

اَخَذْتُمْ مَسْكَهَا فَقَالَتْ: نَاْخُذُ مَسْكَ شَاةٍ قَدْ مَاتَتْ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّمَا قَالَ: (قُلْ لَا اَجِدُ فِيْ مَا اُوحِيَ اِلَيَّ مُحَرَّمًا عَلٰى طَاعِمٍ يَطْعَمُهُ اِلَّا اَنْ يَكُوْنَ مَيْتَةً اَوْ دَمًا مَسْفُوحًا) (الأنعام: 145)، لَا بَاْسَ اَنْ تَدْبُغُوهُ تَنْتَفِعُوْنَ بِهٖ قَالَتْ: فَاَرْسَلْنَا اِلَيْهَا فَسَلَخَتْ مَسْكَهَا، فَاتَّخَذَتْ مِنْهُ قِرْبَةً حَتّٰى تَخَرَّقَتْ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: سیدہ سودہ بنت زمعہ رضی اللہ عنہا کی بکری مرگئی۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! فلاں مرگئی ہے۔ ان کی مراد بکری تھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے اس کی کھال کو حاصل کیوں نہیں کیا۔ سیدہ سودہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: کیا ہم ایسی بکری کی کھال حاصل کریں جو مرچکی ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے:

''تم یہ فرمادو جو چیز میری طرف وحی کی گئی ہے اس میں' میں کوئی ایسی چیز نہیں پاتا جو کھانے والے کے لئے حرام قرار دی گئی ہو' ما سوائے اس کے جو مردار ہو یا بہا ہوا خون ہو۔''

(پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) اس میں کوئی حرج نہیں ہے تم اس کی دباغت کر کے اس سے فائدہ حاصل کرو۔

سیدہ سودہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' تو ہم نے اس کو بھجوایا اور اس کی کھال کی دباغت کرلی گئی پھر ہم نے اس کے ذریعے مشکیزہ بنالیا' یہاں تک کہ اس میں سوراخ ہوگیا۔

5415- سماك بن حرب حسن الحديث ,لكن في روايته عن عكرمه اضطراب ,وباقي رجاله ثقات رجال الصحيح . وانظر 1281و1282و1283.

کِتَابُ اللِّبَاسِ وَآدَابِه

کتاب! لباس اور اس کے آداب کے بارے میں روایات

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلْمَرْءِ اِذَا اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ اَنْ يُّرٰى اَثَرُ نِعْمَتِهٖ عَلَيْهِ

آدمی کو اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ' جب اللہ تعالیٰ نے اسے نعمت عطا کی ہو' تو اس پر اللہ تعالیٰ کی نعمت کا اثر نظر آنا چاہئے

5416 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ عَوْفِ بْنِ مَالِكِ بْنِ نَضْلَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ:

(متن حدیث): اَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا قَشِفُ الْهَيْئَةِ، فَقَالَ: هَلْ لَكَ مِنْ مَالٍ؟ فَقُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: مِنْ اَيِّ مَالٍ؟ قُلْتُ: مِنْ كُلٍّ قَدْ آتَانِيَ اللّٰهُ مِنَ الْاِبِلِ وَالرَّقِيقِ وَالْغَنَمِ، قَالَ: اِذَا آتَاكَ اللّٰهُ مَالًا فَلْيُرَ عَلَيْكَ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ رَجُلًا نَزَلْتُ بِهٖ فَلَمْ يُكْرِمْنِي، وَلَمْ يَقْرِنِي، فَنَزَلَ بِي اَجْزِيهِ بِمَا صَنَعَ؟ قَالَ: لَا، بَلْ اَقْرِهِ اَبُو الْاَحْوَصِ عَوْفُ بْنُ مَالِكِ بْنِ نَضْلَةَ، اَبُوهُ مِنَ الصَّحَابَةِ

ابواحوص عوف بن مالک اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میری حالت بکھری ہوئی تھی۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کیا تمہارے پاس مال ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں، نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا کس قسم کا مال ہے؟ میں نے عرض کی: اللہ تعالیٰ نے مجھے ہر طرح کا مال عطا کیا ہے۔ اونٹ بھی غلام بھی اور بکریاں بھی۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب اللہ تعالیٰ نے تمہیں مال عطا کیا ہو' تو اس کا نشان تم پر نظر آنا چاہئے۔ راوی بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ (ﷺ)! ایسے شخص کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے' جس کے ہاں میں مہمان بنتا ہوں۔ وہ میری عزت افزائی نہیں کرتا۔ میری مہمان نوازی نہیں کرتا' پھر ایک مرتبہ وہ میرے ہاں مہمان کے طور پر ٹھہرتا ہے' تو کیا میں اس کے

5416- إسناده صحيح على شرط مسلم ,رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي الأحوص فمن رجال مسلم, وأخرجه الطيالسي1303و ,1304ومن طريقه الطبراني 19/608عن شعبة ,بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد ,3/473وابن سعد ,6/28 والحاكم 4/181من طرق عن شعبة ,به .وصححه الحاكم ووافقه الذهبي .وأخرجه أحمد 3/473و ,4/137وأبو داود 4063 في اللباس :باب في غسل الثوب ,والنسائي 8/180و 181في الزينة :باب الجلاجل ,و :196باب ذكر ما يستحب من لبس الثياب وما يكره منها ,والطبراني 19/607و609و610و . .و ,621والبيهقي ,10/10والبغوي 3118من طرق عن أبي إسحاق , به .وأخرجه أحمد ,4/136-137والحميدي ,883والطبراني 19/622من طريق أبي الزعراء عمرو بن عمرو ,عن عمه أبي الأحوص ,به.وقد تقدم برقم 3410من غير هذا الطريق ,وانظر ما بعده.

طرز عمل کا بدلہ دوں؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جی نہیں بلکہ تم اس کی مہمان نوازی کرو۔

ابواحوص عوف بن مالک بن نضلہ کے والد صحابی تھے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ إِظْهَارِ نِعْمَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا، وَانْتِفَاعِهِ بِهَا فِي دَارَيْهِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' آدمی پر یہ بات لازم ہے' وہ اللہ تعالیٰ کی نعمت کا اظہار کرے

اور دونوں جہانوں میں اس کے ذریعے نفع حاصل کرے (یعنی صرف آخرت میں ہی نہ کرے بلکہ دنیا میں بھی اس سے نفع حاصل کرے)

5417 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ يَزِيدَ الْعَطَّارُ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ الْقَيْسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ أَبِيهِ،

(متن حدیث): أَنَّهُ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَرَآهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَشْعَثَ أَغْبَرَ فِي هَيْئَةِ أَعْرَابِيٍّ، فَقَالَ: مَا لَكَ مِنَ الْمَالِ؟ قَالَ: مِنْ كُلِّ الْمَالِ قَدْ آتَانِيَ اللّٰهُ، قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ إِذَا أَنْعَمَ عَلَى الْعَبْدِ نِعْمَةً أَحَبَّ أَنْ تُرَى بِهِ

❀❀ ابواحوص اپنے والد کا بیان نقل کرتے ہیں: وہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ نبی اکرم ﷺ نے انہیں بکھرے ہوئے غبار آلود بالوں والے دیہاتی کی شکل میں ملاحظہ کیا' تو دریافت کیا: کیا تمہارے پاس مال ہے۔ انہوں نے عرض کی: ہر طرح کا مال اللہ تعالیٰ نے مجھے عطا کیا ہے نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کسی بندے کو نعمت عطا کرے' تو وہ اس بات کو پسند کرتا ہے' وہ نعمت اس بندے پر نظر آئے۔

ذِكْرُ الْإِسْتِحْبَابِ لِلْمَرْءِ أَنْ تُرَى عَلَيْهِ أَثَرُ نِعْمَةِ اللّٰهِ وَإِنْ كَانَتْ تِلْكَ النِّعْمَةُ فِي رَأْيِ الْعَيْنِ قَلِيلَةً؛ إِذِ الْقَلِيلُ مِنْ نِعَمِ اللّٰهِ كَثِيرٌ

آدمی کیلئے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ کی نعمت کا اثر اس پر دکھائی دینا چاہئے اگرچہ وہ نعمت آنکھ کے دیکھنے کے اعتبار سے تھوڑی ہو کیونکہ اللہ تعالیٰ کی تھوڑی نعمت بھی زیادہ ہوتی ہے

5418 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِدْرِيسَ الْأَنْصَارِيُّ، أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ،

5417- إسناده صحيح على شرط مسلم . وأخرجه الطبراني 19/623 عن سليمان ابن الحسن ,بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 3/473 عن بهز بن أسد ,عن حماد بن سلمة ,به.وأخرجه الطبراني 19/624 من طريق يحيى بن سلمة بن كهيل ,عن أبيه, وعبد الملك ن عمير ,به .وقد تقدم برقم 3410 و5416.

عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَزْوَةِ اَنْمَارٍ، قَالَ: فَبَيْنَمَا اَنَا نَازِلٌ تَحْتَ شَجَرَةٍ اِذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هَلُمَّ اِلَى الظِّلِّ، قَالَ: فَنَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: جَابِرٌ: فَقُمْتُ اِلٰى غِرَارَةٍ لَنَا فَالْتَمَسْتُ فِيْهَا، فَوَجَدْتُ فِيْهَا جِرْوَ قِثَّاءٍ فَكَسَرْتُهُ، ثُمَّ قَرَّبْتُهُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مِنْ اَيْنَ لَكُمْ هٰذَا؟ فَقُلْتُ: خَرَجْنَا بِهٖ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مِنَ الْمَدِيْنَةِ، قَالَ: جَابِرٌ: وَعِنْدَنَا صَاحِبٌ لَنَا نُجَهِّزُهُ لِيَذْهَبَ يَرْعٰى ظَهْرَنَا، قَالَ: فَجَهَّزْتُهُ ثُمَّ اَدْبَرَ يَذْهَبُ فِي الظَّهْرِ وَعَلَيْهِ بُرْدَانِ لَهُ قَدْ خَلُقَا، قَالَ: فَنَظَرَ اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اَمَا لَهُ ثَوْبَانِ غَيْرُ هٰذَيْنِ؟ قَالَ: فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَهُ ثَوْبَانِ فِي الْعَيْبَةِ كَسَوْتُهُ اِيَّاهُمَا، قَالَ: فَادْعُهُ فَمُرْهُ فَلْيَلْبَسْهُمَا قَالَ: فَدَعَوْتُهُ فَلَبِسَهُمَا، ثُمَّ وَلّٰى يَذْهَبُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا لَهُ ضَرَبَ اللّٰهُ عُنُقَهُ، اَلَيْسَ هٰذَا خَيْرًا؟ فَسَمِعَهُ الرَّجُلُ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَقُتِلَ الرَّجُلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ: هٰكَذَا كَانَتْ نِيَّةُ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْبِدَايَةِ، وَزَيْدُ بْنُ اَسْلَمَ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ؛ لِاَنَّ جَابِرًا مَاتَ سَنَةَ تِسْعٍ وَسَبْعِيْنَ، وَمَاتَ اَسْلَمُ مَوْلٰى عُمَرَ فِيْ اِمَارَةِ مُعَاوِيَةَ سَنَةَ بِضْعٍ وَخَمْسِيْنَ، وَصَلّٰى عَلَيْهِ مَرْوَانُ بْنُ الْحَكَمِ، وَكَانَ عَلَى الْمَدِيْنَةِ اِذْ ذَاكَ، فَهٰذَا يَدُلُّكَ عَلٰى اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرًا، وَهُوَ كَبِيْرٌ، وَمَاتَ زَيْدُ بْنُ اَسْلَمَ سَنَةَ سِتٍّ وَثَلَاثِيْنَ وَمِائَةَ، وَقَدْ عُمِّرَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: غزوہ انمار کے موقع پر ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ روانہ ہوئے۔ ایک مرتبہ ہم نے ایک درخت کے نیچے پڑاؤ کیا ہوا تھا۔ اسی دوران نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے آئے۔ راوی بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! سائے کی طرف آجائیں۔ راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (سواری سے) نیچے اتر آئے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں اٹھ کر اپنے توشہ دان کی طرف آیا میں نے اس میں تلاش کیا' تو مجھے اس میں ککڑی ملی۔ میں نے اسے توڑا اور پھر اسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا یہ تمہیں کہاں سے ملی ہے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! ہم اسے ساتھ لے کر مدینہ منورہ سے روانہ ہوئے تھے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہمارا ایک ساتھی تھا جسے ہم سامان تیار کر کے دے دیتے تھے اور وہ ہمارے سواری کے جانوروں کو چرنے کے لئے لے جایا کرتا تھا' حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے اس کا سامان تیار کیا پھر وہ اس کو اپنی پشت پر لاد کر چل پڑا۔ اس کے جسم پر دو چادریں تھیں جو پرانی ہو چکی تھیں۔ راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی طرف دیکھا' تو دریافت کیا اس کے پاس ان دو چادروں کے علاوہ اور کوئی کپڑا نہیں ہے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! اس کے پاس سامان میں دو اور کپڑے ہیں جو میں نے اسے پہننے کے لئے دیئے تھے۔ راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اسے

بلاؤ اور اسے یہ ہدایت کرو کہ وہ ان کپڑوں کو پہن لے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے اسے بلایا اس نے وہ دو کپڑے پہن لئے، پھر وہ جانے لگا، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اسے کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کی گردن پر مارے کیا یہ زیادہ بہتر نہیں ہے۔ اس شخص نے یہ بات سن لی اس نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! اللہ کی راہ میں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اللہ کی راہ میں، پھر وہ شخص اللہ کی راہ میں شہید ہو گیا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی آغاز میں یہی نیت تھی۔ زید بن اسلم نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے احادیث کا سماع کیا ہے کیونکہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا انتقال 79 ہجری میں ہوا تھا اور اسلم کا انتقال حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے عہد حکومت میں 50 ہجری کے آس پاس ہوا تھا۔ مروان بن حکم نے اس کی نماز جنازہ ادا کی تھی جو اس وقت مدینہ منورہ کا گورنر تھا، تو یہ بات آپ کی رہنمائی اس چیز کی طرف کرے گی۔ انہوں نے حضرت جابر سے احادیث کا سماع کیا ہے وہ بڑی عمر کے آدمی تھے جب کہ زید بن اسلم کا انتقال 136 ہجری میں ہوا۔ ان کی عمر کافی زیادہ تھی۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اَثَرَ النِّعْمَةِ يَجِبُ اَنْ تُرَى عَلَى الْمُنْعِمِ عَلَيْهِ فِيْ نَفْسِهِ وَمُوَاسَاتِهِ عَمَّا فَضَلَ اِخْوَانَهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ، نعمت کے اثر کے لیے یہ بات ضروری ہے، جس شخص کو نعمت عطا کی گئی

ہے اس کی ذات پر اس کا اثر نظر آئے اور اس کے پاس جو چیز اضافی ہو وہ اس کے حوالے سے اپنے بھائیوں کے ساتھ ہمدردی کا رویہ بھی اختیار کرے (یعنی ان کی مدد کرے)

5419 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْاَشْهَبِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ نَضْرَةَ، عَنْ اَبِىْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): بَيْنَمَا نَحْنُ فِىْ سَفَرٍ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ جَاءَ رَجُلٌ عَلٰى رَاحِلَتِهٖ، قَالَ: فَجَعَلَ يَضْرِبُ يَمِيْنًا وَشِمَالًا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَ مَعَهٗ فَضْلُ ظَهْرٍ فَلْيَعُدْ بِهٖ عَلٰى مَنْ لَا ظَهْرَ لَهٗ، وَمَنْ كَانَ مَعَهٗ فَضْلُ زَادٍ فَلْيَعُدْ بِهٖ عَلٰى مَنْ لَا زَادَ لَهٗ فَذَكَرَ مِنْ اَصْنَافِ الْمَالِ مَا ذَكَرَ حَتّٰى رَاَيْنَا اَنْ لَا حَقَّ لِاَحَدٍ مِّنَّا فِىْ فَضْلٍ

5418- إسناده صحيح على شرط الشيخين .وهو فى "الموطأ 2/910-911 "فى اللباس :بـاب مـا جاء فى لبس الثياب للجمال بها .ومن طريقه أخرجه البزار ,2963والحاكم .4/183وأخرجه البزار 2964من طريق مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ ,عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ ,عن جابر.وأورده الهيثمى فى"مجمع الزوائد 5/134 "وقال :رواه البزار بأسانيد ورجال أحدها رجال الصحيح.

5419- إسناده صحيح على شرط مسلم .أبو الأشهب :هو جعفر بن حيان السعدى ,وأبو نضرة :هو المنذر بن مالك بن قطعة العبدى .وهو فى"مسند أبى يعلى.1064"وأخرجه مسلم 1728فى اللقطة :باب استحباب المواساة بفضول المال ,والبيهقى 4/182,والبغوى 2685من طريق شيبان بن أبى شيبة ,بهذا الإسناد .أخرجه أحمد 3/34وأبو داود 1663فى الزكاة :باب فى حقوق المال من طرق عن أبى الأشهب ,به.

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر کر رہے تھے۔ اسی دوران ایک شخص اپنی اونٹنی پر بیٹھ کر آیا اور دائیں بائیں دیکھنے لگا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص کے پاس اضافی بوجھ ہو اس کو دیدے جس کے پاس بوجھ نہ ہو اور جس شخص کے پاس اضافی زادِراہ ہو وہ اس کو دیدے جس کے پاس زادراہ نہ ہو پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مال کی مختلف اصناف کا ذکر کیا' یہاں تک کہ ہمیں یوں محسوس ہونے لگا کہ ہم میں سے کسی کو بھی' کوئی اضافی چیز رکھنے کا حق نہیں ہے۔

ذِكْرُ مَا يَقُولُ الْمَرْءُ عِنْدَ كِسْوَتِهِ ثَوْبًا اسْتَجَدَّهُ

اس بات کا تذکرہ' آدمی جب نیا کپڑا پہنے' تو کیا پڑھے

5420 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اسْتَجَدَّ ثَوْبًا سَمَّاهُ، قَالَ: اللّٰهُمَّ اَنْتَ كَسَوْتَنِيْ هٰذَا الْقَمِيصَ اَوِ الرِّدَاءَ اَوِ الْعِمَامَةَ، اَسْاَلُكَ خَيْرَهُ وَخَيْرَ مَا صُنِعَ لَهُ، وَاَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهِ وَشَرِّ مَا صُنِعَ لَهُ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کوئی نیا کپڑا پہنتے تھے' تو آپ بسم اللہ پڑھتے تھے اور یہ پڑھتے تھے:

"اے اللہ! تو نے مجھے یہ قمیص یا چادر یا عمامہ پہنایا۔ میں تجھ سے اس کی بھلائی کا اور جس کے لئے اسے بنایا گیا ہے اس کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں اور میں اس کے شر سے اور جس کے لئے اسے بنایا گیا ہے اس کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں"۔

ذِكْرُ مَا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ اَنْ يَبْتَدِءَ بِحَمْدِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عِنْدَ سُؤَالِهِ رَبَّهُ جَلَّ وَعَلَا مَا ذَكَرْنَاهُ

اس بات کا تذکرہ' آدمی پر یہ بات لازم ہے' جب وہ اپنے پروردگار سے وہ چیز مانگے جس کا ہم نے ذکر کیا ہے' تو اس کا آغاز اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کرنے کے ذریعے کرے

5421 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَحْطَبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ شُجَاعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ، عَنْ سَعِيْدٍ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ،

5420- حديث صحيح ,رجاله ثقات رجال الصحيح .خالد :وهو ابن عبد الله بن عبد الرحمن الواسطي ,وقد روى البخاري 784ومسلم 1853للجريري من روايته .وهو في مسند أبي يعلى.1079وأخرجه أحمد 3/30و ,50وأبو داود 4020في أول كتاب اللباس ,والترمذي 1767في اللباس :باب ما يقول إذا لبس ثوبا جديدا ,وأبو الشيخ في "أخلاق النبي "ص 104من طريق عبد الله بن المبارك والترمذي في "الشمائل 59"من طريق ابن المبارك .

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا اسْتَجَدَّ ثَوْبًا سَمَّاهُ بِاسْمِهِ، فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ اَنْتَ كَسَوْتَنِيْ هٰذَا فَلَكَ الْحَمْدُ، اَسْاَلُكَ مِنْ خَيْرِهٖ وَخَيْرِ مَا صُنِعَ لَهٗ، وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهٖ وَشَرِّ مَا صُنِعَ لَهٗ

❁❁ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کوئی نیا کپڑا پہنتے تھے تو آپ اس کپڑے کا نام لے کر یہ دعا پڑھتے تھے:

"اے اللہ! تو نے مجھے یہ (چادر یا قمیص) پہنائی ہر طرح کی حمد تیرے لئے مخصوص ہے۔ میں تجھ سے اس کی بھلائی کا اور جس کے لئے اسے بنایا گیا ہے اس کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں اور میں اس کے شر سے اور جس کے لئے اسے بنایا گیا ہے اس کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ عِنْدَ لُبْسِهِ الثِّيَابَ اَنْ يَّبْدَاَ بِالْمَيَامِنِ مِنْ بَدَنِهٖ

اس بات کا تذکرہ' آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے' جب وہ کپڑا پہننے لگے' تو وہ اپنے جسم کے دائیں طرف سے آغاز کرے

5422 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَحْطَبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا لَبِسَ قَمِيصًا بَدَاَ بِمَيَامِنِهٖ

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب قمیص پہنتے تھے تو دائیں طرف سے آغاز کرتے تھے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِلُبْسِ الْبَيَاضِ مِنَ الثِّيَابِ إِذِ الْبِيضُ مِنْهَا خَيْرُ الثِّيَابِ

اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ' سفید لباس پہنا جائے کیونکہ لباس میں سفید رنگ والا کپڑا بہتر کپڑا ہوتا ہے

5423 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنِ ابْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْبَسُوا مِنْ ثِيَابِكُمُ الْبَيَاضَ وَكَفِّنُوا فِيهَا

5421- رجاله ثقات رجال الصحيح ,إلا إن عيسى بن يونس -وهو ابن أبي إسحاق السبيعي -روى عن الجريري ,بعد الاختلاط ,كما تقدم في الحديث الذي قبله.وأخرجه أبو داود 4021في أول اللباس ,عن مسدد ,والنسائي في "عمل اليوم والليلة 309"عن عبد الله بن يوسف ,كلاهما عن عيسى بن يونس بهذا الإسناد.

5422- إسناده صحيح على شرط الشيخين وأخرجه الترمذي 1766في اللباس :باب ما جاء في القمص ,عن نصر بن علي ,بهذا الإسناد .وقد تقدم برقم.1092

مَوْتَاكُمْ، فَإِنَّهَا مِنْ خَيْرِ ثِيَابِكُمْ، وَإِنَّ مِنْ خَيْرِ أَكْحَالِكُمُ الْإِثْمِدَ، يَجْلُو الْبَصَرَ، وَيُنْبِتُ الشَّعْرَ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: سفید کپڑے پہنو اور سفید کپڑے میں اپنے مردوں کو کفن دو کیونکہ یہ تمہارے کپڑوں میں سب سے بہتر ہے اور تمہارے سرموں میں سب سے بہترین اثمد ہے وہ نگاہ کو تیز کرتا ہے اور بالوں کو اگاتا ہے۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ لُبْسَ الثِّيَابِ الَّتِي لَهَا أَعْلَامٌ إِذَا كَانَتْ يَسِيرَةً لَا تُلْهِيهِ

آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ وہ ایسے کپڑے پہن لے جس پر نقش ونگار بنے ہوں جبکہ وہ (نقش ونگار) تھوڑے سے ہوں جو اسے غافل نہ کریں

5424 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا شَبَابُ بْنُ صَالِحٍ، بِوَاسِطَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ

(متن حدیث): أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ فِي الْعَلَمِ فِي إِصْبَعَيْنِ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دو انگلیوں جتنے نشان (یعنی کپڑے پر ریشمی پٹی) لگانے کی اجازت دی ہے۔

ذِكْرُ إِبَاحَةِ لُبْسِ الْمَرْءِ الْعَمَائِمَ السُّودَ ضِدَّ قَوْلِ مَنْ كَرِهَهُ مِنَ الْمُتَصَوِّفَةِ

آدمی کے لیے سیاہ عمامہ پہننے کے مباح ہونے کا تذکرہ یہ بات ان صوفیاء کے موقف کے برخلاف ہے جنہوں نے اسے مکروہ قرار دیا ہے

5423- إسناده صحيح على شرط مسلم ,رجاله ثقات رجال الشيخين غير ابن خثيم -وهو عبد الله بن عثمان -فمن رجال مسلم وهيب :وهو ابن خالد .وأخرجه أحمد 1/328عن عفان ,عن وهيب ,بهذا الإسناد.وأخرجه أحمد 1/247و274و355و ,363وعبد الرزاق 6200و ,6201وأبو داود ,3878في الطب :باب في الأمر بالكحل , والترمذي 994في الجنائز :باب ما يستحب من الأكفان ,وابن ماجة 1472في الجنائز :باب ما جاء فيما يستحب من الكفن , و 3566في اللباس :باب البياض من الثياب ,وأبو القاسم ,والطبراني12485و 12486و 12487 و 12488و 12489 و 12490 و 12491و 12492و ,12493والحاكم ,1/354والبيهقي 3/245و ,5/33والبغوي 1477من طرق عن ابن خثيم ,به. واختصره بعضهم وصححه الحاكم على شرط مسلم ووافقه الذهبي ,وقال الترمذي :حديث حسن صحيح ,وهو الذي يستحبه أهل العلم .وأخرجه الطبراني 12427من طريق حكيم بن جبير ,عن سعيد بن جبير ,به .وسيأتي الشطر الثاني منه برقم 6040 و.6041

5424- إسناده صحيح على شرط مسلم ,رجاله ثقات رجال الشيخين غير وهب بن بقية فمن رجال مسلم .خالد الأول: هو خالد بن عبد الله الواسطي ,والثاني :هو خالد بن مهران الحذاء . وأخرجه أحمد 1/36عن خلف بن الوليد ,عن خالد الواسطي, بهذا الإسناد وانظر 5441و.5454

5425 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الطَّاهِرِ قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، عَنْ حَمَّادِ ابْنِ اُخْتِ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ يَوْمَ الْفَتْحِ وَعَلَيْهِ عِمَامَةٌ سَوْدَاءُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: فتح مکہ کے موقع پر جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں داخل ہوئے تو آپ نے سیاہ عمامہ باندھا ہوا تھا۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ اشْتِمَالِ الصَّمَّاءِ وَعَنِ الْاِحْتِبَاءِ فِي الثَّوْبِ الْوَاحِدِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ ایک ہی کپڑے کو اشتمال صماء یا احتباء کے طور پر اوڑھ لیا جائے

5426 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(متن حدیث): اَنَّهُ نَهٰى عَنِ اشْتِمَالِ الصَّمَّاءِ وَاَنْ يَحْتَبِيَ الرَّجُلُ فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اشتمال صماء اور احتباء کے طور پر ایک کپڑا پہننے سے منع کیا ہے۔

ذِكْرُ وَصْفِ اشْتِمَالِ الصَّمَّاءِ وَالْاِحْتِبَاءِ فِي الثَّوْبِ الْوَاحِدِ اللَّذَيْنِ نُهِيَ عَنْهُمَا

ایک ہی کپڑے کو اشتمال صماء یا احتباء کے طور پر لپیٹنے کے طریقے کا تذکرہ ان دونوں سے منع کیا گیا ہے

5427 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ اللَّيْثِيِّ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): نَهٰى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ لُبْسَتَيْنِ: اشْتِمَالِ الصَّمَّاءِ وَهُوَ اَنْ يَشْتَمِلَ فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ يَضَعُ طَرَفَيِ الثَّوْبِ عَلٰى عَاتِقِهِ وَيَبْدُو شِقُّهُ، وَالْاٰخَرُ اَنْ يَحْتَبِيَ فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ لَيْسَ عَلَيْهِ غَيْرُهُ

5425– إسناده على شرط مسلم .أبو الطاهر :هو أحمد بن عمرو بن عبد الله بن السرح .وقد تقدم برقم.3722

5426– أسناده حسن .وقد تقدم برقم.2290

5427– حديث صحيح ,ابن السرى متابع ,ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين .وهو فى "مصنف عبد الرزاق .14987" وقد تقدم برقم.4976

يُفْضِي بِفَرْجِهِ إِلَى السَّمَاءِ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دوطرح کا لباس پہننے سے منع کیا ہے۔ اشتمال صماء سے اس سے مراد یہ ہے: آدمی ایک کپڑے کو اس طرح سے لپیٹ لے کہ اس کے دونوں کنارے اس کے کندھے پر ہوں اور اس کا پہلو ظاہر ہو رہا ہو اور دوسرا یہ ہے: آدمی ایک کپڑے کو احتبا کے طور پر اس طرح لپیٹ لے کہ اس کپڑے کا کوئی بھی حصہ اس کی شرمگاہ پر نہ ہو۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ لُبْسِ الْمَرْءِ ثِيَابَ الدِّيبَاجِ مَعَ الْإِخْبَارِ بِإِبَاحَةِ الْإِنْتِفَاعِ بِثَمَنِهِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی دیباج (ریشم کی مخصوص قسم) کے کپڑے پہنے' نیز اس کے ہمراہ ایسی روایات منقول ہیں' جو اس کی قیمت کے ذریعے نفع حاصل کرنے کو مباح قرار دیتے ہیں

5428 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْأَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، أَخْبَرَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِيْ أَبُو الزُّبَيْرِ، أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): لَبِسَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا قُبَاءَ دِيبَاجٍ أُهْدِيَ لَهُ، ثُمَّ نَزَعَهُ، فَأَرْسَلَ بِهِ إِلَى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقِيلَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لِمَ نَزَعْتَهُ؟ فَقَالَ: جَاءَنِيْ جِبْرِيلُ فَنَهَانِيْ عَنْهُ قَالَ: فَجَاءَهُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَبْكِي، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ تَكْرَهُهُ وَتُعْطِينِيهِ، قَالَ: إِنِّيْ لَمْ أُعْطِكَ لِتَلْبَسَهُ، وَإِنَّمَا أَعْطَيْتُكَ لِتَبِيعَهُ فَبَاعَهُ بِأَلْفَيْ دِرْهَمٍ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن ریشم کی بنی ہوئی قبا زیب تن کی جو آپ کو تحفے کے طور پر پیش کی گئی تھی' پھر آپ نے اسے اتار دیا۔ آپ نے وہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو بھجوا دیا۔ عرض کی گئی یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! آپ نے اسے اتار کیوں دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جبرائیل میرے پاس آئے۔ انہوں نے مجھے اس سے منع کر دیا۔ راوی بیان کرتے ہیں: پھر حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ روتے ہوئے آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! آپ نے خود اسے ناپسند کیا ہے اور پھر یہ مجھے عطا کر دی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ میں نے تمہیں اس لئے عطا نہیں کی ہے' تم اسے پہن لو یہ میں نے تمہیں اس لئے عطا کی ہے' تم اسے فروخت کرو' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دو ہزار درہم کے عوض میں اسے فروخت کیا۔

5428- إسناده صحيح على شرط مسلم ,رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي الزبير ,فمن رجال مسلم . وأخرجه مسلم 2070في اللباس والزينة :باب تحريم استعمال إناء الذهب والفضة , . .عن إسحاق بن إبراهيم ,بهذا الإسناد .وتابع إسحاق عليه عنده محمد بن عبد الله بن نمير ويحيى بن حبيب وحجاج بن الشاعر .وأخرجه النسائي 8/200في الزينة :باب ذكر نسخ ذلك ,من طريق حجاج ,عن ابن جريج ,به.

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِأَنَّ مَنْ لَبِسَ الْحَرِيرَ فِي الدُّنْيَا مِنَ الرِّجَالِ وَهُوَ عَالِمٌ بِنَهْيِ الْمُصْطَفَى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْهُ حُرِمَ لُبْسَهُ فِي الْآخِرَةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ جو مرد دنیا میں ریشم پہن لے اور وہ اس بارے میں نبی اکرم ﷺ کی ممانعت سے واقف ہو وہ آخرت میں اسے پہننے سے محروم رہے گا

5429 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا أَبُو عَرُوبَةَ، بِحَرَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ،

(متن حدیث): أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْحَرِيرِ، قَالَ: مَنْ لَبِسَهُ فِي الدُّنْيَا لَمْ يَلْبَسْهُ فِي الْآخِرَةِ

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ریشم کے بارے میں یہ فرمایا ہے:

''جو شخص دنیا میں اسے پہن لے گا وہ آخرت میں اسے نہیں پہنے گا۔''

ذِكْرُ الْوَقْتِ الَّذِي أُبِيحَ هٰذَا الْفِعْلُ الْمَزْجُورُ عَنْهُ فِيهِ

اس وقت کا تذکرہ جس میں اس ممنوعہ فعل (کے ارتکاب) کو مباح قرار دیا گیا ہے

5430 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ

5429– إسناده صحيح على شرطهما .محمد :هو ابن جعفر الملقب بغندر.وأخرجه أحمد 3/281عن محمد بن جعفر , بهذا الإسناد.وأخرجه البخارى 5832في اللباس :باب في لبس الحرير للرجال وقدر ما يجوز منه ,وأبو يعلى 3930, والطحاوى 4/247, والبيهقى 2/422من طرق عن شعبة ,به.وأخرجه أحمد 3/101,وابن أبي شيبة 8/345,ومسلم 2073في اللباس :باب تحريم استعمال إناء الذهب والفضة ,. . .وابن ماجة 3588في اللباس :باب كراهية لبس الحرير ,والطحاوى 4/246-247من طريقين عن عبد العزيز بن صهيب ,به.وأخرجه الطحاوى 4/247من طريق اسود ,عن شعبة ,عن حميد الطويل, عن أنس ,وسيأتي برقم.5435

5430– إسناده صحيح على شرط الشيخين .وأخرجه مسلم 207625في اللباس والزينة :باب إباحة لبس الحرير للرجل إذا كان به حكة أو نحوها ,عن محمد بن المثنى ومحمد بن بشار ,بهذا الإسناد.وأخرجه أحمد 3/255و 272عن محمد بن جعفر , به.وأخرجه احمد 3/180و 272,والطيالسى 1972,والبخارى2921و 2922في الجهاد :باب الحرير في الحرب ,و 5839في اللباس :باب ما يرخص للرجال من الحرير للحكة ,ومسلم 207625,وأبو يعلى 3148و 3250,والبيهقى 3/268من طرق عن شعبة ,به.وأخرجه أحمد 3/215,وابن أبي شيبة 8/355,والبخارى 2919,مسلم 207624,وأبو داود 4056في اللباس :باب في لبس الحرير لعذر ,والنسائى 8/202في الزينة :باب الرخصة في لبس الحرير ,وابن ماجة 3592في اللباس :باب من رخص له في لبس الحرير ,والبيهقى 3/268- 269,والبغوى 3105من طريق سعيد بن أبي عروبة ,عن قتادة ,به .وسيأتي برقم5431و.5432

جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): رَخَّصَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ وَالزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ فِي لُبْسِ الْحَرِيرِ مِنْ حَكَّةٍ كَانَتْ بِهِمَا

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ اور حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ کو خارش کی وجہ سے ریشم پہننے کی اجازت عطا کی تھی۔

ذِكْرُ إِبَاحَةِ لُبْسِ الْحَرِيرِ لِبَعْضِ النَّاسِ مِنْ أَجْلِ عِلَّةٍ مَعْلُومَةٍ

بعض لوگوں کے لیے متعین علت کی وجہ سے ریشم پہننے کے مباح ہونے کا تذکرہ

5431 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ فَيَّاضٍ، بِدِمَشْقَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُسَيَّبُ بْنُ وَاضِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): رَخَّصَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ وَالزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ فِي لُبْسِ الْحَرِيرِ مِنْ حَكَّةٍ كَانَتْ بِهِمَا

❁❁ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ اور حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ کو ریشم پہننے کی اجازت دی تھی کیونکہ انہیں خارش لاحق تھی۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِأَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ وَالزُّبَيْرَ كَانَا فِي غَزَاةٍ حَيْثُ رُخِّصَ لَهُمَا فِي لُبْسِ الْحَرِيرِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ، حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ ایک جنگ میں شریک تھے جب ان دونوں کو ریشمی لباس پہننے کی اجازت دی گئی

5432 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ

(متن حدیث): أَنَّ الزُّبَيْرَ بْنَ الْعَوَّامِ، وَعَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ، شَكَيَا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقَمْلَ فِي غَزَاةٍ لَهُمَا، فَرَخَّصَ لَهُمَا فِي قُمُصِ الْحَرِيرِ، فَرَأَيْتُ عَلَى كُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا قَمِيصَ حَرِيرٍ

5431- المسيب بن واضح: هو التلمنسي الحمصي، ذكره المؤلف في "الثقات" 9/204 وقال: وكان يخطئ، وقال أبو حاتم: صدوق يخطئ كثيرا، فإذا قيل له لم يقبل، وقال ابن عدي: كان النسائي حسن الرأي فيه، ويقول: الناس يؤذوننا فيه، وساق له ابن عدي عدة أحاديث تستنكر، ثم قال: أرجو أن باقي حديثه مستقيم، وهو ممن يكتب حديثه. قلت: وقد توبع عليه، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. وأخرجه أحمد 3/273، وأبو يعلى 3249 عن حجاج، بهذا الإسناد. وانظر الحديث السالف، و 5432.

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں جوؤں کی شکایت کی یہ ایک جنگ کے دوران کی بات ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں حضرات کو ریشمی قمیص پہننے کی اجازت دے دی' تو میں نے ان دونوں صاحبان کو ریشمی قمیص پہنے ہوئے دیکھا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ لُبْسَ الْحَرِيرِ لَيْسَ مِنْ لِبَاسِ الْمُتَّقِينَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' ریشم پہننا پرہیز گار لوگوں کا لباس نہیں ہے

5433 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ اَبِي الْخَيْرِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ،

(متن حدیث): اَنَّهُ اُهْدِيَ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَرُّوجُ حَرِيرٍ فَلَبِسَهُ، ثُمَّ صَلَّى فِيهِ، ثُمَّ انْصَرَفَ، فَنَزَعَهُ نَزْعًا شَدِيدًا كَالْكَارِهِ لَهُ، وَقَالَ: لَا يَنْبَغِي هٰذَا لِلْمُتَّقِينَ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُو حَاتِمٍ: فَرُّوجُ الْحَرِيرِ: هُوَ الثَّوْبُ الَّذِي يَكُونُ عَلٰى دُرُوزِهِ حَرِيرٌ دُونَ اَنْ يَكُونَ الْكُلُّ مِنَ الْحَرِيرِ، وَلَوْ كَانَ الْكُلُّ حَرِيرًا مَا لَبِسَهُ وَلَا صَلَّى فِيهِ، وَهٰذَا مَعْنٰى خَبَرِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اِلَّا مَوْضِعَ اُصْبُعَيْنِ اَوْ ثَلَاثٍ اَوْ اَرْبَعٍ

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ریشمی جبہ پیش کیا گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے پہن لیا پھر آپ نے اس میں نماز ادا کی۔ آپ نماز پڑھ کر فارغ ہوئے' تو آپ نے اسے ناپسند کرتے ہوئے سختی سے اتار دیا اور فرمایا: یہ پرہیز گاروں کے لئے مناسب نہیں ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) فروج حریر سے مراد وہ کپڑا ہے' جس کا تانا ریشم کا ہوتا ہے وہ سارے کا سارا ریشم نہیں ہوتا' اگر وہ سارے کا سارا ریشم کا ہوتا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نہ اسے پہنتے اور نہ ہی اسے پہن کر نماز ادا کرتے۔

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول روایت کا بھی یہی مطلب ہے' صرف دو یا تین یا چار انگلیوں جتنی (ریشم کی پٹی لگانے) کی اجازت ہے۔

5434 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي مَعْشَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبِ بْنِ اَبِي كَرِيمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ اَبِي الصَّعْبَةِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زُرَيْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ،

5432– إسناده صحيح على شرط الشيخين .وأخرجه أبو يعلى 2880عن هدبة بن خالد ,بهذا الإسناد .وأخرجه الطيالسي 1973وأحمد 3/122و ,192والبخاري 2920في الجهاد :باب الحرير في الحرب ,ومسلم 207626في اللباس والزينة :باب إباحة لبس الحرير للرجل إذا كان به حكة أو نحوها ,والترمذي 1722في اللباس :باب ما جاء في الرخصة في لبس الحرير في الحرب ,وأبو يعلى ,3251والبيهقي ,268 -3/267والبغوي 3106من طرق عن همام ,به.

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخَذَ حَرِيرًا فَجَعَلَهُ فِي يَمِينِهِ، وَذَهَبًا فَجَعَلَهُ فِي شِمَالِهِ، ثُمَّ رَفَعَ يَدَهُ، وَقَالَ: هٰذَانِ حَرَامٌ عَلٰى ذُكُورِ اُمَّتِي

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: خَبَرُ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ هِنْدٍ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى فِي هٰذَا الْبَابِ مَعْلُوْلٌ لَا يَصِحُّ

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ریشم لیا۔ آپ نے اسے اپنے دائیں ہاتھ میں رکھا اور سونا لیا اور اسے اپنے بائیں ہاتھ میں رکھا پھر آپ نے اپنے ہاتھ بلند کئے اور فرمایا: یہ دونوں میری اُمت کے مردوں کے لئے حرام ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) سعید بن ابوہند نے ابوموسیٰ کے حوالے سے اس بارے میں جو روایت نقل کی ہے وہ معلول ہے اور مستند نہیں ہے۔

ذِكْرُ نَفْيِ لُبْسِ الْحَرِيرِ فِي الْاٰخِرَةِ عَنْ لَابِسِهِ فِي الدُّنْيَا غَيْرَ مَنْ وَصَفْنَا

آخرت میں اس شخص کے ریشم پہننے کی نفی کا تذکرہ‘ جو دنیا میں اسے پہن لیتا ہے

اور یہ اس کے علاوہ ہو‘ جس کی صفت ہم نے بیان کی ہے (یعنی جس نے کسی عذر کی وجہ سے اسے پہنا ہو وہ اس میں شامل نہیں ہوگا)

5435 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ سَعِيدٍ السَّعْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ لَبِسَ الْحَرِيرَ فِي الدُّنْيَا لَمْ يَلْبَسْهُ فِي الْاٰخِرَةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ‘ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

”جو شخص دنیا میں ریشم پہن لے گا وہ آخرت میں اسے نہیں پہنے گا۔“

ذِكْرُ تَحْرِيمِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا لُبْسَ الْحَرِيرِ فِي الْجَنَّةِ عَلٰى مَنْ لَبِسَهُ فِي الدُّنْيَا مِنَ الرِّجَالِ

اللہ تعالیٰ کا ایسے شخص کے لیے جنت میں ریشم کے پہننے کو حرام قرار دینے کا تذکرہ‘ جس مرد نے دنیا میں اسے پہنا ہو

5436 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا

5435– إسناده صحيح على شرط مسلم ,علي بن خشرم من رجال مسلم ,ومن فوقه من رجال الشيخين .وقد تقدم برقم 5429.

ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ هِشَامَ بْنَ اَبِیْ رُقَيَّةَ، حَدَّثَهُ قَالَ: سَمِعْتُ مَسْلَمَةَ بْنَ مَخْلَدٍ، وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ يَخْطُبُ النَّاسَ، يَقُوْلُ:

(متنِ حدیث): اَيُّهَا النَّاسُ، اَمَا لَكُمْ فِی الْعَصْبِ وَالْكَتَّانِ مَا يُغْنِيكُمْ عَنِ الْحَرِيرِ، وَهٰذَا رَجُلٌ يُخْبِرُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قُمْ يَا عُقْبَةُ، فَقَامَ عُقْبَةُ بْنُ عَامِرٍ، وَاَنَا اَسْمَعُ، فَقَالَ: اِنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنْ كَذَبَ عَلَیَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ وَاَشْهَدُ اَنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنْ لَبِسَ الْحَرِيرَ حُرِمَهُ اَنْ يَّلْبَسَهُ فِی الْاٰخِرَةِ

ہشام بن ابورقیہ بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت مسلمہ بن مخلد رضی اللہ عنہ کو منبر پر لوگوں کو خطبہ دیتے ہوئے یہ بیان کرتے ہوئے سنا: اے لوگو! کیا تمہارے لئے عصب اور کتان میں وہ چیز نہیں ہے جو تمہیں ریشم سے بے نیاز کر دے ان صاحب نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے حدیث بیان کی ہے: اے عقبہ! آپ کھڑے ہو جائیں تو حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے (راوی کہتے ہیں:) میں سن رہا تھا انہوں نے بتایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جو شخص جان بوجھ کر میری طرف کوئی جھوٹی بات منسوب کرے وہ جہنم میں اپنے مخصوص ٹھکانے تک پہنچنے کے لئے تیار رہے۔''

اور میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جو شخص ریشم پہنے گا اس کے لئے یہ بات حرام قرار دی گئی ہے وہ آخرت میں اسے پہنے۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ لَابِسَ الْحَرِيرِ فِی الدُّنْيَا فِیْ كُلِّ وَقْتٍ مُحَرَّمٌ لُبْسَهُ فِی الْجَنَّةِ اِذَا دَخَلَهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کسی بھی وقت میں دنیا میں ریشمی لباس پہننے والا شخص جنت میں داخل ہونے کے بعد اسے پہننے سے محروم رہے گا

5437 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِیْ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ اَبِیْ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ دَاوُدَ السَّرَّاجِ، عَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِیِّ،

5436- إسناده قوي ,هشام بن أبي رقية ذكره المؤلف في "الثقات ,5/501 "وروى عنه جمع ,وباقي رجاله ثقات رجال الصحيح غير مسلمة بن مخلد فمن رجال أبي داود ,وهو صحابي صغير ,سكن مصر ووليها مرة ,مات سنة 62هـ وأخرجه أحمد ,4/156وأبو يعلى ,1751والطحاوي ,4/247والطبراني 17/904من طرق عن ابن وهب ,بهذا الإسناد .وأخرجه الطبراني 17/905من طريقين عن ابن ثوبان ,عن يزيد بن أبي مريم ,عن هشام بن أبي رقية ,به.وأورده الهيثمي في "مجمع الزوائد " 1/144و 5/142ونسبه في المكان الأول إلى أحمد والطبراني في "الكبير "وأبي يعلى ,وفي الثاني زاد نسبته إلى البزار ,والطبراني في "الأوسط ,"وقال :ورجالهم ثقات.

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ لَبِسَ الْحَرِيرَ فِي الدُّنْيَا لَمْ يَلْبَسْهُ فِي الْآخِرَةِ، وَاِنْ دَخَلَ الْجَنَّةَ لَبِسَهُ اَهْلُ الْجَنَّةِ وَلَمْ يَلْبَسْهُ هُوَ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص دنیا میں ریشم پہنے گا وہ آخرت میں اسے نہیں پہنے گا۔ اگرچہ وہ جنت میں داخل ہو جائے۔ (دوسرے) اہل جنت اسے پہنیں گے' لیکن وہ نہیں پہن سکے گا۔''

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ لُبْسِ السِّيَرَاءِ مِنَ الْقَسِّيِّ وَالْمِيثَرَةِ

قسی اور میسرہ میں سے سیراء (مخصوص قسم کا کپڑا) پہننے کی ممانعت کا تذکرہ

5438 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْعَبْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ هُبَيْرَةَ بْنِ يَرِيمَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ، قَالَ:

(متن حدیث): نَهٰى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ خَاتَمِ الذَّهَبِ وَالْقَسِّيِّ وَالْمِيثَرَةِ

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سونے کی انگوٹھی قسی اور میثرہ (مخصوص قسم کے کپڑے) سے منع کیا ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ لُبْسَ مَا وَصَفْنَا اِنَّمَا هُوَ لُبْسُ مَنْ لَا خَلَاقَ لَهٗ فِي الْآخِرَةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' اس کو پہننا' جس کی ہم نے صفت بیان کی ہے' یہ اس شخص کا لباس ہے' جس کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں ہوگا

5437- رجاله ثقات رجال الصحيح غير داود السراج ,فمن رجال النسائي ,ولم يوثقه غير المؤلف ,وما روى عنه غير قتادة ,وقال ابن المديني :مجهول لا أعرفه.وأخرجه الحاكم 4/191من طريق إسحاق بن إبراهيم ,عن معاذ ,بهذا الإسناد , وصححه ووافقه الذهبي .وأخرجه الطيالسي ,2217وأحمد ,3/23والطحاوي 4/246عن هشام ,به. وأخرجه علي بن الجعد ,1010ومن طريقه البغوي 3101عن شعبة عن قتادة ,به.

5438- إسناده قوي ,رجاله ثقات رجال الشيخين غير هبيرة بن يريم ,فقد روى له أصحاب السنن . وأخرجه أحمد 1/93-94و 104و ,137وعبد الله بن أحمد في "الزوائد ,1/133"وأبو داود 4051في اللباس :باب من كرهه ,من طرق عن شعبة ,بهذا الإسناد.وأخرجه أحمد ,1/127والترمذي 2808في الأدب :باب ما جاء في كراهية لبس المعصفر للرجل والقسي , والنسائي 8/165و 166-165في الزينة :باب خاتم الذهب ,وابن ماجة 3654في اللباس :باب المياثر الحمر ,والطحاوي 4/260من طرق عن أبي إسحاق ,به .وأخرجه عبد الرزاق ,2836والنسائي 2/187 في التطبيق :باب النهي عن القراءة في الركوع ,و8/166و167و 168في الزينة :باب خاتم الذهب ,و :169باب الاختلاف على يحيى بن أبي كثير فيه ,و169و :170 باب حديث عبيدة ,والطحاوي ,4/260والبغوي 3130من طرق عن علي ,به .قال الترمذي :حسن صحيح , وانظر 5440و.5502

5439 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِیْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

(متن حدیث): اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَاٰی حُلَّةَ سِيَرَاءٍ عِنْدَ بَابِ الْمَسْجِدِ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَوِ اشْتَرَيْتَ هٰذِهٖ فَلَبِسْتَهَا يَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَلِلْوَفْدِ اِذَا قَدِمُوْا عَلَيْكَ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّمَا يَلْبَسُ هٰذِهٖ مَنْ لَا خَلَاقَ لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ ثُمَّ جَاءَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهَا حُلَلٌ، وَاَعْطٰى عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ مِنْهَا حُلَّةً، فَقَالَ: عُمَرُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَسَوْتَنِيْهَا، وَقَدْ قُلْتَ فِيْ حُلَّةِ عُطَارِدٍ مَا قُلْتَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّيْ لَمْ اَكْسُكَهَا لِتَلْبَسَهَا فَكَسَاهَا عُمَرُ اَخًا لَهٗ مُشْرِكًا بِمَكَّةَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے مسجد کے دروازے کے پاس ایک سیرانی حلہ فروخت ہوتے ہوئے دیکھا' تو عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! آپ اسے خرید لیں اور جمعہ کے دن اور وفود سے ملاقات کے دن اسے پہن لیا کریں (تو یہ مناسب ہوگا) جب وہ وفود آپ کی خدمت میں حاضر ہوتے ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اسے وہ شخص پہنے گا' جس کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں ہوگا' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اس قسم کے حلے آئے' تو آپ نے ان میں سے ایک حلہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو بھی عطا کیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! آپ نے مجھے پہننے کے لئے یہ دے دیا ہے' حالانکہ آپ نے عطارد (نامی شخص) کے حلہ کے بارے میں فلاں بات ارشاد فرمائی تھی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں نے یہ تمہیں اس لئے نہیں دیا تاکہ تم اسے پہن لو' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے وہ حلہ مکہ میں موجود اپنے مشرک بھائی کو پہننے کے لئے دے دیا۔

5440 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيْسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِیْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُنَيْنٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ، قَالَ:

5439– إسناده صحيح على شرط الشيخين .وهو في "الموطأ 2/917-918 "في اللباس :باب ما جاء في لبس الثياب . ومن طريق مالك أخرجه البخاري 886في الجمعة :باب يلبس أحسن ما يجد 2612,في الهبة :باب هدية ما يكره لبسها , مسلم 20686في اللباس والزينة :باب تحريم استعمال إناء الذهب والفضة على الرجال والنساء ,وأبو داود 4040في اللباس : باب ما جاء في لبس الحرير ,والبيهقي 2/422و ,9/129والبغوي.3099 وأخرجه عبد الرزاق ,19929وأحمد 2/20و ,146 والبخاري 5841في اللباس :باب الحرير للنساء ,ومسلم 6 2068و ,7وابن ماجة 3591في اللباس :باب كراهية لبس الحرير , والبيهقي 2/422و 3/275من طرق عن نافع ,عن ابن عمر .وقد تقدم برقم.5113

5440– إسناده صحيح على شرط الشيخين .وهو في "الموطأ 1/80 "في الصلاة :باب العمل في القراءة. ومن طريق مالك أخرجه أحمد ,1/126ومسلم 480213في الصلاة :باب النهي عن قراءة القرآن في الركوع والسجود ,و 207829في اللباس والزينة :باب النهي عن لبس الرجل الثوب المعصفر ,وأبو داود 4044في اللباس :باب من كرهه ,والترمذي 264في الصلاة : باب ما جاء في النهي عن القراءة في الركوع والسجود ,و 1725في اللباس :باب ما جاء في كراهية المعصفر للرجال ,والنسائي 2/189في التطبيق :باب النهي عن القراءة في الركوع ,والطحاوي ,4/260والبغوي.3094 وأخرجه أحمد ,1/126وأبو يعلى413و 601من طريقين عن أيوب ,عن نافع ,به .وإحدى طريقي أبي يعلى"إبراهيم بن حنين عن علي."

(متن حدیث): نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ لُبْسِ الْقَسِّيِّ وَالْمُعَصْفَرِ، وَعَنْ تَخَتُّمِ الذَّهَبِ، وَعَنِ الْقِرَاءَةِ فِي الرُّكُوعِ

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قسی اور معصفر پہننے سے اور سونے کی انگوٹھی پہننے سے اور رکوع کے دوران قرأت کرنے سے منع کیا ہے۔

ذِكْرُ بَعْضِ الْوَقْتِ الَّذِي أُبِيحَ لُبْسُ الْحَرِيرِ لِلرِّجَالِ فِيهِ

اس وقت کا تذکرہ جس میں ریشم پہننا مردوں کے لیے مباح قرار دیا گیا ہے

5441 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ غَفَلَةَ،

(متن حدیث): أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ خَطَبَ، فَقَالَ: نَهَى نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ لُبْسِ الْحَرِيرِ إِلَّا مَوْضِعَ أُصْبُعَيْنِ أَوْ ثَلَاثٍ أَوْ أَرْبَعٍ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے خطبہ دیتے ہوئے یہ بات ارشاد فرمائی: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ریشم پہننے سے منع کیا ہے البتہ دو انگلیوں، یا تین انگلیوں، یا چار انگلیوں (جتنی پٹی استعمال کرنے کی) اجازت دی ہے۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ إِسْبَالِ الْمَرْءِ إِزَارَهُ إِذِ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا لَا يَنْظُرُ إِلَى فَاعِلِهِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ، آدمی اپنے ازار (یعنی تہہ بند یا شلوار کو) لٹکا کر رکھے کیونکہ اللہ تعالیٰ ایسا کرنے والے شخص کی طرف نظر رحمت نہیں کرے گا

5442 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَيَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي الْوَزِيرِ أَبُو الْمُطَرِّفِ، عَنْ شَرِيكٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ حُصَيْنِ بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، قَالَ:

5441– إسناده صحيح على شرط الشيخين .وهو في "صحيح مسلم 15 2069 "في اللباس والزينة :باب تحريم استعمال إناء الذهب والفضة , . .عن عبيد الله بن عمر القواريري ,بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم ,206915والترمذي 1721في اللباس : بـاب ما جاء في الحرير والذهب ,والطحاوي ,4/244والبيهقي 3/269من طرق عن معاذ بن هشام ,به. وأخرجه أحمد ,1/51 مسلم ,206915والبيهقي 2/423من طريبين عن سعيد ,عن قتادة ,به.وأخرجه الطحاوي 4/248من طريق وبرة بن عبد الرحمن, عن عامر الشعبي ,به .وقد تقدم برقم .5424وأخرجه أبو داود 4042في اللباس :باب ما جاء في لبس الحرير ,وابن ماجة 3593 في اللباس :بـاب الرخصة في العلم في الثوب ,والطحاوي 4/244من طريقين عن أبي عثمان النهدي ,عن عمر. وأخرجه موقوفا على عمر :ابن أبي شيبة ,8/357والنسائي في "الكبرى "كما في "التحفة 8/28 "من طرق عن الشعبي. في الأصل :محمد بن موسى ,وهو خطأ ,والتصحيح من"ثقات المؤلف ,9/161 "و"الجرح والتعديل ,8/161 "وله ترجمة في"تاريخ بغداد .13/41 " كذا الأصل و"التقاسيم/2 "لوحة :103سهيل ,وعند غير المؤلف :سهل.

(متن حدیث): رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخَذَ بِحُجْزَةِ سُفْيَانَ بْنِ اَبِىْ سُهَيْلٍ، فَقَالَ: يَا سُفْيَانُ لَا تُسْبِلْ اِزَارَكَ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَنْظُرُ اِلَى الْمُسْبِلِيْنَ"

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ نے حضرت سفیان بن ابوسہیل رضی اللہ عنہ کے پہلو کو پکڑ کر ارشاد فرمایا: اے سفیان! اپنے تہبند کو (ٹخنوں سے نیچے) لٹکانا نہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ (ٹخنوں سے نیچے) لٹکانے والوں کی طرف نظر رحمت نہیں کرے گا۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِىْ مِنْ اَجْلِهَا زُجِرَ عَنْ هٰذَا الْفِعْلِ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے اس فعل سے منع کیا گیا ہے

5443 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ، وَالْحَوْضِىُّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ جَبَلَةَ بْنِ سُحَيْمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ جَرَّ ثِيَابَهٗ مِنْ مَخِيْلَةٍ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَنْظُرُ اِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جو شخص تکبر کی وجہ سے اپنے کپڑے کو لٹکائے گا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی طرف نظر رحمت نہیں کرے گا۔''

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُفَسِّرِ لِلَّفْظَةِ الْمُجْمَلَةِ الَّتِىْ تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهَا

اس روایت کا تذکرہ' جو اس روایت کے مجمل الفاظ کی وضاحت کرتی ہے' جسے ہم اس سے پہلے ذکر کر چکے ہیں

5444 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِيْهِ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ جَرَّ ثَوْبَهٗ مِنَ الْخُيَلَاءِ لَمْ يَنْظُرِ اللّٰهُ اِلَيْهِ يَوْمَ

(متن حدیث): اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: هَلْ تُنْتَجُ اِبِلُ قَوْمِكَ صِحَاحًا آذَانُهَا، فَتَعْمَدُ اِلَى الْمُوْسٰى فَتَقْطَعُ آذَانَهَا، فَتَقُوْلُ: هٰذِهِ بُحُرٌ، اَوْ تَشُقُّ جُلُوْدَهَا، وَتَقُوْلَ: هٰذِهِ صُرُمٌ، فَتُحَرِّمُهَا عَلَيْكَ وَعَلٰى اَهْلِكَ؟ قَالَ: قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: فَكُلُّ مَا آتَاكَ اللّٰهُ لَكَ حِلٌّ، سَاعِدُ اللّٰهِ اَشَدُّ مِنْ سَاعِدِكَ، وَمُوْسَى اللّٰهِ اَحَدُّ مِنْ مُوْسَاكَ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: سَاعِدُ اللّٰهِ اَشَدُّ مِنْ سَاعِدِكَ مِنْ اَلْفَاظِ التَّعَارُفِ الَّتِيْ لَا يَتَهَيَّاُ مَعْرِفَةُ الْخِطَابِ فِي الْقَصْدِ فِيمَا بَيْنَ النَّاسِ اِلَّا بِهِ، وَقَوْلُهُ: فَكُلُّ مَا آتَاكَ اللّٰهُ لَكَ حِلٌّ لَفْظَةُ اَمْرٍ مُرَادُهَا الزَّجْرُ عَنْ سَبَبِ ذٰلِكَ الشَّيْءِ، وَهُوَ اسْتِعْمَالُ الْقَوْمِ فِي الْاِبِلِ قَطْعَ الْاٰذَانِ وَشَقَّ الْجُلُوْدِ وَتَحْرِيمَهَا عَلَيْهَا

ابواحوص اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ نے دریافت کیا: کیا ایسا ہے' تمہاری قوم کے اونٹ صحیح وسالم کانوں والے بچے کو جنم دیتے ہیں پھر کوئی شخص استرا لے کر اس کا کان کاٹ دیتا ہے۔ اور کہتا ہے: یہ بحر (یعنی فلاں بت کے لئے مخصوص) ہے یا وہ اس کی کھال کو چیر دیتا ہے اور یہ کہتا ہے یہ صرم (یعنی فلاں بت کے لئے مخصوص ہے) اور پھر وہ شخص اس اونٹ کو اپنے لئے اور اپنے گھر والوں کے لئے حرام قرار دے دیتا ہے۔ راوی کہتے ہیں: میں نے جواب دیا: جی ہاں نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ تمہیں جو بھی چیز عطا کرتا ہے وہ حلال ہوتی ہے اللہ تعالیٰ کی کلائی تمہاری کلائی سے زیادہ مضبوط ہے اور اللہ تعالیٰ کا استرا تمہارے استرے سے زیادہ تیز ہے۔

5615- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي الأحوص -واسمه عوف بن مالك بن نضلة الجشمي -فمن رجال مسلم، وصحابي الحديث مالك بن نضلة روى له أصحاب السنن والبخاري في "أفعال العباد ."أبو الوليد الطيالسي :هو هشام بن عبد الملك، وأبو إسحاق :هو عمرو بن عبد الله السبيعي وسماع شعبة منه قبل تغيره . وأخرجه الحاكم 1/25، وعنه البيهقي في "الأسماء والصفات "ص 342-341من طريق أبي المثنى ومحمد بن أيوب، كلاهما عن أبي الوليد الطيالسي، بهذا الإسناد .وقال الحاكم :هذا حديث صحيح الإسناد.وأخرجه أبو داود الطيالسي 1303)) ، وأحمد 3/473، والطبري في "جامع البيان 12826) ") ، والحاكم 4/181، والبيهقي ص 341من طريق شعبه، به.وأخرجه بنحوه الطبري 12825)) من طريق إسماعيل بن أبي خالد، والبيهقي 10/10من طريق معمر، كلاهما عن أبي إسحاق، به.

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) روایت کے یہ الفاظ: ''اللہ تعالیٰ کی کلائی تمہاری کلائی سے زیادہ مضبوط ہے''۔ یہ لوگوں کے محاورے کے مطابق ہے کیونکہ سننے والے تک یہ مفہوم ان کے محاورے کے مطابق ہی منتقل کیا جا سکتا ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''ہر وہ چیز جو اللہ تعالیٰ نے تمہیں عطا کی ہے وہ تمہارے لئے حلال ہے۔'' یہاں پر لفظی طور پر امر کا صیغہ ہے' لیکن اس کے ذریعے مراد اس چیز کے سبب سے منع کرنا ہے اور وہ لوگوں کا اونٹوں کے بارے میں یہ طرز عمل اختیار کرنا ہے' وہ ان کے کان کاٹ دیتے ہیں اور ان کی کھال چیر دیتے ہیں پھر اسے اپنے لئے حرام قرار دے دیتے ہیں۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ الْمُثْلَةِ بِشَيْءٍ فِيهِ الرُّوحُ

کسی بھی ذی روح چیز کا مثلہ کرنے کی ممانعت کا تذکرہ

5616 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَزَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ رَجُلٌ لِعِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ: اِنَّ عَبْدًا لِيْ اَبَقَ، وَاِنِّيْ نَذَرْتُ اِنْ اَصَبْتُهُ لَاَقْطَعَنَّ يَدَهُ، قَالَ: لَا تَقْطَعْ يَدَهُ، فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْمُ فِيْنَا فَيَاْمُرُنَا بِالصَّدَقَةِ، وَيَنْهَانَا عَنِ الْمُثْلَةِ

حسن بصری بیان کرتے ہیں:

ایک شخص نے حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے کہا میرا ایک غلام مفرور ہو گیا ہے۔ میں نے یہ نذر مانی ہے اگر وہ مجھے مل گیا' تو اس کے ہاتھ ضرور کاٹوں گا۔ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ نے فرمایا تم اس کا ہاتھ نہ کاٹنا ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان (خطبہ دینے کے لئے) کھڑے ہوئے' تو آپ نے ہمیں صدقہ کرنے کا حکم دیا اور مثلہ کرنے سے منع کیا۔

ذِكْرُ لَعْنِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُمَثِّلَ بِالشَّيْءِ مِنَ الْحَيَوَانِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا کسی بھی جانور کا مثلہ کرنے والے پر لعنت کرنے کا تذکرہ

5617 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْمِنْهَالِ

5616– حديث صحيح، وهو مكرر (4473)).

5617– إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير المنهال بن عمرو، فمن رجال البخاري. وأخرجه أحمد 2/103عن عفان، والنسائي 7/238في الضحايا: باب النهي عن المجثمة، من طريق يحيى و البيهقي 9/87من طريق آدم، ثلاثتهم عن شعبة، بهذا الإسناد. وفي رواية أحمد قصة. وأخرجه أحمد 1/338و2/43، والحاكم 4/234عن محمد بن جعفر غندر، والدارمي 2/83عن أبي الوليد، كلاهما عن شعبة، عن المنهال بن عمرو، عن سعيد بن جبير وأخرجه بنحوه عبد الرزاق8428)) ، وأحمد 2/13و 60من طرق عن الأعمش، عن المنهال، به. وأخرجه كذلك الطيالسي 1872)) ، وأحمد 2/86 و141، والبخاري 5515)) ، ومسلم 1958)) في الصيد والذبائح: باب النهي عن صبر البهائم، والنسائي 7/238من طريق أبي بشر جعفر بن أبي وحشية، عن سعيد بن جبير، فذكره. وأخرجه الطبراني في "الصغير 413) ") من طريق داود بن أبي القصاف عن سعيد بن جبير، به.

بْنِ عَمْرٍو، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ مَثَّلَ بِالْحَيَوَانِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اللہ تعالیٰ نے اس شخص پر لعنت کی ہے' جو جانور کا مثلہ کرے۔''

فَصْلٌ فِيمَا يَتَعَلَّقُ بِالدَّوَابِّ

فصل: جانوروں سے متعلق (احکام)

ذِكْرُ إِبَاحَةِ اسْتِعْمَالِ الْمَرْءِ الْإِرْتِدَافَ وَالتَّعْقِيبَ عَلَى الدَّابَّةِ الْوَاحِدَةِ إِذَا عَلِمَ قِلَّةَ تَأَذِّي الدَّابَّةِ بِهِ

آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ وہ ایک جانور پر اپنے پیچھے کسی کو بٹھا سکتا ہے جبکہ اسے پتا ہو کہ اس صورت میں جانور کو زیادہ تکلیف نہیں ہوگی

5618 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ الرُّومِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ:

(متن حدیث): لَقَدْ قُدْتُ بِنَبِيِّ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ عَلَى بَغْلَتِهِ الشَّهْبَاءِ حَتَّى أَدْخَلْتُهُمْ حُجْرَةَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَذَا قُدَّامَهُ وَهَذَا خَلْفَهُ

ایاس بن سلمہ اپنے والد (حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ بیان نقل کرتے ہیں) ایک دن میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت حسن رضی اللہ عنہ اور حضرت حسین رضی اللہ عنہ کو ایک خچر پر سوار کروا کے لے جا رہا تھا' یہاں تک کہ میں انہیں لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حجرے کے اندر آیا۔ (حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ میں سے) ایک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے آگے بیٹھے ہوئے تھے۔ دوسرے پیچھے بیٹھے ہوئے تھے۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ اتِّخَاذِ الْمَرْءِ الدَّوَابَّ كَرَاسِيَّ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی جانوروں کو کرسی بنا لے

5619 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُؤَدِّبُ، حَدَّثَنَا

5618- إسناده حسن على شرط مسلم، عكرمة بن عمار: صدوق إلا في روايته عن يحيى بن أبي كثير، ففيها اضطراب. النضر بن محمد: هو الجرشي. وأخرجه مسلم (2423) في فضائل الصحابة: باب فضائل الحسن والحسين، عن عبد الله بن الرومي، بهذا الإسناد. وقرن به عباس بن عبد العظيم العنبري. وأخرجه الترمذي (2775) في الأدب: باب ما جاء في ركوب ثلاثة على دابة، والطبراني (6247) من طريق العباس بن عبد العظيم العنبري، عن النضر بن محمد، به. وقال الترمذي: حديث حسن صحيح غريب من هذا الوجه، وفي "تحفة المزي: 4/39: "حسن غريب.

لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ مُعَاذِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ اَبِيهِ،

(متن حدیث): وَكَانَ اَبُوهُ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ارْكَبُوا هٰذِهِ الدَّوَابَّ سَالِمَةً، وَلَا تَتَّخِذُوهَا كَرَاسِيَّ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: فَمَعْنَاهُ اَنَّهُ لَا يَسِيرُ بِهَا وَلَا يَنْزِلُ عَنْهَا

سہل بن معاذ اپنے والد جو نبی اکرم ﷺ کے صحابی ہیں، ان کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''ان جانوروں پر سلامتی کے ساتھ سواری کرو انہیں کرسی نہ بناؤ۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس کا مطلب یہ ہے انہیں اس طرح سے لے کر نہ چلو کہ تم ان سے نیچے اترو ہی نہیں۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ ضَرْبِ الْمَرْءِ ذَوَاتِ الْاَرْبَعِ عَلٰى وُجُوهِهَا

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ آدمی کسی چوپائے کے چہرے پر مارے

5620 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبِ بْنِ اَبِي كَرِيمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(متن حدیث): اَنَّهُ مَرَّ عَلَيْهِ بِحِمَارٍ قَدْ كُوِيَ عَلٰى وَجْهِهِ اَوْ وُسِمَ، فَلَعَنَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ، ثُمَّ قَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، لَا تَضْرِبُوهَا عَلٰى وُجُوهِهَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ ایک گدھے کے پاس سے گزرے جس کے چہرے پہ داغ لگایا گیا تھا' تو نبی اکرم ﷺ نے اس شخص پر لعنت کی جس نے ایسا کیا تھا' پھر آپ نے ارشاد فرمایا: سبحان اللہ! تم لوگ ان کے چہروں پر نہ مارو۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الْمُسِيءَ اِلٰى ذَوَاتِ الْاَرْبَعِ قَدْ يُتَوَقَّعُ لَهُ دُخُولُ النَّارِ فِي الْقِيَامَةِ بِفِعْلِهِ ذٰلِكَ

5619- إسناده قوي، سهل بن معاذ: لا بأس به، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين غير أن صحابي الحديث وكذا ابنه سهل روى لهما البخاري في "الأدب المفرد" وأبو داود، والترمذي، وابن ماجة أبو خيثمة: هو زهير بن حرب. وأخرجه أحمد 3/440، 4/234، والدارمي 2/286، والطبراني 431) /20)، والحاكم 444/1 و2/100، والبيهقي 5/255 من طرق عن الليث بن سعد، بهذا الإسناد. وصححه الحاكم ووافقه الذهبي، وقالوا فيه ... "أو ابتدعوها سالمة، ولا تتخذوها كراسي."

5620- حديث صحيح، رجاله على شرط مسلم غير محمد بن وهب بن أبي كريمة، فقد روى له النسائي، وهو لا بأس به وانظر 5626)) و5627)) و5628)).

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے جانوروں کے ساتھ برا سلوک کرنے والے شخص کے اس فعل کی وجہ سے قیامت کے دن اس کے جہنم میں جانے کی توقع کی جاسکتی ہے

5621 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، اَخْبَرَنِي حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): دَخَلَتِ امْرَاَةٌ النَّارَ فِي هِرَّةٍ رَبَطَتْهَا، فَلَا هِيَ اَطْعَمَتْهَا، وَلَا هِيَ اَرْسَلَتْهَا تَاْكُلُ مِنْ خَشَاشِ الْاَرْضِ حَتّٰى مَاتَتْ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"ایک عورت ایک بلی کی وجہ سے جہنم میں داخل ہوئی۔ اس نے اس بلی کو باندھ دیا تھا وہ اسے کھانے کے لئے نہیں دیتی تھی اور اسے کھولتی بھی نہیں تھی کہ وہ خود ہی کچھ کھالیتی' یہاں تک کہ وہ بلی مرگئی۔"

ذِكْرُ وَصْفِ عَذَابِ هٰذِهِ الْمَرْاَةِ الَّتِي رَبَطَتِ الْهِرَّةَ حَتّٰى مَاتَتْ

اس عورت کے عذاب کی صفت کا تذکرہ جس نے بلی کو باندھ دیا تھا' یہاں تک کہ بلی مرگئی

5622 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ، حَدَّثَنَا حَكِيمُ بْنُ سَيْفٍ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبِي يَقُولُ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو، يَقُولُ:

(متن حدیث): انْكَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلٰى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَامَ وَقُمْنَا، فَصَلّٰى ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَيْنَا يُحَدِّثُنَا، فَقَالَ: لَقَدْ عُرِضَتْ عَلَيَّ الْجَنَّةُ، حَتّٰى لَوْ شِئْتُ لَتَعَاطَيْتُ مِنْ قُطُوفِهَا، وَعُرِضَتْ عَلَيَّ النَّارُ فَلَوْلَا اَنِّي دَفَعْتُهَا عَنْكُمْ لَغَشِيَتْكُمْ، وَرَاَيْتُ فِيهَا ثَلَاثَةً يُعَذَّبُونَ: امْرَاَةً حِمْيَرِيَّةً سَوْدَاءَ طَوِيلَةً، تُعَذَّبُ فِي هِرَّةٍ لَهَا، اَوْثَقَتْهَا فَلَمْ تَدَعْهَا تَاْكُلُ مِنْ خَشَاشِ الْاَرْضِ، وَلَمْ تُطْعِمْهَا حَتّٰى مَاتَتْ، فَهِيَ اِذَا اَقْبَلَتْ تَنْهَشُهَا وَاِذَا

5621– حديث صحيح، ابن أبي السَّري قد توبع، ومن فوقه ثقات على شرط الشيخين. وأخرجه أحمد 2/269، ومسلم 2619)) في التوبة :باب سعة رحمة الله تعالى وأنها سبقت غضبه، وابن ماجة 4456)) في الزهد :باب ذكر التوبة، من طريق عبد الرزاق بهذا الإسناد .وانظر حديث أبي هريرة بإثر الحديث رقم546)) عند المؤلف.

5622– حديث صحيح، زيد بن أبي أنيسة وإن كان روى عن عطاء بن السائب بأخرة تابعه سفيان الثوري، وحماد، وشعبة، وقد سمعوا منه قبل الاختلاط .وقد تقدم برقم 2838)). ونزيد هنا :أخرجه أحمد 2/188عن محمد بن جعفر، عن شعبة، عن عطاء بن السائب، به .وأخرجه الترمذي في "الشمائل (317) " من طريق جرير، عن عطاء به مختصراً . وفي الباب عن جابر عند مسلم904)) (10) في الكسوف :باب ما عرض عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي صَلَاةِ الْكُسُوفِ من أمر الجنة والنار.

اَدْبَرَتْ تَنْهَشُهَا، وَرَاَيْتُ اَخَا بَنِي دَعْدَعٍ صَاحِبَ السَّائِبَتَيْنِ يُدْفَعُ بِعَمُودَيْنِ فِي النَّارِ، وَالسَّائِبَتَانِ بَدَنَتَانِ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرَقَهُمَا، وَرَاَيْتُ صَاحِبَ الْمِحْجَنِ مُتَّكِئًا عَلٰى مِحْجَنِهٖ، وَكَانَ صَاحِبُ الْمِحْجَنِ يَسْرِقُ مَتَاعَ الْحَاجِّ بِمِحْجَنِهٖ، فَاِذَا خَفِيَ لَهُ ذَهَبَ بِهٖ، وَاِذَا ظَهَرَ عَلَيْهِ، قَالَ: اِنِّي لَمْ اَسْرِقْ، اِنَّمَا تَعَلَّقَ بِمِحْجَنِي

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کے زمانہ اقدس میں سورج گرہن ہوگیا۔ آپ کھڑے ہوئے ہم بھی کھڑے ہوئے۔ نبی اکرم ﷺ نے نماز ادا کی۔ اس کے بعد بات چیت کرنے کے لئے آپ ہماری طرف متوجہ ہوئے۔ آپ نے ارشاد فرمایا: میرے سامنے جنت کو پیش کیا گیا' یہاں تک کہ اگر میں چاہتا' تو اس کے خوشہ کو حاصل کر لیتا۔ میرے سامنے جہنم کو پیش کیا گیا اگر میں اسے پرے نہ کرتا' تو وہ تمہیں اپنی لپیٹ میں لے لیتی۔ میں نے اس میں تین لوگوں کو دیکھا' جنہیں عذاب دیا جا رہا تھا۔ ایک یمن کی رہنے والی سیاہ فام لمبی عورت تھی جسے ایک بلی کی وجہ سے عذاب دیا جا رہا تھا۔ اس نے اس بلی کو باندھ دیا تھا۔ اسے چھوڑا نہیں تھا کہ وہ خود ہی کچھ کھا لیتی۔ اس نے اس بلی کو کچھ کھانے کے لئے نہیں دیا' یہاں تک کہ وہ بلی مر گئی' تو وہ بلی اس کی طرف آتی تھی' پھر وہ اس کے پیچھے کی طرف سے آتی تھی۔ اسے نوچتی تھی۔ (میں نے جہنم میں) بنو دعدع سے تعلق رکھنے والے اس شخص کو دیکھا جس کا دو اونٹنیوں کا معاملہ تھا جسے جہنم میں دو ستونوں کے درمیان باندھا ہوا تھا (راوی بیان کرتے ہیں) وہ دو اونٹنیاں نبی اکرم ﷺ کے قربانی کے جانوروں میں سے تھیں' جنہیں اس شخص نے چوری کر لیا تھا (نبی اکرم ﷺ نے فرمایا) میں نے لاٹھی والے شخص کو دیکھا جو لاٹھی کے ذریعے ٹیک لگائے ہوئے تھا۔ یہ شخص اپنی لاٹھی کے ذریعے حاجیوں کا ساز و سامان چوری کیا کرتا تھا' جب اس کی چوری پوشیدہ رہتی تھی' تو وہ سامان لے جایا کرتا تھا' جب پکڑی جاتی تھی' تو یہ کہتا تھا: میں نے چوری نہیں کی۔ یہ چیز' تو میری لاٹھی کے ساتھ لٹک گئی تھی۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّسِمَ فِي جَاعِرَتَيْ ذَوَاتِ الْاَرْبَعِ

آدمی کیلئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ' وہ کسی جانور کی پشت کے پیچھے کے حصے پر داغ لگا سکتا ہے

5623 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ ثَعْلَبَةَ بْنِ سَوَاءٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمِّي مُحَمَّدُ بْنُ سَوَاءٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، (متن حدیث): اَنَّ الْعَبَّاسَ، وَسَمَ بَعِيرًا اَوْ دَابَّةً فِي وَجْهِهٖ، فَرَآهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَغَضِبَ،

5623- إسناده صحيح. محمد بن ثعلبة بن سواء: صدوق روى له ابن ماجة، وقد توبع، ومن فوقه ثقات على شرط الشيخين. عبيد الله بن عبد الله: هو ابن عتبة بن مسعود الهذلي. وأخرجه البيهقي 7/35-36 من طريق أبي عبد الرحمن محمد بن عبد الرحمن العلاف، عن محمد بن سواء، بهذا الإسناد. إلا أنه قال: "عن سعيد - هو ابن أبي عروبة - بدل "شعبة"، وكلاهما روى عنه محمد بن سواء. وأخرجه عبد الرزاق (8449) عن معمر، عن الزهري مرسلاً. وأخرجه بنحوه البيهقي 7/36 من طريق حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوبَ عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ.

فَقَالَ عَبَّاسٌ: لَا اَسِمُهُ اِلَّا فِيْ اٰخِرِهٖ، فَوَسَمَهُ فِيْ جَاعِرَتَيْهِ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے اپنے اونٹ یا کسی جانور کے چہرے پہ داغ لگایا جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے دیکھا' تو آپ غصے میں آ گئے۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اب میں ہمیشہ اس کے جسم کے پیچھے حصے پر داغ لگایا کروں گا' تو پھر حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے اس کے جاعرۃ (ران کا وہ حصہ جہاں تک جانور کی دم ہلانے تک پہنچتی ہے) پر داغ لگایا۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ' جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

5624 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ، اَنَّ نَاعِمًا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ، مَوْلٰى اُمِّ سَلَمَةَ حَدَّثَهُ اَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): رَاٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِمَارًا مَوْسُوْمَ الْوَجْهِ فَاَنْكَرَ ذٰلِكَ، فَقَالَ الرَّجُلُ: وَاللّٰهِ لَا اَسِمُهُ اِلَّا فِيْ اَقْصَى شَيْءٍ مِنَ الْوَجْهِ، فَاَمَرَ بِحِمَارٍ لَهُ فَكُوِيَ فِيْ جَاعِرَتَيْهِ، فَهُوَ اَوَّلُ مَنْ كَوَى الْجَاعِرَتَيْنِ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک گدھے کو دیکھا جس کے چہرے پہ داغ لگایا گیا تھا' تو آپ نے اس کی سختی سے مذمت کی۔ ان صاحب نے عرض کی: اللہ کی قسم اب میں اس کے جسم کے اس حصے پر داغ لگاؤں گا' جو چہرے سے سب سے زیادہ دور ہو' تو ان صاحب کے حکم کے تحت ان کے گدھے کے رانوں کے اس حصے پر داغ لگایا گیا (جہاں تک دم ہلانے تک پہنچتی ہے)' تو وہ پہلا جانور تھا جس کے رانوں کے حصے پر داغ لگایا گیا۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ وَسْمِ ذَوَاتِ الْاَرْبَعِ فِيْ وُجُوْهِهَا

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' کسی بھی جانور کے چہرے پر داغ لگایا جائے

5625 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ، اَنَّ نَاعِمًا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ، مَوْلٰى اُمِّ سَلَمَةَ حَدَّثَهُ اَنَّهُ، سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ، يَقُوْلُ:

5624- إسناده صحيح على شرط مسلم. وأخرجه مسلم 2118)) في اللباس والزينة: باب النهي عن ضرب الحيوان في وجهة ووسمه فيه، والبيهقي 7/35 من طريق أحمد بن عيسى، عن ابن وهب، بهذا الإسناد.

5625- إسناده صحيح، وهو مكرر ما قبله.

(متن حدیث): إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى حِمَارًا مَوْسُوْمَ الْوَجْهِ فَانْكَرَ ذٰلِكَ، قَالَ: وَاللّٰهِ لَا اَسِمُهُ اِلَّا اَقْصٰى شَيْءٍ مِّنَ الْوَجْهِ، فَاَمَرَ بِحِمَارِهٖ فَكُوِيَ فِيْ جَاعِرَتَيْهِ، فَهُوَ اَوَّلُ مَنْ كَوَى الْجَاعِرَتَيْنِ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک گدھا دیکھا جس کے چہرے پہ داغ لگایا گیا تھا' تو آپ نے اس بات کا انکار کیا' آپ نے ارشاد فرمایا: اللہ کی قسم میں' تو اس کے جسم کے اس حصے پر داغ لگاؤں گا' جو چہرے سے سب سے زیادہ دور ہو پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس گدھے کے بارے میں حکم دیا' تو اس کے رانوں کے حصے پر داغ لگایا گیا یہ وہ پہلا جانور تھا جس کے رانوں کے حصے پر داغ لگایا گیا۔

ذِكْرُ لَعْنِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ فَعَلَ هٰذَيْنِ الْفِعْلَيْنِ اللَّذَيْنِ تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهُمَا

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اس شخص پر لعنت کرنا جو ان دو افعال کا مرتکب ہوتا ہے' جنہیں ہم اس سے پہلے ذکر کر چکے ہیں

5626 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، مَوْلٰى ثَقِيْفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ، صَاعِقَةُ قَالَ: حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ اِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الزُّبَيْرِ، اَنَّهٗ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): مَرَّ حِمَارٌ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ كُوِيَ فِيْ وَجْهِهٖ، تَفُوْرُ مَنْخِرَاهُ مِنْ دَمٍ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ فَعَلَ هٰذَا ثُمَّ نَهٰى عَنِ الْكَيِّ فِي الْوَجْهِ، وَالضَّرْبِ فِي الْوَجْهِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک گدھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے گزرا جس کے چہرے پہ داغ لگایا گیا تھا اس کے نتھنوں سے خون بہہ رہا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ اس شخص پر لعنت کرے جس نے ایسا کیا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چہرے پہ داغ لگانے اور چہرے پر مارنے سے منع کیا۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ وَسْمِ شَيْءٍ مِّنْ ذَوَاتِ الْاَرْبَعِ عَلٰى وَجْهِهٖ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' کسی بھی جانور کے چہرے پر داغ لگایا جائے

5627 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا غَسَّانُ بْنُ الرَّبِيْعِ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ،

5626– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح وانظر ما بعده.

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى حِمَارًا قَدْ وُسِمَ فِیْ وَجْهِهٖ، فَقَالَ: اَلَمْ اَنْهَ عَنْ هٰذَا؟ لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ فَعَلَهٗ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک گدھا دیکھا جس کے چہرے پر داغ لگایا گیا تھا' تو آپ نے فرمایا: کیا میں نے اس سے منع نہیں کیا؟ اللہ تعالیٰ اس شخص پر لعنت کرے جس نے ایسا کیا ہے۔

ذِكْرُ لَعْنِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْوَاسِمَ شَيْئًا مِنْ ذَوَاتِ الْاَرْبَعِ فِیْ وَجْهِهٖ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا جانور کے چہرے پر داغ لگانے والے شخص پر لعنت کرنے کا تذکرہ

5628 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ شَبِيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَعْيَنَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَعْقِلٌ، عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلٰى حِمَارٍ قَدْ وُسِمَ عَلٰى وَجْهِهٖ، فَقَالَ: لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ وَسَمَهٗ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا گزر ایک گدھے کے پاس سے ہوا جسے چہرے پر داغ لگایا گیا تھا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ اس شخص پر لعنت کرے جس نے یہ داغ لگایا ہے۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّسِمَ ذَوَاتِ الْاَرْبَعِ فِیْ غَيْرِ الْوَجْهِ

آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ' وہ کسی جانور کے چہرے کے علاوہ کہیں داغ لگا سکتا ہے

5627- إسناده قوی. غسان بن الربيع: وثقة المؤلف 9/2، وروى عنه جمع، وكان صالحاً ورعاً، واختلف فيه قول الدارقطني، فمرة قال: صالح، ومرة قال: ضعيف، ومن فوقه ثقات على شرط مسلم. وهو في "مسند أبي يعلى (2099) ". وأخرجه عبد الرزاق (8451) ، وأحمد 3/323، وأبو داود (2564) في الجهاد: باب النهي عن الوسم في الوجه والضرب في الوجه، وأبو يعلى (2148) ، والبيهقي 7/35 من طريق سفيان الثوري، عن أبي الزبير، به. وأخرجه بنحوه 3/318 و378، ومسلم (2116) في اللباس: باب النهي عن ضرب الحيوان في وجهه ووسمه فيه، والترمذي (1710) في الجهاد: باب ما جاء في كراهية التحريش بين البهائم والضرب والوسم في الوجه، وابن خزيمة (2551) ، وأبو يعلى (2235) ، والبيهقي 5/255 من طريق ابن جريج، عن أبي الزبير، به. وأخرجه عبد الرزاق (8450) ، ومن طريقه أحمد 3/296-297 عَنْ مَعْمَرٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ جَابِرِ بن عبد الله.

5628- إسناده على شرط مسلم، معقل: هو ابن عبد الله الجزري. وأخرجه مسلم (2117) في اللباس: باب النهي عن ضرب الحيوان في وجهه ووسمه فيه، والبيهقي 7/35 عن سلمة بن شبيب بهذا الإسناد.

5629 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، مَوْلَى ثَقِيفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا بَهْزُ بْنُ أَسَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ زَيْدِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): أَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِأَخٍ لِي يُرِيدُ أَنْ يُحَنِّكَهُ، فَوَجَدْتُهُ فِي الْمِرْبَدِ، وَهُوَ يَسِمُ غَنَمًا، قَالَ شُعْبَةُ: أَكْثَرُ ظَنِّي أَنَّهُ قَالَ: فِي آذَانِهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں اپنے چھوٹے بھائی کو لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تا کہ آپ اسے گھٹی دیں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو باغ میں پایا آپ بکریوں کو داغ لگا رہے تھے۔

شعبہ نامی راوی کہتے ہیں: میرا غالب گمان یہ ہے روایت میں یہ الفاظ بھی ہے: آپ ان کے کانوں پر داغ لگا رہے تھے۔

5629- إسناده صحيح على شرط الشيخين .وأخرجه أحمد 3/171 و 254 و259، والبخاری (5542) فی الذبائح والصيد :باب الوسم والعلَم فی الصورة، ومسلم (2119) (110) و (111) فی اللباس :باب جواز وسم الحيوان، وأبو داود (2563) فی الجهاد :باب فی وسم الدواب، والبيهقی 7/36 والبغوی (2791) من طرق عن شعبة بهذا الإسناد.وأخرجه عبد الرزاق (8452) ، وابن أبی شيبة 5/408، وابن ماجة (3565) فی اللباس :باب لبس الصوف، من طرق عن شعبة، به مختصراً بلفظ " :رأيت رسول الله صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يسمُ غنماً فی آذانها، ورأيته متزرًا بكساء ."وقوله " :رأيته متزراً بكساء "ليس فی رواية ابن أبی شيبة .وانظر (4531) و (4532) و (4533).

بَابُ قَتْلِ الْحَيَوَانِ

جانور کو مار دینا

ذِكْرُ كِتْبَةِ اللَّهِ جَلَّ وَعَلَا الْحَسَنَاتِ لِمَنْ قَتَلَ الضَّرَّارَاتِ

اللہ تعالیٰ کا اس شخص کے لیے نیکیاں نوٹ کرنے کا تذکرہ جو ضرر پہنچانے والے جانور کو مار دیتا ہے

5630 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ يُوسُفَ أَبُو حَمْزَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْأَحْمَسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَسْبَاطُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الشَّيْبَانِيُّ، عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ رَافِعٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ قَتَلَ حَيَّةً فَلَهُ سَبْعُ حَسَنَاتٍ، وَمَنْ قَتَلَ وَزَغَةً فَلَهُ حَسَنَةٌ

❀❀ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جو شخص سانپ کو مار دیتا ہے اسے سات نیکیاں ملیں گی اور جو شخص چھپکلی کو مار دیتا ہے اسے ایک نیکی ملے گی''۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ أَجْلِهَا أَمَرَ بِقَتْلِ الْأَوْزَاغِ

اس علت کا تذکرہ' جس کی وجہ سے چھپکلی کو مارنے کا حکم دیا گیا

5631 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى السَّخْتِيَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَ:

5630– إسناده ضعيف لانقطاعه . المسيب بن رافع : لم يلق عبد الله بن مسعود ولم يسمع منه . الشيباني : هو أبو إسحاق سليمان بن أبي سليمان. وأخرجه أحمد 1/420 عن أسباط بن محمد، بهذا الإسناد، وزاد فيه " : ومن ترك حية مخافة عاقبتها فليس منا ." وبهذه الزيادة أخرجه الطبراني 10492)) من طريق أبي كُدينة -وهو يحيى بن المهلب -عن أبي إسحاق النسائي، به. والحديث في "مجمع الزوائد 4/45 "، وقال : رواه أحمد والطبراني في "الكبير "، ورجال أحمد رجال الصحيح، إلا أن المسيب بن رافع لم يسمع من ابن مسعود.

5631– سائبة مولاة الفاكه لم يرو عنها غير نافع مولى ابن عمر، ولم يوثقها غير المؤلف، ولم ترو غير هذا الحديث عن عائشة، وباقي السند رجاله ثقات رجال الشيخين . وأخرجه أبو بكر ابن أبي شيبة 5/402، وعنه ابن ماجة 3231)) في الصيد : باب قتل الوزغ، عن يونس بن محمد، بهذا الإسناد . وقد تحرفت "سائبة "في ابن أبي شيبة إلى " : صادقة ." وقال البوصيري في " مصباح الزجاجة "ورقة 200/1: هذا إسناد صحيح ! رواه أبو بكر بن أبي شيبة في "مسنده "هكذا وله شاهد في "الصحيحين " وغيرهما من حديث أم شريك، وفي مسلم من حديث سعد بن أبي وقاص وأبي هريرة . قلت : وحديث أم شريك سيرد عند المؤلف برقم 5634)) ، وحديث سعد برقم 5635)). وأخرجه عبد الرزاق 8400)) ، وابن أبي شيبة 5/402 من طريقين عن القاسم، عن عائشة أنها كانت تقتل الأوزاغ.

حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ سَائِبَةَ، مَوْلَاةٍ لِفَاكِهِ بْنِ الْمُغِيرَةِ،

(متن حدیث): اَنَّهَا دَخَلَتْ عَلٰى عَائِشَةَ فَرَاَتْ فِي بَيْتِهَا رُمْحًا مَوْضُوعَةً، فَقَالَتْ: يَا اُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ مَا تَصْنَعِينَ بِهٰذَا؟ قَالَتْ: نَقْتُلُ بِهِ الْاَوْزَاغَ، فَاِنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرَنَا اَنَّ اِبْرَاهِيمَ لَمَّا اُلْقِيَ فِي النَّارِ لَمْ يَكُنْ فِي الْاَرْضِ دَابَّةٌ اِلَّا اَطْفَاَتِ النَّارَ عَنْهُ غَيْرَ الْوَزَغِ، فَاِنَّهُ كَانَ يَنْفُخُ عَلَيْهِ، فَاَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَتْلِهِ

سائبہ نامی خاتون بیان کرتی ہیں: وہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئیں' تو انہوں نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں ایک نیزہ رکھا ہوا دیکھا۔ انہوں نے دریافت کیا: اے ام المومنین آپ اس کے ذریعے کیا کرتی ہیں۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے جواب دیا: ہم اس کے ذریعے چھپکلیاں مارتے ہیں کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں یہ بات بتائی ہے: جب حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کو آگ میں ڈالا گیا' تو روئے زمین پر موجود ہر جانور نے اس آگ کو بجھانے کی کوشش کی صرف چھپکلی نے ایسا نہیں کیا یہ اس پر پھونک مار رہی تھی۔ (تا کہ وہ آگ زیادہ بھڑکے) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے قتل کرنے کا حکم دیا ہے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِقَتْلِ الْفَوَاسِقِ فِي الْحِلِّ وَالْحَرَمِ

حل اور حرم (دونوں جگہ) فاسق جانوروں کو مار دینے کا حکم ہونے کا تذکرہ

5632 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ شِيْرَوَيْهِ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَتْلِ خَمْسِ فَوَاسِقَ فِي الْحِلِّ وَالْحَرَمِ: الْحِدَاَةُ، وَالْغُرَابُ، وَالْفَاْرَةُ، وَالْعَقْرَبُ، وَالْكَلْبُ الْعَقُوْرُ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پانچ فاسق جانوروں کو حل اور حرم (ہر جگہ) مار دینے کا حکم دیا ہے۔ چیل، کوا، چوہا، بچھو اور پاگل کتا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُتَقَصِّي لِلَّفْظَةِ الْمُخْتَصَرَةِ الَّتِي تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهَا بِاَنَّ قَتْلَ الْغُرَابِ اِنَّمَا اُبِيحَ الْاَبْقَعُ مِنَ الْغِرْبَانِ دُوْنَ غَيْرِهِ

5632- إسناده صحيح على شرطهما .وهو في "مصنف عبد الرزاق(8374) " ، وقد سقط منه "العقرب ."وعن إسحاق بن إبراهيم :أخرجه النسائي 5/210في المناسك :باب قتل الحدأة في الحرم، والدارمي.2/36-37ومن طريق عبد الرزاق أخرجه أحمد 6/164، ومسلم (1198)(70) في الحج :باب ما يندب للمحرم وغيره قتله من الدواب في الحل والحرم .وانظر حديث ابن عمر المتقدم عند المؤلف في كتاب الحج برقم (3961) و(3962)

اس روایت کا تذکرہ' جو ہمارے ذکر کردہ روایت کے مختصر الفاظ کی وضاحت کرتی ہے:

کوے کو مارنے سے مراد ابقع کوا ہے' دوسرا کوا مراد نہیں ہے

5633 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ الضَّرِيرُ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): خَمْسٌ فَوَاسِقَ يُقْتَلْنَ فِي الْحِلِّ وَالْحَرَمِ: الْعَقْرَبُ، وَالْحِدَاةُ، وَالْغُرَابُ الْأَبْقَعُ، وَالْفَارَةُ، وَالْكَلْبُ الْعَقُورُ

توضیح مصنف: قَالَ أَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: الْمُخْتَصَرُ مِنَ الْأَخْبَارِ هُوَ رِوَايَةُ صَحَابِيٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ رِوَايَةِ الْعُدُولِ عَنْهُ بِلَفْظِهِ يَتَهَيَّأُ اسْتِعْمَالُهَا فِي كُلِّ الْأَوْقَاتِ، وَالْمُتَقَصِّي هُوَ رِوَايَةُ ذٰلِكَ الْخَبَرِ بِعَيْنِهِ، عَنْ ذٰلِكَ الصَّحَابِيِّ نَفْسِهِ مِنْ طَرِيقٍ آخَرَ بِزِيَادَةِ بَيَانٍ، يَجِبُ اسْتِعْمَالُ تِلْكَ الزِّيَادَةِ الَّتِي تَفَرَّدَ بِهَا ثِقَةٌ عَلَى السَّبِيلِ الَّذِي وَصَفْنَا فِي أَوَّلِ الْكِتَابِ

❁❁ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''پانچ (قسم کے جانور) فاسق ہیں انہیں حل اور حرم (ہر جگہ) قتل کیا جا سکتا ہے۔ بچھو، چیل، کوا، چوہا اور پاگل کتا۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) روایت میں سے مختصر وہ روایت ہوتی ہے' جو صحابی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے نقل کر دیتا ہے' جو کسی عادل شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے ان الفاظ میں نقل کی ہوتی ہے' تو اس پر عمل ہر وقت میں کیا جائے گا اور متقصی وہ روایت ہوتی ہے' جو اس نے بعینہ صحابی کے حوالے سے اس کی ذات کے حوالے سے نقل کی ہو جو دوسرے حوالے سے الفاظ کی اضافے کے ہمراہ منقول ہو اس اضافے پر عمل کرنا اس وقت لازم ہوتا ہے' جب اسے نقل کرنے میں کوئی ثقہ راوی منفرد ہو۔

5633– إسناده صحيح على شرطهما .وأخرجه البيهقي 9/316عن أبي عبد الله الحافظ عن أبي بكر بن عبد الله، عن الحسن بن سفيان، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 6/259، والبخاري 3314)) في بدء الخلق :باب إذا وقع الذباب في شراب أحدكم فليغمسه، ومسلم1198))68)) في الحج :باب ما يندب للمحرم وغيره قتله من الدواب في الحل والحرم، والترمذي 837)) في الحج :باب ما يقتل المحرم من الدواب، من طرق عن يزيد بن زريع، به .وأخرجه أحمد 6/33عن عبد الأعلى، عن معمر، به.وأخرجه البخاري 918)) في جزاء الصيد :باب ما يقتل المحرم من الدواب، ومسلم 1198))71)) ، والبيهقي 5/209 من طريق يونس، وأحمد 6/87من طريق شعيب، وأحمد أيضاً 6/59عن يعقوب، عن ابن أخي ابن شهاب، ثلاثتهم عن ابن شهاب الزهري، به .وفي رواية أحمد عن يعقوب قال " :الحية "بدل الفارة ثم قال :وفي كتاب يعقوب في موضع آخر مكان الحية " : الفأرة ."وأخرجه أحمد 6/122و261، ومسلم1198))68)) والنسائي 5/208في الحج :باب ما يقتل في الحرم من الدواب، وأبو يعلى4503)) ، والطحاوي 2/166، والدارقطني 2/231من طرق عن هشام بن عروة، عن أبيه، به .وهو في "الموطأ " لمالك 1/357في الحج :باب ما يقتل المحرم من الدواب، عن هشام بن عروة، عن عروة، مرسلاً .وأخرجه أبو داود الطيالسي 1521)) ، والطحاوي " 2/166والبيهقي 5/209من طريق شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عن عائشة.

یہ اس طریقے کے مطابق ہوگا' جس کا ذکر ہم نے کتاب کے آخر میں کیا ہے۔

ذِكْرُ الْأَمْرِ بِقَتْلِ الْأَوْزَاغِ ضِدَّ قَوْلِ مَنْ كَرِهَ قَتْلَهَا

چھپکلی کو مارنے کا حکم ہونے کا تذکرہ: یہ بات اس شخص کے موقف کے خلاف ہے' جوانہیں مارنے کو ممنوع قرار دیتا ہے

5634 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ طَاهِرٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ شَيْبَةَ، اَنَّ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيِّبِ، اَخْبَرَهُ قَالَ:

(متن حدیث): اَخْبَرَتْنِيْ اُمُّ شَرِيكٍ اِحْدَى نِسَاءِ بَنِيْ عَامِرِ بْنِ لُؤَيٍّ اَنَّهَا اسْتَاْمَرَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ قَتْلِ الْوَزَغِ، فَاَمَرَ بِقَتْلِهَا

❁❁ سیدہ ام شریک جو بنو عامر سے تعلق رکھتی ہیں' وہ بیان کرتی ہیں: انہوں نے نبی اکرم ﷺ سے چھپکلی کو مارنے کے بارے میں دریافت کیا' تو نبی اکرم ﷺ نے اسے مارنے کا حکم دیا۔

ذِكْرُ الْأَمْرِ بِقَتْلِ الْأَوْزَاغِ اِذْ هُنَّ مِنَ الْفَوَاسِقِ

چھپکلی کو مارنے کا حکم ہونے کا تذکرہ کیونکہ یہ فاسق جانوروں میں شامل ہے

5635 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

5634- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي الطاهر، واسمه أحمد بن عمرو بن عبد الله بن عمرو بن السرح، فمن رجال مسلم. وهو في "صحيحه" (2237) (143) عن أبي الطاهر، بهذا الإسناد. وقد صرح ابن جريج عنده وعند غيره بالسماع من عبد الحميد. وأخرجه أحمد 6/421، والدارمي 2/89، والبخاري (3359) في أحاديث الأنبياء: باب (وَاتَّخَذَ اللّٰهُ إِبْرَاهِيمَ خَلِيلًا)، ومسلم (2237) (143)، والبيهقي 5/211 و9/316، والبغوي (3267) من طرق عن ابن جريج، به. وأخرجه الطبراني (251) /25 عن أبي مسلم الكشي، عن أبي عاصم عن عبد الحميد بن جعفر، عن أبي إدريس، عن سعيد ابن المسيب ...وأخرجه عبد الرزاق (8395)، وأحمد 6/462، والحميدي (350)، وابن أبي شيبة 5/401، والبخاري (3307) في بدء الخلق: باب خير مال المسلم غنم يتبع بها شعف الجبال، ومسلم (2237) (142)، والنسائي 5/209 في الحج: باب قتل الوزغ، وابن ماجة (3228) في الصيد: باب قتل الوزغ، والطبراني (200) /20، والبيهقي 5/211 من طريق سفيان بن عيينة، عن عبد الحميد بن جبير، به.

5635- حديث صحيح. ابن أبي السَّري قد توبع، ومن فوقه ثقات على شرط الشيخين. وهو في "مسند عبد الرزاق" (8390). ومن طريق عبد الرزاق أخرجه أحمد 1/176، ومسلم (2238) (144) في السلام: باب استحباب قتل الوزغ، وأبو داود (5262) في الأدب: باب في قتل الأوزاغ، والبيهقي 5/211. وأخرجه أبو يعلى (832) عن وهب بن بقية، عن خالد الواسطي، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، به. وفي الباب عن أبي هريرة عند مسلم (2240).

(متن حدیث): اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَتْلِ الْوَزَغِ، وَسَمَّاهُ فُوَيْسِقًا

عامر بن سعد اپنے والد (حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چھپکلی کو مارنے کا حکم دیا ہے۔ آپ نے اسے چھوٹا فاسق (جانور) کا نام دیا ہے۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ اِطْلَاقِ اسْمِ الْفِسْقِ عَلٰى غَيْرِ اَوْلَادِ آدَمَ وَالشَّيَاطِيْنِ

اولاد آدم اور شیاطین کے علاوہ کے لیے لفظ فسق کے استعمال کے مباح ہونے کا تذکرہ

5636 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الطَّاهِرِ بْنُ السَّرْحِ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، وَيُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْوَزَغُ فُوَيْسِقٌ

(توضیح مصنف): وَهٰذَا غَرِيْبٌ قَالَهُ الشَّيْخُ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: چھپکلی چھوٹا فاسق (جانور) ہے۔

یہ روایت غریب ہے یہ بات شیخ نے بیان کی ہے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِقَتْلِ الْمَرْءِ الْحَيَّةَ اِذَا رَآهَا فِيْ دَارِهٖ بَعْدَ اِعْلَامِهٖ اِيَّاهَا ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ وَلَاءً

آدمی کو سانپ کو مار دینے کا حکم ہونے کا تذکرہ جب وہ اپنے گھر میں اسے دیکھے اور اسے تین دن تک (جانے کے لیے کہے)

5637 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ صَيْفِيٍّ، مَوْلَى ابْنِ اَفْلَحَ، عَنْ اَبِي السَّائِبِ، مَوْلٰى هِشَامِ بْنِ زُهْرَةَ اَنَّهٗ قَالَ:

(متن حدیث): دَخَلْتُ عَلٰى اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ فِيْ بَيْتِهٖ، قَالَ: فَوَجَدْتُهٗ يُصَلِّيْ، فَجَلَسْتُ اَنْتَظِرُهٗ حَتّٰى قَضٰى صَلَاتَهٗ، فَسَمِعْتُ تَحْرِيْكًا تَحْتَ السَّرِيْرِ فِيْ بَيْتِهٖ، فَاِذَا حَيَّةٌ، فَقُمْتُ لِاَقْتُلَهَا فَاَشَارَ اِلَيَّ اَنِ اجْلِسْ، فَلَمَّا

5636- إسناده صحيح على شرط مسلم. وهو مكرر الحديث رقم(3963).

5637- إسناده صحيح على شرط مسلم. صيفي مولى ابن أفلح: هو صيفي بن زياد الأنصاري أبو زياد، ويقال: أبو سعيد المدني. وهو في "الموطأ" 2/976-977 في الاستئذان: باب ما جاء في قتل الحيات وما يقال في ذلك. ومن طريق مالك أخرجه مسلم (2236)(139) في السلام: باب قتل الحيات وغيرها، وأبو داود (5259) في الأدب: باب في قتل الحيات، والترمذي بعد الحديث (1484) في الأحكام والفوائد: باب ما جاء في قتل الحيات، والنسائي في السير، كما في "التحفة" 3/488، والطحاوي في "مشكل الآثار" 4/94-95، والبغوي (3264). وأخرجه بنحوه مسلم (2236)(140) من طريق أسماء بن عبيد عن أبي السائب، به. وأخرجه مختصراً الترمذي (1484) من طريق عبيد الله بن عمر، عن صيفي، عن أبي سعيد. وانظر الحديث (6143).

انْصَرَفَ، اَشَارَ اِلٰى بَيْتٍ فِي الدَّارِ، وَقَالَ: تَرَى هٰذَا الْبَيْتَ؟ قَالَ: فَقُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: اِنَّهٗ كَانَ فِيْهِ فَتًى مِنَّا حَدِيْثُ عَهْدٍ بِعُرْسٍ، فَخَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْخَنْدَقِ، فَكَانَ ذٰلِكَ الْفَتٰى يَسْتَاْذِنُهٗ بِاَنْصَافِ النَّهَارِ، وَيَرْجِعُ اِلٰى اَهْلِهٖ، قَالَ: فَاسْتَاْذَنَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فَقَالَ لَهٗ: خُذْ سِلَاحَكَ فَاِنِّيْ اَخْشٰى عَلَيْكَ فَاَخَذَ سِلَاحَهٗ ثُمَّ ذَهَبَ، فَاِذَا هُوَ بِامْرَاَتِهٖ بَيْنَ الْبَابَيْنِ فَهَيَّاَ لَهَا الرُّمْحَ لِيَطْعَنَهَا بِهٖ وَاَصَابَتْهُ الْغَيْرَةُ، فَقَالَتِ: اكْفُفْ عَنْكَ رُمْحَكَ حَتّٰى تَرٰى مَا فِيْ بَيْتِكَ، فَدَخَلَ فَاِذَا حَيَّةٌ عَظِيْمَةٌ مُنْطَوِيَةٌ عَلٰى فِرَاشِهٖ، فَاَهْوٰى اِلَيْهَا فَانْتَظَمَهَا فِيْهِ، ثُمَّ خَرَجَ بِهٖ فَرَكَزَهٗ فِي الدَّارِ، فَاضْطَرَبَتِ الْحَيَّةُ فِيْ رَاْسِ الرُّمْحِ وَخَرَّ الْفَتٰى صَرِيْعًا، فَمَا يُدْرٰى اَيُّهُمَا كَانَ اَسْرَعَ مَوْتًا الْفَتٰى اَمِ الْحَيَّةُ، قَالَ: فَجِئْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرْنَا ذٰلِكَ لَهٗ، وَقُلْنَا: ادْعُ اللّٰهَ اَنْ يُّحْيِيَهٗ، فَقَالَ: اسْتَغْفِرُوْا لِصَاحِبِكُمْ ثُمَّ قَالَ: اِنَّ بِالْمَدِيْنَةِ جِنًّا قَدْ اَسْلَمُوْا، فَاِنْ رَاَيْتُمْ مِنْهَا شَيْئًا فَاٰذِنُوْهُ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ، فَاِنْ بَدَا لَكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاقْتُلُوْهُ، فَاِنَّمَا هُوَ شَيْطَانٌ

ابوسائب بیان کرتے ہیں: میں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے گھر میں ان کی خدمت میں حاضر ہوا' تو میں نے انہیں نماز ادا کرتے ہوئے پایا۔ میں ان کی نماز ختم ہونے کے انتظار میں بیٹھ گیا۔ میں نے ان کے گھر میں پلنگ کے نیچے کسی چیز کی حرکت کرنے کی آواز سنی' تو وہ ایک سانپ تھا۔ میں اسے مارنے کے لئے اٹھنے لگا' تو حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے مجھے اشارہ کیا کہ میں بیٹھ جاؤں جب وہ نماز پڑھ کر فارغ ہوئے' تو انہوں نے گھر میں موجود کمرے کی طرف اشارہ کیا اور فرمایا تم اس کمرے کو دیکھ رہے ہو۔ میں نے جواب دیا: جی ہاں! انہوں نے فرمایا: اس میں ہم میں سے ایک نوجوان رہتا تھا جس کی نئی نئی شادی ہوئی تھی۔ وہ نوجوان دوپہر کے وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت لے کر اپنے گھر واپس چلا جاتا تھا۔ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک دن اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت مانگی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا تم اپنا ہتھیار ساتھ لے کر جاؤ کیونکہ مجھے تمہارے حوالے سے اندیشہ ہے۔ اس نے اپنا ہتھیار لیا اور چلا گیا۔ جب وہ گھر پہنچا' تو اس کی بیوی دروازے سے باہر کھڑی ہوئی تھی۔ اس نے وہ نیزہ اسے مارنے کا ارادہ کیا۔ اسے غصہ آ گیا تھا۔ اس خاتون نے کہا: اپنے نیزے کو روک لو پہلے یہ دیکھ لو گھر کے اندر کیا ہے' جب وہ گھر کے اندر داخل ہوا' تو وہاں ایک بڑا سا سانپ موجود تھا جو فرش پر لیٹا ہوا تھا۔ وہ شخص اس سانپ کی طرف بڑھا۔ اس نے اس نیزے میں اس کو پرو دیا پھر وہ اسے لے کر باہر آیا اور اس نے صحن میں اسے گاڑ دیا۔ نیزے کے سرے پر موجود سانپ میں حرکت ہوئی۔ (اس نے نوجوان کو ڈس لیا)' تو نوجوان تیزی سے نیچے گرا' یہ اندازہ نہیں ہو سکا کہ دونوں میں سے کون پہلے مرا ہے' وہ نوجوان یا وہ سانپ' راوی بیان کرتے ہیں: پھر ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ ہم نے آپ کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا۔ ہم نے عرض کی: آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ وہ اس نوجوان کو زندہ کر دے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ اپنے ساتھی کے لئے دعائے مغفرت کرو پھر آپ نے ارشاد فرمایا: مدینہ منورہ میں کچھ جنات رہتے ہیں جو مسلمان ہو چکے ہیں جب تم ان میں سے کسی کو (سانپ کی شکل میں) دیکھو' تو اسے تین دن تک آگاہ کرو اگر اس کے بعد وہ تمہارے سامنے آئے' تو اسے مار دو کیونکہ وہ شیطان ہو گا۔

ذِكْرُ وَصْفِ الْحَيَّاتِ الَّتِي أُبِيحَ قَتْلُهَا لِلْمَرْءِ

سانپوں کی اس صفت کا تذکرہ جنہیں مارنا آدمی کے لیے مباح قرار دیا گیا ہے

5638 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الطَّاهِرِ قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي يُونُسُ وَغَيْرُهُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِيهِ،

(متنِ حدیث): اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اقْتُلُوا الْحَيَّاتِ، وَاقْتُلُوا ذَا الطُّفْيَتَيْنِ وَالْاَبْتَرَ، فَاِنَّهُمَا يَلْتَمِسَانِ الْبَصَرَ وَيُسْقِطَانِ الْحَبَلَ

قَالَ ابْنُ وَهْبٍ: وَاَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذٰلِكَ وَقَالَ: فَمَنْ وَجَدَ ذَا الطُّفْيَتَيْنِ وَالْاَبْتَرَ فَمَنْ لَمْ يَقْتُلْهُمَا فَلَيْسَ مِنَّا

❁❁ سالم بن عبداللہ اپنے والد (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما) کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"سانپوں کو مار دو (بطور خاص) دو دھاری دم کٹے ہوئے (کو ضرور مارو) کیونکہ یہ بینائی کو ختم کر دیتے ہیں اور حمل کو ضائع کر دیتے ہیں۔"

ابن وھب کہتے ہیں: ایک اور سند کے ساتھ سالم کے حوالے سے ان کے والد کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہی حدیث منقول ہے تاہم اس میں یہ الفاظ ہے۔

"جو شخص دو دھاری یا دم کٹے ہوئے سانپ کو پائے اور اسے نہ مارے وہ ہم میں سے نہیں۔"

5638- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي الطاهر، وهو أحمد بن عمرو بن عبد الله بن السرح، فمن رجال مسلم .وأخرجه ابن ماجة (3535) في الطب :باب قتل ذي الطُّفيتين، عن أبي الطاهر بن السرح بهذا الإسناد . وأخرجه مسلم (2233) (130) في السلام :باب قتل الحيات وغيرها، عن حرملة بن يحيى، عن ابن وهب، عن يونس، به .ولم يقل في حديثه " :ذا الطفيتين والأبتر "، وقال في أوله " :اقتلوا الحيات والكلاب ."وأخرجه أحمد 2/121 عن بشر بن شعيب بن أبي حمزة، عن أبيه، عن الزهري، بلفظ المؤلف .وأخرجه الحميدي (620) ، وأحمد 2/9، ومسلم (2233) (128) ، وأبو داود (5252) في الأدب :باب في قتل الحيات، والبغوي (3262) عن سفيان بن عيينة، عن الزهري به .وزاد في آخره :وكان ابن عمر يقتل كل حية وجدها، فرآه أبو لبابة أو زيد بن الخطاب، وهو يطارد حية، فقال :إنه قد نهي عن ذوات البيوت .زاد الحميدي :قال سفيان :كان الزهري أبداً يقول فيه :زيد أو أبو لبابة.وأخرجه بهذه الزيادة في آخره :عبد الرزاق (19616) ، وعنه أحمد 3/452، ومسلم (332) (130) ، والبغوي (3263) عن معمر، عن الزهري، به، إلا أن مسلماً لم يذكرها .وعلقه البخاري (3299) في بدء الخلق :باب قول الله تعالى :(وَبَثَّ فِيهَا مِنْ كُلِّ دَابَّةٍ) عن عبد الرزاق.وأخرجه أيضاً البخاري (3297) و (3298) من طريق معمر، ومسلم (2233) (128) من طريق محمد بن الوليد الزبيدي، كلاهما عن الزهري، به .زاد الزبيدي في روايته " :قال الزهري : ونرى ذلك من سُمَّيهما .والله أعلم "، وعند البخاري " :أبو لبابة "وحده.

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ قَتْلِ مَسْخِ الْجِنِّ مِنَ الْحَيَّاتِ الَّتِي تَأْوِي الدُّوْرَ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' سانپوں میں سے مسخ شدہ جنات کو قتل کیا جائے جو گھروں میں پناہ لیتے ہیں

5639 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ اَبَا لُبَابَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ قَتْلِ الْحَيَّاتِ الَّتِي تَكُوْنُ فِي الْبُيُوْتِ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت ابولبابہ رضی اللہ عنہ نے یہ بات بیان کی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے گھروں میں موجود سانپوں کو مارنے کا حکم دیا ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُصَرِّحِ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْتُ اَنَّ مِنَ الْحَيَّاتِ الَّتِي تَكُوْنُ فِي الدُّوْرِ مِنْ مَسْخِ الْجِنِّ

اس روایت کا تذکرہ' جو میرے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے' گھروں میں رہنے والے سانپ جنوں کی مسخ شدہ شکل ہیں

5640 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسٰى، بِعَسْكَرِ مُكْرَمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْمُخْتَارِ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اَلْحَيَّاتُ مِنْ مَسْخِ الْجَانِّ كَمَا مُسِخَتِ الْخَنَازِيرُ وَالْقِرَدَةُ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

5639- صحيح، وهو موصول بالإسناد الذي قبله .وأخرجه الطبراني(13161)) و13205)) من طريقين عن أحمد بن صالح، عن ابن وهب، به .وهذا إسناد صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أحمد بن صالح، فمن رجال البخاري، وهو ثقة.

5640- إسناده صحيح على شرط الشيخين .وأخرجه مسلم(2233)(131) عن محمد بن رمح وقتيبة بن سعيد، عن الليث بن سعد، عن نافع أن أبا لبابة كلم ابن عمر ليفتح له باباً في داره يستقرب به إلى المسجد، فوجد الغلمة جلد جانّ، فقال عبد الله :التمسوه فاقتلوه، فقال أبو لبابة :لا تقتلوه، فإنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عن قتل الجِنَّان التي في البيوت . وأخرجه بنحوه من طرق عن نافع في النهي عن قتل الجنان :مالك 2/975في الاستئذان :باب ما جاء في قتل الحيات، وأحمد 3/452 و453، والبخاري(3312)) و(3313)) في بدء الخلق :باب خير مال المسلم غنم يتبع بها شعف الجبال، و 4016)) و(4017)) في المغازي :باب رقم 12)) ، ومسلم(2233)) ، وأبو داود(5253)) في الأدب :باب في قتل الحيات .وأخرجه بنحوه البخاري (3310)) و(3311)) من طريق ابن أبي مليكة، عن ابن عمر ...

"سانپ جنوں کی مسخ شدہ شکل ہے جس طرح خنزیر بندر مسخ شدہ (مخلوق) ہیں۔"

ذِكْرُ الْعَلَامَةِ الَّتِي يُفَرَّقُ بِهَا بَيْنَ مَسْخِ الْجِنِّ وَبَيْنَ الْحَيَّاتِ عِنْدَ قَتْلِهِنَّ

اس علامت کا تذکرہ جس کی بنیاد پر مسخ شدہ جن اور عام سانپوں کے درمیان فرق کیا جائے گا جب جب انہیں مارا جائے

5641 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ يَحْيٰى، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هٰذِهِ هَوَامٌّ مِّنَ الْجِنِّ، فَاِذَا رَاٰى اَحَدُكُمْ فِيْ بَيْتِهٖ شَيْئًا فَلْيُحَرِّجْ عَلَيْهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَاِنْ رَآهَا بَعْدَ ذٰلِكَ فَلْيَقْتُلْهَا، فَاِنَّمَا هِيَ شَيْطَانٌ

(توضیح مصنف): مُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ يَحْيٰى هُوَ وَالِدُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِيْ يَحْيٰى صَاحِبِ الشَّافِعِيِّ

❁❁ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"جنات سے تعلق رکھنے والے یہ جانور (یعنی سانپ) جب ان میں سے کوئی شخص اسے اپنے گھر میں دیکھے' تو وہ تین مرتبہ اسے تنبیہ کرے وہ اس کے بعد بھی اسے دیکھے' تو اسے مار دے کیونکہ وہ شیطان ہوگا۔"

محمد بن ابویحییٰ نامی راوی ابراہیم بن محمد بن ابویحییٰ کے والد ہیں' جو امام شافعی کے شاگرد تھے۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ اَجْلِهَا اَمَرَ بِقَتْلِ الْحَيَّاتِ الَّتِي لَيْسَتْ مِنْ مَسْخِ الْجَانِّ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے ان سانپوں کو مارنے کا حکم دیا گیا ہے' جو مسخ شدہ جن نہیں ہیں

5642 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ مَوْهَبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِيْهِ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اقْتُلُوا الْحَيَّاتِ، وَاقْتُلُوْا ذَا الطُّفْيَتَيْنِ، وَالْاَبْتَرَ

5641- حديث صحيح إسناده ضعيف. فضيل بن سليمان ذكره المؤلف في "الثقات"، وخالفه الأئمة فضعفوه، لكن الحديث تقدم برقم 5637)) من طريق آخر صحيح عن أبي سعيد بأطول مما هنا. وأخرجه أبو داود 5256)) في الأدب: باب في قتل الحيات، عن مسدد، عن يحيى، عن محمد بن أبي يحيى، قال: حدثني أبي أنه انطلق هو وصاحب له إلى أبي سعيد يعودانه، فخرجنا من عنده، فلقينا صاحباً لنا وهو يريد أن يدخل عليه، فأقبلنا نحن فجلسنا في المسجد، فجاء فأخبرنا أنه سمع أبا سعيد يقول ...فذكره. وهذا إسناد ضعيف لجهالة الراوي عن أبي سعيد.

5642- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير يزيد بن موهب، وهو ثقة روى له أصحاب السنن غير الترمذي. وأخرجه الترمذي1483)) في الأحكام والفوائد: باب ما جاء في قتل الحيات، عن قتيبة بن سعيد، عن الليث بن سعد، بهذا الإسناد. وقال: حسن صحيح. وانظر5609)).

فَإِنَّهُمَا يَلْتَمِسَانِ الْبَصَرَ وَيَسْتَسْقِطَانِ الْحَبَلَ

سالم بن عبداللہ اپنے والد کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''سانپوں کو مار دو بطور خاص دو دھاری والے اور دم کٹے ہوئے سانپ کو مار دو کیونکہ یہ بینائی کو رخصت کر دیتے ہیں اور حمل کو ضائع کر دیتے ہیں۔''

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ النَّهْيَ عَنْ قَتْلِ ذَوَاتِ الْبُيُوْتِ مِنَ الْحَيَّاتِ اِنَّمَا هُوَ مُسْتَثْنًى عَنْ جُمْلَةِ الْاَمْرِ بِقَتْلِهِنَّ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' گھروں میں رہنے والے سانپوں کو قتل کرنے سے منع کیا گیا ہے کیونکہ یہ ان کو مار دینے کے بملہ حکم سے مستثنیٰ ہیں

5643 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِيْ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّ سَالِمًا، اَخْبَرَهُ،

(متن حدیث): اَنَّ ابْنَ عُمَرَ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اقْتُلُوا الْحَيَّاتِ، وَاقْتُلُوْا ذَا الطُّفْيَتَيْنِ وَالْاَبْتَرَ، فَاِنَّهُمَا يَلْتَمِسَانِ الْبَصَرَ وَيَسْتَسْقِطَانِ الْحَبَلَ قَالَ ابْنُ عُمَرَ: مَا كُنْتُ اَدَعُ حَيَّةً اِلَّا قَتَلْتُهَا حَتّٰى رَآنِيْ اَبُوْ لُبَابَةَ بْنُ عَبْدِ الْمُنْذِرِ وَزَيْدُ بْنُ الْخَطَّابِ وَاَنَا اُطَارِدُ حَيَّةً مِنْ حَيَّاتِ الْبُيُوْتِ، فَنَهَيَانِيْ عَنْ قَتْلِهَا، فَقُلْتُ: اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِقَتْلِهِنَّ، فَقَالَا: اِنَّهُ نَهٰى عَنْ قَتْلِ ذَوَاتِ الْبُيُوْتِ

سالم بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے انہیں یہ بتایا: انہوں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا:

''سانپوں کو مار دو (بطورِ خاص) دو دھاری اور دُم کٹے سانپ کو مار دو' کیونکہ یہ نگاہ کو اچک لیتے ہیں اور حمل کو ضائع کر دیتے ہیں''۔

(متن حدیث): لَا يَحِلُّ لِامْرِءٍ مُسْلِمٍ اَنْ يَهْجُرَ اَخَاهُ فَوْقَ ثَلَاثِ لَيَالٍ، يَلْتَقِيَانِ فَيُعْرِضُ هٰذَا وَيُعْرِضُ هٰذَا، وَخَيْرُهُمَا الَّذِي يَبْدَأُ بِالسَّلَامِ

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''کسی مسلمان کے لئے یہ بات جائز نہیں ہے' وہ تین دن سے زیادہ اپنے بھائی سے لاتعلق رہے۔ یوں کہ جب وہ دونوں ملیں' تو یہ بھی منہ پھیر لے وہ بھی منہ پھیر لے ان دونوں میں سے زیادہ بہتر وہ ہوگا' جو سلام میں پہل کرے گا۔''

5670- إسناده قوي حماد بن سلمة :روى عن عطاء قبل الاختلاط .وقد تقدم برقم(328)).

بَابُ التَّوَاضُعِ وَالْكِبْرِ وَالْعُجْبِ

باب! تواضع، تکبر، خود پسندی کے بارے میں احکام

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ لُزُومِ التَّوَاضُعِ وَتَرْكِ التَّكَبُّرِ وَالتَّعْظِيمِ عَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ آدمی پر یہ بات لازم ہے: وہ تواضع کو باقاعدگی سے اختیار کرے، تکبر کو ترک کرے اور اللہ تعالیٰ کے بندوں کے سامنے خود کو عظیم سمجھنے سے باز رہے

5671 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ سَلْمَانَ الْاَغَرِّ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِيمَا يَحْكِي عَنْ رَبِّهِ جَلَّ وَعَلَا: الْكِبْرِيَاءُ رِدَائِي وَالْعَظَمَةُ اِزَارِی، فَمَنْ نَازَعَنِیْ وَاحِدًا مِنْهُمَا قَذَفْتُهُ فِي النَّارِ

✿✿ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے پروردگار کا یہ فرمان نقل کیا ہے۔

"کبریائی میری چادر ہے اور عظمت میرا ازار ہے جو شخص ان دونوں میں سے کسی ایک کے بارے میں میرا مقابلہ کرنے کی کوشش کرے گا۔ میں اسے جہنم میں ڈال دوں گا۔"

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهٖ سَلْمَانُ الْاَغَرُّ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے اس روایت کو نقل کرنے میں سلمان اغر نامی راوی منفرد ہے

5672 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زُهَيْرٍ، بِالْاَبُلَّةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ الْكِنْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

5671– رجاله ثقات إلا أن ابن فضيل -وهو محمد- روى عن عطاء بن السائب بعد الاختلاط. وأخرجه ابن ماجة (4175) في الزهد :باب البراءة من الكبر والتواضع، من طريق عبد الرحمن المحاربي، عن عطاء ، بهذا الإسناد. قال البوصيري في "الزوائد 264/1: "هذا إسناد رجاله ثقات إلا أن عطاء بن السائب اختلط بأخرة ولم يعرف حال عبد الرحمن بن محمد المحاربي هل روى عنه قبل الاختلاط أو بعده .وذكر له حديث أبي هريرة المتقدم شاهداً له.

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا:

(متن حدیث): اَلْكِبْرِيَاءُ رِدَائِي وَالْعَظَمَةُ اِزَارِي، فَمَنْ نَازَعَنِي فِي شَيْءٍ مِّنْهُ اَدْخَلْتُهُ فِي النَّارِ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں۔

''کبریائی میری چادر ہے اور عظمت میرا ازار ہے' جو شخص ان دونوں میں سے کسی ایک کے بارے میں میرا مقابلہ کرنے کی کوشش کرے گا میں اسے جہنم میں داخل کر دوں گا۔''

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّتَوَاضَعَ فِي جُلُوسِهٖ بِتَرْكِ الْاَسْبَابِ الَّتِي تُؤَدِّي اِلَى التَّكَبُّرِ

اس بات کا تذکرہ' آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے: وہ بیٹھنے کے دوران تواضع اختیار کرے اور ان طریقوں کو ترک کر دے' جو تکبر کی طرف لے کر جاتے ہیں

5673 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى بْنِ الطَّبَّاعِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُعَاذِ بْنِ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهٖ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَحْفِزُ عَلٰى رُكْبَتِهٖ وَلَا يَتَّكِئُ

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم گھٹنوں کے بل بیٹھتے تھے' آپ وہ ٹیک نہیں لگایا کرتے تھے۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ اتِّكَاءِ الْمَرْءِ عَلٰى يَدِهِ الْيُسْرٰى خَلْفَ ظَهْرِهٖ فِي جُلُوسِهٖ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' کوئی شخص بیٹھتے ہوئے اپنی پیٹھ کے پیچھے بائیں ہاتھ پر ٹیک لگائے

5674 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو عَرُوبَةَ، بِحَرَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُغِيرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحَرَّانِيُّ، قَالَ:

5672– معاذ بن محمد وأبوه وجده ذكرهم المؤلف في "الثقات 9/177 " و7/378و5/422، وفي "التهذيب " 9/463: مُحَمَّدِ بْنِ مُعَاذِ بْنِ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، عن ابيه، عن جده عن أبي، وعنه ابنه معاذ، قال ابن المديني: لا نعرف محمداً ولا أباه، وهو إسناد مجهول.وأخرجه أبو الشيخ في "أخلاق النبي "ص 191من طريق إبراهيم بن سعيد الجوهري، بهذا الإسناد= .

5674– المغيرة بن عبد الرحمن الحرّاني: روى له النسائي، وهو ثقة، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير الشريد، فمن رجال مسلم، لكن ابن جريج مدلس، وقد عنعن . وأخرجه أحمد4/388، وأبو داود 4848)) في الأدب: باب في الجلسة المكروهة، والحاكم 4/269، والطبراني 7242)) ، والبيهقي 3/236من طرق عن عيسى بن يونس، بهذا الإسناد، وصححه الحاكم، ووافقه الذهبي.وأخرجه الطبراني7243)) من طريق مندل، عن ابن جريج، به.

حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيدِ، عَنْ أَبِيهِ الشَّرِيدِ بْنِ سُوَيْدٍ، قَالَ:

(متن حدیث): مَرَّ بِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا جَالِسٌ قَدْ وَضَعْتُ يَدِي الْيُسْرَى خَلْفَ ظَهْرِي وَاتَّكَأْتُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَتَقْعُدُ قِعْدَةَ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ؟ قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ: وَضَعَ رَاحَتَيْهِ عَلَى الْأَرْضِ وَرَاءَ ظَهْرِهِ

حضرت شرید بن سوید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس سے گزرے میں اس وقت بیٹھا ہوا تھا۔ میں نے اپنا بایاں ہاتھ اپنی پشت کے پیچھے رکھ کر اس کے ساتھ ٹیک لگائی ہوئی تھی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا تم اس طرح بیٹھے ہوئے ہو؟ جس طرح وہ لوگ بیٹھتے ہیں جن پر غضب نازل کیا گیا۔

ابن جریج نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: انہوں نے اپنی ہتھیلیاں اپنی پشت کے پیچھے زمین پر رکھی ہوئی تھیں۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ أَنْ لَا يَأْنَفَ مِنَ الْعَمَلِ الْمُسْتَحْقَرِ فِي بَيْتِهِ بِنَفْسِهِ وَإِنْ كَانَ عَظِيمًا فِي أَعْيُنِ الْبَشَرِ

اس بات کا تذکرہ' آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے: وہ اپنے گھر میں معمولی سے کام کرنے میں کوئی الجھن محسوس نہ کرے' اگرچہ لوگوں کی نظر میں وہ کوئی بڑا آدمی ہو

5675 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ،

5675- إسناده قوى على شرط مسلم. وأخرجه أبو نعيم فى "حلية الأولياء 8/331 "من طريق أحمد بن سعيد، عن ابن وهب، بهذا الإسناد. وأخرجه البخارى فى "الأدب المفرد 541) "، والترمذى فى "الشمائل 335) "، والبغوى 3676)) من طريق عبد الله بن صالح، وأخرجه أبو يعلى 4873)) من طريق الليث بن سعد، كلاهما عن معاوية بن صالح، به .وقد سقط من المطبوع من "شرح السنة "من السند " :معاوية بن صالح ." تنبيه :ذكرت فى "شرح السنة "عن سند الترمذى فيه عبد الله بن صالح كاتب الليث سيىء الحفظ وقد تبين من هذا التخريج أنه قد تابعه عليه ابن وهب والليث بن سعد . وأخرجه أحمد 6/206، والبخارى 676)) فى الأذان :باب من كان فى حاجة أهله فأقيمت الصلاة فخرج، و 5363)) فى النفقات :باب خدمة الرجل فى أهله، و 6039)) فى الأدب :باب كيف يكون الرجل فى أهله، والترمذى 3489)) فى صفة القيامة :باب رقم 45)) ، وأبو الشيخ فى "أخلاق النبى "ص 20، والبغوى 3678)) من طرق عن شعبة، عن الحكم، عن إبراهيم، عن الأسود قال :سألت عائشة :ما كان النبى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يصنع فى بيته؟ قالت :كان يكون فى مهنة أهله فإذا حضرت الصلاة خرج إلى الصلاة. وأخرجه أبو الشيخ ص 21من طريق عقيل بن خالد، عن الزهرى قال :سئلت رضى الله عنها :كيف كان خلق رسول الله فى بيته؟ فقالت : كأحدكم يرفع شيئاً ويضعه، وكان أحب العمل إليه الخياطة .وهذا منقطع بين الزهرى وعائشة. وأخرجه أبو يعلى 847)) من طريق ابن جريج، عن مجاهد، عن عائشة .وانظر 5676)) و 5677)).

(متن حدیث): اَنَّهَا سُئِلَتْ: مَا كَانَ عَمَلُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بَيْتِهٖ؟ قَالَتْ: مَا كَانَ اِلَّا بَشَرًا مِنَ الْبَشَرِ، كَانَ يَفْلِيْ ثَوْبَهٗ، وَيَحْلِبُ شَاتَهٗ، وَيَخْدُمُ نَفْسَهٗ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں یہ بات منقول ہے ان سے دریافت کیا گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم گھر میں کیا کام کیا کرتے تھے؟ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بتایا: آپ ایک عام انسان کی طرح اپنے کپڑے دھو لیتے تھے اپنی بکری کا دودھ دوہ لیتے تھے اور اپنے کام خود کر لیتے تھے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

5676 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بِسْطَامٍ، بِالْاَبُلَّةِ، حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): قُلْتُ لِعَائِشَةَ: يَا اُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ، اَيُّ شَيْءٍ كَانَ يَصْنَعُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ عِنْدَكِ؟ قَالَتْ: مَا يَفْعَلُ اَحَدُكُمْ فِيْ مِهْنَةِ اَهْلِهٖ، يَخْصِفُ نَعْلَهٗ، وَيَخِيْطُ ثَوْبَهٗ، وَيَرْقَعُ دَلْوَهٗ

عروہ بیان کرتے ہیں: میں نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا: اے ام المومنین جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم آپ کے ہاں موجود ہوتے تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کیا کرتے تھے۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بتایا: وہی کچھ جو تم میں سے کوئی بھی شخص کام کاج کرتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنا جوتا گانٹھ لیتے تھے۔ اپنے کپڑے کو سی لیتے تھے اور اپنے ڈول کو مرمت کر لیتے تھے۔

ذِكْرُ مَا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ مُّجَانَبَةِ التَّرَفُّعِ بِنَفْسِهٖ فِيْ بَيْتِهٖ عَنْ خِدْمَتِهٖ، وَاِنْ كَانَ لَهٗ مَنْ يَّكْفِيْهِ ذٰلِكَ

اس بات کا تذکرہ آدمی پر یہ بات لازم ہے: وہ اپنے گھر میں اپنے ذاتی کاموں کے سلسلے میں خود کو بلند ثابت کرنے سے اجتناب کرے اگرچہ اس کے پاس ایسا شخص موجود ہو جو اس کی جگہ یہ کام کر سکتا ہو

5677 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَسْمَاءَ، حَدَّثَنَا مَهْدِيُّ بْنُ مَيْمُوْنٍ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): اَنَّهَا سُئِلَتْ: مَا كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْمَلُ فِيْ بَيْتِهٖ؟ قَالَتْ: كَانَ يَخِيْطُ ثَوْبَهٗ،

5676- إسناده صحيح. حسين بن مهدي: روى له الترمذي وابن ماجة، وهو صدوق، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. وهو في "المصنف" برقم (20492)، ومن طريق عبد الرزاق أخرجه أحمد 6/167.

وَيَخْصِفُ نَعْلَهُ، وَيَعْمَلُ مَا يَعْمَلُ الرِّجَالُ فِيْ بُيُوْتِهِمْ

❁❁ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں یہ بات منقول ہے ان سے دریافت کیا گیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم گھر میں کیا کام کرتے تھے؟ انہوں نے بتایا: آپ اپنے کپڑے سی لیتے تھے اپنے جوتے کو گانٹھ لیتے تھے اور وہ سارے کام کر لیتے تھے جو مرد گھروں میں کر لیتے ہیں۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَضْعِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا مَنْ تَكَبَّرَ عَلٰى عِبَادِهٖ، وَرَفْعِهٖ مَنْ تَوَاضَعَ لَهُمْ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ، جو شخص اللہ کے بندوں کے سامنے خود کو بڑا ثابت کرتا ہے اللہ تعالیٰ اسے پست کر دیتا ہے اور جو ان کے سامنے تواضع اختیار کرتا ہے اللہ تعالیٰ اسے سربلندی عطا کرتا ہے

5678 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ دَرَّاجًا، حَدَّثَهُ عَنْ اَبِي الْهَيْثَمِ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ تَوَاضَعَ لِلّٰهِ دَرَجَةً يَرْفَعُهُ اللّٰهُ دَرَجَةً، حَتّٰى يَجْعَلَهُ فِيْ اَعْلٰى عِلِّيِّيْنَ، وَمَنْ يَتَكَبَّرْ عَلَى اللّٰهِ دَرَجَةً يَضَعُهُ اللّٰهُ دَرَجَةً حَتّٰى يَجْعَلَهُ فِيْ اَسْفَلِ السَّافِلِيْنَ، وَلَوْ اَنَّ اَحَدَكُمْ يَعْمَلُ فِيْ صَخْرَةٍ صَمَّاءَ لَيْسَ عَلَيْهِ بَابٌ وَلَا كُوَّةٌ، لَخَرَجَ مَا غَيَّبَهُ لِلنَّاسِ كَائِنًا مَا كَانَ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَوَاضَعَ لِلّٰهِ دَرَجَةً يُرِيْدُ بِهٖ مَنْ تَوَاضَعَ لِلْمَخْلُوْقِيْنَ فِي اللّٰهِ، فَاَضْمَرَ الْخَلْقَ فِيْهِ، وَقَوْلُهُ: وَمَنْ يَتَكَبَّرْ اَرَادَ بِهٖ عَلٰى خَلْقِ اللّٰهِ فَاَضْمَرَ الْخَلْقَ فِيْهِ اِذِ الْمُتَكَبِّرُ عَلَى اللّٰهِ كَافِرٌ بِهٖ

❁❁ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"جو شخص اللہ تعالیٰ کے لئے ایک درجے کی تواضع اختیار کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کا درجہ بلند کرتا ہے، یہاں تک کہ اسے

5677- إسناده صحيح على شرط الشيخين .وهو في "مسند أبي يعلى "برقم4876)). وأخرجه أحمد 6/121و260، والبخاري في "الأدب المفرد 539) ") ، وأبو الشيخ في "أخلاق النبي "ص 21من طرق عن مهدي بن ميمون، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد6/167، وعبد الرزاق 20492)) ، والبخاري في "الأدب المفرد 540) ") ، وأبو يعلى4653)) من طرق عن هشام بن عروة، به. وأخرجه أبو الشيخ ص 20من طريق حماد بن أسامة، عن هشام بن عروة، عن رجل، عن عائشة، به .وانظر 5675)) و5676)).

5678- إسناده ضعيف، دراج -وهو ابن سمعان أبو السمح -ضعيف في حديثه عن أبي الهيثم . وأخرجه ابن ماجه 4176)) في الزهد :باب البراءة من الكبر والتواضع، عن حرملة بن يحيى، بهذا الإسناد . قال البوصيري في "الزوائد :264/1 "هذا إسناد ضعيف، دراج بن سمعان أبو السمح المصري وإن وثقه ابن معين، وأخرج له ابن حبان في "صحيحه "، فقد قال أبو داود وغيره : حديثه مستقيم إلا ما كان عن أبي الهيثم .وقال ابن عدي :عامة أحاديث دراج مما لا يتابع عليه .قلت :وانظر الحديث3248)).

اعلیٰ علیین میں شامل کر دیتا ہے اور جو شخص اللہ تعالیٰ کے مقابلے میں ایک درجے کا تکبر کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اسے ایک درجہ نیچے کر دیتا ہے یہاں تک کہ اسے اسفل سافلین میں شامل کر دیتا ہے۔ اگر کوئی شخص کسی ایسی سالم چٹان کے اندر کوئی عمل کرے جس کا کوئی دروازہ اور کوئی کھڑکی نہ ہو تو اللہ تعالیٰ اس چیز کو بھی ظاہر کر دے گا جسے آدمی نے لوگوں سے چھپایا ہوا تھا خواہ وہ کوئی بھی چیز ہو"۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: "جو شخص اللہ تعالیٰ کے لئے ایک درجہ تواضع اختیار کرتا ہے۔" اس کے ذریعے آپ کی مراد یہ ہے جو شخص اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لئے مخلوق کے ساتھ تواضع اختیار کرتا ہے تو اس میں لفظ مخلوق محذوف ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: "جو شخص تکبر کرتا ہے" اس کے ذریعے آپ کی مراد یہ ہے جو شخص اللہ تعالیٰ کی مخلوق کے ساتھ تکبر کا معاملہ کرتا ہے یہاں پر بھی لفظ مخلوق محذوف ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کے خلاف تکبر کرنے والا شخص تو کافر ہو جائے گا۔

ذِكْرُ اِيجَابِ دُخُوْلِ النَّارِ لِلْمُسْتَكْبِرِ الْجَوَّاظِ اِنْ لَمْ يَتَفَضَّلِ اللّٰهُ عَلَيْهِ بِالْعَفْوِ

متکبر شخص کے جہنم میں داخل ہونے کے لازم ہونے کا تذکرہ اگر اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل کے تحت اسے معاف نہ کیا

5679 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْمَرْوَزِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، حَدَّثَنَا مَعْبَدُ بْنُ خَالِدٍ، اَنَّهُ سَمِعَ حَارِثَةَ بْنَ وَهْبٍ الْخُزَاعِيَّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اَلَا اَدُلُّكُمْ عَلٰى اَهْلِ الْجَنَّةِ، كُلُّ ضَعِيفٍ مُتَضَعِّفٍ، لَوْ اَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَاَبَرَّهُ، وَاَهْلُ النَّارِ كُلُّ مُسْتَكْبِرٍ جَوَّاظٍ

❁❁ حضرت حارثہ بن وہب خزاعی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: "کیا میں اہل جنت کی طرف تمہاری رہنمائی نہ کروں؟ ہر کمزور اور غریب شخص (جنتی ہے) اگر وہ اللہ تعالیٰ کے نام کی قسم اٹھا لے تو اللہ تعالیٰ اسے پوری کر دے اور ہر متکبر اور سخت مزاج شخص جہنمی ہے۔"

5680 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ

5679– إسناده صحيح على شرط الشيخين. معبد بن خالد: هو الجدلي من جديلة قيس الكوفي. وأخرجه الطيالسي (1238)، والبخاري (6657) في الأيمان والنذور: باب قول الله تعالى: (وَأَقْسَمُوا بِاللَّهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ)، ومسلم (2853) (46) في الجنة وصفة نعيمها وأهلها: باب النار يدخلها الجبارون والجنة..، وأبو يعلى (1477)، والبيهقي 10/194 من طرق عن شعبة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 4/306، والبخاري (4918) في التفسير: باب (عُتُلٍّ بَعْدَ ذَلِكَ زَنِيمٍ)، و (6071) في الأدب: باب الكبر، ومسلم (2853) (47)، والترمذي (2605) في صفة جهنم: باب رقم (13)، وابن ماجة (4116) في الزهد: باب من لا يُؤْبَهُ له، والبغوي (3593) من طريق سفيان، عن معبد بن خالد، به.

الْعَزِيزِ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهِ مِثْقَالُ حَبَّةِ خَرْدَلٍ مِّنْ كِبْرٍ، وَلَا يَدْخُلُ النَّارَ مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهِ مِثْقَالُ حَبَّةِ خَرْدَلٍ مِّنْ إِيْمَانٍ

توضیح مصنف: قَالَ أَبُوْ حَاتِمٍ: فِيْ هٰذَا الْخَبَرِ مَعْنَيَانِ اثْنَانِ أَحَدُهُمَا وَهُوَ الَّذِيْ نَوَّعْنَا لَهُ النَّوْعَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهِ مِثْقَالُ حَبَّةِ خَرْدَلٍ مِّنْ كِبْرٍ أَرَادَ بِهِ جَنَّةً عَالِيَةً يَدْخُلُهَا غَيْرُ الْمُتَكَبِّرِيْنَ، وَقَوْلُهُ: وَلَا يَدْخُلُ النَّارَ مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهِ مِثْقَالُ حَبَّةِ خَرْدَلٍ مِّنْ إِيْمَانٍ أَرَادَ بِهِ نَارًا سَافِلَةً يَدْخُلُهَا غَيْرُ الْمُسْلِمِيْنَ، وَالْمَعْنَى الثَّانِي: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ أَصْلًا مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهِ مِثْقَالُ حَبَّةِ خَرْدَلٍ مِّنْ كِبْرٍ، أَرَادَ بِالْكِبْرِ الشِّرْكَ، إِذِ الْمُشْرِكُ لَا يَدْخُلُ جَنَّةً مِنَ الْجِنَانِ أَصْلًا، وَقَوْلُهُ: لَا يَدْخُلُ النَّارَ مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهِ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ مِنْ إِيْمَانٍ أَرَادَ بِهِ عَلٰى سَبِيْلِ الْخُلُوْدِ، حَتّٰى يَصِحَّ الْمَعْنَيَانِ مَعًا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''ایسا شخص جنت میں داخل نہیں ہوگا' جس کے دل میں رائی کے دانے جتنا تکبر ہوگا ایسا شخص جہنم میں داخل نہیں ہوگا' جس کے دل میں رائی کے دانے جتنا ایمان ہوگا۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت کے دو مفہوم ہو سکتے ہیں اس میں سے ایک وہ ہے' جسے ہم نے ایک نوع میں بیان کیا ہے پھر جنت میں ایسا شخص داخل نہیں ہوگا' جس کے دل میں رائی کے وزن کے جتنا تکبر ہو اس کے ذریعے جنت کا بلند درجہ مراد ہے جہاں وہ لوگ داخل ہوں گے جو تکبر نہیں کیا کرتے تھے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: وہ شخص جہنم میں داخل نہیں ہوگا' جس کے دل میں رائی کے دانے کے برابر ایمان موجود ہو' اس کے ذریعے جہنم کا وہ نیچے والا حصہ مراد ہے جہاں وہ لوگ داخل ہوں گے جو مسلمان نہیں ہوں گے۔

اس کا دوسرا مفہوم یہ ہے: جنت میں سرے سے کوئی ایسا شخص داخل نہیں ہوگا' جس کے دل میں رائی کے دانے جتنا تکبر ہوگا اور یہاں تکبر سے مراد شرک ہے کیونکہ مشرک شخص سرے سے جنت میں کبھی بھی داخل نہیں ہوگا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: وہ شخص جہنم میں داخل نہیں ہوگا' جس کے دل میں رائی کے دانے کے وزن جتنا ایمان ہو اس کے ذریعے آپ کی مراد یہ ہے: ہمیشہ کے لئے ایسا نہیں ہوگا اس طرح سے دونوں مفہوم درست ہو جائیں گے۔

5680– إسناده صحيح .إبراهيم بن الحجاج السامي :روى لـه النسائي، وهو ثقة، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين .عبد العزيز بن مسلم :هو القسملي المروزي .وقد تقدم برقم224)).

ذِكْرُ نَفْيِ نَظَرِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا اِلٰى مَنْ جَرَّ ثِيَابَهٗ خُيَلَاءَ

اللہ تعالیٰ کا اس شخص کی طرف نظر رحمت کرنے کی نفی کرنے کا تذکرہ ' جو اپنے کپڑے کو تکبر کے طور پر لٹکاتا ہے

5681 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمَقَابِرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: وَاَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ، اَنَّهٗ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنَّ الَّذِيْ يَجُرُّ ثَوْبَهٗ مِنَ الْخُيَلَاءِ، لَا يَنْظُرُ اللّٰهُ اِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''بے شک جو شخص تکبر کے طور پر اپنے کپڑے کو لٹکاتا ہے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی طرف نظر رحمت نہیں کرے گا۔''

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَشْيَاءَ مَعْلُوْمَةٍ غَيْرِ مَا ذَكَرْنَاهَا

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' جو چند ایسی چیزوں کے بارے میں ہے' جو اس کے علاوہ ہیں جن کا ہم نے ذکر کیا ہے

5682 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا الرُّكَيْنُ بْنُ الرَّبِيعِ الْفَزَارِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ عَمِّهٖ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَرْمَلَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَكْرَهُ جَرَّ الْاِزَارِ، وَالتَّبَرُّجَ بِالزِّيْنَةِ لِغَيْرِ اَهْلِهَا، وَعَزْلَ الْمَاءِ عَنْ مَحِلِّهٖ، وَضَرْبَ الْكِعَابِ، وَالصُّفْرَةَ، وَتَغْيِيْرَ الشَّيْبِ، وَعَقْدَ التَّمَائِمِ، وَالرُّقٰى اِلَّا بِالْمُعَوِّذَاتِ

5681- إسناده صحيح على شرط مسلم. المقابرى -وهو يحيى بن أيوب- من رجال مسلم، ومن فوقه من رجال الشيخين. وقد تقدم برقم (5443) و (5444).

5682- عبد الرحمن بن حرملة: قال ابن المدينى: لا أعلم روى عنه شىء إلا من هذا الطريق، ولا نعرفه فى أصحاب عبد الله، وقال البخارى: 5/270 لم يصح حديثه، وقال ابن أبى حاتم: 5/222-223 سألت أبى عنه، فقال: ليس بحديثه بأس، انما روى حديثاً واحداً، ما يمكن أن يعتبر به، ولم أسمع أحداً ينكره أو يطعن عليه، وادخله البخارى فى كتاب "الضعفاء"، وقال أبى: يحول منه. وذكره المؤلف فى "الثقات 5/95"، وباقى رجاله ثقات. وأخرجه أبو داود (4222) فى الخاتم: باب ما جاء فى خاتم الذهب، والنسائى 8/140 فى الزينة: باب الخضاب بالصفرة، من طريقين عن معتمر بن سليمان، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/380 و397، والبيهقى 7/232 و 9/350 من طريقين عن الرُّكين بن الربيع، به. وانظر ما بعده. وضرب الكعاب: هى فصوص النرد.

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تہبند لٹکانے کو اور (خواتین کے) اپنے شوہر کے علاوہ کسی اور کے لئے زینت ظاہر کرنے کو اور عورت کی پچھلی شرمگاہ میں صحبت کرنے پانسہ کھیلنے پیتل (کی انگوٹھی پہننے یا زرد رنگ استعمال کرنے) اور بالوں کی رنگت تبدیل کرنے کو اور تعویذ لٹکانے کو اور دم کرنے کو ناپسند کرتے تھے البتہ معوذات (یعنی معوذتین یا پناہ والی دعاؤں) کا حکم مختلف ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهِ الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے اس روایت کو نقل کرنے میں معتمر بن سلیمان نامی راوی منفرد ہے

5683 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الدَّغُولِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الذُّهْلِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، وَشُعْبَةُ، عَنِ الرُّكَيْنِ بْنِ الرَّبِيعِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ عَمِّهِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَرْمَلَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَرِهَ عَشْرًا: تَغْيِيرَ الشَّيْبِ، وَخَاتَمَ الذَّهَبِ، وَالضَّرْبَ بِالْكِعَابِ، وَالرُّقَى اِلَّا بِالْمُعَوِّذَاتِ، وَالتَّمَائِمَ، وَجَرَّ الْاِزَارِ، وَالصُّفْرَةَ، وَالتَّبَرُّجَ بِالزِّينَةِ لِغَيْرِ مَحِلِّهَا، وَعَزْلَ الْمَاءِ عَنْ مَحِلِّهِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دس چیزوں کو ناپسندیدہ قرار دیا ہے۔ سفید رنگ (کے بالوں کی رنگت) تبدیل کرنے، سونے کی انگوٹھی پہنے، پانسہ کھیلنے، دم کرنے، تعویذ لٹکانے، تہبند لٹکانے، زرد (رنگ)، ناجائز طور پر زینت ظاہر کرنے اور پانی (یعنی مادۂ تولید) کو اس کے مخصوص مقام سے الگ کرنے (ان سب کاموں کو ناپسندیدہ قرار دیا ہے)

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اِعْجَابِ الْمَرْءِ بِمَا اُوتِيَ مِنْ هٰذِهِ الدُّنْيَا الْفَانِيَةِ وَتَبَخْتُرِهِ فِي شَيْءٍ مِّنْهَا

اس بات کا تذکرہ آدمی کا اس چیز پر خود پسندی میں مبتلا ہونا جس کا تعلق اس فانی دنیا سے ہے اور ان میں سے کسی چیز کی وجہ سے خود پر فخر کرنا منع ہے

5684 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ يَزِيدَ الْعَطَّارُ، بِالْبَصْرَةِ، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ،

(متن حدیث): اَنَّ فَتًى مِنْ قُرَيْشٍ اَتَى اَبَا هُرَيْرَةَ، فَقَالَ: يَا اَبَا هُرَيْرَةَ، اِنَّكَ تُكْثِرُ الْحَدِيثَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ

5683– هو مكرر ما قبله .وأخرجه أحمد 1/439عن محمد بن جعفر، عن شعبة، بهذا الإسناد.

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَهَلْ سَمِعْتَهُ يَقُوْلُ فِيْ حُلَّتِيْ هٰذِهِ؟ فَقَالَ: لَوْلَا مَا اَخَذَ اللّٰهُ عَلَيَّ فِي الْكِتَابِ مَا حَدَّثْتُكُمْ بِشَيْءٍ، سَمِعْتُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اِنَّ رَجُلًا مِمَّنْ كَانَ قَبْلَكُمْ يَتَبَخْتَرُ اِذْ اَعْجَبَتْهُ جُمَّتُهُ وَبُرْدَاهُ، فَخَسَفَ اللّٰهُ بِهِ الْاَرْضَ، فَهُوَ يَتَجَلْجَلُ فِيْهَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

❀❀ حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: قریش سے تعلق رکھنے والا ایک شخص حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور بولا آپ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے بکثرت احادیث بیان کرتے ہیں: کیا آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو میرے اس حلہ کے بارے میں کوئی بات بیان کرتے ہوئے سنا ہے؟ تو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بتایا اگر وہ حکم نہ ہوتا جو اللہ تعالیٰ کی کتاب میں بیان کیا ہے تو میں تم لوگوں کو کوئی حدیث بیان نہ کرتا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''تم سے پہلے زمانے میں ایک شخص تکبر کے ساتھ چل رہا تھا اس کے بالوں اور چادروں نے اسے خود پسندی کا شکار کیا ہوا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے اسے زمین میں دھنسا دیا اور وہ قیامت کے دن تک اس میں دھنستا رہے گا''۔

5684- إسناده على شرط مسلم . أبو رافع : هو نفيع بن رافع الصائغ المدنى نزيل البصرة . وأخرجه أحمد 2/413، ومسلم (2088) (50) فى اللباس والزينة : باب تحريم التبختر فى المشى مع إعجابه بثيابه، من طريق عفان، عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 2/315 و 390 و 56 و 492 و 531، وهو فى "صحيفة همام" برقم (65) ، والبخارى (5789) فى اللباس : باب من جرَّ ثوبه من الخيلاء ، ومسلم (2088) (49) ، والبغوى (3355) من طرق عن أبى هريرة، به.

بَابُ الْإِسْتِمَاعِ الْمَكْرُوهِ وَسُوءِ الظَّنِّ وَالْغَضَبِ وَالْفُحْشِ

باب: ناپسندیدہ بات کو سننے، برا گمان رکھنے، غصہ کرنے اور فحش گفتگو کرنے (کے بارے میں احکام)

ذِكْرُ وَصْفِ عُقُوبَةِ مَا اسْتَمَعَ اِلٰى حَدِيْثِ قَوْمٍ يَكْرَهُوْنَ مِنْهُ ذٰلِكَ

اس شخص کی سزا کی صفت کا تذکرہ، جو کچھ لوگوں کی بات چھپ کر سننے کی کوشش کرتا ہے حالانکہ وہ لوگ اس بات کو ناپسند کرتے ہوں

5685 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ، بِبُسْتَ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ هِلَالٍ الصَّوَّافُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ صَوَّرَ صُوْرَةً فَاِنَّهٗ يُعَذَّبُ حَتّٰى يَنْفُخَ فِيْهَا الرُّوحَ وَلَيْسَ بِنَافِخٍ فِيْهَا الرُّوحَ، وَمَنْ تَحَلَّمَ حُلُمًا كَاذِبًا كُلِّفَ اَنْ يَعْقِدَ بَيْنَ شَعِيْرَتَيْنِ وَيُعَذَّبُ عَلٰى ذٰلِكَ، وَمَنِ اسْتَمَعَ اِلٰى قَوْمٍ وَهُمْ لَهٗ كَارِهُوْنَ صُبَّ فِيْ اُذُنَيْهِ الْاٰنُكُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

✿✿ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"جو شخص تصویر بنائے گا اسے یہ عذاب دیا جائے گا کہ اس میں روح پھونکے اور وہ اس میں روح نہیں پھونک سکے گا اور جو شخص جھوٹا خواب بیان کرے گا اسے اس بات کا پابند کیا جائے گا وہ جو کے دو دانوں کے درمیان گرہ لگائے اسے یہ عذاب دیا جائے گا اور جو شخص چھپ کر کسی کی باتیں سنے گا جب کہ وہ لوگ اسے ناپسند کرتے ہوں، تو قیامت کے دن اس شخص کے کانوں میں سیسہ ڈالا جائے گا"۔

ذِكْرُ صَبِّ الْاٰنُكِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيْ آذَانِ الْمُسْتَمِعِيْنَ اِلٰى حَدِيْثِ اَقْوَامٍ يَكْرَهُوْنَ ذٰلِكَ

قیامت کے دن ایسے شخص کے کانوں میں سیسہ انڈیلے جانے کا تذکرہ

5685- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عكرمة، فمن رجال البخاري. أيوب: هو ابن أبي تميمة كيسان السختياني. وأخرجه الحميدي 531)، وأحمد 1/216 و359، والبخاري 7042) في التعبير: باب من كذب في حلمه، والطبراني 11855) و11960)، والبيقي في "السنن 7/269"، وفي "الآداب 988")، والبغوي 3818) من طرق عن أيوب، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/246، والطبراني 11831)، و11923) من طرق عَنْ عكرمة، به. وانظر ما بعده، وسيأتي برقم 5848).

جو لوگوں کی بات چھپ کر سنتا ہے‘ جسے وہ لوگ پسند نہیں کرتے

5686 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عُمَرَ بْنِ شَقِيقٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ صَوَّرَ صُورَةً عَذَّبَهُ اللّٰهُ، حَتّٰى يَنْفُخَ فِيهَا وَلَيْسَ بِنَافِخٍ، وَمَنِ اسْتَمَعَ اِلٰى حَدِيثِ قَوْمٍ يَفِرُّونَ مِنْهُ، صُبَّ فِيْ اُذُنَيْهِ الْاٰنُكُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَمَنْ تَحَلَّمَ كُلِّفَ اَنْ يَّعْقِدَ بَيْنَ شَعِيرَتَيْنِ وَلَيْسَ بِفَاعِلٍ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں‘ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

”جو شخص تصویر بنائے گا اللہ تعالیٰ اسے عذاب دے گا‘ یہاں تک کہ اسے اس تصویر میں روح پھونکنی پڑے گی اور وہ نہیں پھونک سکے گا‘ جو شخص لوگوں کی بات سنے گا‘ حالانکہ وہ لوگ اسے بات نہ سنانا چاہتے ہوں۔ اس کے کانوں میں قیامت کے دن سیسہ ڈالا جائے گا اور جو شخص جھوٹا خواب بیان کرے گا اسے اس بات کا پابند کیا جائے گا‘ وہ جو کے دو دانوں کے درمیان گرہ لگوائے اور وہ ایسا نہیں کر سکے گا۔“

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ سُوءِ الظَّنِّ بِاَحَدٍ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ

مسلمانوں میں سے کسی کے بارے میں بھی برا گمان رکھنے کی ممانعت کا تذکرہ

5687 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ

5686- إسناده صحيح على شرط البخاري. وقوله " :بين شعيرتين "تحرف في الأصل إلى "شعرتين"، والتصحيح من "التقاسيم 12 "لوحة.237وأخرجه أبو داود 5024)) في الأدب :باب ما جاء في الرؤيا، والترمذي 1751)) في اللباس :باب ما جاء في المصورين، والنسائي 8/215في الزينة .باب ذكر ما يكلف أصحاب الصور يوم القيامة، من طرق عن حماد، بهذا الإسناد . وقال الترمذي :حديث حسن صحيح وانظر الحديث الذي قبله، وسيأتي برقم5848)).

5687- إسناده صحيح على شرط الشيخين .أبو الزناد .هو عبد الله بن ذكوان، والأعرج :هو عبد الرحمن بن هرمز . وهو في "الموطأ 2/907-908 "في حسن الخلق :باب ما جاء في المهاجرة، ومن طريق مالك أخرجه أحمد 2/465و517، البخاري6066)) في الأدب :باب (يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اجْتَنِبُوا كَثِيرًا مِنَ الظَّنِّ) ، ومسلم2563))28)) في البر والصلة :باب تحريم الظن والتجسس والتنافس والتناجش ونحوها، وأبو داود 4917)) في الأدب :باب في الظن، والبغوي 3533)) ، والبيهقي 6/85و 8/333و.10/231وأخرجه أحمد 2/245عن سفيان، عن أبي الزناد، به .وأخرجه البخاري 5143)) في النكاح :باب لا يخطب على خطبة أخيه حتى ينكح أو يدع، والبيهقي 7/180من طريق جعفر بن ربيعة، عن الأعرج، به .وأخرجه همام في " صحيفته "رقم 6)) ت رفعت فوزي عبد المطلب وأحمد 2/312و 342و 470و 482و 492و 504و539، وعبد الرزاق 20228)) ، والبخاري 6064)) في الأدب :باب ما ينهى عن التحاسد والتدابر، و 6724)) في الفرائض :باب تعليم الفرائض، ومسلم 2563))29)) والبغوي 3534)) من طرق عن أبي هريرة، به.وأخرج الشطر الثاني أحمد 2/277و 287و 288و 360 و 389و 393و 394و 446و 465و 469و 480و 501و512، ومسلم2563)) و 30)) و 31)) و2564))32)) و 33)) و 34)) باب تحريم ظلم المسلم، من طرق عن أبي هريرة .وطوّله بعضهم.

مَالِكٍ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِيَّاكُمْ وَالظَّنَّ فَاِنَّ الظَّنَّ اَكْذَبُ الْحَدِيْثِ، وَلَا تَجَسَّسُوْا وَلَا تَحَسَّسُوْا، وَلَا تَحَاسَدُوْا، وَلَا تَنَافَسُوْا، وَلَا تَبَاغَضُوْا، وَلَا تَدَابَرُوْا، وَكُوْنُوْا عِبَادًا لِلّٰهِ اِخْوَانًا

✿✿ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''بدگمانی سے بچو کیونکہ بدگمانی سب سے زیادہ جھوٹی بات ہے ایک دوسرے کی جاسوسی نہ کرو۔ ایک دوسرے کے پوشیدہ معاملات جاننے کی کوشش نہ کرو۔ ایک دوسرے سے حسد نہ کرو ایک دوسرے سے دوری اختیار نہ کرو۔ ایک دوسرے سے بغض نہ رکھو ایک دوسرے سے منہ نہ موڑو اور اللہ کے بندے اور بھائی' بھائی بن کے رہو۔''

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالْجُلُوْسِ لِمَنْ غَضِبَ وَهُوَ قَائِمٌ وَّالْاِضْطِجَاعِ اِذَا كَانَ جَالِسًا

جو شخص غصے میں آجائے' تو اگر وہ کھڑا ہوا ہو' تو اسے بیٹھنے اور اگر بیٹھا ہوا ہو' تو لیٹ جانے کا حکم ہونے کا تذکرہ

5688 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ اَبِيْ هِنْدَ، عَنْ اَبِيْ حَرْبِ بْنِ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِذَا غَضِبَ اَحَدُكُمْ وَهُوَ قَائِمٌ فَلْيَجْلِسْ، فَاِنْ ذَهَبَ عَنْهُ الْغَضَبُ وَاِلَّا فَلْيَضْطَجِعْ

✿✿ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب کسی شخص کو غصہ آئے اور وہ کھڑا ہوا ہو' تو اسے بیٹھ جانا چاہئے اگر اس کا غصہ ختم ہو جائے' تو ٹھیک ہے ورنہ اسے لیٹ جانا چاہئے۔''

5688- حديث صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح إلا ان فيه انقطاعاً، لأن أبا حرب لا يعرف له سماع من أبي ذر، قال في "التهذيب 12/69: "أبو حرب بن أبي الأسود الدؤلي البصري روى عن ابيه وأبي ذر، والصحيح عن أبيه، قلت: لكن وصله أحمد 5/152 عن أبي معاية، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدٍ، عَنْ أَبِي حَرْبِ بن أبي الأسود، عن أبي الأسود، عن أبي ذر. وهذا سند صحيح على شرط مسلم. أبو معاوية: هو محمد بن خازم. وأخرجه أبو داود 4783)) في الأدب: بـاب ما يقال عند الغضب، والبغوي 3584)) عن أحمد بن حنبل، عن أبي معاوية، بهذا الإسناد. وأخرجه أبو داود 4783)) عن وهب بن بقية، عن خالد، عن داود، عن بكر أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ أبا ذر، بهذا الحديث. وهذا مرسل. قال الإمام الخطابي: القائم: متهيء للحركة والبطش، والقاعد: دونه في هذا المعنى، والمضطجع ممنوع منهما، فيشبه أن يكون النبي صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إنما أمره بالقعود لئلا تبدو منه في حال قيامه وقعوده بادرة يندم عليها فيما بعد.

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ ذَمِّ النَّفْسِ عَنِ الْخُرُوجِ إِلَى مَا لَا يُرْضِي اللَّهَ جَلَّ وَعَلَا بِالْغَضَبِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' آدمی پر یہ لازم ہے: وہ اپنے آپ کو غضب کے عالم میں ایسی چیز کی طرف جانے سے روکے' جو اللہ تعالیٰ کو راضی نہیں کرتی (یعنی اسے ناپسند ہوتی ہے)

5689 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، بِبَيْتِ الْمَقْدِسِ قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ الْاَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ، عَنِ ابْنِ عَمٍّ لَهُ وَهُوَ جَارِيَةُ بْنُ قُدَامَةَ،

(متن حدیث): اَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قُلْ لِيْ قَوْلًا يَنْفَعُنِي اللّٰهُ بِهِ، وَاَقْلِلْ لَعَلِّي لَا اُغْفِلُهُ، قَالَ: لَا تَغْضَبْ فَعَادَ لَهُ مِرَارًا، كُلُّ ذٰلِكَ يَرْجِعُ اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَغْضَبْ

❀❀ احنف بن قیس اپنے چچا حضرت جاریہ بن قدامہ رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ آپ مجھے کوئی ایسی بات بیان کیجئے جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ مجھے فائدہ دے اور مختصر بات بتائیے گا تاکہ میں اس سے غفلت کا شکار نہ ہو جاؤں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم غصہ نہ کرنا۔ انہوں نے کئی مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہی سوال کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہر مرتبہ انہیں یہی جواب دیتے رہے: تم غصہ نہ کرنا۔

5690 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، عَنِ الْاَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ جَارِيَةَ بْنِ قُدَامَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُلْ لِيْ قَوْلًا وَاَقْلِلْ، قَالَ: لَا تَغْضَبْ فَاَعَادَ عَلَيْهِ، قَالَ: لَا تَغْضَبْ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَغْضَبْ اَرَادَ بِهِ اَنْ لَا تَعْمَلَ

5689- إسناده صحيح على شرط مسلم غير صحابيه جارية بن قدامة، فقد روى له النسائي في "مسند علي ." وأخرجه الطبراني 2096)) من طريق أحمد بن صالح، عن ابن وهب، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 5/34و372، وابن أبي شيبة 8/532-533، والطبراني 2093)) و2094)) و2103)) و2106)) ، والحاكم 3/615من طرق عن هشام بن عروة، به. وأخرجه أحمد 5/370، والطبراني 2100)) و2107)) من طرق عن ابن أبي الزناد، عن أبيه، عن عروة، به. وأخرجه الطبراني 2101)) من طريق محمد بن كريب، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الْأَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ، عَنِ عمه جارية. وأخرجه أبو يعلى في "مسنده 315/2 "من طريق أبي معاوية، عن هشام بن عروة، عن أبيه، عن الأحنف بن قيس، عن جارية بن قدامة، عن عم أبيه. وأخرجه الطبراني 2104)) من طريق عبدة بن سليمان، عن هشام بن عروة، عن أبيه، عن الأحنف بن قيس، عن عم له من بني تميم، عن جارية. وأخرجه ابن أبي شيبة8/533، والطبراني 2105)) من طريق عبدة بن سليمان، عن هشام عن أبيه، عن الأحنف، عن جارية، عن ابن عم له من بني تميم .وأخرجه الطبراني2097)) من طريق علي بن مسهر، عن هشام، عن أبيه، عن الأحنف، عن جارية، أن عمه أتى النبي ...

عَمَلًا بَعْدَ الْغَضَبِ مِمَّا نَهَيْتُكَ عَنْهُ، لَا اَنَّهُ نَهَاهُ عَنِ الْغَضَبِ، اِذِ الْغَضَبُ شَيْءٌ جِبِلَّةٌ فِي الْاِنْسَانِ، وَمُحَالٌ اَنْ يُنْهَى الْمَرْءُ عَنْ جِبِلَّتِهِ الَّتِي خُلِقَ عَلَيْهَا، بَلْ وَقَعَ النَّهْيُ فِي هٰذَا الْخَبَرِ عَمَّا يَتَوَلَّدُ مِنَ الْغَضَبِ مِمَّا ذَكَرْنَاهُ

حضرت جاریہ بن قدامہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک صاحب نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی آپ مجھے کوئی بات ارشاد فرمائیں اور مختصر بات عنایت کیجئے گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم غصہ نہ کرنا ان صاحب نے دوبارہ آپ سے یہی سوال کیا' تو آپ نے یہی فرمایا تم غصہ نہ کرنا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''تم غصہ نہ کرنا'' اس کے ذریعے آپ کی مراد یہ ہے: غصے میں آنے کے بعد تم کوئی ایسا کام نہ کرنا جس سے میں نے منع کیا ہے۔ اس سے یہ مراد نہیں ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے غصہ کرنے سے منع کیا ہے کیونکہ غصہ انسان کی فطرت میں شامل ہے اور یہ بات ناممکن ہے' آدمی کو اس کی فطرت میں شامل موجود کسی چیز سے منع کیا جائے بلکہ یہ ممانعت اس چیز کے بارے میں ہے' جو غصے کے نتیجے میں سامنے آتی ہے' جس کا ہم نے ذکر کیا ہے۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ مُجَانَبَةِ الْخُرُوجِ اِلَى مَا لَا يُرْضِي اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا عِنْدَ الْاِحْتِدَادِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' آدمی پر یہ بات لازم ہے' وہ غصے کے عالم میں اس چیز کی طرف جانے سے بچے جو اللہ تعالیٰ کو راضی نہیں کرتی ہے

5691 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَلَّادٍ الْبَاهِلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُوْ عَوَانَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ سُوَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَا تَقُوْلُوْنَ فِي الصُّرَعَةِ؟ قَالَ: قُلْتُ: الَّذِيْ لَا يَصْرَعُهُ الرِّجَالُ، قَالَ: الصُّرَعَةُ الَّذِيْ يُمْسِكُ نَفْسَهُ عِنْدَ الْغَضَبِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم پچھاڑ دینا کسے کہتے ہو؟ راوی کہتے ہیں: میں نے عرض کی: یہ کہ آدمی دوسروں کو پچھاڑ دے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پچھڑنا (یا طاقت) یہ ہے' آدمی غصے کے وقت خود کو قابو میں رکھے۔

5690- هو مكرر ما قبله .وأخرجه أحمد 3/484و5/34، والطبراني 2095)) ، والخطيب في "تاريخه 3/108 "عن يحيى بن سعيد، بهذا الإسناد

5691- إسناده صحيح على شرط مسلم .محمد بن خلاد ومحمد بن يحيى من رجال مسلم، ومن فوقهما من رجال الشيخين .وأخرجه ابن أبي شيبة 8/532، ومن طريقه أبو داود 4779)) في الأدب :باب من كظم غيظاً، عن أبي معاوية، عن الأعمش، بهذا الإسناد.وقد تقدم برقم2950)).

ذِكْرُ الْأَمْرِ بِالِاسْتِعَاذَةِ بِاللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ لِمَنِ اعْتَرَاهُ الْغَضَبُ

جس شخص کو غصہ آجائے اسے اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ، وہ مردود شیطان سے اللہ تعالیٰ کی پناہ طلب کرے

5692 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ صُرَدٍ، قَالَ:

(متن حدیث): اسْتَبَّ رَجُلَانِ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَنَحْنُ عِنْدَهٗ جُلُوْسٌ، وَاَحَدُهُمَا يَسُبُّ صَاحِبَهٗ مُغْضَبًا قَدِ احْمَرَّ وَجْهُهٗ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّيْ لَاَعْلَمُ كَلِمَةً لَّوْ قَالَهَا لَذَهَبَ عَنْهُ مَا يَجِدُ: اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ فَقَالُوْا لِلرَّجُلِ: اَلَا تَسْمَعُ مَا يَقُوْلُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: اِنِّيْ لَسْتُ بِمَجْنُوْنٍ

❁❁ حضرت سلیمان بن صرد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے دو آدمیوں کی بحث ہوگئی۔ ہم اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے۔ ان میں سے ایک شخص نے غصے کے عالم میں اپنے ساتھی کو برا کہنا شروع کیا۔ اس شخص کا چہرہ سرخ ہوگیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مجھے ایک ایسے کلمے کے بارے میں پتہ ہے' اگر یہ اسے پڑھ لے' تو اسے جو غصہ آرہا ہے وہ ختم ہوجائے گا وہ کلمہ اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم ہے۔ لوگوں نے اس شخص سے کہا: کیا تم نے سنا نہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا کہا ہے' تو اس نے کہا: میں پاگل نہیں ہوں۔ (یعنی میں نے سن لیا ہے)

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ اسْتِعْمَالِ الْفُحْشِ وَالْبَذَاءِ لِلْمَرْءِ فِيْ اَسْبَابِهٖ

آدمی کے لیے اپنے معمولات میں فحش گفتگو اور بدزبانی پر عمل کرنے کی ممانعت کا تذکرہ

5693 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ يَعْلَى بْنِ مَمْلَكٍ، عَنْ اُمِّ الدَّرْدَاءِ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

5692- إسناده صحيح على شرط الشيخين .وأخرجه البخاري (6115) في الأدب :باب الحذر من الغضب، والبغوي (1333) عن عثمان بن أبي شيبة، عن جرير، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 6/394، وابن أبي شيبة 8/533، والبخاري (3282) في بدء الخلق :باب صفة إبليس وجنوده، و (6048) في الأدب:باب ما ينهى عن السباب واللعن، ومسلم (2610) (109) و (110) في البر والصلة والآداب :باب فضل من يملك نفسه عند الغضب، وأبو داود (4781) في الأدب :باب ما يقال عند الغضب، والحاكم 2/441، والطبراني (6488) و (6489) من طرق عن الأعمش، به.

5693-حديث صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح غير يعلى بن مملك، فقد روى له البخاري في "الأدب المفرد"، وأبو داود والترمذي والنسائي، وذكره المؤلف في "الثقات" 5/556. "وله طريق آخر صحيح تقدم عند المؤلف برقم (481).

(متن حدیث): إِنَّ اَثْقَلَ مَا وُضِعَ فِيْ مِيزَانِ الْمُؤْمِنِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ خُلُقٌ حَسَنٌ، وَإِنَّ اللّٰهَ يُبْغِضُ الْفَاحِشَ الْبَذِيءَ

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''قیامت کے دن مومن کے نامہ اعمال میں لکھی جانے والی سب سے زیادہ وزنی چیز اچھے اخلاق ہوں گے اور اللہ تعالیٰ فحش گفتگو اور بدزبانی کرنے والے کو ناپسند کرتا ہے''۔

ذِكْرُ بُغْضِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْفَاحِشَ الْمُتَفَحِّشَ مِنَ النَّاسِ

اللہ تعالیٰ کا فحش گفتگو کرنے والے اور بدزبانی کرنے والے کو ناپسند کرنے کا تذکرہ

5694 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى*، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُوْسٰى مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِيْ قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ اِسْحَاقَ، يُحَدِّثُ عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): رَاَيْتُ اُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ يُصَلِّي عِنْدَ قَبْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَخَرَجَ مَرْوَانُ بْنُ الْحَكَمِ، فَقَالَ: تُصَلِّي اِلٰى قَبْرِهٖ؟ فَقَالَ: اِنِّيْ اُحِبُّهُ، فَقَالَ لَهُ قَوْلًا قَبِيْحًا، ثُمَّ اَدْبَرَ، فَانْصَرَفَ اُسَامَةُ، فَقَالَ: يَا مَرْوَانُ اِنَّكَ آذَيْتَنِيْ، وَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اِنَّ اللّٰهَ يُبْغِضُ الْفَاحِشَ الْمُتَفَحِّشَ، وَاِنَّكَ فَاحِشٌ مُتَفَحِّشٌ

عبید اللہ بن عبد اللہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک کے پاس نماز ادا کرتے ہوئے دیکھا۔ مروان بن حکم آیا' تو اس نے دریافت کیا کہ آپ قبر کی طرف رخ کر کے نماز ادا کر رہے ہیں' تو حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کرتا ہوں۔ مروان نے انہیں بری بات کہی پھر وہ منہ پھیر کر چلا گیا' تو حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ نے نماز ختم کی اور بولے: تم نے مجھے اذیت پہنچائی ہے میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

5694- إسناده حسن، رجال ثقات رجال الشيخين غير محمد بن إسحاق، فقد روى له البخاري تعليقاً، ومسلم متابعة، وأصحاب السنن، وهو صدوق .وأخرجه الطبراني في "الكبير 405") من طريق علي بن المديني، عن وهب بن جرير، لهذا الإسناد .ولفظه :رأيت أسامة بن زيد عند حجرة عائشة يدعو، فجاء مروان فأسمعه كلاماً، فقال أسامة :إِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يقول " :إن اللهَ عَزَّ وجَلَّ يُبغض الفاحش البذيء ."وأورده الهيثمي في "المجمع 8/64 "وقال :رجاله ثقات . وأخرج المرفوع منه الطبراني في "الكبير 399) " و404)) ، وفي "الأوسط 330) " ، والخطيب في "تاريخ بغداد " 13/188من طريقين عن عثمان بن حكيم، عن محمد بن أفلح مولى أبي أيوب، عن أسامة . وأخرجه أحمد 5/202عن حسين بن محمد، عن أبي معشر، عن سليم مولى ليث، عن أسامة .أبو معشر ضعيف، وسليم مولى ليث لا يعرف . وأورده الهيثمي في " المجمع 8/64 "وقال :رواه أحمد والطبراني في "الكبير "و "الأوسط "بأسانيد، وأحد أسانيد الطبراني رجاله ثقات.

"بے شک اللہ تعالیٰ فحش گفتگو کرنے والے اور بدزبانی کرنے والے کو ناپسند کرتا ہے۔"
اور تم فحش گفتگو کرنے والے اور بدزبانی کرنے والے ہو۔

ذِكْرُ وَصْفِ الْمُتَفَحِّشِ الَّذِي يُبْغِضُهُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا

بدزبانی کرنے والے شخص کی صفت کا تذکرہ جسے اللہ تعالیٰ ناپسند کرتا ہے

5695 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ يَعْلَى بْنِ مَمْلَكٍ، عَنْ اُمِّ الدَّرْدَاءِ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّ اَثْقَلَ مَا وُضِعَ فِيْ مِيزَانِ الْمُؤْمِنِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ خُلُقٌ حَسَنٌ، وَاِنَّ اللّٰهَ يُبْغِضُ الْفَاحِشَ الْبَذِيءَ *

❁❁ سیدہ ام درداء رضی اللہ عنہا حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں:
"قیامت کے دن مومن کے نامہ اعمال میں رکھی جانے والی سب سے وزنی چیز اچھے اخلاق ہوں گے اور بے شک اللہ تعالیٰ فحش گفتگو کرنے والے اور بدزبانی کا مظاہرہ کرنے والے شخص کو ناپسند کرتا ہے۔"

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مِنْ شِرَارِ النَّاسِ مَنِ اتُّقِيَ فُحْشُهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ لوگوں میں بدترین وہ لوگ ہوتے ہیں جن کی بدزبانی سے بچنے کی کوشش کی جائے

5696 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ الْخَلِيلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ حَرْمَلَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا اسْتَاْذَنَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا سَمِعَ صَوْتَهُ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَائِشَةَ: بِئْسَ الرَّجُلُ، اَوْ بِئْسَ ابْنُ الْعَشِيرَةِ فَلَمَّا دَخَلَ انْبَسَطَ اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا خَرَجَ، كَلَّمَتْهُ عَائِشَةُ فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قُلْتَ بِئْسَ الرَّجُلُ، اَوْ بِئْسَ ابْنُ الْعَشِيرَةِ فَلَمَّا دَخَلَ انْبَسَطْتَ اِلَيْهِ، فَقَالَ: يَا عَائِشَةُ شَرُّ النَّاسِ مَنْ يُتَّقَى النَّاسُ فُحْشَهُ

❁❁ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں اندر آنے کی اجازت مانگی جب

5695– صحیح، وهو مكرر (5693).

5696– حديث صحيح. هشام بن عمار: روى له البخاري تعليقاً ومتابعة، وهو صدوق، ومن فوقه من رجال الشيخين غير عبد الرحمن بن حرملة، فمن رجال مسلم. وقد تقدم برقم (4538).

نبی اکرم ﷺ نے اس کی آواز سنی' تو آپ ﷺ نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا یہ برا شخص ہے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) یہ اپنے خاندان کا برا فرد ہے' جب وہ شخص اندر آیا' تو نبی اکرم ﷺ نے اس کے ساتھ خوش اخلاقی کی جب وہ چلا گیا' تو سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس بارے میں نبی اکرم ﷺ سے بات کی۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: آپ ﷺ نے' تو یہ کہا تھا یہ برا شخص ہے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) یہ اپنے خاندان کا برا فرد ہے' لیکن جب وہ اندر آیا' تو آپ ﷺ نے اس کے ساتھ خوش اخلاقی کا مظاہرہ کیا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے عائشہ (رضی اللہ عنہا)! لوگوں میں سب سے برا وہ شخص ہوتا ہے' جس کی بدزبانی سے لوگ بچنے کی کوشش کریں۔

ذِكْرُ بُغْضِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْمُتَخَاصِمَ فِيْ ذَاتِ اللّٰهِ

اللہ تعالیٰ کا اس شخص کو ناپسند کرنے کا تذکرہ' جو اللہ تعالیٰ کی ذات کے بارے میں جھگڑا کرتا ہے

5697 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْذِرِ بْنِ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ اَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَبْغَضُ الرِّجَالِ اِلَى اللّٰهِ الْاَلَدُّ الْخَصِمُ

❀❀ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

''اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے زیادہ ناپسندیدہ شخص وہ ہے' جو سخت جھگڑالو ہو۔''

5697- إسناده صحيح .يوسف بن سعيد بن مسلّم :روى له النسائي، وهو ثقة، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين .حجاج بن محمد :هو المصيصي الأعور، وابن أبي ملكية :هو عبد الله بن عُبيد الله بن أبي ملكية التيمي المدني. وأخرجه البيهقي 10/108من طريق محمد بن إسحاق، عن حجاج، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 6/55و 63و205، والبخاري 2457)) في المظالم :باب قول الله تعالى :(وَهُوَ أَلَدُّ الْخِصَامِ) ، و4523)) في تفسير سورة البقرة :باب (وَهُوَ أَلَدُّ الْخِصَامِ) ، و7188)) في الأحكام :باب الألد الخصم، ومسلم 2668)) في العلم :باب في الألد الخصم، والترمذي 2976)) في تفسير القرآن :باب ومن سورة البقرة والنسائي 248-8/247في آداب القضاة :باب الألد الخصم، والبيهقي10/108، والبغوي2499)) من طرق عن ابن جريج، به.

بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ الْكَلَامِ وَمَا لَا يُكْرَهُ

باب! کون سی قسم کا کلام ناپسندیدہ ہے اور کون سی قسم کا ناپسندیدہ نہیں ہے

ذِكْرُ تَخَوُّفِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اُمَّتِهٖ قِلَّةَ حِفْظِهِمْ اَلْسِنَتَهُمْ

نبی اکرم ﷺ کا اپنی امت کے حوالے سے اس اندیشے کا شکار ہونا کہ وہ اپنی زبانوں کی حفاظت کم کریں گے

5698 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ اللَّخْمِيُّ، بِعَسْقَلَانَ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنَا يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي سُوَيْدٍ،

(متن حدیث): اَنَّ جَدَّهُ سُفْيَانَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الثَّقَفِيَّ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ حَدِّثْنِي بِاَمْرٍ اَعْتَصِمُ بِهٖ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُلْ: رَبِّيَ اللّٰهُ، ثُمَّ اسْتَقِمْ، قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا اَكْثَرُ مَا تَخَافُ عَلَيَّ؟ قَالَ: هٰذَا، وَاَشَارَ اِلٰى لِسَانِهٖ

❁❁ حضرت سفیان بن عبداللہ ثقفی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ (ﷺ)! آپ ﷺ مجھے کسی ایسی چیز کے بارے میں بتائیے جسے میں مضبوطی سے تھام لوں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم یہ کہو میرا پروردگار اللہ تعالیٰ ہے اور پھر (اس پر) استقامت اختیار کرو انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ (ﷺ)! آپ ﷺ کو میرے بارے میں سب سے زیادہ کس بات کا اندیشہ ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اس کا۔ آپ ﷺ نے اپنی زبان کی طرف اشارہ کر کے یہ بات ارشاد فرمائی۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ لِسَانَ الْمَرْءِ مِنْ اَخْوَفِ مَا يُخَافُ عَلَيْهِ مِنْهُ

اس بات کا تذکرہ' آدمی کی زبان ایک ایسی چیز ہے' جس کے بارے میں اس کے حوالے سے اندیشہ ہے

5698– حديث صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح غير محمد بن أبي السويد، فقد ذكره المؤلف في "الثقات5/363"، وقال: يروي عن جده سفيان بن عبد الله الثقفي، روى عن الزهري. وأخرجه أحمد 3/413و 4/384- 385، والدارمي 2/296، والنسائي في "الكبرى "كما في "التحفة4/20"، والطبراني "6398"، وابن أبي الدنيا في "الصمت"1""، والخطيب في "تاريخه2/370"و9/234و 454من طريق شعبة وهشيم، عَنْ يَعْلَى بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بن سفيان =

5699 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَبَّانُ بْنُ مُوسَى، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَاعِزٍ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الثَّقَفِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): قُلْتُ: يَارَسُولَ اللّٰهِ، حَدِّثْنِي بِاَمْرٍ اَعْتَصِمُ بِهِ، قَالَ: قُلْ: رَبِّيَ اللّٰهُ، ثُمَّ اسْتَقِمْ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا اَخْوَفُ مَا تَخَافُ عَلَيَّ؟ قَالَ: فَاَخَذَ بِلِسَانِ نَفْسِهِ ثُمَّ قَالَ: هٰذَا

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: الْمَعْنٰى فِيْ اَخْذِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِسَانَهُ بِيَدِهِ وَقَالَ: هٰذَا، وَقَدْ اَمْكَنَهُ اَنْ يَّقُولَ: اللِّسَانُ، مِنْ غَيْرِ اَنْ يَّاْخُذَ لِسَانَهُ اَنَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ عَالِمًا بِالْعِلْمِ الَّذِيْ كَانَ يُعَلِّمُ النَّاسَ، فَاَرَادَ اَنْ يَّسْبِقَ نَفْسَهُ اِلَى الْعَمَلِ بِالْعِلْمِ الَّذِيْ اسْتُعْلِمَ، فَعَلِمَ بِاَنَّهُ اَخْبَرَ السَّائِلَ بِاَنَّ اَخْوَفَ مَا يَخَافُ عَلَيْهِ اَنْ يُّورِدَ صَاحِبَهُ الْمَوَارِدَ، وَاَمَرَهُ اَنْ يَّقْبِضَ عَلَيْهِ، وَلَا يُطْلِقَهُ، فَعَمِلَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَا كَانَ يَعْلَمُهُ اَوَّلًا، حَتّٰى يُفَصِّلَ مَوَاضِعَ الْعِلْمِ وَالتَّعْلِيمِ

حضرت سفیان بن عبداللہ ثقفی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے کسی ایسی چیز کے بارے میں بتائیے جسے میں مضبوطی سے تھام لوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم یہ کہو میرا پروردگار اللہ تعالیٰ ہے اور پھر استقامت اختیار کرو میں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو میرے بارے میں سب سے زیادہ کس چیز کا اندیشہ ہے۔ راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی زبان پکڑی اور پھر ارشاد فرمایا: اس کا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنے دست مبارک کے ذریعے اپنی زبان پکڑنا اور یہ فرمانا: "یہ"۔ اس کا مطلب یہ ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم لفظ "زبان" ارشاد فرمانا چاہ رہے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس چیز کے بارے میں علم تھا جس کی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو تعلیم دینی تھی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس علم کے بارے میں عمل کرنے کے حوالے سے پہلے اپنی ذات سے آغاز کیا جس کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا تھا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سوال کرنے والے کو یہ بات بتائی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس شخص کے حوالے سے سب سے زیادہ اندیشہ اس بات کا ہے' زبان والا شخص مشکل میں پھنس سکتا ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے یہ حکم دیا کہ وہ اپنی زبان پر قابو رکھے اسے کھلا نہ چھوڑے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جس چیز کی تعلیم دینی تھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے اس پر خود عمل کیا تا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم علم اور تعلیم کے مقامات کو تفصیل سے بیان کر دیں۔

5699- حديث صحيح، عبد الرحمن بن ماعز ويقال :ماعز بن عبد الرحمن، ويقال :محمد بن عبد الرحمن بن ماعز، كما سيأتي برقم "5700"و "5702" ذكره المؤلف في "الثقات ,5/109"وروى عنه جمع، أخرج له الترمذي والنسائي، وباقي رجاله ثقات رجال الصحيح .عبد الله :هو ابن المبارك . وأخرجه أحمد ,3/413والترمذي "2410"في الزهد :باب ماجاء في حفظ اللسان ,وابن أبي الدنيا في "الصمت "6" من طرق عن عبد الله بن المبارك، بهذا الإسناد .وقال الترمذي :هذا حديث حسن صحيح. وأخرجه الدارمي2/298عن أبي نعيم، عن إبراهيم بن إسماعيل بن=

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ لِسَانَ الْمَرْءِ مِنْ اَخْوَفِ مَا يُخَافُ عَلَيْهِ عَصَمَنَا اللّٰهُ وَكُلَّ مُسْلِمٍ مِّنْ شَرِّهٖ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' آدمی کی زبان ایسی چیز ہے' جس کے بارے میں سب سے زیادہ اندیشہ ہے' اللہ تعالیٰ ہمیں اور ہر مسلمان کو اس کے شر سے محفوظ رکھے

5700 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَحْطَبَةَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبَانَ الْقُرَشِيُّ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَاعِزٍ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الثَّقَفِيِّ،

(متن حدیث): قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ حَدِّثْنِيْ بِاَمْرٍ اَعْتَصِمُ بِهٖ، قَالَ: قُلْ: رَبِّيَ اللّٰهُ، ثُمَّ اسْتَقِمْ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا اَشَدُّ مَا تَخَافُ عَلَيَّ؟ فَاَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلِسَانِ نَفْسِهٖ

حضرت سفیان بن عبداللہ ثقفی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے کسی ایسی چیز کے بارے میں بتائیے جسے میں مضبوطی سے تھام لوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم یہ کہو میرا پروردگار اللہ تعالیٰ اور پھر استقامت اختیار کرو۔ راوی بیان کرتے ہیں: میں نے دریافت کیا: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو میرے بارے سب سے زیادہ اندیشہ کس بات کا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی زبان پکڑی اور فرمایا: اس کا۔

ذِكْرُ اِيجَابِ دُخُوْلِ الْجَنَّةِ لِمَنْ حَفِظَ لِسَانَهٗ عَمَّا لَا يَحِلُّ

ایسے شخص کے جنت میں داخل ہونے کے لازم ہونے کا تذکرہ' جو اپنی زبان کی ان چیزوں کے حوالے سے حفاظت کرتا ہے' جو جائز نہیں ہیں

5701 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ، بِبُسْتَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ الْمُقَدَّمِيُّ، عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ يَّتَوَكَّلُ لِيْ مَا بَيْنَ لَحْيَيْهِ اَتَوَكَّلُ لَهُ الْجَنَّةَ

حضرت سہل سعد رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جو شخص مجھے دو جبڑوں کے درمیان (موجود زبان) کے بارے میں ضمانت دے میں اسے جنت کی ضمانت دیتا ہوں۔''

5700- اسناد صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن عبد الأعلى، فمن رجال مسلم، أبو حازم :هو سلمة بن دينار. وأخرجه الترمذي "2408"في الزهد :باب ما جاء في حفظ اللسان عن محمد بن عبج الأعلى، بهذا الإسناد .وقال :حسن صحسح غريب. وأخرجه أحمد 5/333،والبخاري "6474"في الرقاق :باب حفظ اللسان، و "6807"في الحدود :باب فضل من ترك الفواحش، والطبراني"5960"،وابن أبي الدنيا في "الصمت"3""، والبيهقي في "السنن8/166"،وفي"الآداب"393""، والبغوي "4122"من طرق عن عمر بن علي، به.

5701- حديث صحيح، وهو مكرر "5699"و ."5700"الزبيدي :هو محمد بن الوليد

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ حِفْظِ لِسَانِهِ، لِاَنَّ تَعَاهُدَ اللِّسَانِ اَوَّلُ مَطِيَّةِ الْعُبَّادِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' آدمی پر یہ بات لازم ہے' وہ اپنی زبان کی حفاظت کرے کیونکہ زبان کی حفاظت کرنا عبادت گزار لوگوں کا پہلا کام ہے

5702 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ الْكَلَاعِيُّ، بِحِمْصَ قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ، عَنِ الزُّبَيْدِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مَاعِزِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْعَامِرِيِّ،

(متن حدیث): اَنَّ سُفْيَانَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الثَّقَفِيَّ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، حَدِّثْنِي بِاَمْرٍ اَعْتَصِمُ بِهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُلْ: رَبِّيَ اللّٰهُ، ثُمَّ اسْتَقِمْ ، قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا اَكْثَرُ مَا تَخَافُ عَلَيَّ؟ فَاَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلِسَانِ نَفْسِهِ،

(توضیح مصنف): ثُمَّ قَالَ: هٰذَا مَاعِزُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَهُ الزُّبَيْدِيُّ، وَهُوَ مُتْقِنٌ

❁❁ حضرت سفیان بن عبداللہ ثقفی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! آپ مجھے کسی ایسی چیز کے بارے میں بتائیے جسے میں مضبوطی سے تھام لوں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم یہ کہو کہ میرا پروردگار اللہ تعالیٰ ہے اور پھر استقامت اختیار کرو۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! آپ کو میرے بارے میں سب سے زیادہ اندیشہ کس بات کا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی زبان پکڑی اور پھر فرمایا: اس کا۔

ماعز نامی راوی کا نام ماعز بن عبدالرحمٰن ہے یہ بات زبیدی نے بیان کی ہے اور یہ راوی متقن ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مَنْ عُصِمَ مِنْ فِتْنَةِ فَمِهِ، وَفَرْجِهِ رُجِيَ لَهُ دُخُولُ الْجَنَّةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' جو شخص اپنے منہ اور شرمگاہ کے حوالے سے محفوظ ہو گیا اس کے جنت میں داخلے کی امید کی جاسکتی ہے

5703 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ الْخَلِيلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ وُقِيَ شَرَّ مَا بَيْنَ لَحْيَيْهِ، وَرِجْلَيْهِ دَخَلَ الْجَنَّةَ

5702– إسناده حسن، رجاله رجال الصحيح غير ابن عجلان - واسمه محمد - فقد روى له مسلم متابعة، وهو صدوق، وأبو خالد الأحمر - وهو سليمان بن حيان - وثقه غير واحد من الأئمة، وقال ابن معين: صدوق، وليس بحجة، وذكر له ابن عدى عدة أحاديث أخطأ فيها، فمثله يكون حسن الحديث.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جس شخص کو دو جبڑوں کے درمیان (موجود زبان) اور دو ٹانگوں کے درمیان (موجود شرم گاہ) کے شر سے بچالیا گیا وہ جنت میں داخل ہوگا۔''

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ اسْتِعْمَالِ الْمَرْءِ الْبَذَاءَ فِيْ اَسْبَابِهٖ، اِذِ الْبَذَاءُ مِنَ الْجَفَاءِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی اپنے معمولات میں بدزبانی پر عمل پیرا ہو' کیونکہ بدزبانی جفا کا حصہ ہے

5704 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ ذُرَيْحٍ، بِعُكْبَرَا قَالَ: اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُوْسَى الْفَزَارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِيْ بَكْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَلْبَذَاءُ مِنَ الْجَفَاءِ، وَالْجَفَاءُ فِي النَّارِ، وَالْحَيَاءُ مِنَ الْاِيْمَانِ، وَالْاِيْمَانُ فِي الْجَنَّةِ

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''بدزبانی جفا کا حصہ ہے اور جفا جہنم میں لے جاتی ہے حیا ایمان کا حصہ ہے اور ایمان جنت میں ہوگا۔''

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالصَّدَقَةِ لِمَنْ قَالَ هُجْرًا فِيْ كَلَامِهٖ

جو شخص کلام کے دوران کوئی بری بات کہہ دیتا ہے اسے صدقہ کرنے کا حکم ہونے کا تذکرہ

5705 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ حَلَفَ بِاللَّاتِ وَالْعُزّٰى، فَلْيَقُلْ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَمَنْ قَالَ لِصَاحِبِهٖ: تَعَالَ اُقَامِرْكَ، فَلْيَتَصَدَّقْ بِشَيْءٍ

5705– حديث صحيح، ابن أبي السرى ـ وهو محمدبن المتوكل ـ قد توبع، ومَنْ فوقه ثقات من رجال الشيخين، وهو في "مصنف عبد الرزاق."15931" "ومن طريق عبد الرزاق أخرجه أحمد2/309، ومسلم "1647"في الأيمان :باب "من حلف باللات والعزى، فليقل :لا إله إلا الله"، وأبو داود "3247"في الأيمان والنذور :باب الحلف بالأنداد .وأخرجه البخاري "6107" في تفسير سورة النجم، و "6650"في الأيمان :باب لا يحلف باللات والعزى ولا بالطواغيت، ومن طريقه البغوي "2433"عن هشام بن يوسف، عن معمر، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري "6107"في الأدب :باب من لم ير إكفار من قال ذلك متأولاً أوجاهلاً، و "6301"في الإستئذان :باب كل لهو باطل إذا شغله عن طاعة الله، ومسلم "1647"، والترمذي "1545"في النذور والأيمان : باب رقم "17"، والنسائي 7/7في الأيمان :باب الحلف باللات÷ وابن ماجة "2096"في الكفارات :باب النهي أن يحلف بغير الله، والبيهقي 1/148ـ149و149من طريق الزهري، به

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جو شخص ''لات'' اور ''عزیٰ'' کی قسم اٹھاتا ہے اسے لا الٰہ الا اللہ پڑھنا چاہئے اور جو شخص اپنے ساتھی سے یہ کہتا ہے: آؤ تا کہ میں تمہارے ساتھ جوا کھیلوں' اسے کوئی چیز صدقہ کرنی چاہئے۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْءَ يَهْوِى فِى النَّارِ نَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْهَا بِالشَّىْءِ الْيَسِيرِ الَّذِىْ يَقُوْلُهُ، وَلَيْسَ لِلّٰهِ فِيْهِ رِضًا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' بعض اوقات آدمی کوئی معمولی سی بات کہہ دینے کی وجہ سے جہنم میں گرتا چلا جاتا ہے' جس بات میں اللہ تعالیٰ کی رضامندی نہیں ہوتی اللہ تعالیٰ ہمیں جہنم سے بچا کر رکھے

5706 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ بَحْرٍ الْعُقَيْلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ الْحَارِثِ التَّيْمِيِّ، عَنْ عِيْسَى بْنِ طَلْحَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اِنَّ الرَّجُلَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مَا يَرَى بِهَا بَاْسًا يَهْوِى بِهَا فِى النَّارِ سَبْعِيْنَ خَرِيْفًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''آدمی کوئی بات کرتا ہے' جس میں وہ کوئی حرج نہیں سمجھتا' لیکن وہ اس بات کی وجہ سے ستر برس تک جہنم میں گرتا رہے گا۔''

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ اِسْحَاقَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے

اس روایت کو محمد بن ابراہیم تیمی سے نقل کرنے میں ابن اسحاق نامی راوی منفرد ہے (روایت کے متن میں راوی کا نام ابن ہاد ہے' جب کہ باب میں یہ نام مختلف ہے)

5707 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ، عَنِ ابْنِ الْهَادِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عِيْسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، اَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

5706- حديث صحيح، محمد بن عثمان بن بحر العقيلي صدوق، ومَنْ فوقه ثقات من رجال الشيخين غير محمد بن إسحاق، فقد علّق له البخاري، وروى له مذكر الْبَيَانِ بِأَنَّ الْمَرْءَ يَهْوِى فِى النَّارِ نَعُوذُ بِاللّٰهِ

(متن حدیث): إِنَّ الْعَبْدَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ يَنْزِلُ بِهَا فِي النَّارِ أَبْعَدَ مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''آدمی (بعض اوقات) کوئی بات کہہ دیتا ہے' جس کی وجہ سے وہ جہنم میں اس سے زیادہ گہرائی میں گرے گا جتنا مشرق اور مغرب کے درمیان فاصلہ ہے۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِأَنَّ الْقَائِلَ مَا وَصَفْنَا قَدْ يَهْوِي فِي النَّارِ بِهِ مِثْلَ مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' جس چیز کا ہم نے ذکر کیا ہے' اسے کہنے والا شخص بعض اوقات جہنم میں اتنی گہرائی میں جائے گا' جتنا مشرق اور مغرب کے درمیان فاصلہ ہے

5708 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَيْوَةُ، عَنِ ابْنِ الْهَادِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عِيسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): إِنَّ الْعَبْدَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مَا يَتَبَيَّنُ فِيهَا، يَنْزِلُ بِهَا فِي النَّارِ أَبْعَدَ مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''بعض اوقات بندہ کوئی بات کہتا ہے' جسے وہ بڑی بات نہیں سمجھتا' لیکن وہ اس کی وجہ سے جہنم میں اتنی گہرائی میں گرے گا' جو اس سے زیادہ ہوگی جتنا مشرق اور مغرب کے درمیان فاصلہ ہے۔''

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ نَفْيِ جَوَازِ التَّنَابُزِ بِالْأَلْقَابِ

دوسروں کو برے القاب دینے کے جائز ہونے کی نفی کی اطلاع کا تذکرہ

5709 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، قَالَ: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ

5707- إسناده صحيح على شرط الشيخين ابن الهاد :وهو يزيد بن عبد الله بن أسامة بن الهادى الليثي . وأخرجه مسلم "49" "2988"في الزهد :باب التكلم بالكلمة يهوى بها في النار، عن قتيبة بن سعيد، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري "6477"في الرقاق :باب حفظ اللسان، ومسلم "50" "2988"من طريقين عن ابن الهاد، به. وأخرجه أحمد 2/378- 379عن قتيبة، عن بكر بن مضر، عن يزيد ابن الهاج، عن محمد بن إبراهيم، عن أبي سلمة، عن أبي هريرة. وانظر الحديث السابق والحديث الآتي.

5708- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة بن يحيى، فمن رجال مسلم .ابن وهب: هو عبد الله بن وهب بن مسلم، وحيوة :هو ابن شريح التجيبي المصري.

دَاوُدَ بْنِ اَبِیْ هِنْدٍ، عَنِ الشَّعْبِیِّ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ اَبِیْ جَبِیرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَتْ لَهُمُ اَلْقَابٌ فِی الْجَاهِلِيَّةِ، فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا بِلَقَبِهٖ، فَقِيلَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّهٗ يَكْرَهُهٗ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ: (وَلَا تَنَابَزُوا بِالْاَلْقَابِ بِئْسَ الْاِسْمُ الْفُسُوقُ بَعْدَ الْاِيْمَانِ) (الحجرات: 11)، قَالَ: وَكَانَتِ الْاَنْصَارُ يَتَصَدَّقُوْنَ وَيُعْطُوْنَ مَا شَاءَ اللّٰهُ، حَتّٰى اَصَابَتْهُمْ سَنَةٌ، فَاَمْسَكُوا، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ: (وَاَنْفِقُوْا فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا تُلْقُوْا بِاَيْدِيكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ وَاَحْسِنُوا اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ) (البقرة: 195)

حضرت ضحاک بن ابوجبیرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: زمانہ جاہلیت میں ان لوگوں کے القاب ہوتے تھے۔ نبی اکرم ﷺ نے ایک شخص کو اس کے لقب کے ساتھ بلایا۔ نبی اکرم ﷺ کو بتایا گیا یارسول اللہ (ﷺ)! یہ شخص اسے ناپسند کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی:

''ایک دوسرے کے برے نام نہ رکھو (کسی کے) ایمان لانے کے بعد اسے فاسق کہنا برا نام ہے''۔

راوی بیان کرتے ہیں: انصار کا یہ معمول تھا کہ جو اللہ کا منظور ہوتا وہ صدقہ کیا کرتے تھے اور عطیات دیا کرتے تھے یہاں تک کہ ایک مرتبہ انہیں قحط سالی لاحق ہوئی تو انہوں نے ایسا کرنا ختم کردیا، تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

''اور تم لوگ اللہ کی راہ میں خرچ کرو اور اپنے ہاتھوں کو ہلاکت کی طرف نہ لے جاؤ اور اچھائی کرو بیشک اللہ تعالیٰ اچھائی کرنے والوں کو پسند کرتا ہے''۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ قَوْلِ الْمَرْءِ لِاَخِيهِ: قَبَّحَ اللّٰهُ وَجْهَكَ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کوئی شخص اپنے بھائی کو یہ کہے: اللہ تعالیٰ تمہارے چہرے کو قبیح کرے

5710 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لَا يَقُوْلَنَّ اَحَدُكُمْ: قَبَّحَ اللّٰهُ وَجْهَكَ، وَوَجْهَ مَنْ اَشْبَهَ وَجْهَكَ، فَاِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ آدَمَ عَلٰى

5709– إسناده صحيح على مسلم غير صحابيه، فقدروى له أصحاب السنن وقد سماه المصنف هنا وفى "الثقات" 3/199: الضحاك بن أبي جبيرة، وقال: له صحبة، قلت: واختلف فيه على الشعبي، فقال حماد بن سلمة: عن دواد بن أبي هند، عن الشبي، عن الضحاط بن أبي جبيرة ... وری بشر بن المفضل، وإسماعيل بن علية، عن داود بن أبي هند، عن الشعبي، عن أبي جبيرة بن الضحاك. قال الحافظ في "الإصابة: 2/197" وهو مقلوب، والصواب أبو جبيرة بي الضحاك. وأخرجه أحمد 5/380 عن حفص بن غياث، عن جاوج بن أبي هنج، عن الشعبي، عن أبي جبيرة، به. وأورده السيوطي في "الجر المنثور 7/563"، وزاد نسبته إلى عبد بن حميد، وابن المنذر، والبغوي في "معجمه"، والشيرازي في "الألقاب"، وابن مردويه، والبيهقي في "الشعب." وأخرج القسم الثاني منه الطبراني "970"/22 عن محمد بن عبد الله الحضرمي، عن هدبة، به. وأورده السيوطي في "الدر المنثور 1/500" وزاد نسبته إلى عند بن حميد، والبغوي في "معجمه" وقال الهيثمي في "المجمع: 6/317" رواه الطبراني في "الكبير" والأوسط، ورجالهما رجال الصحيح.

صُوْرَتِهِ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: يُرِيْدُ بِهٖ عَلٰى صُوْرَةِ الَّذِىْ قِيلَ لَهٗ: قَبَّحَ اللّٰهُ وَجْهَكَ مِنْ وَلَدِهٖ، وَالدَّلِيلُ عَلٰى اَنَّ الْخِطَابَ لِبَنِىْ آدَمَ دُوْنَ غَيْرِهِمْ قَوْلُهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَوَجْهَ مَنْ اَشْبَهَ وَجْهَكَ، لِاَنَّ وَجْهَ آدَمَ فِي الصُّوْرَةِ تُشْبِهُ صُوْرَةَ وَلَدِهٖ

❀❀ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ ٗ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''کوئی شخص یہ بات ہرگز نہ کہے اللہ تعالیٰ تمہارے چہرے کو قبیح کرے' اور اس چہرے کو قبیح کرے جو تمہارے چہرے کے ساتھ مشابہت رکھتا ہے اس کی وجہ یہ ہے' اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو اپنی صورت پر پیدا کیا ہے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس سے مراد اس آدمی کی صورت ہے' جس سے یہ کہا گیا ہے' اللہ تعالیٰ تمہارے چہرے کو قبیح کرے جو حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد سے تعلق رکھتا ہے اور اس بات کی دلیل کہ یہاں خطاب اولاد آدم کو ہے اور ان کے علاوہ کسی اور کو نہیں ہے وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے:

''اور اس چہرے کو جو تمہارے چہرے کے ساتھ مشابہت رکھتا ہے'' اس کی وجہ یہ ہے' حضرت آدم علیہ السلام کا چہرہ ان کی اولاد کی شکل وصورت سے مشابہت رکھتا ہے''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ قَوْلَ الْمَرْءِ: لَا يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكَ، مِمَّا قَدْ يُخَافُ عَلَيْهِ الْعُقُوبَةُ بِهٖ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' آدمی کا یہ کہنا: ''اللہ تعالیٰ تمہاری مغفرت نہ کرے'' ان کلمات میں شامل ہے جن کے حوالے سے اس آدمی کو سزا ملنے کا خوف ہے۔

5711 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ حَاتِمِ بْنِ وَرْدَانَ حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ،

5710– إسناده حسن من أجل ابن عجلان، فقد روى له مسلم متابعة وهو صدوق، وقد توبع .سفيان :هو ابن عيينة، وسعيد هو ابن أبي عروبة. وأخرجه البخاري في "الأدب المفرد"172" "و"173"، والحميدي "1120"والآجري في "الشريعة"ص 314 من طريق سفيان، بهذا الإسناد وأخرجه أحمد2/251و434،وابن خزيمة في "التوحيد "ص36و37،والخطيب في "تاريخه2/220"-221والبيهقي في "الأسماء والصفات 2/17"من طريقين عن ابن عجلان. وأخرجه الآجري ص 314عن إبراهيم بن الهيثم الناقد، قَالَ :حَدَّثَنَا أَبُو مَعْمَرٍ الْقُطَيْعِيُّ، قَالَ :حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أب هريرة. وقد تقدم حديث أبي هريرة" :إِذَا ضَرَبَ أَحَدُكُمْ فَلْيَجْتَنِبِ الْوَجْهَ، فَإِنَّ اللَّهَ خلق آدم عاى صورته "برقم"5605"

5711– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير صالح بن حاتم بن وردان، فمن رجال مسلم .أبو عمران الجوني :هو عبد الملك بن حبيب .وهو في "مسند أبي يعلى "1529" "وأخرجه الطبراني "1679"عن عبدان بن أحمد، عن صالح، بهذا الإسناد.وأخرجه مسلم "2621"في البر والصلة :باب النهي عن تقنيط الإنسان من رحمة الله تعالى، والطبراني"1679"من طريقين عن معتمر بن سليمان، به.

قَالَ: سَمِعْتُ اَبِي يُحَدِّثُ، عَنْ اَبِي عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): قَالَ رَجُلٌ: وَاللّٰهِ لَا يَغْفِرُ اللّٰهُ لِفُلَانٍ، فَقَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى: قَدْ غَفَرْتُ لِفُلَانٍ، وَاَحْبَطْتُ عَمَلَكَ

حضرت جندب بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''ایک شخص نے کہا: اللہ کی قسم اللہ تعالیٰ فلاں شخص کی مغفرت نہیں کرے گا' تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میں نے فلاں کی مغفرت کردی اور تمہارے عمل کو ضائع کردیا۔''

ذِكْرُ وَصْفِ هٰذَيْنِ الرَّجُلَيْنِ اللَّذَيْنِ قَالَ اَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهٖ مَا قَالَ

ان دو آدمیوں کی صفت کا تذکرہ جن میں سے ایک آدمی نے اپنے ساتھی سے یہ بات کہی

5712 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، حَدَّثَنَا ضَمْضَمُ بْنُ جَوْسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): دَخَلْتُ مَسْجِدَ الرَّسُوْلِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاِذَا اَنَا بِشَيْخٍ مُصَفِّرٍ رَاْسَهُ، بَرَّاقِ الثَّنَايَا، مَعَهُ رَجُلٌ اَدْعَجُ، جَمِيلُ الْوَجْهِ، شَابٌّ، فَقَالَ الشَّيْخُ: يَا يَمَامِيُّ تَعَالَ، لَا تَقُوْلَنَّ لِرَجُلٍ اَبَدًا: لَا يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكَ، وَاللّٰهِ لَا يُدْخِلُكَ اللّٰهُ الْجَنَّةَ اَبَدًا، قُلْتُ: وَمَنْ اَنْتَ؟ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ قَالَ: اَنَا اَبُوْ هُرَيْرَةَ، قُلْتُ: اِنَّ هٰذِهٖ لَكَلِمَةٌ يَقُوْلُهَا اَحَدُنَا لِبَعْضِ اَهْلِهٖ اَوْ لِخَادِمِهٖ اِذَا غَضِبَ عَلَيْهَا، قَالَ: فَلَا تَقُلْهَا، اِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: كَانَ رَجُلَانِ مِنْ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ مُتَوَاخِيَيْنِ، اَحَدُهُمَا مُجْتَهِدٌ فِي الْعِبَادَةِ، وَالْاٰخَرُ مُذْنِبٌ، فَاَبْصَرَ الْمُجْتَهِدُ الْمُذْنِبَ عَلٰى ذَنْبٍ، فَقَالَ لَهٗ: اَقْصِرْ، فَقَالَ لَهٗ: خَلِّنِيْ وَرَبِّيْ، قَالَ: وَكَانَ يُعِيْدُ ذٰلِكَ عَلَيْهِ، وَيَقُوْلُ: خَلِّنِيْ وَرَبِّيْ، حَتّٰى وَجَدَهٗ يَوْمًا عَلٰى ذَنْبٍ، فَاسْتَعْظَمَهٗ، فَقَالَ: وَيْحَكَ اَقْصِرْ قَالَ: خَلِّنِيْ وَرَبِّيْ، اَبُعِثْتَ عَلَيَّ رَقِيْبًا؟ فَقَالَ: وَاللّٰهِ لَا يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكَ اَبَدًا، اَوْ قَالَ: لَا يُدْخِلُكَ اللّٰهُ الْجَنَّةَ اَبَدًا، فَبُعِثَ اِلَيْهِمَا مَلَكٌ فَقَبَضَ اَرْوَاحَهُمَا، فَاجْتَمَعَا عِنْدَهٗ جَلَّ وَعَلَا، فَقَالَ رَبُّنَا لِلْمُجْتَهِدِ: اَكُنْتَ عَالِمًا؟ اَمْ كُنْتَ قَادِرًا عَلٰى مَا فِيْ يَدِيْ؟ اَمْ تَحْظُرُ رَحْمَتِيْ عَلٰى عَبْدِيْ؟ اذْهَبْ اِلَى الْجَنَّةِ يُرِيْدُ الْمُذْنِبَ وَقَالَ لِلْاٰخَرِ: اذْهَبُوْا بِهٖ اِلَى النَّارِ، فَوَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَتَكَلَّمَ بِكَلِمَةٍ اَوْبَقَتْ دُنْيَاهُ وَاٰخِرَتَهٗ

5712– إسناده حسن، رجاله ثقات رجال الصحيح غير ضمضم بن جوس، فقد روى له الأربعة وهو ثقة، وعكرمة وإن كان من رجال مسلم فيه كلام ينزله عن رتبة الصحيح. أبو الوليد الطيالسي: هو هشام بن عبد الملك. وأخرجه أحمد 2/323 و363، وأبو داود "4901" في الأدب: باب في النهي عن البغي، والمزي في "تهذيب الكمال" في ترجمة ضمضم بن جوس، من طرق عن عكرمة بن عمار، بهذا الإسناد.

حضرت ضمضم بن جوس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد میں داخل ہوا' تو وہاں ایک عمر رسیدہ شخص تھا جس کے بالوں کا رنگ زرد تھا' اس کے دانت انتہائی چمکدار تھے اس کے ساتھ ایک نوجوان تھا جو بہت خوب صورت اور جوان تھا بوڑھے شخص نے کہا: اے یمامی تم آگئے آؤ تم کسی بھی شخص کو یہ کبھی نہ کہنا ''اللہ تعالیٰ تمہاری مغفرت نہ کرے'' اللہ کی قسم اللہ تعالیٰ تمہیں کبھی جنت میں داخل نہیں کرے گا، میں نے دریافت کیا آپ کون ہیں اللہ تعالیٰ آپ پر رحم کرے انہوں نے جواب دیا: میں ابو ہریرہ ہوں' میں نے کہا: اس طرح کا کلمہ' تو ہم میں سے کوئی شخص اپنی بیوی یا خادم کے لیے استعمال کرتا ہے' جب وہ اس پر غصے کا اظہار کرتا ہے' تو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا تم یہ نہ کہنا کیونکہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''بنی اسرائیل میں دو آدمی تھے جو ایک دوسرے کے بھائی بنے ہوئے تھے ان میں سے ایک شخص عبادت میں اہتمام کرتا تھا اور دوسرا گنہگار تھا عبادت گزار شخص نے گناہ کرنے والے شخص کو دیکھا' تو اس سے کہا تم اس میں کمی کر دو' تو دوسرے شخص نے کہا: تم یہ معاملہ میرے اور میرے پروردگار کے درمیان رہنے دو۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں اس شخص نے اپنی بات اس کے سامنے دہرائی' تو اس شخص نے آگے سے یہی جواب دیا: تم مجھے اور میرے پروردگار کو چھوڑ دو' یہاں تک کہ عبادت گزار نے ایک دن اسے گناہ کرتے ہوئے دیکھا' تو اسے اس کا گناہ بڑا لگا اس نے کہا: تمہارا ستیاناس ہو تم گناہ کرنے سے باز آجاؤ۔ دوسرے شخص نے کہا: تم مجھے اور میرے پروردگار کو چھوڑ دو کیا تمہیں مجھ پر نگران بنا کر بھیجا گیا ہے' تو عبادت گزار نے کہا: اللہ کی قسم اللہ تعالیٰ تمہاری مغفرت کبھی نہیں کرے گا (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) اس نے کہا: اللہ تعالیٰ تمہیں کبھی جنت میں داخل نہیں کرے گا (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں) پھر ان دونوں کی طرف فرشتے کو بھیجا گیا اس نے ان دونوں کی ارواح کو قبض کر لیا وہ دونوں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اکٹھے ہوئے' تو پروردگار نے عبادت گزار سے دریافت کیا: کیا تم عالم ہو یا تم اس بات پر قدرت رکھتے ہو کہ جو کچھ میرے اختیار میں ہے یا تم میری رحمت کو میرے بندے پر ہونے سے روکتے ہو تم جنت کی طرف جاؤ۔ (راوی کہتے ہیں: یعنی اللہ تعالیٰ نے گنہگار شخص سے یہ فرمایا) اور دوسرے سے فرمایا اسے جہنم کی طرف لے جاؤ

(نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یا شاید حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا:) اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے اس نے ایک ایسی بات کہی ہے' جس نے اس کی دنیا اور آخرت کو برباد کر دیا۔''

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ إِضَافَةِ الْأُمُورِ إِلَى الْبَارِي جَلَّ وَعَلَا، دُونَ التَّشَكِّي مِنْ دَهْرِهِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' آدمی پر یہ بات لازم ہے: وہ امور کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کرے اور اس بارے میں زمانے سے شکایت نہ کرے

5713 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْقَطَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ مُوسَى الْأَنْصَارِيُّ،

قَالَ: حَدَّثَنَا مَعْنُ بْنُ عِيسَى، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اَبِى الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا يَقُوْلَنَّ اَحَدُكُمْ: وَاخَيْبَةَ الدَّهْرِ، فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الدَّهْرُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''کوئی بھی شخص یہ نہ کہے: زمانے کا ستیاناس ہو کیونکہ اللہ تعالیٰ ہی زمانے (کو چلانے والا) ہے۔''

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنِ السَّبَبِ الَّذِى مِنْ اَجَلِهٖ قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الدَّهْرُ

اس کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ جس کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا تھا:

''اللہ تعالیٰ ہی زمانہ ہے''

5714 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنِى اَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): قَالَ اللّٰهُ: يَسُبُّ ابْنُ آدَمَ الدَّهْرَ، وَاَنَا الدَّهْرُ، بِيَدِى اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''اللہ تعالیٰ فرماتا ہے انسان زمانے کو برا کہتا ہے' حالانکہ میں زمانہ ہوں رات اور دن میرے دست قدرت میں ہیں۔''

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِاَنَّ الدَّهْرَ يُنْسَبُ اِلَى اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عَلٰى حَسَبِ الْخَلْقِ، دُوْنَ اَنْ يَّكُوْنَ ذٰلِكَ مِنْ صِفَاتِهٖ جَلَّ رَبُّنَا وَتَعَالٰى عَنْهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ' جو اس بات کی صراحت کرتی ہے' زمانے کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف

مخلوق ہونے کے حوالے سے کی جاتی ہے اس سے یہ مراد نہیں ہے' زمانہ اللہ تعالیٰ کی صفات میں شامل ہے' ہمارا پروردگار اس سے بلند و برتر ہے (کہ اس کی کسی مخلوق کو اس کی صفات میں شامل کیا جائے)

5715 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِىُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا

5714- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة فمن رجال مسلم ابن وهب :هو عبد الله بن وهب، ويونس :هو ابن يزيد الأيلي .وأخرجه مسلم "2246" "1" عن حرملة بن يحيى، بهذا الإسناد .وأخرجه مسلم "2246" "1"، والطبري 25/152، والبيهقي 3/365 من طرق عن ابن وهب، به .وأخرجه البخاري "6181" في الأدب :باب لا تسبوا الدهر، والبيهقي 3/365 من طريق الليث، عن يونس، به .والبغوي "3388" من طريق ابن سيرين، عن أبي هريرة. أخرجه أحمد 2/318 والبيهقي في "الأسماء والصفات 1/247 "عن عبد الرزاق بن همام، عن أبي هريرة.

سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ اَهْلُ الْجَاهِلِيَّةِ يَقُولُونَ: اِنَّمَا يُهْلِكُنَا اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ، هُوَ الَّذِي يُهْلِكُنَا، وَيُمِيتُنَا، وَيُحْيِينَا، قَالَ اللّٰهُ: (مَا هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا) اَلْاٰيَةَ (الجاثية: 24)

قَالَ الزُّهْرِيُّ: عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَقُولُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا: يُؤْذِينِي ابْنُ آدَمَ، يَسُبُّ الدَّهْرَ، وَاَنَا الدَّهْرُ، بِيَدِي الْاَمْرُ، اُقَلِّبُ لَيْلَهُ وَنَهَارَهُ، فَاِذَا شِئْتُ قَبَضْتُهُمَا

✿✿ سفیان بن عیینہ بیان کرتے ہیں: زمانہ جاہلیت کے لوگ یہ کہا کرتے تھے ہمیں رات اور دن نے برباد کر دیا انہوں نے ہی ہمیں برباد کیا ہے انہوں نے ہی ہمیں موت دی ہے انہوں نے ہی ہمیں زندہ کیا ہے' تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

''یہ نہیں ہے مگر ہماری دنیاوی زندگی۔''

زہری نے سعید بن مسیب کے حوالے سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کیا ہے:

''اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ابن آدم مجھے اذیت پہنچاتا ہے' جب وہ زمانے کو برا کہتا ہے' کیونکہ میں زمانہ ہوں معاملہ میرے دست قدرت میں ہے میں رات اور دن کو تبدیل کرتا ہوں جب میں چاہوں گا انہیں روک لوں گا''۔

ذِكْرُ مَا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ تَحَفُّظِ اللِّسَانِ عَنْ مَا يَضْحَكُ بِهِ جُلَسَاؤُهُ

اس بات کا تذکرہ' آدمی پر یہ بات لازم ہے' وہ اپنی زبان کی ان باتوں کے حوالے سے حفاظت کرے جس کی وجہ سے اس کے ہم نشین ہنس پڑتے ہیں

5716 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْعَتَكِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا الزُّبَيْرُ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّ الرَّجُلَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ يُضْحِكُ بِهَا جُلَسَاءَهُ، يَهْوِي بِهَا مِنْ اَبْعَدَ مِنَ الثُّرَيَّا

✿✿ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''ایک شخص کوئی بات کہتا ہے' جس کے ذریعے وہ اپنے ساتھیوں کو ہنسا دیتا ہے' لیکن وہ اس کی وجہ سے (جہنم میں) اس سے زیادہ گہرائی میں جائے گا جتنا ثریا (ستارا اونچا ہے)''

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يَّقُوْلَ الْمَرْءُ بِلِسَانِهِ مَا عَلَيْهِ دُوْنَ الَّذِيْ يَكُوْنُ لَهُ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی اپنی زبان کے ذریعے کوئی ایسی بات کہے جس کا وبال اس پر ہو وہ کوئی ایسی بات نہ کہے' جس کا اسے فائدہ ہو

5717 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُكْرَمٍ الْبَزَّازُ الْبَغْدَادِيُّ، بِالْبَصْرَةِ قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِي، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ خَيْثَمَةَ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَيْمَنُ امْرِءٍ، وَاَشْاَمُهُ مَا بَيْنَ لَحْيَيْهِ

قَالَ وَهْبٌ: - يَعْنِي لِسَانَهُ -

حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''آدمی کی خوش بختی اور اس کی بدبختی اس کے دونوں جبڑوں کے درمیان ہے۔''

وہب نامی راوی کہتے ہیں: یعنی اس کی زبان میں ہے۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ تَشْقِيقِ الْكَلَامِ فِي الْاَلْفَاظِ، اِذَا قُصِدَ بِهِ غَيْرُ الدِّينِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' الفاظ میں کلام کو بنا' بنا کر کیا جائے جب کہ اس کے ذریعے مراد دینی فائدے کے علاوہ ہو

5718 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمِيمِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُولُ:

(متن حدیث): قَامَ رَجُلَانِ مِنَ الْمَشْرِقِ خَطِيبَيْنِ، فَتَكَلَّمَا، ثُمَّ قَعَدَا، فَقَامَ ثَابِتُ بْنُ قَيْسٍ خَطِيبُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَتَكَلَّمَ، فَعَجِبُوا مِنْ كَلَامِهِ، فَقَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَخَطَبَ، فَقَالَ: اَيُّهَا النَّاسُ، قُولُوا بِقَوْلِكُمْ، فَاِنَّمَا تَشْقِيقُ الْكَلَامِ مِنَ الشَّيْطَانِ، فَاِنَّ مِنَ الْبَيَانِ سِحْرًا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: مشرق کی طرف سے آنے والے دو آدمی خطبہ دینے کے لیے کھڑے ہوئے ان دونوں نے بات چیت کی پھر وہ دونوں بیٹھ گئے پھر حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خطیب تھے وہ کھڑے ہوئے انہوں نے بات چیت کی لوگوں کو ان کا کلام پسند آیا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ دیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے لوگو! عام محاورے کے مطابق بات چیت کیا کرو کیونکہ کلام کو زیادہ بنانا سنوارنا شیطان کی طرف سے ہوتا ہے اور

5717- إسناده صحيح على شرط الشيخين خيثمة :هو ابن عبد الرحمن .وأخرجه الطبراني في "الكبير "198"/17" من طريقين عن محمد بن المثني، بهذا الإسناد .وذكره الهيثمي في "المجمع10/300"،فقال :رواه الطبراني ورجاله رجال الصحيح.

5718- إسناده صحيح على شرط الشيخين .أبو عامر العقدي :عبد الملك بن عمرو القيسي البصري .وأخرجه أحمد 2/94، والبخاري في "الأدب المفرد "875" "عن أبي عامر العقدي، بهذا الإسناد .وأخرج البخاري في الأدب المفرد :876" باب كثرة الكلام، من طريق حميد أنه سمع أنسا يقول :خطب رجل عند عمر، فأكثر الكلام، فقال عمر إن كثرة الكلام في الخطب من شقاشق الشيطان .وهو في كتاب "الصمت"152""لابن أبي الدنيا .وانظر الحديث رقم ."5795"والشقاشق جمع شقشقة : وهي الجلدة الحمراء التي يخرجها الجمل من جوفه، فينفخ فيها فتظهر من شدقه.

بعض بیان جادو ہوتے ہیں۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ مُّجَانَبَةِ الْكَلَامِ الْكَثِيرِ، وَتَضْيِيعِ الْمَالِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' آدمی پر یہ بات لازم ہے' وہ زیادہ بات چیت کرنے اور مال کو ضائع کرنے سے اجتناب کرے

5719 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي عَوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ اَشْوَعَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ: حَدَّثَنِي كَاتِبُ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): كَتَبَ مُعَاوِيَةُ اِلَى الْمُغِيرَةِ: اَنِ اكْتُبْ اِلَيَّ بِشَيْءٍ سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَتَبَ اِلَيْهِ: اِنِّي سَمِعْتُهُ يَقُولُ: اِنَّ اللّٰهَ كَرِهَ لَكُمْ ثَلَاثًا: قِيلَ وَقَالَ، وَاِضَاعَةَ الْمَالِ، وَكَثْرَةَ السُّؤَالِ قَالَ ابْنُ عُلَيَّةَ: اِضَاعَةُ الْمَالِ: اِنْفَاقُهُ فِي غَيْرِ حَقِّهِ

امام شعبی بیان کرتے ہیں: حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کے سیکرٹری نے مجھے یہ بات بتائی: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ کو خط لکھا کہ آپ مجھے کوئی ایسی حدیث لکھ کر بھیجیں جو آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سنی ہو' تو حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ نے انہیں یہ لکھوایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

"بے شک اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے تین چیزوں کو ناپسندیدہ قرار دیا ہے فضول بحث کرنا، مال کو ضائع کرنا اور بکثرت سوال کرنا (یا مانگنا)"

ابن علیہ کہتے ہیں: مال کو ضائع کرنے سے مراد یہ ہے: اسے ناحق طور پر خرچ کیا جائے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهِ الشَّعْبِيُّ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے اس روایت کو نقل کرنے میں شعبی نامی راوی منفرد ہے

5720 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ يُوسُفَ، بِنَسَا، حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ

5719- إسناده صحيح على شرط الشيخين. ابن علية: هو إسماعيل بن إبراهيم، وخالد: هو ابن مهران، وابن أشوع: هو سعيد بن عمرو، وكاتب المغيرة: اسمه وراد. وأخرجه أحمد 4/249، والبخاري "1477" في الزكاة: باب قول الله تعالى: (لا يسألون الناس إلحافا)، ومسلم "13" 3/134 في الأقضية: باب النهي عن كثرة المسائل من غير حاجة، والطبراني "900"/20 من طريق ابن علية، بهذا الإسناد. وانظر الحديث "5555" و "5556"

5720- حديث صحيح، إسناده حسن على شرط مسلم، عبد لرحمن بن إسحاق وهو ابن عبد الله بن الحارث المدني ـ فيه كلام ينزله عن رتبة الصحيح، وباقي رجاله ثقات من رجال الشيخين. نصر بن علي: هو ابن نصر الجهضمي. وقد تقدم برقم "3379"

بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنَّ اللّٰهَ كَرِهَ لَكُمْ قِيلَ وَقَالَ، وَكَثْرَةَ السُّؤَالِ، وَاِضَاعَةَ الْمَالِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''بے شک اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے فضول بحث کرنے، بکثرت سوال کرنے (یا مانگنے) اور مال کو ضائع کرنے کو ناپسندیدہ قرار دیا ہے۔''

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يَّسْتَعْمِلَ الْمَرْءُ فِيْ اَسْبَابِهِ اللَّوْ، دُوْنَ الْاِنْقِيَادِ بِحُكْمِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا فِيْهَا

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' کوئی شخص اپنے معاملات میں ''اگر'' کہنے سے بچے اور وہ اس بارے میں اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری نہ کرے

5721 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اَلْمُؤْمِنُ الْقَوِيُّ اَحَبُّ اِلَى اللّٰهِ مِنَ الْمُؤْمِنِ الضَّعِيفِ، وَكُلٌّ عَلٰى خَيْرٍ، احْرِصْ عَلٰى مَا يَنْفَعُكَ وَلَا تَعْجِزْ، فَاِنْ غَلَبَكَ شَيْءٌ، فَقُلْ: قَدَرُ اللّٰهِ وَمَا شَاءَ، وَاِيَّاكَ وَاللَّوَّ، فَاِنَّ اللَّوَّ تَفْتَحُ عَمَلَ الشَّيْطَانِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ حدیث پہنچی ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اللہ تعالیٰ کے نزدیک طاقتور مومن' کمزور مومن سے زیادہ محبوب ہوتا ہے ویسے دونوں بھلائی پر ہوتے ہیں تم اس چیز کا لالچ کرو جو تمہیں فائدہ دے گی اور تم عاجز نہ آ جاؤ اگر کوئی چیز تم پر غالب آ جائے' تو تم یہ کہو کہ یہ اللہ تعالیٰ کی مقرر کردہ تقدیر تھی جو اس کو منظور تھا (وہی ہوا) اور تم ''اگر'' کہنے سے بچو! (یعنی یہ کہنا کہ اگر یہ ہو جاتا' تو وہ ہو جاتا) کیونکہ ''اگر'' شیطان کے کام کا دروازہ کھولتا ہے۔''

5721- إسناده حسن. ابن عجلان - هو محمد - روى له مسلم متابعة وهو صدوق، وقد توبع، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين. وأخرجه ابن ماجه "4168" في الزهد: باب التوكل واليقين، والطحاوي وأخرجه أحمد 2/366 و370، والنسائي في "عمل اليوم والليلة" "623" و"624"، والطحاوي "260" و"261" من طريق محمد بن عجلان، عن ربيعة بن عثمان، عن الأعرج، عن أبي هريرة. وأخرجه أبو نعيم في "الحلية" 10/296، والخطيب في "تاريخه" 12/223 من طريق بن عيينة عن أبيه، عن أبي هريرة.

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ أَنَّ خَبَرَ ابْنِ عَجْلَانَ مُنْقَطِعٌ، لَمْ يَسْمَعْهُ مِنَ الْأَعْرَجِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے: ابن عجلان کی نقل کردہ روایت منقطع ہے انہوں نے یہ روایت اعرج سے نہیں سنی ہے

5722 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ الْفَارِسِيُّ، بِدَارَا، مِنْ دِيَارِ رَبِيعَةَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ الطَّائِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَلْمُؤْمِنُ الْقَوِيُّ خَيْرٌ وَأَحَبُّ إِلَى اللَّهِ مِنَ الْمُؤْمِنِ الضَّعِيفِ، وَفِي كُلٍّ الْخَيْرُ، فَاحْرِصْ عَلَى مَا تَنْتَفِعُ بِهِ، وَاسْتَعِنْ بِاللَّهِ وَلَا تَعْجِزْ، فَإِنْ أَصَابَكَ شَيْءٌ فَلَا تَقُلْ: لَوْ أَنِّي فَعَلْتُ كَذَا وَكَذَا وَلَكِنْ: قُلْ: قَدَرُ اللَّهِ وَمَا شَاءَ فَعَلَ، فَإِنَّ اللَّوَّ تَفْتَحُ عَمَلَ الشَّيْطَانِ

(توضیح مصنف): قَالَ أَبُو حَاتِمٍ: يُشْبِهُ أَنْ يَكُونَ ابْنُ عَجْلَانَ سَمِعَ هَذَا الْخَبَرَ مِنَ الْأَعْرَجِ، وَسَمِعَهُ مِنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ، عَنِ الْأَعْرَجِ، فَمَرَّةً كَانَ يُحَدِّثُ بِهِ عَنِ الْأَعْرَجِ مُفْرَدًا، وَتَارَةً يَرْوِيهِ عَنْ رَجُلٍ، عَنِ الْأَعْرَجِ مُفْرَدًا

❁❁ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"طاقت ور مومن اللہ تعالیٰ کے نزدیک کمزور مومن سے زیادہ بہتر اور زیادہ پسندیدہ ہوتا ہے ویسے دونوں ہی بھلائی پر ہوتے ہیں تم اس چیز کا لالچ کرو جس کے ذریعے تم نفع حاصل کرو اور اس بارے میں اللہ تعالیٰ سے مدد حاصل کرو اور تم عاجز نہ آجاؤ اگر تمہیں کوئی نقصان لاحق ہو تو یہ نہ کہو کہ اگر میں نے اس اس طرح کر دیا ہوتا (تو یوں ہو جاتا) بلکہ یہ کہو کہ یہ اللہ تعالیٰ کی تقدیر (کے مطابق تھا) جو اس نے چاہا ویسا ہی کیا کیونکہ لفظ "اگر" شیطان کے عمل کا دروازہ کھولتا ہے۔"

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس بات کا احتمال موجود ہے: ابن عجلان نے یہ روایت اعرج سے سنی ہو اور انہوں نے یہ روایت محمد بن یحییٰ کے حوالے سے اعرج سے سنی ہو تو ایک مرتبہ انہوں نے یہ روایت کے حوالے سے نقل کر دی اور ایک مرتبہ یہ روایت ایک شخص کے حوالے سے نقل کر دی۔

5722- إسناده حسن على شرط مسلم، ربيعة بن عثمان وإن روى له مسلم فيه كلام يحطه عن رتبة الصحيح. ابن إدريس: هو عبد الله. وأخرجه مسلم "2664" في القدر: باب في الأمر بالقوة وترك العجز، وابن ماجه "79" في المقدمة: باب في القدر: وابن أبي عاصم في "السنة" "356"، والطحاوي في "مشكل الآثار" "262"، والبيهقي في "السنن" 10/89، وفي "الأسماء والصفات" 1/263، والمزي في "تهذيب الكمال" 9/135 "من طرق عن عبد الله بن إدريس، بهذا الإسناد.

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ قَوْلِ الْمَرْءِ لِمَا حَرَثَ: زَرَعْتُ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی جو کھیتی باڑی کرتا ہے اس کے لیے یہ لفظ استعمال کرے ''میں نے زراعت کی''

5723 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اَبِىْ مُسْلِمٍ الْجَرْمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَخْلَدُ بْنُ حُسَيْنٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (متن حدیث): لَا يَقُوْلَنَّ اَحَدُكُمْ: زَرَعْتُ، وَلٰكِنْ لِيَقُلْ: حَرَثْتُ قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ: اَلَمْ تَسْمَعْ اِلٰى قَوْلِ اللّٰهِ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى: (اَفَرَاَيْتُمْ مَا تَحْرُثُوْنَ ءَاَنْتُمْ تَزْرَعُوْنَهٗ اَمْ نَحْنُ الزَّارِعُوْنَ) (الواقعة: 64)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''کوئی شخص یہ ہرگز نہ کہے: ''میں نے زراعت کی' بلکہ وہ یہ کہے میں نے کھیتی باڑی کی''

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کیا تم نے اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان نہیں سنا۔

''تمہاری کیا رائے ہے کیا تم نے اس میں کھیتی باڑی کی ہے کیا تم زراعت کرتے ہو یا ہم زراعت کرنے والے ہیں''۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يَّقُوْلَ الْمَرْءُ: خَبُثَتْ نَفْسِىْ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی یہ کہے ''میرا نفس خبیث ہو گیا ہے''

5724 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الدَّغُوْلِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الذُّهْلِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

5723- إسناده صحيح، مسلم بن أبي مسلم الرجمي ذكره المؤلف في "الثقات9/158 "، ووثقه الخطيب في ووثقه الخطيب في تاريخ "بغداد13/100 "، ومخلد بن الحسين :روى لـه النسائي ومسلم في مقدمة "صحيحه"،وهو ثقة، ومن فوقهما من رجال الشيخينوأخرجه الطبري في "جامع البيان27/138"وأبو نعيم في "حلية الأولياء 8/267"من طريق مسلم بن أبي مسلم "تحرف في المطبوع من "الحلية "إلى :مسلم بن أبي سليم "بهذا الإسناد .وأورده الهيثمي في "المجمع120 /4"وقال :رواه الطبراني في ا"لأوسط"والبزار، وفيه مسلم بن أبي مسلم الجرمي ولم أجد من ترجمه وبقية رجاله ثقات.

5724- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن يحيى الذهلي، فمن رجال البخاري . سفيان :هو الثوري.وأخرجه البخاري "6179"في الأدب :باب لا يقل :خبثت نفسي، وفي "الأدب المفرد"809" "، ومن طريقه البغوي "3390"عن محمد بن يوسف الفريابي، بهذا الإسناد .وأخرجه مسلم "2250"في الألفاظ :باب كراهة قول الإنسان: خبثت نفسي، وأحمد 6/51و209و231و281وأبو داود "4979"في الإدب :باب لا يقال :خبثت نفسي، والنسائي في "عمل اليوم والليلة"1049""،والطحاوي في "مشكل الأثار "342" "بتحقيقنا، والطبراني في "الأوسط "2633""من طرق عن هشام بن عروة، به ولفظ أبي داود" :جاشب "بدل "خبثت."وأخرجه النسائي في عمل اليوم والليلة "1050" "والطبراني في "الأوسط "1334"من طريق الزهري، وأحمد 6/66من طريق أبي الأسود، كلاهما عن عروة، به.

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا يَقُولَنَّ اَحَدُكُمْ: خَبُثَتْ نَفْسِي، وَلٰكِنْ لِيَقُلْ: لَقِسَتْ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''کوئی شخص یہ ہرگز نہ کہے میرا نفس خبیث ہوگیا ہے بلکہ وہ یہ کہے: یہ تھکاوٹ کا شکار ہوگیا ہے۔''

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يَّقُوْلَ الْمَرْءُ فِيْ اُمُوْرِهٖ: مَا شَاءَ اللّٰهُ وَشَاءَ مُحَمَّدٌ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی اپنے کاموں میں یہ کہے:

''جو اللہ تعالیٰ نے چاہا اور جو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے چاہا''

5725 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ الْحَافِظُ، بِتُسْتَرَ قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ بَحْرِ بْنِ الْبَرِّيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِي، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ يُوسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): رَاٰى رَجُلٌ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي النَّوْمِ اَنَّهُ لَقِيَ قَوْمًا مِنَ الْيَهُوْدِ، فَاَعْجَبَتْهُ هَيْئَتُهُمْ، فَقَالَ: اِنَّكُمْ لَقَوْمٌ، لَوْلَا اَنَّكُمْ تَقُوْلُوْنَ: عُزَيْرٌ ابْنُ اللّٰهِ، فَقَالُوا: وَاَنْتُمْ قَوْمٌ، لَوْلَا اَنَّكُمْ تَقُوْلُوْنَ: مَا شَاءَ اللّٰهُ وَشَاءَ مُحَمَّدٌ، قَالَ: وَلَقِيَ قَوْمًا مِنَ النَّصَارٰى، فَاَعْجَبَتْهُ هَيْئَتُهُمْ، فَقَالَ: اِنَّكُمْ قَوْمٌ، لَوْلَا اَنَّكُمْ تَقُوْلُوْنَ: الْمَسِيحُ ابْنُ اللّٰهِ، فَقَالُوا: وَاَنْتُمْ قَوْمٌ، لَوْلَا اَنَّكُمْ تَقُوْلُوْنَ: مَا شَاءَ اللّٰهُ وَشَاءَ مُحَمَّدٌ، فَلَمَّا اَصْبَحَ قَصَّ ذٰلِكَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُنْتُ اَسْمَعُهَا مِنْكُمْ فَتُؤْذُوْنِيْ، فَلَا تَقُوْلُوا: مَا شَاءَ اللّٰهُ وَشَاءَ مُحَمَّدٌ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے ایک صاحب نے خواب دیکھا کہ ان کی ملاقات کچھ یہودیوں سے ہوئی انہیں ان کی ہیئت پسند آئی' تو انہوں نے کہا: تم لوگ بالکل ٹھیک قوم ہو اگر تم لوگ یہ نہ کہتے کہ حضرت عزیر علیہ السلام اللہ کے بیٹے ہیں ان یہودیوں نے کہا: تم لوگ بھی ٹھیک قوم ہو اگر تم لوگ یہ نہ کہتے کہ جو اللہ نے چاہا اور جو

5725- حديث صحيح، الحسن بن علي بن بحر بن البرى، ذكره المؤلف في "ثقاته8/468 "والمزى في "تهذيب الكمال "وابن ماكولا في "الإكمال 1/400"فيمن روى عن أبيه علي بن بحر، وقد تابعه أبو أمية الطرسوسي۔ واسمه محمد بن إبراهيم بن مسلم الخزاعي۔ عند الطحاوي في "شرح مشكل الآثار "237" "بتحقيقنا وهو حافظ صدوق، وقوله "ابن البرى "كذا الأصل، وهو كذلك في "الإكمال "قال ابن ناصر الدين في "توضيح المشتبه :"وغير الأمير يقوله بالتنكير "برى "وهو الأشهر، وباقي رجاله ثقات، إلا أن عبد الملك بن عمير قد تغير حفظه، وقد اختلف عليه فيه، فرواه معمر عنه هكذا، ورواه سفيان بن عيينة عنه، عن حذيفة، أخرجه أحمد5/393،وابن ماجه "2118"،والنسائي في "عمل اليوم والليلة"984" " ورواه شعبة عنه، عن ربعي، عن الطفيل بن سخبرة أخي عائشة .أخرجه الدارمي 2/259، وتابعه أبو عوانة ن عبد الملك به عند ابن ماجه"2118"،وتابعه أيضاً حماد بن سلمة عنه به، عند أحمد5/72،فاتفاق هؤلاء يرجح أنه عن ربعي، عن الطفيل، وليس عن حذيفة وانظر "الفتح 11/549 "

حضرت محمد ﷺ نے چاہا' پھران کی ملاقات کچھ عیسائیوں سے ہوئی انہیں ان کی ہیبت پسند آئی' تو انہوں نے کہا: تم لوگ بالکل ٹھیک ہو اگر تم لوگ یہ نہ کہو کہ حضرت مسیح' اللہ کے بیٹے ہیں' تو ان عیسائیوں نے بھی کہا تم لوگ بھی بالکل ٹھیک ہو اگر تم لوگ یہ نہ کہو کہ جو اللہ نے چاہا اور جو حضرت محمد ﷺ نے چاہا۔

اگلے دن صبح انہوں نے یہ واقعہ نبی اکرم ﷺ کو سنایا' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں پہلے بھی یہ الفاظ تمہاری زبانی سنتا تھا اور تم اس کے ذریعے مجھے اذیت پہنچاتے تھے اب تم یہ نہ کہنا: جو اللہ نے چاہا اور جو حضرت محمد ﷺ نے چاہا۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ الْمُسْتَبَّيْنِ اللَّذَيْنِ يَكْذِبَانِ فِيْ سِبَابِهِمَا

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جو گالیاں دینے والے ان دو افراد کی صفت کے بارے میں ہے' جو آپس میں بات چیت میں غلط بیانی کرتے ہیں

5726 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُكْرَمِ بْنِ خَالِدِ الْبِرْتِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى الْقَطَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنْ عِيَاضِ بْنِ حِمَارٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، الرَّجُلُ مِنْ قَوْمِيْ يَشْتُمُنِيْ وَهُوَ دُوْنِيْ، اَفَاَنْتَقِمُ مِنْهُ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمُسْتَبَّانِ شَيْطَانَانِ يَتَهَاتَرَانِ وَيَتَكَاذَبَانِ

❁❁ حضرت عیاض بن حمار رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ (ﷺ)! میری قوم سے تعلق رکھنے والا ایک شخص مجھے برا کہتا ہے وہ مجھ سے کم مرتبے کا مالک ہے کیا میں اس سے انتقام لوں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ایک دوسرے کو گالی دینے والے دونوں افراد دو شیطان ہوتے ہیں وہ دونوں جھگڑا کرتے ہیں اور جھوٹ بولتے ہیں۔

5727 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عِيَاضِ بْنِ حِمَارٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، الرَّجُلُ يَشْتُمُنِيْ مِنْ قَوْمِيْ وَهُوَ دُوْنِيْ، اَعَلَيَّ مِنْ بَاْسٍ اَنْ اَنْتَصِرَ مِنْهُ؟ قَالَ: الْمُسْتَبَّانِ شَيْطَانَانِ يَتَهَاتَرَانِ وَيَتَكَاذَبَانِ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: اَطْلَقَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْمَ الشَّيْطَانِ عَلَى الْمُسْتَبِّ عَلٰى سَبِيْلِ الْمُجَاوَرَةِ، اِذِ الشَّيْطَانُ دَلَّهُ عَلٰى ذٰلِكَ الْفِعْلِ، حَتّٰى تَهَاتَرَ وَتَكَاذَبَ، لَا اَنَّ الْمُسْتَبَّيْنِ يَكُوْنَانِ شَيْطَانَيْنِ

❁❁ حضرت عیاض بن حمار رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ (ﷺ)! میری قوم کا ایک شخص مجھے برا کہتا ہے' وہ مجھ سے کم ترحیثیت کا مالک ہے' تو کیا مجھے کوئی گناہ ہوگا اگر میں اس سے کوئی انتقام لوں' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

5726- إسناده صحيح على شرط الصحيح. ابن أبي عروبة: هو سعيد، ومطرف: هو ابن عبد الله بن الشخير. وأخرج أحمد 4/162، والطبراني "17/"1001 من طريق يحيى بن سعيد القطاني، بهذا الإسناد.

ایک دوسرے کو برا کہنے والے دو افراد دونوں شیطان ہوتے ہیں جو دونوں بات کو بڑھاتے ہیں اور غلط بیانی کرتے ہیں۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے برا کہنے والے شخص کے لیے لفظ شیطان محاورت کے طور پر استعمال کیا ہے کیونکہ شیطان اس شخص کی رہنمائی اس فعل کی طرف کرتا ہے یہاں تک کہ وہ شخص بات بڑھاتا ہے اور جھوٹ بولتا ہے اس سے یہ مراد نہیں ہے برا کہنے والے دونوں افراد واقعی شیطان بن جاتے ہیں۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ تَرْكِ مُجَاوَبَةِ اَخِيهِ عِنْدَ سِبَابٍ يَكُوْنُ بَيْنَهُمَا

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' آدمی پر یہ بات لازم ہے' جب (اس کے اپنے بھائی کے ساتھ لڑائی کے دوران نوبت گالی گلوچ تک آئے)' تو وہ اپنے بھائی کو گالی دینے سے بچے

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اس ممانعت کا ارادہ کرنے کا تذکرہ' کسی شخص کا نام ''میمون'' رکھا جائے

5842 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ مَوْهَبٍ، حَدَّثَنَا الْمُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ:

5841– إسناده صحيح عبدة بن عبد الله: هو الصفار الخزاعي: ثقة من رجال البخاري، ومن فوقه ثقات من رجال مسلم. أبو أحمد: هو محمد بن عبد الله بن الزبير. وسفيان: هو الثوري. وأخرجه الحاكم 4/274 من طريقين عن أبي أحمد، بهذا الإسناد. وصححه على شرط مسلم، ووافقه الذهبي، وقال الحاكم: ولا أعلم أحداً رواه عن الثوري يذكر عمر في إسناده غير أبي أحمد وأخرجه الطحاوي في "مشكل الآثار" 2/302 و 4/13 من طريق محمد بن كثير العبدي، عن سفيان الثوري، به. ولم يذكر فيه عمر وأخرج القسم الأول منه الطحاوي 4/12 من طريق أبي عاصم، عن ابن جريج، عن أبي الزبير، به. وانظر الحديث رقم "5839" و "5840" و "5842".

(متن حدیث): هَمَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّزْجُرَ اَنْ يُّسَمَّى مَيْمُونٌ، وَبَرَكَةُ، وَاَفْلَحُ وَهٰذَا النَّحْوُ، ثُمَّ تَرَكَهُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات کا ارادہ کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم میمون یا برکت یا افلح یا اس جیسا کوئی اور نام رکھنے سے منع کر دیں' لیکن پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے ترک کر دیا۔

5842- إسناده صحيح .يزيد ـ هو ابن خالد بن يزيد بن موهب ـ روى له أصحاب السنن، وهو ثقة، ومن فوقه من رجال مسلم .المفضل بن فضالة :هو ابن عبيد بن ثمامة القتباني.

بَابُ الصُّوَرِ وَالْمُصَوِّرِينَ

باب! تصویر اور تصویر بنانے والوں کے (بارے میں احکام)

5843 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِىْ اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ اللَّيْثِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اُمِّهِ اَسْمَاءَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَكَانَتْ فِىْ حِجْرِ عَائِشَةَ عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ سَفَرٍ وَعِنْدِى نَمَطٌ فِيهِ صُوْرَةٌ، فَوَضَعْتُهُ عَلٰى سَهْوَتِى، قَالَتْ: فَاَخَذَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاجْتَبَذَهُ، وَقَالَ: اَتَسْتُرِينَ الْجِدَارَ؟ فَجَعَلْتُهُ وِسَادَتَيْنِ، فَرَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْتَفِقُ عَلَيْهِمَا

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سفر سے واپس تشریف لائے میرے پاس ایک پردہ تھا جس پر تصویر بنی ہوئی تھی میں نے اس کو طاق پر لٹکا دیا تھا سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے پکڑ کر کھینچا اور فرمایا کیا تم دیوار پر پردہ کر رہی ہو۔

میں نے اس کپڑے کے دو سرہانے بنا دیئے پھر میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس پر آرام فرما ہوئے ہیں (یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع نہیں کیا)

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ اتِّخَاذِ الصُّوَرِ عَلَى الْاَرْضِ وَالْجُدُرِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' زمین یا دیواروں پر تصویریں بنائی جائیں

5844 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ الدَّوْرَقِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِىْ اَبُو الزُّبَيْرِ، اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ:

5843- أسامة بن زيد الليثي :حسن الحديث، روى له مسلم في الشواهد، وقد توبع، وباقي رجاله ثقات رجال الصحيح غير أسماء بنت عبد الرحمن، فقد ذكرها المؤلف في "الثقات"، وروى لها أبو داود في "الناسخ."وأخرجه أحمد الطحاوي في "شرح معاني الآثار 4/283 "عن يونس بن عبد الأعلى، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 6/247عن عثمان بن عمر، عن أسامة الليثي، به . وأخرجه أحمد 6/112، والبخاري "5955"في اللباس :باب ما وطيء من التصاوير، ومسلم "90" "2107"في اللباس :باب تحريم تصوير صورة الحيوان، والنسائي 8/213في الزينة :باب التصاوير، والبيهقي 7/267من طريق هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ :قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ من سفر وعلقت درنوكاً "أي :ستراً له خمل "فيه تماثيل، فأمرني أن أنزعته .لفظ البخاري .وانظر الحديث رقم "5444"و "5845"و "5847"و ."5860"

(متن حدیث): إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الصُّوَرِ فِي الْبَيْتِ

❀❀ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے گھروں میں تصویریں لگانے سے منع کیا ہے۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ اَجْلِهَا زُجِرَ عَنِ الصُّوَرِ فِي الْبُيُوْتِ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے گھروں اور دیواروں پر تصویریں بنانے سے منع کیا گیا ہے

5845 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيْسَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): اَنَّهَا اشْتَرَتْ نُمْرُقَةً فِيْهَا تَصَاوِيرُ، فَلَمَّا رَآهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ عَلَى الْبَابِ فَلَمْ يَدْخُلْ، فَعَرَفْتُ فِيْ وَجْهِهِ الْكَرَاهِيَةَ، فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَتُوْبُ اِلَى اللّٰهِ، وَاِلٰى رَسُوْلِهِ، فَمَاذَا اَذْنَبْتُ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَمَا بَالُ هٰذِهِ النُّمْرُقَةِ ؟ فَقَالَتِ: اشْتَرَيْتُهَا لَكَ، تَقْعُدُ عَلَيْهَا وَتَوَسَّدُهَا، فَقَالَ: اِنَّ اَصْحَابَ هٰذِهِ الصُّوَرِ يُعَذَّبُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَيُقَالُ لَهُمْ: اَحْيُوا مَا خَلَقْتُمْ ، ثُمَّ قَالَ: اِنَّ الْبَيْتَ الَّذِيْ فِيْهِ الصُّوَرُ لَا تَدْخُلُهُ الْمَلَائِكَةُ

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: يُشْبِهُ اَنْ يَكُوْنَ هٰذَا الْبَيْتُ الَّذِيْ يُوحٰى فِيْهِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِذْ مُحَالٌ اَنْ يَكُوْنَ رَجُلٌ فِيْ بَيْتٍ، وَفِيْهِ صُوْرَةٌ مِّنْ غَيْرِ اَنْ يَكُوْنَ حَافِظَاهُ مَعَهُ، وَهُمَا مِنَ الْمَلَائِكَةِ، وَكَذٰلِكَ مَعْنٰى قَوْلِهِ: لَا تَصْحَبُ الْمَلَائِكَةُ رُفْقَةً فِيْهَا كَلْبٌ اَوْ جَرَسٌ ، يُرِيْدُ بِهِ رُفْقَةً فِيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِذْ مُحَالٌ اَنْ يَخْرُجَ الْحَاجُّ وَالْعُمَّارُ مِنْ اَقَاصِي الْمُدُنِ وَالْاَقْطَارِ يَؤُمُّوْنَ الْبَيْتَ الْعَتِيقَ عَلٰى نَعَمٍ وَعِيْسٍ بِاَجْرَاسٍ وَكِلَابٍ ثُمَّ لَا تَصْحَبُهَا الْمَلَائِكَةُ وَهُمْ وَفْدُ اللّٰهِ

❀❀ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: انہوں نے ایک پردہ خریدا جس میں تصویریں بنی ہوئی تھیں جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو دیکھا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم دروازے پر ٹھہر گئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم گھر کے اندر تشریف نہیں لائے میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے پر ناراضگی کے اثرات محسوس کر لیے۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی

5844- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي الزبير، فمن رجال مسلم، يعقوب :هو ابن إبراهيم بن كثير، وأبو عاصم :هو الضحاك بن مخلد. وأخرجه أحمد 3/335و 384، والبيهقي 5/158من طريق حجاج، والترمذي "1749"في اللباس :باب ما جاء في الصورة، وأبو يعلى "2244"من طريق روح بن عبادة، كلاهما عن ابن جريج، بهذا الإسناد. وأخرجه الطحاوي في "شرح معاني الآثار 4/283 "من طريق ابن لهيعة عن أبي الزبير، به.

5845- إسناده صحيح على شرط الشيخين.وهو في "الموطأ 2/966 "في الاستئذان :باب ما جاء في الصور والتماثيل، ومن طريقه أخرجه مسلم "96" "2107"في اللباس :باب تحريم تصوير صورة الحيوان، والطحاوي 4/284، والبيهقي 7/266۔ 267و.267 وأخرجه الطيالسي "1425"، ومسلم "96" "2107"، والنسائي 8/215۔ 216في الزينة :باب ذكر ما يكلف أصحاب الصور يوم القيامة، والطحاوي 4/282۔ 283، والبيهقي 7/270من طريق عن نافع، بهذا الاسناد. وانظر الحديث رقم "5843"و "5847"و ."5860" والنمرقة ۔ بضم النون والراء وبكسرهما، وبضم النون وفتح الراء ۔ :وسادة صغيرة.

بارگاہ میں توبہ کرتی ہوں میں نے کیا گناہ کیا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ پردہ کہاں سے آیا ہے۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یہ میں نے آپ ﷺ کے لیے خریدا ہے' تاکہ آپ ﷺ اس پر تشریف فرما ہوں اور اس کے ساتھ ٹیک لگائیں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ان تصویریں بنانے والوں کو قیامت کے دن عذاب دیا جائے گا ان سے یہ کہا جائے گا تم نے جو تخلیق کیا تھا اسے زندہ کرو۔

پھر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: بے شک جس گھر میں تصویریں موجود ہوں فرشتے اس میں داخل نہیں ہوتے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس بات کا امکان موجود ہے' یہ وہ گھر ہو' جس میں نبی اکرم ﷺ پر وحی نازل ہوتی تھی اب یہ بات ناممکن ہے' کوئی شخص گھر میں موجود ہو اور اس میں تصویر بھی موجود ہو' تو آدمی کے ساتھ موجود حفاظت والے فرشتے گھر کے اندر نہ جائیں' حالانکہ وہ دونوں بھی فرشتے ہی ہیں اسی طرح نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان: ''فرشتے ایسے سواروں کے ساتھ نہیں ہوتے جن میں کتا یا گھنٹی موجود ہو'' اس کے ذریعے نبی اکرم ﷺ کی مراد یہ تھی کہ جو سوار سفر میں ایک دوسرے کے ساتھ ہوتے ہیں اب یہ بات ناممکن ہے' حاجی یا عمرہ کرنے والے لوگ دور دراز کے شہروں سے روانہ ہوں اور وہ اونٹوں اور جانوروں پر سوار ہو کر بیت عتیق آنے کا قصد کریں ان کے ہمراہ گھنٹیاں اور کتے بھی ہوں اور پھر فرشتے ان کے ساتھ نہ آئیں' حالانکہ وہ لوگ اللہ تعالیٰ کے مہمان ہیں۔

ذِكْرُ تَعْذِيبِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْمُصَوِّرِينَ الَّذِينَ يُصَوِّرُونَ الصُّوَرَ

اللہ تعالیٰ کا تصویر بنانے والوں کو عذاب دینے کا تذکرہ' جو تصویریں بناتے ہیں

5846 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ مُكْرَمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ اِشْكَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُرَادٌ اَبُوْ نُوحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَوْفٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي الْحَسَنِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَهُ رَجُلٌ فَقَالَ: اِنِّي عَمِلْتُ هٰذِهِ التَّصَاوِيرَ، قَالَ: فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ يُعَذِّبُ الْمُصَوِّرِينَ لِمَا صَوَّرُوا، قَالَ: فَذَهَبَ الرَّجُلُ وَزَعَمَ اَنَّ لَهُ عِيَالًا قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: لَا تُصَوِّرْ شَيْئًا فِيهِ رُوحٌ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ بات منقول ہے' ایک شخص ان کے پاس آیا اور بولا میں یہ تصویریں بناتا ہوں' تو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے بتایا نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

5846- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن الحسين وشيخه، فمن رجال البخاري. قراد: هو ابن عبد الرحمن بن غزوان، وعوف: هو ابن أبي جميلة وأخرجه البخاري "2225" في البيوع: باب بيع التصاوير التي ليس فيها روح، والطبراني "12772"/12 و"12773"، والبيهقي 7/270 من طرق عن عوف، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/308، ومسلم "99" "2110" في اللباس: باب تحريم تصوير صورة الحيوان، من طريق يحيى بن أبي إسحاق، عن سعيد بن أبي الحسين، به وانظر الحديث رقم "5848".

"بے شک اللہ تعالیٰ تصویریں بنانے والوں کو تصویریں بنانے کی وجہ سے عذاب دے گا۔"

راوی بیان کرتے ہیں: وہ شخص چلا گیا اس نے یہ بیان کیا تھا کہ اس کے بال بچے ہیں (جن کے لیے وہ اس طریقے سے روزی کماتا ہے) تو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا تم کوئی ایسی تصویر نہ بناؤ جو کسی جاندار چیز کی ہو۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصَوِّرِينَ يَكُونُونَ فِي الْقِيَامَةِ مِنْ اَشَدِّ خَلْقِ اللّٰهِ عَذَابًا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' قیامت کے دن تصویریں بنانے والے لوگ اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں سے شدید عذاب کا شکار ہوں گے

5847 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، اَنَّ عَائِشَةَ، اَخْبَرَتْهُ

(متن حدیث): اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهَا وَهِيَ مُسْتَتِرَةٌ بِقِرَامٍ فِيهِ تَمَاثِيلُ، فَتَلَوَّنَ وَجْهُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَهْوَى اِلَى الْقِرَامِ، فَهَتَكَهُ بِيَدِهِ، ثُمَّ قَالَ: اِنَّ اَشَدَّ النَّاسِ عَذَابًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ الَّذِينَ يُشَبِّهُونَ بِخَلْقِ اللّٰهِ

❁❁ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے ہاں تشریف لائے' تو انہوں نے ایک پردہ لٹکایا ہوا تھا جس میں تصویریں بنی ہوئی تھیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرۂ مبارک کا رنگ تبدیل ہو گیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس پردے کی طرف بڑھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دست مبارک کے ذریعے اسے اتار دیا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک قیامت کے دن شدید عذاب ان لوگوں کو ہوگا' جو اللہ کی مخلوق کی تصویریں بناتے ہیں۔

ذِكْرُ وَصْفِ الْعَذَابِ الَّذِي يُعَذَّبُ بِهِ الْمُصَوِّرُونَ

عذاب کی اس صفت کا تذکرہ' جو عذاب تصویر بنانے والوں کو دیا جائے گا

5848 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيٰى، عَنْ عَوْفٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ اَبِي الْحَسَنِ، قَالَ:

5847- حديث صحيح .ابن أبي السرى -وهو محمد بن المتوكل- قد توبع، ومن فوقه ثقات على شرط الشيخين .وهو في "مصنف عبد الرزاق ."19484" " ومن طريق عبد الرزاق أخرجه مسلم "91" "2107"في اللباس :باب تحريم تصوير صورة الحيوان، والبيهقي .7/267 وأخرجه ابن أبي شيبة 8/483، والبخاري "6109"في الأدب :باب ما يجوز من الغضب والشدة لأمر الله تعالى، ومسلم "91" "2107"، والنسائي 8/214في الزينة :باب ذكر أشد الناس عذاباً، والطحاوي في "شرح معاني الآثار" 4/283، والبيهقي 7/267من طرق عن الزهري، به. وأخرجه البخاري "5954"في اللباس :باب ما وطء من التصاوير، ومسلم "2107"، والنسائي 8/214، والبيهقي 7/269، والبغوي "3215"من طريق عبد الرحمن بن القاسم، والنسائي 8/216من طريق سماك، كلاهما عن القاسم، به .وانظر "5843"و "5860" وقولها" :وهي مستترة "أي :متخذة ستراً .والقرام :هو الستر الرقيق.

(متن حدیث): كُنْتُ عِنْدَ ابْنِ عَبَّاسٍ، فَاَتَاهُ رَجُلٌ، فَقَالَ: اِنِّي رَجُلٌ مَعِيشَتِيْ مِنْ هٰذِهِ التَّصَاوِيرِ، فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: سَمِعْتُ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنْ صَوَّرَ صُوْرَةً، فَاِنَّ اللّٰهَ يُعَذِّبُهُ حَتّٰى يَنْفُخَ فِيْهِ الرُّوحَ، وَلَيْسَ بِنَافِخٍ، فَاصْفَرَّ لَوْنُهُ، فَقَالَ: اِنْ كُنْتَ لَابُدَّ فَعَلَيْكَ بِالشَّجَرِ وَمَا لَيْسَ فِيْهِ رُوحٌ

❁❁ سعید بن ابوحسن بیان کرتے ہیں: میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس بیٹھا ہوا تھا ایک شخص ان کے پاس آیا اور بولا میں ایک ایسا شخص ہوں' جس کی روزی کا مدار تصویریں بنانے پر ہے' تو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے بتایا میں نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جو شخص تصویر بناتا ہے' تو اللہ تعالیٰ اسے یہ عذاب دے گا کہ وہ اس میں روح پھونکے اور وہ اس میں روح نہیں پھونک سکے گا''

یہ سن کر اس شخص کا رنگ زرد ہو گیا' تو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا اگر تم نے ضرور تصویریں بنانی ہیں' تو تم درختوں کی بنا لو یا کسی ایسی چیز کی بنا لو جس میں روح نہیں ہوتی۔

ذِكْرُ نَفْيِ دُخُولِ الْمَلَائِكَةِ الْبَيْتَ الَّذِي فِيْهِ الصُّوَرُ

فرشتوں کے ایسے گھر میں داخل ہونے کی نفی کا تذکرہ جس میں تصویر موجود ہو

5849 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ، اَنَّ رَافِعَ بْنَ اِسْحَاقَ، مَوْلٰى آلِ الشِّفَاءِ، اَخْبَرَهُ قَالَ:

(متن حدیث): دَخَلْتُ اَنَا وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِيْ طَلْحَةَ، عَلٰى اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ نَعُوْدُهُ قَالَ: فَقَالَ لَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ: اَخْبَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الْمَلَائِكَةَ لَا تَدْخُلُ بَيْتًا فِيْهِ تَمَاثِيْلُ اَوْ صُوْرَةٌ يَشُكُّ اِسْحَاقُ اَيُّهُمَا قَالَ اَبُوْ سَعِيْدٍ

❁❁ رافع بن اسحاق بیان کرتے ہیں: میں اور عبداللہ بن ابوطلحہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی خدمت میں ان کی عیادت کے لیے حاضر ہوئے' تو حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے ہمیں بتایا: اللہ کے رسول نے ہمیں یہ بات بتائی ہے۔

5848- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير مسدد، فمن رجال البخاري. يحيى: هو ابن سعيد القطان، وعوف: هو ابن إبي جميلة. وأخرجه أحمد 1/241و350، وابن أبي شيبة 8/484ـ 485، والبخاري "5963"في اللباس: باب من صور صورة كلِّفَ يوم القيامة، أن ينفخ فيها الروح، ومسلم "2110"في اللباس: باب تحريم تصوير صورة الحيوان، والنسائي 8/251في الزينة: باب ذكر ما كلف أصحاب الصور يوم القيامة، والطبراني "12900"، والبغوي "3219"من طريق النضر بن أنس بن مالك، عن ابن عباس. وقد تقدم برقم "5656"و "5657"و "5846".

5849- إسناده، رجاله ثقات رجال الشيخين غير رافع بن إسحاق، فروى له الترمذي وابن ماجة، وهو ثقة. وهو في "الموطأ" 2/965ـ 966في الاستئذان: باب ما جاء في الصور والتماثيل، ومن طريقه أخرجه أحمد 3/90، والترمذي "2805"في الأدب: باب ما جاء إن الملائكة لا تدخل بيتا فيه صورة ولا كلب وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح.

''بے شک فرشتے ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں تماثیل یا تصویر موجود ہو۔''

یہ شک اسحاق نامی راوی کو ہے کہ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ نے ان دونوں میں سے کونسا لفظ بیان کیا تھا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَلَائِكَةَ قَدْ تَدْخُلُ الْبَيْتَ الَّذِىْ فِيْهِ الشَّيْءُ الْيَسِيْرُ مِنَ الصُّوَرِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ فرشتے ایسے گھر میں داخل ہو جاتے ہیں جہاں کوئی معمولی سی تصویر ہو

5850 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ مَوْهَبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ اَبِىْ طَلْحَةَ، صَاحِبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الْمَلَائِكَةَ لَا تَدْخُلُ بَيْتًا فِيْهِ صُوْرَةٌ قَالَ بُسْرٌ: ثُمَّ اشْتَكٰى فَعُدْنَاهُ، فَاِذَا عَلٰى بَابِهِ سِتْرٌ، وَاِذَا فِيْهِ صُوْرَةٌ، فَقُلْتُ لِعُبَيْدِ اللّٰهِ الْخَوْلَانِيِّ: اَلَمْ يُخْبِرْنَا، وَيَدَعُ الثَّوْبَ؟ قَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ: اَلَمْ تَسْمَعْهُ؟ قَالَ: اِلَّا رَقْمًا فِىْ ثَوْبٍ؟

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''بے شک فرشتے ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں تصویر موجود ہو۔''

بسر نامی راوی بیان کرتے ہیں: بعد میں وہ بیمار ہو گئے ہم ان کی عیادت کرنے کے لیے گئے' تو ان کے دروازے پر ایک پردہ لٹکا ہوا تھا جس میں تصویر بنی ہوئی تھی میں نے عبیداللہ خولانی سے کہا: کیا انہوں نے ہمیں (تصویر کے بارے میں) حدیث نہیں سنائی تھی اور یہ کپڑا انہوں نے لگا دیا ہے' تو عبیداللہ نے کہا: کیا تم نے انہیں یہ کہتے ہوئے نہیں سنا تھا کہ کپڑے پر نقش و نگار کا حکم مختلف ہے (یعنی اس کی اجازت ہے)

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذِهِ اللَّفْظَةَ: اِلَّا رَقْمًا فِىْ ثَوْبٍ مِّنْ كَلَامِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا مِنْ كَلَامِ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ

اس بات کے بیان کا تذکرہ 'یہ الفاظ'' ماسوائے اس نقش و نگار کے جو کپڑے میں ہوں''

5850- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير يزيد ـ وهو ابنُ خالد بن يزيد بن وهب ـ فروى له أصحاب السنن، وهو ثقة. وأخرجه أحمد 4/28، والبخارى "5958"في اللباس :باب من كره القعود على الصور، ومسلم "2106" "85"في اللباس :باب تحريم تصوير صورة الحيوان، وأبو داود "4155"في اللباس :باب في الصور، والنسائى 8/212في الزينة :باب التصاوير، والبيهقى 7/217، والبغوى "3222"من طريق عن الليث، بهذا الإسناد. وأخرجه البخارى "3226"في بدء الخلق :باب إذا قال أحدكم :آمين، ومسلم "86" "2106"، والطحاوى 4/285، والبيهقى 7/271من طريق عمرو بن الحارث عن بكير، به. وانظر الحديث رقم "5444"و "5851"و ."5855"

یہ نبی اکرم ﷺ کے کلام کا حصہ ہیں یہ زید بن خالد کے کلام کا حصہ نہیں ہیں

5851 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي النَّضْرِ، مَوْلٰى عُمَرَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ،

(متن حدیث): اَنَّهُ دَخَلَ عَلٰى اَبِي طَلْحَةَ الْاَنْصَارِيِّ يَعُودُهُ، قَالَ: فَوَجَدْنَا عِنْدَهُ سَهْلَ بْنَ حُنَيْفٍ، قَالَ: فَدَعَا اَبُو طَلْحَةَ اِنْسَانًا، فَنَزَعَ نَمَطًا تَحْتَهُ، فَقَالَ لَهُ سَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ: لِمَ تَنْزِعُهُ؟ فَقَالَ: اِنَّ فِيهِ تَصَاوِيرَ، وَقَدْ قَالَ فِيهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا قَدْ عَلِمْتَ، فَقَالَ سَهْلٌ: اَلَمْ يَقُلْ: اِلَّا مَا كَانَ رَقْمًا فِي ثَوْبٍ؟ قَالَ: بَلٰى، وَلٰكِنَّهُ اَطْيَبُ لِنَفْسِي

عبیداللہ بن عبداللہ بیان کرتے ہیں: وہ حضرت ابوطلحہ انصاری رضی اللہ عنہ کی خدمت میں ان کی عیادت کرنے کے لیے گئے راوی کہتے ہیں: تو ہم نے حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ کو ان کے پاس پایا راوی کہتے ہیں: حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے ایک شخص کو بلایا اس نے ان کے نیچے سے بچھونا نکال لیا' تو حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ نے ان سے دریافت کیا آپ نے اسے کیوں نکالا ہے انہوں نے بتایا اس میں تصویریں بنی ہوئی ہیں اور ان کے بارے میں نبی اکرم ﷺ نے جو بات ارشاد فرمائی وہ آپ جانتے ہیں' تو حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے کہا: کیا نبی اکرم ﷺ نے یہ نہیں فرمایا کپڑے پر بنے ہوئے نقش و نگار کا حکم مختلف ہے' تو حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے کہا: جی ہاں' لیکن میں اپنے اطمینان کے لیے (اسے بھی نکال رہا ہوں)

ذِكْرُ لَعْنِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِينَ يُصَوِّرُونَ الْاَشْيَاءَ

نبی اکرم ﷺ کا ان لوگوں پر لعنت کرنے کا تذکرہ' جو اشیاء کی تصویریں بناتے ہیں

5852 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا

5851– إسناده صحيح على شرط الشيخين .أبو النضر :هو سالم بن أبي أمية التيمي.وهو في "الموطأ 2/966 "في الاستئذان :باب ما جاء في الصور والتماثيل، ومن طريقه أخرجه النسائي 8/212، والطحاوي في "شرح معاني الآثار .4/285 " وأخرجه الطحاوي 4/285عن ابن إسحاق، عن أبي النضر بهذا الإسناد، وانظر الحديث رقم "5444"و "5850"و "5855"سرت، فسألته.

5852– إسناده صحيح على شرط الشخين.وأخرجه الطبراني "296"/22عن أبي خليفة، بهذا الإسناد. وأخرجه الطيالسي "1043"، وأحمد 4/308و 309، والبخاري "2086"في البيوع :باب موكل الربا، "2238"باب ثمن الكلب، "5347"في الطلاق :باب مهر البغي والنكاح الفاسد، "5945"في اللباس :باب الواشمة، و "5962"باب لعن المصور، وأبو داود "3383" في البيوع :باب في أثمان الكلب ,وأبو يعلى "89"، والطبراني "295"/22، والبيهقي 6/6، والبغوي "2039"من طرق عن شعبة، به.وأخرجه أحمد 4/309، والطبراني 22/287من طريق يزيد بن زياد بن أبي الجعد، عن عون أبي جحفة، به، وختصراً . وأخرجه الطبراني "272" /22، و "273"من طريق عبد الجبار بن العباس، و "284"من طريق كامل أبي العلاء، و "298"من طريق محمد بن جابر، ثلاثتهم عن عون، به.وأخرجه "299"/22من طريق أيوب بن جابر، عن عون، عن أبيه قال :كان لنا غلام حجام، فهنانا النبي صلى الله عليه وسلم عن أن ناكل من كسبه شيئاً، وانظر ."4939"

عَوْنُ بْنُ اَبِيْ جُحَيْفَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): رَاَيْتُ اَبِيْ اشْتَرٰى حَجَّامًا، فَاَتٰى بِمَحَاجِمِهٖ فَكُسِرَتْ، فَسَاَلْتُهٗ عَنْ ذٰلِكَ، فَقَالَ: اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ ثَمَنِ الدَّمِ، وَثَمَنِ الْكَلْبِ، وَكَسْبِ الْبَغِيِّ، وَلَعَنَ الْوَاشِمَةَ، وَالْمُسْتَوْشِمَةَ، وَآكِلَ الرِّبَا وَمُوْكِلَهٗ، وَلَعَنَ الْمُصَوِّرَ

عون بن ابوجحیفہ بیان کرتے ہیں: میں نے اپنے والد کو دیکھا انہوں نے پچھنے لگانے والا ایک غلام خریدا وہ اپنے پچھنے لگانے کے آلات لے کر آیا' تو انہیں توڑ دیا گیا میں نے ان سے اس بارے میں دریافت کیا' تو انہوں نے بتایا بے شک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خون (یعنی پچھنے لگانے) کی قیمت کتے کی قیمت فاحشہ عورت کی آمدن (استعمال کرنے سے) منع کیا ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسم گودنے والی عورت اور گدوانے والی عورت، سود کھانے والے شخص اور کھلانے والے شخص پر لعنت کی ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تصویر بنانے والے پر لعنت کی ہے۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ بِاَنَّ الْمَلَائِكَةَ لَا تَدْخُلُ الْبُيُوْتَ الَّتِيْ فِيْهَا التَّمَاثِيْلُ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' فرشتے ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتے جہاں تصویریں ہوں

5853 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوْبَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبِ بْنِ اَبِيْ كَرِيْمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحِيْمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِيْ اُنَيْسَةَ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ السَّبِيْعِيِّ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ جِبْرِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِيْ بَيْتِ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِتْرٌ مُصَوَّرٌ فِيْهِ تَمَاثِيْلُ، فَقَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ادْخُلْ، فَقَالَ: اِنَّا لَا نَدْخُلُ بَيْتًا فِيْهِ تَمَاثِيْلُ، فَاِنْ كُنْتَ لَابُدَّ جَاعِلًا فِيْ بَيْتِكَ، فَاقْطَعْ رُءُوْسَهَا اَوِ اقْطَعْهَا وَسَائِدَ، وَاجْعَلْهَا بُسُطًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت جبرائیل علیہ السلام نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر میں ایک پردہ تھا جس میں تصویریں بنی ہوئی تھیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا: اندر آ جائیں' تو انہوں نے عرض کی: ہم ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں تصویریں موجود ہوں اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اپنے گھر میں ضرور استعمال کرنا ہے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے سر کاٹ دیں' یا انہیں کاٹ کر تکیے بنا لیں' یا انہیں بچھونے بنا لیں۔

5853- حديث صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح غير محمد بن وهب بن أبي كريمة، فقد روى له النسائي، وهو صدوق، وأبو إسحاق - إن اختلط بأخره - قد توبع .محمد بن سلمة :هو ابن عبد الله الباهلي، وأبو عبد الرحيم :هو خالد بن أبي يزيد بن سماك الحراني .وأخرجه النسائي 8/216في الزينة :باب ذكر أشد الناس عذابا، وعبد الرزاق "19488"، ومن طريقه ومن طريقه أحمد 2/308، والبيهقي 7/270، والبغوي "3223"من طريقين عن أبي إسحاق السبيعي، بهذا الإسناد . وأخرجه مسلم "2112"في اللباس :باب تحريم تصوير صورة الحيوان، من طريق سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أبي هريرة مختصراً .وانظر الحديث الآتي.

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ مُجَاهِدًا لَمْ يَسْمَعْ مِنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ شَيْئًا

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے'

مجاہد نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کسی بھی حدیث کا سماع نہیں کیا

5854 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِیُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْحَنْظَلِیُّ، اَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ اَبِیْ اِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ مُجَاهِدًا، يَقُوْلُ: حَدَّثَنِیْ اَبُوْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَتَانِیْ جِبْرِيْلُ، فَقَالَ: اِنِّیْ كُنْتُ اَتَيْتُكَ الْبَارِحَةَ فَلَمْ يَمْنَعْنِیْ اَنْ اَدْخُلَ الْبَيْتَ الَّذِیْ كُنْتَ فِيْهِ اِلَّا اَنَّهُ كَانَ فِی الْبَيْتِ تِمْثَالُ رَجُلٍ، وَكَانَ فِی الْبَيْتِ سِتْرٌ فِيْهِ تَمَاثِيْلُ، وَكَانَ فِی الْبَيْتِ كَلْبٌ، فَاَمَرَ بِرَاْسِ التِّمْثَالِ اَنْ يُّقْطَعَ، وَاَمَرَ بِالسِّتْرِ الَّذِیْ فِيْهِ التِّمْثَالُ اَنْ يُّقْطَعَ رَاْسُ التِّمْثَالِ، وَجُعِلَ مِنْهُ وِسَادَتَانِ، وَاَمَرَ بِالْكَلْبِ فَاُخْرِجَ، وَكَانَ الْكَلْبُ جَرْوًا لِلْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ تَحْتَ نَضَدٍ لَهُمْ، قَالَ: ثُمَّ اَتَانِیْ جِبْرِيْلُ، فَمَا زَالَ يُوْصِيْنِیْ بِالْجَارِ، حَتّٰى ظَنَنْتُ اَنَّهُ سَيُوَرِّثُهُ

❁❁ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جبرائیل میرے پاس آئے اور انہوں نے کہا: میں گزشتہ رات آپ کے پاس آیا تھا' لیکن میں اس لیے آپ کے گھر میں داخل نہیں ہوسکا کیونکہ گھر میں آدمی کی تصویر موجود تھی (راوی کہتے ہیں:) گھر میں ایک پردہ تھا جس میں تصویر بنی ہوئی تھی اور گھر میں ایک کتا بھی تھا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تصویر کے سر کے بارے میں حکم دیا کہ اسے کاٹ دیا جائے اور جس پردے میں تصویریں بنی ہوئی تھیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے بارے میں حکم دیا کہ اس میں تصویروں کے سر کاٹ دیئے جائیں اور اس کپڑے کے ذریعے تکیے بنا لیے جائیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت کتے کو باہر نکال دیا گیا وہ کتے کا بچہ تھا جس کے ساتھ حضرت امام حسن اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہما کھیلا کرتے تھے وہ ان کے پلنگ کے نیچے تھا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں پھر جبرائیل میرے پاس آئے اس کے بعد وہ مسلسل مجھے پڑوسی کے بارے میں تلقین کرتے رہے' یہاں تک کہ مجھے یوں محسوس ہوا کہ وہ اسے وارث قرار دے دیں گے۔

5854– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير يونس بن أبي إسحاق، فمن رجال مسلم، وهو صدوق. وأخرجه أحمد 2/305و478، وأبو داود "4158"في اللباس :باب في الصور، والترمذي "2806"في الأدب :باب ما جاء إن الملائكة لا تدخل بيتا فيه صورة ولا كلب، والبيهقي 7/270من طرق عن يونس بن أبي إسحاق، بهذا الإسناد . وانظر الحديث السابق، وحديث رقم ."512"

ذِكْرُ نَفْيِ دُخُولِ الْمَلَائِكَةِ الْمَوَاضِعَ الَّتِيْ فِيهَا الصُّوَرُ وَالْكِلَابُ

فرشتوں کے ایسی جگہ پر داخل ہونے کی نفی کا تذکرہ جہاں تصویر یا کتا موجود ہو

5855 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ اَبَا طَلْحَةَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): لَا تَدْخُلُ الْمَلَائِكَةُ بَيْتًا فِيْهِ كَلْبٌ وَلَا صُوْرَةٌ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

”فرشتے ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں کتا یا تصویر موجود ہو۔“

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَدْخُلُ الْمَلَائِكَةُ بَيْتًا فِيْهِ صُوْرَةٌ، وَلَا كَلْبٌ اَرَادَ بِهِ بَيْتًا يُوْحٰى فِيْهِ، لَا كُلَّ الْبُيُوْتِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان:

”فرشتے ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں تصویر یا کتا موجود ہو“ اس سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد یہ ہے: اس گھر میں وحی کی جاتی ہو اس کے ذریعے تمام گھر مراد نہیں ہیں

5856 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ،

5855- إسناده صحيح على شرط مسلم. رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة فمن رجال مسلم. عبيد الله بن عبد الله: هو ابن عتبة بن مسعود الهذلي. وأخرجه مسلم "2106" "84" من طريق أبي الطاهر، عن ابن وهب، به. وأخرجه الطيالسي "1228"، والحميد "431"، وابن أبي شيبة 8/478، وأحمد 4/28 و29، والبخاري "3225" في بدء الخلق: باب إذا قال أحدكم " : آمين"، و "3322" إذا وقع الذباب في شراب أحدكم فليغمسه، و "4002" في المغازي: باب 12، و "2804" في الأدب: باب التصاوير، ومسلم "83" "2106" و "84"، والترمذي "2804" في الأدب: باب ما جاء أن الملائكة لا تدخل بيتاً فيه صورة ولا كلب، والنسائي 7/185- 186 في الصيد والذبائح: باب امتناع الملائكة من دخول بيت فيه كلب، و 8/212 في الزينة: باب التصاوير، وابن وابن ماجة "3649" في اللباس: باب الصور في البيت، وأبو يعلى "1430"،

5856- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة، فمن رجال مسلم. وأخرجه مسلم "2105" في اللباس: باب تحريم تصوير صورة الحيوان، والبيهقي 1/242 من طريق حرملة بن يحيى، بهذا الإسناد وأخرجه أبو داود "4157" في اللباس: باب في الصور، والبيهقي 1/242 و 243 من طريقين عن ابن وهب، به وأخرجه الطبراني "1047"/23 من طريق الليث، عن يونس، به. وأخرجه أحمد 6/330، والنسائي 7/186 في الصيد: باب امتناع الملائكة من دخول بيت فيه كلب، والطبراني "1047"/23 و "32"/24 من طرق عن الزهري، به. وأخرجه الطبراني "1046"/23، والبيهقي 1/243

اَخْبَرَنَا يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ ابْنِ السَّبَّاقِ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متنِ حدیث): اَخْبَرَتْنِي مَيْمُونَةُ، زَوْجُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَصْبَحَ يَوْمًا وَاجِمًا، قَالَتْ مَيْمُونَةُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اسْتَنْكَرْتُ هَيْئَتَكَ مُنْذُ الْيَوْمِ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ جِبْرِيلَ كَانَ وَعَدَنِي اَنْ يَلْقَانِيَ اللَّيْلَةَ فَلَمْ يَلْقَنِي، اَمَا وَاللّٰهِ مَا اَخْلَفَنِي، قَالَ: فَظَلَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَهُ ذٰلِكَ عَلٰى ذٰلِكَ، ثُمَّ وَقَعَ فِي نَفْسِهِ جِرْوُ كَلْبٍ تَحْتَ فُسْطَاطٍ لَهُ، فَاَمَرَ بِهِ فَاُخْرِجَ، ثُمَّ اَخَذَ بِيَدِهِ مَاءً، فَنَضَحَ مَكَانَهُ، فَلَمَّا اَمْسٰى لَقِيَهُ جِبْرِيلُ، فَقَالَ: قَدْ كُنْتَ وَعَدْتَنِي اَنْ تَلْقَانِيَ الْبَارِحَةَ قَالَ: اَجَلْ، وَلٰكِنَّا لَا نَدْخُلُ بَيْتًا فِيهِ كَلْبٌ، وَلَا صُورَةٌ

توضیحِ مصنف: قَالَ اَبُو حَاتِمٍ: هٰذَا هُوَ عُبَيْدُ بْنُ السَّبَّاقِ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا نے مجھے یہ بات بتائی ایک دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پریشان تھے سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! آج آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا مزاج درست محسوس نہیں ہو رہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جبرائیل نے مجھ سے یہ وعدہ کیا تھا کہ وہ گزشتہ رات مجھ سے ملیں گے' لیکن وہ مجھ سے نہیں ملے اللہ کی قسم وہ' تو میرے ساتھ وعدہ خلافی نہیں کرتے۔ راوی بیان کرتے ہیں: وہ سارا دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی عالم میں گزار دیا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذہن میں کتے کے پلے کا خیال آیا جو آپ کے پلنگ کے نیچے تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت اسے باہر نکال دیا گیا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دست مبارک میں پانی لے کر اس جگہ پر چھڑکا جب شام ہوئی' تو حضرت جبرائیل علیہ السلام آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ملنے کے لیے آئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے مجھ سے یہ وعدہ کیا تھا کہ گزشتہ رات مجھ سے ملنے کے لیے آؤ گے' تو حضرت جبرائیل علیہ السلام نے عرض کی: جی ہاں' لیکن ہم (فرشتے) کسی ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں کتا یا تصویر موجود ہو۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يَدُلُّ عَلٰى اَنَّ هٰذِهِ الْاَخْبَارَ الَّتِي ذَكَرْنَاهَا قُصِدَ بِهَا الْمَوَاضِعُ الَّتِي فِيهَا الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دُونَ غَيْرِهَا مِنَ الْمَوَاضِعِ

اس دوسری روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' یہ روایات جو ہم نے ذکر کی ہیں ان کے ذریعے مقصود وہ مقامات ہیں جہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم موجود ہوتے تھے دیگر مقامات مراد نہیں ہیں

5857 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّارُ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ الْكَرِيمِ، اَخْبَرَنِي اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَقِيلِ بْنِ مَعْقِلٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ وَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ، حَدَّثَنَا جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ:

(متنِ حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ زَمَنَ الْفَتْحِ وَهُوَ

5857- إسناده جيد .وأخرجه أبو داود "4156"في اللباس :باب في الصور، ومن طريقه البيهقي 7/268 عن الحسن بن الصباح، بهذا الإسناد.وفي الباب عن ابن عباس، وسيأتي برقم ."5861"

بِالْبَطْحَاءِ اَنْ يَأْتِيَ الْكَعْبَةَ فَيَمْحُوَ كُلَّ صُوْرَةٍ فِيهَا، فَلَمْ يَدْخُلْهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى مُحِيَتْ كُلُّ صُوْرَةٍ فِيهَا

❀❀ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو فتح مکہ کے موقع پر بطحاء میں یہ حکم دیا کہ وہ خانہ کعبہ کے پاس آئیں اور اس میں موجود ہر تصویر کو مٹا دیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خانہ کعبہ کے اندر اس وقت تک داخل نہیں ہوئے' جب تک اس میں موجود تمام تصویریں مٹا نہیں دی گئیں۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ نَفْيِ دُخُولِ الْمَلَائِكَةِ الْبُيُوْتَ الَّتِي فِيهَا الصُّوَرُ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' فرشتے اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس گھر میں تصویریں موجود ہوں

5858 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ بُكَيْرًا، حَدَّثَهُ، عَنْ كُرَيْبٍ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ دَخَلَ الْبَيْتَ وَجَدَ فِيهِ صُوْرَةَ اِبْرَاهِيمَ وَصُوْرَةَ مَرْيَمَ، قَالَ: اَمَّا هُمْ لَقَدْ سَمِعُوْا اَنَّ الْمَلَائِكَةَ لَا تَدْخُلُ بَيْتًا فِيهِ صُوْرَةٌ، هٰذَا اِبْرَاهِيمُ مُصَوَّرٌ، فَمَا بَالُهُ يَسْتَقْسِمُ؟

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب خانہ کعبہ کے اندر داخل ہوئے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس میں حضرت ابراہیم علیہ السلام اور سیدہ مریم رضی اللہ عنہا کی تصویریں ملیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جہاں تک ان لوگوں کا تعلق ہے' تو یہ لوگ یہ بات جانتے ہیں' فرشتے ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں تصویر موجود ہو یہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی تصویر موجود ہے یہ بھلا کب پانسہ کھیلا کرتے تھے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ تَرْكِ التَّصْوِيرِ فِي هٰذِهِ الدُّنْيَا عَلٰى شَيْءٍ مِّنَ الْاَشْيَاءِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' آدمی پر یہ بات لازم ہے' وہ اس دنیا میں کسی بھی چیز کی تصویر کو ترک کر دے (یعنی کسی بھی چیز کی تصویر نہ بنائے)

5859 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ، عَنْ اَبِي زُرْعَةَ، قَالَ:

5858- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة، فمن رجال مسلم .بكير :هو عبد الله بن الأشج.وأخرجه أحمد 1/277، والبخاري "3351"في الأنبياء :باب قول الله تعالى :(وَاتَّخَذَ اللّٰهُ إِبْرَاهِيمَ خَلِيلاً) ،والنسائي في "الكبرى "كما في "التحفة5/201 "، والطحاوي 4/282والطبراني في "الكبير "12171 "، والبيهقي 5/158من طرق عن ابن وهب، بهذا الإسناد. وأخرجه الطبراني "12198"من طريق ابن لهيعة، عن بكير، به وانظر الحديث رقم ."5861"

(متن حدیث): دَخَلْتُ أَنَا وَأَبُو هُرَيْرَةَ دَارًا لِسَعِيدٍ، أَوْ لِمَرْوَانَ، فَرَأَى مُصَوِّرًا يُصَوِّرُ فِي الْجِدَارِ، فَقَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى: مَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ ذَهَبَ يَخْلُقُ كَخَلْقِي؟ فَلْيَخْلُقُوا حَبَّةً، أَوْ لِيَخْلُقُوا ذَرَّةً

توضیح مصنف: قَالَ أَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَلْيَخْلُقُوا حَبَّةً، أَوْ لِيَخْلُقُوا ذَرَّةً، مِنْ أَلْفَاظِ الْأَوَامِرِ الَّتِي مُرَادُهَا التَّعْجِيزُ

ابوزرعہ بیان کرتے ہیں: میں اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سعید یا شاید مروان (نامی حکمران) کے گھر میں داخل ہوئے' تو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے دیوار پر تصویر بنی دیکھی' تو انہوں نے بتایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

''اس شخص سے زیادہ ظالم اور کون ہوگا' جو میری مخلوق کی طرح تخلیق کرنے کی کوشش کرتا ہے ان لوگوں کو چاہئے کہ وہ ایک دانہ بنادیں' یا ایک ذرّہ پیدا کردیں۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: انہیں چاہئے کہ وہ ایک دانہ بنادیں' یا ایک ذرہ پیدا کردیں یہاں پہ الفاظ امر کے ہیں' لیکن اس کے ذریعے مراد یہ ہے: مقابل کو عاجز قرار دیا جائے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ تَرْكُ الدُّخُولِ فِي الْبُيُوتِ الَّتِي فِيهَا سُتُورٌ عَلَيْهَا تَمَاثِيلُ

اس بات کا تذکرہ' آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے' وہ ایسے گھر میں داخل ہونے کو ترک کردے جس میں ایسے پردے موجود ہوں' جس پر تصویریں بنی ہوئی ہوں

5860 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، أَنَّ بُكَيْرًا، حَدَّثَهُ أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ الْقَاسِمِ حَدَّثَهُ، أَنَّ أَبَاهُ، حَدَّثَهُ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): أَنَّهَا نَصَبَتْ سِتْرًا فِيهِ تَصَاوِيرُ، فَدَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَزَعَهُ، قَالَتْ: فَقَطَّعْتُهُ وِسَادَتَيْنِ، فَقَالَ رَجُلٌ فِي الْمَجْلِسِ يُقَالُ لَهُ: رَبِيعَةُ بْنُ عَطَاءٍ مَوْلَى بَنِي زُهْرَةَ: أَمَا سَمِعْتَ أَبَا مُحَمَّدٍ يَذْكُرُ أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: فَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْتَفِقُ عَلَيْهِمَا؟ قَالَ ابْنُ الْقَاسِمِ: لَا، قَالَ: لٰكِنِّي قَدْ سَمِعْتُهُ يُرِيدُ الْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدٍ

5859- إسناده صحيح على شرط الشيخين أبو خيثمة :هوزهير بن حرب، وجرير :هو ابن عبد الحميد، وأبو زرعة :هو ابن عمرو بن جرير البجلي. وأخرجه مسلم "2111"في اللباس :باب تحريم تصوير صورة الحيوان، عن أبي خيثمة، بهذا الإسناد , وأخرجه ابن أبي شيبة 8/484، والبخاري "5953"في اللباس :باب نقض الصور، و "7559"في التوحيد :باب قول الله تعالى: (وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُونَ) ، ومسلم "2111"، والبيهقي 7/268، والطحاوي 4/283، والبغوي "3217"من طريقين عن عمارة بن القعقاع، به. وأخرجه أحمد 2/259، و391، و451و 527من طريق أبي سلمة بن عبد الرحمن، عن أبي هريرة.

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: انہوں نے ایک پردہ لٹکایا جس میں تصویریں بنی ہوئی تھیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم گھر میں داخل ہوئے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے اتار دیا سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے اسے کاٹ کر دو تکیے بنا لیے۔

حاضرین میں سے ایک صاحب نے (حدیث بیان کرنے والے محدث) سے کہا: آپ نے ابومحمد کو یہ بات ذکر کرتے ہوئے نہیں سنا کہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ بات بتائی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان تکیوں کے ساتھ ٹیک بھی لگائی تھی' تو قاسم کے صاحبزادے نے کہا: جی نہیں تاہم میں نے انہیں یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے قاسم کے صاحبزادے کی مراد قاسم بن محمد تھے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ لَا يَدْخُلَ بَيْتًا فِيْهِ صُوْرَةٌ، وَاِنْ كَانَ ذٰلِكَ الْبَيْتُ مِمَّا يُتَقَرَّبُ بِهٖ اِلَى اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

اس بات کا تذکرہ' آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے' وہ کسی ایسے گھر میں داخل نہ ہو جہاں تصویر موجود ہو اگرچہ وہ کوئی ایسا گھر ہو' جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں قرب حاصل کیا جاتا ہے

5861 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متنِ حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا رَاَى الصُّوَرَ فِي الْبَيْتِ - يَعْنِي الْكَعْبَةَ - لَمْ يَدْخُلْ، وَاَمَرَ بِهَا فَمُحِيَتْ، وَرَاَى اِبْرَاهِيمَ، وَاِسْمَاعِيْلَ بِاَيْدِيهِمَا الْاَزْلَامُ، فَقَالَ: قَاتَلَهُمُ اللّٰهُ، وَاللّٰهِ مَا اسْتَقْسَمَا بِالْاَزْلَامِ قَطُّ

5860- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة، فمن رجال مسلم. وأخرجه مسلم "2107" "95" في اللباس: باب تحريم تصوير صورة الحيوان، والنسائي 8/214 في الزينة باب التصاوير، والبيهقي 7/269 من طرق عن ابن وهب، بهذا الإسناد. وأخرجه الطحاوي في "شرح معاني الآثار" 4/284 "من طريق عمرو بن الحارث، به. وأخرجه أحمد 6/103 من طريق ابن لهيعة، عن بكير، به. وأخرجه الطيالسي "1433"، وأحمد 6/172 و214، والبخاري "2479" في المظالم: باب هل تكسر الدنان التي فيها خمر، ومسلم "93" "2107" و"94"، والنسائي 8/213- 214 في الزينة: باب التصاوير، وابن ماجه "3653" في اللباس: باب الصور فيما يوطأ، والطحاوي 4/284 من طرق عن عبد الرحمن بن القاسم، عن أبيه، عن عائشة بنحوه وأخرجه الطحاوي 4/284 4/284 من طريق ربيعة بن عطاء، عن القاسم، به ,وانظر الحديث رقم "5843" و5845" و."5847"

5861- إسناد صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير علي بن المديني وعكرمة فمن رجال البخاري. وهو في "مصنف عبد الرزاق "19485" "، ومن طريقه أخرجه أحمد 1/365، والطبراني "11845"، والبغوي "3214" وأخرجه البخاري "3352" في الأنبياء: باب قول الله تعالى: (وَاتَّخَذَ اللّٰهُ إِبْرَاهِيمَ خَلِيلاً) ,والحاكم 2/550 من طريق هشام بن يوسف، عن معمر، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/334، والبخاري "1601" في الحج: باب من كبر في نواحي الكعبة، و "4288" في المغازي: باب أين ركز النبي صلى الله عليه وسلم الراية يوم الفتح، وأبو داود "2027" في المناسك: باب في دخول الكعبة، والبيهقي 5/158، والبغوي "3815" من طريق عبد الوارث، عن أيوب بن أبي تميمة، به.

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے گھر میں (یعنی خانہ کعبہ کے اندر) تصویریں دیکھیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے اندر تشریف نہیں لے گئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت انہیں مٹا دیا گیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس میں تصویر دیکھی کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت اسماعیل علیہ السلام کے ہاتھ میں پانسے کے تیر ہیں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو برباد کرے اللہ کی قسم ان دونوں صاحبان نے کبھی پانسہ نہیں کھیلا۔

ذِكْرُ وَصْفِ عَدَدِ الْاَصْنَامِ الَّتِي كَانَتْ حَوْلَ الْكَعْبَةِ ذٰلِكَ الْيَوْمَ

بتوں کی تعداد کی صفت کا تذکرہ جو اس دن خانہ کعبہ کے اندر موجود تھے

5862 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ اَبِيْ نَجِيحٍ، عَنْ مُّجَاهِدٍ، عَنْ اَبِيْ مَعْمَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَسْجِدَ وَحَوْلَهُ ثَلَاثُ مِائَةٍ وَسِتُّوْنَ صَنَمًا، فَجَعَلَ يَطْعُنُهَا بِعُوْدٍ كَانَ مَعَهُ وَيَقُوْلُ: جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ، اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا

❀❀ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں داخل ہوئے تو اس وقت اس کے اردگرد تین سو ساٹھ بت تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ میں موجود چھڑی کے ذریعے انہیں مارنا شروع کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ پڑھتے جا رہے تھے۔

حق آ گیا اور باطل رخصت ہو گیا بے شک باطل نے رخصت ہی ہونا تھا۔

5862- إسناده صحيح على شرط الشيخين .أبو خيثمة :هو زهير بن حرب، وسفيان هو ابن عيينة، وابن أبى نجيح :هو عبد الله، وأبو معمر :هو عبد الله سخبرة . وأخرجه أحمد 1/377، والبخارى "2478"، فى المظالم :باب هل تكسر الدنان التى فيها الخمر أو تخرق الزقاق، و "4287"فى المغازى :باب أين ركز النبى صلى الله عليه الراية يوم الفتح، و "4720"فى تفسير سورة بنى إسرائيل :باب (وَقُلْ جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوقاً) ،ومسلم "17881"فى الجهاد :باب إزالة الأصنام من حول الكعبة، والترمذى "3138"فى التفسير :باب ومن سورة بنى إسرائيل، والنسائى فى "الكبرى "كما فى "التحفة الأشراف 7/66 "، والطبرانى "10427"، والبيهقى 6/101، والبغوى فى "شرح السنة"، "3813"، وفى "التفسير 3/133 "من طرق عن سفيان، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم "1781"، والطبرانى فى "جامع البيان 15/152 "، والطبرانى فى "الصغير "210" "، وفى "الكبرى "10535" "من طريق عبد الرزاق، عن الثورى، عن ابن أبى نجيح، به .وقال الطبرانى فى "الصغير :"لم يروه عن سفيان الثورى إلا عبد الرزاق.

بَابُ اللَّعِبِ وَاللَّهْوِ

باب! کھیل کود (کے احکام)

ذِكْرُ جَوَازِ لَعِبِ الْمَرْاَةِ اِذَا كَانَ لَهَا زَوْجٌ وَّهِيَ غَيْرُ مُدْرِكَةٍ بِاللَّعِبِ

عورت کے لیے کھیل کے جائز ہونے کا تذکرہ جب کہ اس کا شوہر موجود ہو اور وہ عورت کھیل کے لئے مدرکہ نہ ہو

5863 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كُنْتُ اَلْعَبُ بِالْبَنَاتِ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَتْ: فَكُنَّ يَاْتِيْنِيْ صَوَاحِبِيْ، فَكُنَّ اِذَا رَاَيْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْقَمِعْنَ مِنْهُ، فَكَانَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسَرِّبُهُنَّ اِلَيَّ يَلْعَبْنَ مَعِيْ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں میں گڑیا کے ساتھ کھیلا کرتی تھی میری سہیلیاں میرے پاس آجاتی تھیں جب وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھتی تھیں تو اٹھ کر چلی جاتی تھیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم انہیں میرے ساتھ کھیلنے کے لیے میری طرف بھیج دیتے تھے۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِصِغَارِ النِّسَاءِ اللَّعِبَ بِاللُّعَبِ، وَاِنْ كَانَ لَهَا صُوَرٌ

چھوٹی عمر کی لڑکیوں کے لیے گڑیا کے ساتھ کھیلنے کے مباح ہونے کا تذکرہ

5863- إسناده صحيح على شرط الشيخين. يحيى بن سعيد: هو ابن أبان الأموي. وأخرجه أحمد 6/234 عن يحيى بن سعيد، بهذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق "19722"، والحميدي "260"، وأحمد 6/166 و233، وابن سعد 8/58-59 و61 و65، والبخاري "6130" في الأدب: باب الانبساط إلى الناس، ومسلم "2440" في فضائل الصحابة: باب في فضل عائشة رضي الله عنها، وأبو داود "4931" في الأدب: باب في اللعب بالبنات، والنسائي 6/131 في النكاح: باب البناء بابنة تسع، وابن ماجة "1982" في النكاح: باب حسن معاشرة النساء، والطبراني "277" "275"/23 و"278"، والبيهقي 10/219 من طرق عن هشام بن عروة، به. وأخرجه ابن سعد 8/62، والطبراني "280"/23 من طريق يريد بن رومان، عن عروة، به. وانظر الأحاديث الثلاثة الآتية. وقوله "ينقمعن" أي: يتغيبن ويستترن، و "يسربهن" أي: يرسلهن ويدفعهن إلي واستدل بهذا الحديث كما في "الفتح 10/527" على جواز اتخاذ صور البنات واللعب من أجل لعب البنات بهن، وخص ذلك من عموم النهي عن اتخاذ الصور، وبه جزم عياض، ونقله عن الجمهور، وأنهم أجازوا بيع اللعب للبنات لتدريبهن من صغرهن على أمر بيوتهن وأولادهن.

اگرچہ اس کی شکل وصورت بھی ہو

5864 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ اَبِي النَّضْرِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّهَا قَالَتْ:

(متن حدیث): دَخَلَ عَلَيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا اَلْعَبُ بِاللُّعَبِ، فَرَفَعَ السِّتْرَ، وَقَالَ: مَا هٰذَا يَا عَائِشَةُ؟ فَقُلْتُ: لُعَبٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: مَا هٰذَا الَّذِیْ اَرٰی بَيْنَهُنَّ ؟ قُلْتُ: فَرَسٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: فَرَسٌ مِّنْ رِقَاعٍ لَهُ جَنَاحٌ ؟ قَالَتْ: فَقُلْتُ: اَلَمْ يَكُنْ لِسُلَيْمَانَ بْنِ دَاوُدَ خَيْلٌ لَهَا اَجْنِحَةٌ؟ فَضَحِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

❀❀ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے ہاں تشریف لائے میں اس وقت گڑیا کے ساتھ کھیل رہی تھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پردہ ہٹایا اور دریافت کیا: اے عائشہ (رضی اللہ عنہا)! یہ کیا ہے میں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! یہ گڑیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے درمیان جو چیز ہے یہ کیا ہے میں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! یہ گھوڑا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا کپڑے سے بنے ہوئے گھوڑے کے پر ہوتے ہیں۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: کیا حضرت سلیمان علیہ السلام کے گھوڑے کے پر نہیں تھے؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسکرا دیئے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ عَائِشَةَ كَانَتْ تُسَمِّیْ لُعَبَهَا الْبَنَاتِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا اپنی گڑیا کے لیے لفظ ''لڑکی'' استعمال کرتی تھیں

5865 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِیْ مَعْشَرٍ، بِحَرَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا كَثِيْرُ بْنُ عُبَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حِمْيَرٍ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْخُلُ عَلَيَّ وَاَنَا اَلْعَبُ بِالْبَنَاتِ

❀❀ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے ہاں تشریف لاتے تھے میں اس وقت گڑیا کے ساتھ

5864- إسناده على شرط مسلم .أبو النضر :هو سالم بن ابی أمية، ويحيى بن ايوب :هو الغافقي . واخرجه ابو داود "4932"في الأدب :باب في اللعب بالبنات، والنسائی فی "الكبرى "كما فی "التحفة12/358 "، والبيهقی 10/219من طريق سعيد بن أبي مريم، عن يحيى بن أيوب، عن عمارة بن غزية، عن محمد بن إبراهيم، عن أبي سلمة بن عبد الرحمن، عن عائشة .وهذا إسناد صحيح على شرط مسلم أيضاً .وانظر الحديث رقم "5863"و "5865"و "5866"

5865- إسناده قوی .كثير بن عبيد :هو الحمصی، روى له أصحاب السنن، وهو ثقة، ومن فوقه من رجال الشيخين غير محمد بن حمير، فمن رجال البخاری، وهو صدوق . واخرجه الطبرانی "23/"276عن احمد بن علی الأبار، عن كثير بن عبيد الحمصی، بهذا الإسناد .وانظر الحديث رقم "5863"و "5864"و"5865" إسناده صحيح على شرط مسلم الشيخين .واخرجه احمد 6/57، وابن سعد 8/66، والطبرانی "23/"279من طريق عبد الله بن نمير، بهذا الإسناد .وانظر الحديث رقم "5863"و "5864"و ."5865"

کھیل رہی ہوتی تھی۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ اَنْ تَجْتَمِعَ مَعَ اَمْثَالِهَا لِلَّعِبِ الَّذِي وَصَفْنَاهُ

اس بات کے مباح ہونے کا تذکرہ' کوئی کم سن لڑکی اپنی ہم عمر لڑکیوں کے ساتھ گڑیا کے ساتھ کھیلنے کے لیے اکٹھی ہو' جس کی صفت ہم نے بیان کی ہے

5866 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَ حَدَّثَنَا اَبِي قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كُنْتُ اَلْعَبُ بِالْبَنَاتِ، وَتَجِيءُ صَوَاحِبِي فَيَلْعَبْنَ مَعِي، فَاِذَا رَاَيْنَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُمْنَ مِنْهُ، فَكَانَ يُدْخِلُهُنَّ اِلَيَّ فَيَلْعَبْنَ مَعِي

❁❁ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں گڑیا کے ساتھ کھیل رہی ہوتی تھی میری سہیلیاں آجاتی تھیں اور میرے ساتھ کھیلتی تھیں جب وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھتی تھیں' تو اٹھ کر چلی جاتی تھیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم انہیں میرے پاس بھیج دیتے تھے' تو وہ میرے ساتھ کھیلا کرتی تھیں۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ النَّظَرَ اِلٰى لَعِبِ الْحَبَشَةِ الَّذِي لَا يَشُوبُهُ شَيْءٌ مِمَّا يَكْرَهُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا

آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ' وہ حبشیوں کے کرتب دیکھ سکتا ہے جن میں کوئی ایسی چیز شامل نہ ہو' جسے اللہ تعالیٰ ناپسند کرتا ہے

5867 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): بَيْنَمَا الْحَبَشَةُ يَلْعَبُونَ بِحِرَابِهِمْ اِذْ دَخَلَ عُمَرُ فَاَهْوَى اِلَى الْحَصَا فَحَصَبَهُمْ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَعْهُمْ يَا عُمَرُ

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ کچھ حبشی اپنے جنگی ہتھیاروں کے ساتھ کرتب دکھا رہے تھے اسی دوران حضرت عمر رضی اللہ عنہ آ گئے انہوں نے ان کی طرف کنکریاں پھینکیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے عمر! انہیں کرنے دو۔

